اورینٹل کالج میگزین

جلد ۵۰ : عدد ۱، ۲، ۳، ۴

شمارہ مسلسل : ۱۹۶، ۱۹۷، ۱۹۸، ۱۹۹

۱۹۷۴ء

خصوصی شمارہ بتقریب جشن صد سالہ تاسیس اورینٹل کالج لاہور

مدیر

ڈاکٹر عبادت بریلوی

پرنسپل یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور

مجلس ادارت

ناشر :

ڈاکٹر محمد بشیر حسین، یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور

مطبع :

پنجاب یونیورسٹی پریس، لاہور

بسم الله الرحمن الرحیم
نحمده و نصلی علی رسوله الکریم

سید هجویر مخدوم امم
مرقد او پیر سنجر را حرم

خاک پنجاب از دم او زنده گشت
صبح ما از مهر او تابنده گشت

دکتر علامه محمد اقبال مرحوم

فہرستِ مضامین

فہرست مضامین

پہلا اجلاس
(افتتاحی)

دوسرا اجلاس
(اوریئنٹل کالج کی ادبی خدمات)

تیسرا اجلاس

(اسلامی علوم اور عربی زبان و ادب)

چوتھا اجلاس

(ایران اور فارسی زبان و ادب)

پانچواں اجلاس

(اردو زبان و ادب و ثقافت اسلامیان پاکستان و هند)

فہرست تصاویر

جشن صد سالہ کے مناظر

۴ - سنڈیکیٹ روم میں چائے

۵ - ڈاکٹر عبادت بریلوی غیر ملکی مندوبین کے ساتھ

۶ - ڈاکٹر جلال متینی (مشہد یونیورسٹی) اور ڈاکٹر عبادت بریلوی

۷ - پروفیسر مجتبی مینوی ، پروفیسر ناصر الدین شاہ حسینی اور آقای منو چہر ظلی سفیر کبیر شہنشاہ آریامہر

۸ - پروفیسر ڈاکٹر جلال متینی (مشہد) ایک اجلاس میں تقریر کر رہے ہیں

۹ - ڈاکٹر عبادت بریلوی، آقای پروفیسر مجتبی مینوی، پروفیسر جلال متینی، ڈاکٹر ناصر الدین شاہ حسینی اور سفیر کبیر ایران آقای منو چہر ظلی

۱۰ - ڈاکٹر عبادت بریلوی، جسٹس ایس۔اے رحمان، پروفیسر مجتبی مینوی، ڈاکٹر مظاہر مصفا اور ڈاکٹر ناصرالدین شاہ حسینی

۱۱ - جسٹس۔ ایس ۔ اے۔ رحمان اور ڈاکٹر عبادت بریلوی غیر ملکی مہمانوں کے ساتھ ایک عصرانے میں

۱۲ - ڈاکٹر عبادت بریلوی، پروفیسر مجتبی مینوی، پروفیسر جلال متینی، پروفیسر شاہ حسینی اور آقای منو چہر ظلی، سفیر کبیر ایران

۱۳ - ڈاکٹر مظاہر مصفا، ڈاکٹر عبادت بریلوی، پروفیسر مجتبی مینوی، پروفیسر صوفی تبسم اور دوسرے مندوبین

۱۴ - استاد مجتبی مینوی، پروفیسر جلال متینی، ڈاکٹر مظاہر مصفا اور خانم مصفا

۱۵ - پروفیسر ممتاز حسین، ڈاکٹر فرمان فتحپوری، پروفیسر رالف رسل اور پروفیسر حمید احمد خاں

۱۶ - پروفیسر رالف رسل، ڈاکٹر عبادت بریلوی اور ڈاکٹر غلام مصطفے خاں

۱۷ - مندوبین

۱۸ - کانگریس میں شرکت کرنے والے مندوبین

۱۹ - پروفیسر عبدالقادر کرہ خان (استنبول، ترکی)

۲۰ - ڈاکٹر عبادت بریلوی، پروفیسر وصی اللہ سمیعی، اور ڈاکٹر عبدالشکور احسن

۲۱ - الوادعی عشائیہ منجانب پنجاب یونیورسٹی

پیش لفظ

پیش لفظ

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اورینٹل کالج کا جشن صد سالہ بخیر و خوبی انجام پایا اور اس موقع پر ماہرین علوم مشرقی کی جو کانگرس ترتیب دی گئی تھی، وہ توقع سے کہیں زیادہ کامیاب رہی ۔ دنیا کے تقریباً تمام اہم ممالک کی یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں کے نمائندے اس میں شریک ہوئے اور اس طرح دنیا کے ہر ملک نے اورینٹل کالج اور اس کی ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا ۔ جتنے مندوبین اس کانگرس کے مختلف اجلاسوں میں شرکت کرنے کے لیے آئے ان کے اخراجات یا تو ان کی حکومتوں نے ادا کیے، یا ان کی یونیورسٹیوں نے انھیں گرانٹ دی ۔ اورینٹل کالج اس تعاون کے لیے ان ممالک ، یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں کا شکر گزار ہے جنھوں نے اس طرح اورینٹل کالج کے ساتھ تعاون کیا ۔ جو ادارے ان تقریبات میں کسی مجبوری کی وجہ سے شریک نہ ہو سکے، انھوں نے اس موقع کے لیے خصوصی پیغامات ارسال کیے اور جو مندوبین اس موقع پر تشریف لائے انھوں نے اپنے خاص موضوعات پر نہایت عالمانہ مقالے پڑھے ۔ ان سب کا شکریہ ادا کرنا بھی ہمارا خوشگوار فرض ہے ۔

اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کی یہ تقریبات اور اس موقع پر ہونے والی بین الاقوامی علوم مشرقی کی کانگرس اور تقریبات کا سلسلہ ۱۳ مارچ ۱۹۷۳ء سے ۱۷ مارچ ۱۹۷۳ء تک جاری رہا ۔ دن دن بھر نو بجے صبح سے لے کر پانچ بجے شام تک اس کے مختلف اجلاس ہوتے رہے

جن میں مہمان علما نے اپنے گراں قدر مقالے پڑھے ۔ ان مقالات کو بڑی توجہ سے سنا گیا ۔ پنجاب یونیورسٹی کے سینٹ ہال میں یہ اجلاس ہوئے اور صبح سے شام تک کیفیت یہ تھی کہ یہ ہال سامعین سے بھرا رہتا تھا۔ اور خاموشی کا یہ عالم تھا کہ سوائے معزز مقالہ نگار کے بیان کے کوئی اور آواز سنائی نہیں دیتی تھی ۔ یہ سب کچھ اللہ تعالٰی کے فضل و کرم سے ہوا ۔ غیبی مدد کے بغیر اس طرح کے کام انجام نہیں پاتے ۔ اس خاکسار نے انگلستان کے دوران قیام میں ماہرین علوم مشرقی کی کئی کانفرنسوں میں شرکت کی، جو سب اپنی اپنی جگہ اہم تھیں ۔ لیکن سامعین کی اتنی بڑی تعداد کہیں نظر نہیں آئی اور وہ مخصوص ماحول بھی نہیں دیکھا جو اوریئنٹل کالج کے جشن صد سالہ کی تقریبات کے سلسلے میں ہونے والی اس کانگرس کے اجلاسوں میں تھا۔

ان تقریبات کے موقع پر جو کچھ ہوا اس کی تفصیل اب اس روداد کی صورت میں پیش کی جا رہی ہے۔ اس موقع پر جو پروگرام ترتیب دیا گیا، وہ خطبات جو اہم شخصیتوں نے دیے اور وہ مقالے جو مختلف اجلاسوں میں پڑھے گئے، وہ سب اس میں یکجا کر دیے گئے ہیں۔ ایک رپورتاژ بھی اس میں شامل ہے جو ان تقریبات کی تفصیلات کو مکمل طور پر پیش کرتا ہے۔ وہ تصویریں جو اس موقع پر کھینچی گئیں، وہ بھی اس روداد کے ساتھ شامل کی جا رہی ہیں تاکہ ان تقریبات کی ایک مکمل تصویر سامنے آ جائے ۔

میں سب سے پہلے صدر پاکستان (اب وزیر اعظم، اسلامی جمہوریۂ پاکستان) جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنھوں نے اوریئنٹل کالج کے جشن صد سالہ کی تقریبات میں دلچسپی لی ۔ اس موقع پر انھوں نے اپنے گراں قدر پیغام سے اس خاکسار کو نوازا اور اس طرح اوریئنٹل کالج کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ وفاقی حکومت پاکستان، حکومت پنجاب اور پنجاب یونیورسٹی نے بھی کالج کے جشن صد سالہ کی تقریبات منانے میں اوریئنٹل کالج کے ساتھ مکمل تعاون کیا جس کے لیے میں ان کا شکر گزار ہوں ۔

جناب مولانا کوثر نیازی صاحب، وزیر اطلاعات و نشریات و حج و اوقاف کا شکریہ ادا کرنا بھی میرا خوشگوار فرض ہے جو نیشنل اسمبلی کے اجلاس کے باوجود خاص طور پر اسلام آباد سے لاہور تشریف لائے اور اردو کے اجلاس میں ایک گراں قدر خطبہ بھی ارشاد فرمایا ۔ فیض صاحب کا شکریہ بھی ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں، جو میری درخواست پر اورینٹل کالج کے دوسرے اجلاس کی صدارت کے لئے اسلام آباد سے لاھور تشریف لائے اور صدارتی تقریر فرمائی ۔ ڈاکٹر محمد اجمل صاحب، وائس چانسلر، پنجاب یونیورسٹی (اب سکریٹری، تعلیمات حکومت پاکستان)، عزت مآب ڈاکٹر جسٹس ایس اے رحمان اور پروفیسر خواجہ صلاح الدین کا بھی شکر گزار ہوں جن کی رہنمائی اور تعاون کے بغیر یہ تقریبات کامیاب نہیں ہو سکتی تھیں۔ سفیر کبیر شہنشاہ آریا مہر، جناب آقای منوچہر ظلّی کا بھی میں خاص طور پر شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنھوں نے از راہ نوازش اس خاکسار کی دعوت کو قبول فرمایا اور خاص طور بر فارسی زبان و ادب کے اجلاس کے افتتاح کے لیے اسلام آباد سے لاھور تشریف لائے اور نہایت گراں قدر خطبہ ارشاد فرمایا ۔

جشن صد سالہ اور اس موقع پر ہونے والی کانگریس کی اس روداد کی ترتیب و طباعت میں میرے تمام رفقاء نے میرے ساتھ تعاون کیا ۔ میں ان سب کا شکر گزار ہوں ۔ ڈاکٹر رانا احسان الہی، جناب سید وزیر الحسن عابدی، ڈاکٹر میاں بشیر حسین ، ڈاکٹر سید ناظر حسن زیدی، ڈاکٹر ظہور احمد اظہر، سید سجاد باقر رضوی، ڈاکٹر عبید اللہ خان، ڈاکٹر تبسم کاشمیری، ڈاکٹر آفتاب اصغر اور سہیل احمد خان صاحب خصوصیت کے ساتھ شکریے کے مستحق ھیں، جن کو میں نے بعض تحریروں کے ترجمہ کرنے اور پروف دیکھنے کی زحمت بھی دی ۔

عبادت بریلوی

۲۰ جنوری ۱۹۷۴

پیغامات



جناب ذوالفقار علی بھٹو، صدر پاکستان

مترجم : سید سجاد باقر رضوی

پیغام صدر پاکستان

مجھے یہ جان کر مسرت ہوئی ہے کہ پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور ۱۲ مارچ ۱۹۷۳ء کو اپنا جشن صد سالہ منا رہا ہے اور اس موقع پر مستشرقین کی بین الاقوامی کانفرنس بھی منعقد ہوگی۔

یہ کالج برصغیر میں مشرقی زبانوں اور علوم کی سب سے قدیم درسگاہ ہے۔ اسے مشرق و مغرب کا سنگم بھی کہا جا سکتا ہے۔ اس ادارے سے ایسی عظیم شخصیتیں، مثلاً ڈاکٹر جی۔ ڈبلیو۔ لائٹنر، ڈاکٹر سٹرائن، ڈاکٹر آرنلڈ، سر آرل اسٹائن، ڈاکٹر وولنر، مولانا محمد حسین آزاد، مولانا فیض الحسن، علامہ اقبال اور ڈاکٹر شفیع وغیرہم وابستہ رہی ہیں، جنھوں نے جنوبی مشرقی ایشیا کے برصغیر اور وسطی ایشیا کی زبانوں میں ایسے تحقیقی کارنامے سر انجام دیئے ہیں جنھیں بین الاقوامی طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔

پاکستان کی جدید تعلیمی پالیسی میں پاکستانی زبانوں اور ہم عصر قوموں کے علوم کے مطالعے پر بہت زیادہ زور دیا گیا ہے۔ مجھے اس بارے میں کوئی شک نہیں کہ اورینٹل کالج آنے والے دور میں پاکستان کی تعلیمی اور تہذیبی ترقی کے لئے زیادہ نمایاں خدمات سر انجام دے گا۔

میں مستشرقین کی اس بین الاقوامی کانفرنس میں حصہ لینے والے اساتذہ، ممتاز دانشوروں اور اورینٹل کالج کی اعلیٰ کارگزاریوں کے لئے دعا گو ہوں۔

ذوالفقار علی بھٹو
صدر، اسلامیہ جمہوریہ پاکستان

مترجم: دکتر آفتاب اصغر

پیام رئیس جمهوری پاکستان

این امر برای من موجب خوشحالی است که دانشکدهٔ خاور شناسی دانشگاه پنجاب، لاهور، روز دوازدهم مارس ۱۹۷۳ میلادی، صدمین سال تأسیس خود را جشن میگیرد و بدین مناسبت کنگره ای بین المللی خاورشناسان را تشکیل میسازد۔

این دانشکده در این منطقهٔ جهان، قدیمترین مؤسسه های زبانهای شرقی و خاور شناسی است و بحق میتوان آنرا نقطهٔ برخورد خاور و باختر نامید۔ بعضی از ستارگان درخشان آسمان دانش و ادب از قبیل دکتر جی، دبلیو لائتنر، دکتر آرنلد دکتر استراتن، سر ارل سٹائن دکتر وولنر، مولانا محمد حسین آزاد، مولانا فیض الحسن، علامه اقبال و دکتر محمد شفیع که در ادوار مختلف باین مؤسسه متعلق بوده اند، در تحقیقات و پژوهش های مربوط به زبانهای شبه قارهٔ جنوب شرقی آسیا و آسیای مرکزی پیشقدم بوده اند و تحقیقات آنان در این زمینه برسطح بین المللی برسمیت شناخته شده است۔

روش فرهنگی تازهٔ پاکستان به تدریس زبانهای پاکستانی و مطالعاتی در زمینهٔ فرهنگ جامعه های معاصر جهانی اکیداً اهمیت میدهد۔ تردیدی ندارم که دانشکده خاور شناسی در آتیهٔ نزدیک در پیشرفت آموزشی و فرهنگی پاکستان نقش مهمتری را ایفاء خواهد کرد۔

در پایان برای دانشکده، اعضای کادر آموزشی و دانشمندان ممتازی که در کنگرهٔ بین المللی خاور شناسان شرکت دارند، بهترین موفقیتها را خواستارم۔

ذوالفقار علی بهوتو
رئیس جمهوری پاکستان

پیغام تہنیت

اورینٹل کالج لاہور برصغیر کی علمی، تہذیبی اور ثقافتی زندگی میں سو برس کی شاندار خدمات سرانجام دے چکا ہے ۔ اس سلسلے میں منعقد ہونے والی صد سالہ تقریبات کے موقع پر میں پرنسپل صاحب، ان کے رفقا اور کارکنوں، نیز طلباء اور طالبات کو ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں ۔

اس مرحلے پر ہم ان عظیم علمی شخصیتوں کو فراموش نہیں کرسکتے جن کی وابستگی اس ادارے کو دنیا میں ایک ممتاز مقام بخشنے کا باعث بنی ۔ جب ہم اس فہرست پر نظر ڈالتے ہیں تو ان میں ڈاکٹر وولنر، ڈاکٹر مولوی محمد شفیع، حافظ محمود شیرانی اور ڈاکٹر محمد اقبال کے علاوہ ترجمان حقیقت شاعر مشرق حضرت علامہ اقبال کا اسم گرامی بھی نظر آتا ہے ۔ ان رجال عظیم میں سے ہر فرد اپنی اپنی جگہ آسمان علم کا ایک درخشندہ ستارہ ہے ۔

اورینٹل کالج پچھلی صدی میں اس مرحلے میں معرض وجود میں آیا جب ملک میں رونما ہونے والی سیاسی تبدیلیوں کی بنا پر مشرقی علوم اور زبانیں زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا تھیں ۔ مغربی علوم اور زبانوں بالخصوص انگریزی کی جارحانہ پیش قدمی کے سامنے عربی، فارسی اور برصغیر کی دوسری زبانوں کا چراغ ٹمٹماتا ہوا نظر آ رہا تھا ۔ یہ زبانیں اپنے دامن میں مشرقی اقوام بالخصوص مسلمانوں کا ایک عظیم علمی اور تہذیبی ورثہ رکھتی تھیں ۔ آج سو برس گذرنے کے بعد یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ان عظیم زبانوں کے تحفظ اور ترقی میں سب سے بڑا حصہ اورینٹل کالج کا ہے ۔ اس ادارے کی علمی کارکردگی اور روایات اتنی بلند ہیں کہ ان پر جتنا بھی فخر کیا جائے کم ہے ۔

میری دلی تمنا اور دعا ہے کہ اس ادارہ کا مستقبل ویسا ہی تابناک رہے جیسا کہ اس کا ماضی رہا ہے ۔

(مولانا کوثر نیازی)
وزیر اطلاعات و نشریات، اوقاف و حج،
حکومت پاکستان

مترجم : سید سجاد باقر رضوی

لندن یونیورسٹی

اسکول آف اورئینٹل اینڈ افریکن اسٹڈیز،
یونیورسٹی آف لندن

۳۰ نومبر ۱۹۷۲ء

میں اپنے ہم کاروں کی جانب سے، یونیورسٹی اورینٹل کالج کے، جو مشرقی علوم کی افزائش کے لئے سالہا سال سے اعلی خدمات سرانجام دیتا رہا ہے ، جشن صد سالہ کے مبارک موقع پر، آپ کو مبارک باد دیتا ہوں، ہمیں توقع ہے کہ آنے والے برسوں میں کالج توانا سے توانا تر ہوتا جائے گا۔

یہ بات عین مناسب ہے کہ کالج کے جشن کے سلسلے میں مستشرقین کی ایک بین الاقوامی مجلس بھی منعقد ہو، اور میں اس موقع پر اس مجلس کی کامیابی کے لئے دعاگو ہوں۔ مجھے اس کا افسوس ہے کہ میں شرکت نہ کر سکوں گا۔

(پروفیسر) سی ۔ ایچ ۔ فلپس
ڈائریکٹر

مترجم : سید سجاد باقر رضوی

آکسفورڈ یونیورسٹی

یونیورسٹی اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کے موقع پر، جو لاہور میں ۱۲ مارچ سے ۱۷ مارچ ۱۹۷۳ء تک منایا جا رہا ہے، آکسفورڈ یونیورسٹی، پروفیسر سراج الدین سابق رکن اکزیٹر کالج، اور ایم اے، بی لٹ (آکسفورڈ) کے ذریعہ اپنی نمائندگی پر مسرت کا اظہار کرتی ہے -

پروفیسر سراج الدین کے توسل سے آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر، اساتذہ اور دانشور، یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور کے پرنسپل، اراکین شعبہ جات اور طلباء کو اس تاریخی موقع پر مبارکباد دیتے ہیں اور پرخلوص خواہشات کا اظہار کرتے ہیں -

(جیوفرے کیسٹن)
رجسٹرار

۱۰ نومبر ۱۹۷۲ء

مترجم : سید سجاد باقر رضوی

کیمبرج یونیورسٹی

کیمبرج یونیورسٹی کے چانسلر، اساتذہ اور دانشور پنجاب یونیورسٹی اوریئنٹل کالج کے جشن صد سالہ میں نمایندگی حاصل کرنے پر فخر محسوس کرتے ہیں - پاکستان کے ساتھ اس یونیورسٹی کے قدیمی و قریبی تعلق کے پیش نظر ہم اپنے نمایندے رفیع محمد چودھری، ڈاکٹر آف فلاسفی، رکن فٹزولیم کالج، فیلو پاکستان سائنس اکیڈمی اور پنجاب یونیورسٹی میں طبیعیات کے اعزازی پروفیسر، کے ذریعے اس مبارک موقع پر ہدیہ مبارکباد پیش کرتے ہیں -

١

۷ دسمبر ۱۹۷۲ء

محترمی و مکرمی!

آپ کا گرامی نامہ مورخہ ۲۳ نومبر موصول ہوا۔ شکر گزار ہوں۔ مجھے یہ معلوم کر کے افتخار حاصل ہوا ہے کہ جناب نے ناچیز کی تحریر کی قدر دانی فرمائی کہ اس کو اس تاریخی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس میں پڑھ کر سنایا جائے گا۔

اس کے علاوہ آپ نے جو مجھ پر حد سے زیادہ عنایتیں فرمائیں میں ان کا شکر گزار ہوں۔ ایک طرف اخراجات سفر کے سلسلے میں اشارہ، دوسری طرف ناچیز کے مقالے کو اس کی غیر حاضری کی صورت میں کانفرنس کے لئے پڑھوانے کے موقع کا عطا فرمانا۔ آپ کے کرم کے یہ نقوش اور تأثرات تادیر ذہن میں تازہ رہیں گے۔

ہزار افسوس کے ساتھ معذرت کرتا ہوں کہ آخرالامر میں حاضر نہیں ہو سکتا اور اگر گنجائش ہوئی تو اپنا مقالہ بعد میں چھپنے کے لئے بھجواؤں گا۔ افسوس اتنے کم وقت میں کانفرنس میں پڑھنے کے لئے کوئی چیز پیش نہیں کر سکتا۔

دعا ہے کہ کانفرنس توفیق الٰہی سے کامیاب ہو۔

آپ کا مخلص
کان کاگایا
ٹوکیو یونیورسٹی، جاپان
صدر شعبۂ ہند و پاک

پشاور

۱۰ مارچ ۱۹۷۳ء

مجھے یہ جان کر بے حد مسرت ہوئی کہ پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج کا جشن صد سالہ ۱۲ مارچ سے ۱۷ مارچ ۱۹۷۳ء تک منایا جا رہا ہے ۔

پنجاب میں اورینٹل کالج کو پنجاب یونیورسٹی کے پیش رو کی حیثیت سے وہی شرف حاصل ہے جو پشاور یونیورسٹی کی تاریخ میں اسلامیہ کالج، پشاور کو حاصل ہوا ۔

اورینٹل کالج نے تدریس علوم و السنہ نیز تحقیق و تصنیف و اشاعت کا جو کام گذشتہ سو برس میں کیا اور قدیم و جدید اور مشرقی اور مغربی علوم کے سنگم کی حیثیت سے اس نے برصغیر کی تہذیب و ثقافت کی جس صحت مند روایت کی طرح ڈالی ہے، اس سے کوئی بھی ذی ہوش اور ذی علم انکار نہیں کر سکتا ۔

اورینٹل کالج نے علوم و تہذیب و ثقافت کو ایک لامحدود وسعت دی۔ علوم و فنون کو معیار اور فضیلت عطا کی اور جامعیت و حسن بخشا، اور بر صغیر میں ایسی شخصیتوں کو جنم دیا جنھوں نے ملک و ملت کا نام روشن کیا ۔ اس مادر علوم کی کارکردگی برصغیر کی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جا چکی ہے ۔

میں اس مبارک موقع پر پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ اس کے سرگرم کارکنوں نے اس صد سالہ جشن کے موقع پر ماہرین علوم شرقیہ کی ایک بین الاقوامی کانفرنس منعقد کر کے اس جشن کو ایک ایسے اجتماع کی صورت دے دی جس کی افادیت مسلّم اور جس کا علمی پہلو نمایاں ہے ۔

(عبدالهاشم)
وائس چانسلر
پشاور یونیورسٹی

۱۴ ستمبر ۱۹۷۳ء

مکرمی، سلام مسنون،

گرامی نامہ موصول ہوا - یاد آوری کا شکریہ، میں یونیورسٹی اوریئنٹل کالج کے جشن صد سالہ میں ضرور شریک ہوتا لیکن میں ایک ہفتہ کے بعد ہی انگلستان جا رہا ہوں اور کئی ماہ تک وہاں قیام پذیر رہوں گا۔ بدین وجہ شرکت سے معذور ہوں۔ انگلستان میں مصروفیات کی کچھ ایسی نوعیت ہوگی کہ مقالہ لکھنا ناممکن ہوگا۔ اس لئے مقالے کی وساطت سے بھی شریک نہیں ہو سکتا۔ مجھے افسوس ہے کہ اس قدر اہم صحبت میں شریک نہ ہو سکوں گا۔ میری دعا ہے کہ جشن کامیاب ہو اور کالج اپنی شاندار علمی خدمات کی روایات کو ہمیشہ قائم رکھ سکے۔ والسلام مع الاکرام -

مخلص

(ڈاکٹر) اشتیاق حسین قریشی

وائس چانسلر، کراچی یونیورسٹی

پروگرام

پروگرام

پیر ۱۲ مارچ ۱۹۷۳ء

۴ بجے سہ پہر

افتتاح

تلاوت کلام مجید	:	جناب قاری محمد ظریف
خطبۂ استقبالیہ	:	ڈاکٹر عبادت بریلوی، پرنسپل اورینٹل کالج، ڈین فیکلٹی آف اورینٹل اینڈ اسلامک لرننگ، سکریٹری جنرل
پیغامات	:	سکریٹری جنرل
خطبۂ استقبالیہ	:	ڈاکٹر محمد اجمل، وائس چانسلر، پنجاب یونیورسٹی، صدر مجلس استقبالیہ
خطبہ صدارت	:	ڈاکٹر جسٹس ایس اے رحمان، صدر جشن صد سالہ کمیٹی
خطبۂ افتتاحیہ	:	ملک معراج خالد، وزیر اعلیٰ حکومت پنجاب
شکریہ	:	ڈاکٹر عبادت بریلوی، سکریٹری جنرل
استقبالیہ	:	منجانب پنجاب یونیورسٹی
مقام	:	چمن بالمقابل یونیورسٹی ھال
وقت	:	۵ بجے سہ پہر
عشائیہ	:	منجانب پرنسپل اورینٹل کالج، ڈین فیکلٹی آف اورینٹل اینڈ اسلامک لرننگ، پنجاب یونیورسٹی
مقام	:	یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاھور
وقت	:	۸ بجے شب

منگل ۱۳ مارچ ۱۹۷۳ء

۹ بجے صبح (چمن اورینٹل کالج)

نمائش : اورینٹل کالج کی علمی و ادبی خدمات

افتتاح : جناب ڈاکٹر عبدالخالق، وزیر تعلیم، حکومت پنجاب

۱۰ بجے صبح (سینٹ ہال)

پہلا اجلاس

مذاکرہ : اورینٹل کالج کی علمی و ادبی خدمات

افتتاح : جناب محمد حنیف رامے، وزیر خزانہ، حکومت پنجاب

صدر : پروفیسر حمید احمد خاں، سابق وائس چانسلر، پنجاب یونیورسٹی

مقالات

۱- پروفیسر شیخ عبدالرشید
۲- ڈاکٹر محمد حمید اللہ (پیرس)
۳- پروفیسر ڈاکٹر وحید مرزا
۴- پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید
۵- پروفیسر ڈاکٹر رضی واسطی
٦- پروفیسر ڈاکٹر سید محمد عبداللہ
۷- پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر
۸- پروفیسر ڈاکٹر ابواللیث صدیقی (کراچی یونیورسٹی)
۹- پروفیسر سید وقار عظیم
۱۰- ڈاکٹر وزیر آغا
۱۱- ڈاکٹر وحید قریشی
۱۲- ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار
۱۳- ڈاکٹر ناظر حسن زیدی
۱۴- پروفیسر ڈاکٹر میاں عبدالشکور احسن

۱۵- سید وزیر الحسن عابدی
۱۶- ڈاکٹر رانا احسان الٰہی
۱۷- پروفیسر ڈاکٹر عبادت بریلوی

دوسرا اجلاس

۲ بجے بعد دوپہر

صدر : جناب فیض احمد فیض

مقالات

۱- شیخ محمد الفحام (الازہر)
۲- چودھری غلام رسول اظہر
۳- پروفیسر صوفی غلام مصطفیٰ تبسم
۴- احمد ندیم قاسمی
۵- ڈاکٹر غلام یسین خان نیازی
۶- خواجہ محمد اسلم
۷- پروفیسر جان ہے وڈ - ڈرہم (انگلستان)
۸- پروفیسر رالف رسل (لندن)
۹- پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر قراهان (استنبول، ترکیہ)
۱۰- پروفیسر خواجہ صلاح الدین
۱۱- پروفیسر محمد طاہر فاروقی (پشاور)
۱۲- آقا بیدار بخت خان
۱۳- پروفیسر علامہ علاء الدین صدیقی
۱۴- ڈاکٹر عبداللہ چغتائی
۱۵- مولانا عبدالقدوس
۱۶- حکیم نیر واسطی
۱۷- جناب عشرت رحمانی
۱۸- ڈاکٹر صابر علی خان
۱۹- پروفیسر صدیق کلیم
۲۰- محترمہ الطاف فاطمہ

۲۱- ملک بشیر الرحمٰن
۲۲- راحت افزا بخاری
۲۳- امجد اسلام امجد
۲۴- حسن رضوی
۲۵- مظفر عباس

چائے : ساڑھے پانچ بجے سہ پہر (چمن بالمقابل دفتر وائس چانسلر)
عشائیہ : منجانب یونائیٹڈ بنک لمیٹڈ، لاہور، وقت ۸ بجے شب

بدھ ۱۴ مارچ ۱۹۷۳ء

عربی زبان و ادب اور اسلامی علوم

پہلا اجلاس

۹ بجے صبح

افتتاح : سفیر مراکش
صدر : پروفیسر جے - ایم - ایس بالجان (لائیڈن، ہالینڈ)

مقالات

۱- ہزایکسیلنسی ڈاکٹر ایم - السادانی (مراکش)
۲- ڈاکٹر فاطمہ موسیٰ محمود (قاہرہ، مصر)
۳- ڈاکٹر جے - ڈڈلے وڈبری (ہارورڈ، امریکہ)
۴- پروفیسر جان ے وڈ (ڈرہم، انگلستان)
۵- شیخ محمد ناصر العبودی (مدینہ)
۶- ڈاکٹر پیر محمد حسن (راولپنڈی)
۷- ڈاکٹر رشید احمد (لاہور)
۸- ڈاکٹر عابد احمد علی (لاہور)
۹- ڈاکٹر مارا استیپانینس (سویٹ یونین)
۱۰- ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ (لاہور)
۱۱- ڈاکٹر رانا ایم - این احسان الٰہی (لاہور)
۱۲- ڈاکٹر ایم ضیاء الحق صوفی (لاہور)

۱۳- مولانا عبدالقدوس (پشاور)
۱۴- ڈاکٹر رحمان ولی شاہ (اسلام آباد)
۱۵- ڈاکٹر امین اللہ وثیر (لاہور)

دوسرا اجلاس

۲ بجے بعد دوپہر

صدر : ہزایکسلینسی ڈاکٹر ایم السادانی (سفیر مراکش)

مقالات

۱- ڈاکٹر ایم - ایم - فہام (مصر)
۲- ڈاکٹر جے - ایم - ایس بالجان (لائیڈن، ہالینڈ)
۳- ڈاکٹر ایم خالد (مراکو)
۴- مس اسماء رشید (ملتان)
۵- پروفیسر عبدالمقصود شلقامی (قاہرہ، مصر)
۶- ڈاکٹر محمد زینی (جدہ)
۷- ڈاکٹر ایس - ایم یوسف (کراچی)
۸- مولانا عبدالصمد صارم
۹- پروفیسر عبدالقیوم
۱۰- ڈاکٹر ہالی پوتہ (سندھ، حیدرآباد)
۱۱- ڈاکٹر میر ولی خان (پشاور)
۱۲- مسٹر محمد یحیی
۱۳- سید محمد کبیر احمد مظہر
۱۴- پروفیسر غلام احمد حریری (لائل پور)
۱۵- مس زرینہ کاردار (بہاولپور)
۱۶- ڈاکٹر مس زبیدہ صدیقی
۱۷- مولانا نورالحسن خان
۱۸- حافظ محمد طفیل (اسلام آباد)

چائے : پانچ بجے سہ پہر (چمن بالمقابل دفتر وائس چانسلر)
عشائیہ : منجانب خانہ فرہنگ ایران، ۶- مین گلبرگ، لاہور
وقت : ۸ بجے شب

جمعرات ۱۵ مارچ ۱۹۷۳ء

فارسی زبان و ادب اور ایرانی ثقافت

پہلا اجلاس

افتتاح : سفیر کبیر شاہنشاہ آریا مہر ہزایکسیلنسی آقای منوچہر ظلی

صدر : پروفیسر دکتر مجتبی مینوی

دکتر سید ناصر الدین شاہ حسینی (تہران، ایران)

مقالات

۱- پروفیسر دکتر جلال متینی (مشہد، ایران)
۲- پروفیسر ولی اللہ سمیعی (کابل، افغانستان)
۳- پروفیسر مہدی محقق (تہران، ایران)
۴- پروفیسر عبدالحسن مشکاۃ الدینی (مشہد، ایران)
۵- ڈاکٹر احمد علی پناہی (تہران، ایران)
۶- ڈاکٹر سید محمد عبداللہ (لاہور)
۷- ڈاکٹر محمد باقر (لاہور)
۸- پروفیسر ڈاکٹر عبدالشکور احسن
۹- سید وزیر الحسن عابدی
۱۰- ڈاکٹر سید محمد اکرم شاہ

دوسرا اجلاس

۲ بجے بعد دوپہر

صدر : پروفیسر ولی اللہ سمیعی (کابل، افغانستان)

مقالات

۱- پروفیسر ناصر الدین شاہ حسینی (تہران، ایران)
۲- پروفیسر سعید افغانی (کابل)
۳- پروفیسر دکتر عبدالقادر قراہان (استنبول، ترکیہ)
۴- پروفیسر دکترضیاء الدین سجادی (تہران)
۵- ڈاکٹر غلام مصطفی خان (حیدر آباد، سندھ)

۶- پروفیسر صوفی غلام مصطفی تبسم
۷- ڈاکٹر عابد علی خاں (کراچی)
۸- ڈاکٹر کے- بی- نسیم (پشاور)
۹- ڈاکٹر میاں محمد بشیر حسین (لاہور)
۱۰- ڈاکٹر آغا یمین خاں (لاہور)
۱۱- ڈاکٹر آفتاب اصغر (لاہور)

چائے : ساڑھے چار بجے سہ پہر (چمن بالمقابل دفتر وائس چانسلر)
عشائیہ : منجانب پیکیجز لمیٹڈ، فیروز پور روڈ، لاہور
وقت : ۸ بجے شب

جمعہ ۱۶ مارچ ۱۹۷۳ء

اردو زبان و ادب اور تاریخ و ثقافت مسلمانان ہند و پاکستان

پہلا اجلاس

۹ بجے صبح

افتتاح : مولانا کوثر نیازی (وزیر اطلاعات و نشریات، حج و اوقاف حکومت پاکستان)
صدر : پروفیسر رالف رسل (اسکول آف اوریئنٹل اینڈ افریکن اسٹڈیز، لندن یونیورسٹی

مقالات

۱- ڈاکٹر کارلو کپولا (مشیگن، امریکہ)
۲- پروفیسر بالجان (لائیڈن، ہالینڈ)
۳- پروفیسر حمید احمد خاں (سابق وائس چانسلر، پنجاب یونیورسٹی)
۴- پروفیسر مارا استیپانینس (سوویٹ یونین)
۵- ڈاکٹر ریاض الاسلام (کراچی)
۶- ڈاکٹر غلام مصطفی خاں (حیدر آباد، سندھ)
۷- ڈاکٹر محمد شمس الدین صدیقی (پشاور)

۸- ڈاکٹر فرمان فتحپوری (کراچی)
۹- جناب خاطر غزنوی (پشاور)
۱۰- مولانا جعفر قاسمی (علماء اکادمی، لاہور)
۱۱- پروفیسر صدیق کلیم (لاہور)
۱۲- ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی
۱۳- ڈاکٹر ناظر حسن زیدی
۱۴- ڈاکٹر وحید قریشی
۱۵- پروفیسر ڈاکٹر عبادت بریلوی
۱۶- حکیم نیر واسطی
۱۷- ڈاکٹر عبیداللہ خاں

ظہرانہ : ۱ بجے (چمن بالمقابل دفتر وائس چانسلر)

دوسرا اجلاس

۲ بجے بعد دوپہر

صدر : ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں (پروفیسر و صدر شعبۂ اردو، سندھ یونیورسٹی، حیدر آباد)

مقالات

۱- پروفیسر رالف رسل (لندن)
۲- پروفیسر اے۔ ایچ ۔ دانی (اسلام آباد)
۳- ڈاکٹر ابواللیث صدیقی (کراچی)
۴- ڈاکٹر منظور احمد (کراچی)
۵- ڈاکٹر سید محمد عبداللہ (لاہور)
۶- پروفیسر محمد طاہر فاروقی (پشاور)
۷- پروفیسر صوفی غلام مصطفیٰ تبسم
۸- پروفیسر سید وقار عظیم
۹- ڈاکٹر اے۔ ڈی۔ شبنم
۱۰- ڈاکٹر افتخار احمد غوری (جوہر آباد)

۱۱۔ ڈاکٹر سید مرتضٰی جعفری (پشاور)
۱۲۔ ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار
۱۳۔ سید سجاد باقر رضوی
۱۴۔ خواجہ محمد زکریا
۱۵۔ تبسم کاشمیری
۱۶۔ سہیل احمد خاں

چائے : ۵ بجے سہ پہر (چمن بالمقابل دفتر وائس چانسلر)
عشائیہ : منجانب حبیب بنک لمیٹڈ
مقام : یونیورسٹی ہال
وقت : ۸ بجے شب

ہفتہ ۱۷ مارچ ۱۹۷۳ء

پنجابی زبان و ادب

پہلا اجلاس

۹ بجے صبح

افتتاح : چوہدری ممتاز احمد کاہلون (وزیر اطلاعات و اوقاف، حکومت پنجاب)
صدر : پروفیسر علامہ علاءالدین صدیقی

مقالات

۱۔ ڈاکٹر لئیق بابری
۲۔ مرزا مقبول بیگ بدخشانی
۳۔ پروفیسر اصغر سلیم
۴۔ ڈاکٹر آغا یمین
۵۔ ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار
۶۔ ڈاکٹر وحید قریشی
۷۔ جناب اشفاق احمد

دوسرا اجلاس

۱۱ بجے

صدر : صوفی غلام مصطفیٰ تبسم

۱- بیگم رضیہ مدد علی
۲- جناب جیلانی کامران
۳- پروفیسر قیوم نظر
۴- جناب عین الحق فرید کوٹی
۵- محمد اسمعیل بھٹی

ظہرانہ : ۱ بجے (چمن بالمقابل دفتر وائس چانسلر)

تیسرا اجلاس

۲ بجے بعد دوپہر

مذاکرہ : علوم شرقیہ کے مسائل

افتتاح : چوہدری ممتاز احمد کاہلون (وزیر اوقاف، حکومت پنجاب)

صدر : پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر قراھان، (استنبول، ترکیہ)

تمام مندوب حصہ لیں گے اور علوم شرقیہ کے متعلق قرار دادیں پیش کی جائیں گی -

چائے : ۵ بجے سہ پہر (چمن بالمقابل دفتر وائس چانسلر)

عشائیہ : منجانب وائس چانسلر، پنجاب یونیورسٹی

مقام : مینارڈ ہال اورینٹل کالج

وقت : ۸ بجے شب

فہرستِ مندوبین

فہرست مندوبین

غیر ملکی مندوبین

۱۔ ایران

پروفیسر ڈاکٹر مجتبی مینوی، تہران یونیورسٹی
پروفیسر ڈاکٹر ناصر الدین شاہ حسینی، تہران یونیورسٹی
پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الدین سجادی، تہران یونیورسٹی
پروفیسر ڈاکٹر مظاہر مصفا، تہران یونیورسٹی
خانم ڈاکٹر مظاہر مصفا، تہران یونیورسٹی
پروفیسر ڈاکٹر جلال متینی، مشہد یونیورسٹی
پروفیسر عبدالمحسن مشکوۃ الدینی، مشہد یونیورسٹی

۲۔ برطانیہ

پروفیسر رالف رسل، صدر زبان و ادبیات اردو، شعبۂ ثقافت ہندو پاکستان اسکول آف اورینٹل اینڈ افریکن اسٹڈیز، یونیورسٹی آف لنڈن
مسٹر جان ے وڈ ،
ڈائرکٹر اسکول آف اورنٹیل اسٹڈیز، ڈرہم یونیورسٹی، ڈرہم

۳۔ ترکیہ

پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر قراحان، استنبول یونیورسٹی۔

۴۔ جمہوریہ مصر

شیخ محمد الفحام، جامعہ ازہر، قاہرہ
ڈاکٹر فاطمہ موسی محمود*، قاہرہ یونیورسٹی

---

*تشریف نہ لاسکیں۔ مقالہ بھیج دیا۔

۵- ریاستہائے متحدہ امریکہ

پروفیسر ڈاکٹر اینی میری شمل*، (هارورڈ یونیورسٹی)
ڈاکٹر کارلو کبولا، اوک لینڈ یونیورسٹی، میچیگن، امریکہ
ڈاکٹر ڈڈلے ووڈ بیری، (هارورڈ یونیوسٹی)

۶- سعودی عرب

ڈاکٹر محمود زنبی
شاہ عبد العزیز یونیورسٹی، ریاض، (سعودی عرب)
شیخ محمد ابن ناصر العبودی - جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ، (سعودی عرب)

۷- سوئزلینڈ

پروفیسر سی برگل، صدر شعبۂ فارسی، برن یونیورسٹی

۸- سوویٹ یونین

پروفیسر ڈاکٹر مارا استیپانیانس، پروفیسر اوریئنٹل فلاسفی، انسٹی ٹیوٹ آف فلاسفی (ماسکو)

۹- فرانس

ڈاکٹر محمد حمید اللہ*، پیرس

۱۰- نیدرلینڈ

پروفیسر جے - ایم - ایس بالجون ، پروفیسر اسلامیات
لیڈن یونیورسٹی، لیڈن، (نیدر لینڈ)

---

* تشریف نہ لا سکیں - دو مقالے ارسال کیے -
* تشریف نہ لا سکے - مقالہ بھیج دیا -

پاکستانی مندوبین

۱۔ پشاور

مولانا عبدالقدوس، صدر شعبۂ اسلامیات، پشاور یونیورسٹی

ڈاکٹر محمد شمس الدین صدیقی، صدر شعبہ اردو، پشاور یونیورسٹی

ڈاکٹر سید مرتضی جعفری، شعبہ اردو، پشاور یونیورسٹی

ڈاکٹر کے ۔ بی ۔ نسیم، صدر شعبۂ فارسی، پشاور یونیورسٹی

ڈاکٹر میر ولی خان، صدر شعبۂ عربی، پشاور یونیورسٹی

خاطر غزنوی، پشاور یونیورسٹی

۲۔ حیدر آباد

ڈاکٹر غلام مصطفی خان، صدر شعبۂ اردو، سندھ یونیورسٹی حیدر آباد

۳۔ راولپنڈی، اسلام آباد

جناب فیض احمد فیض، ڈائرکٹر نیشنل کونسل آف آرٹس، اسلام آباد

ڈاکٹر مس کنیز یوسف، وائس چانسلر، اسلام آباد یونیورسٹی

پروفیسر قدرت اللہ فاطمی، ڈائرکٹر، آر ۔ سی ۔ ڈی، اسلام آباد

ڈاکٹر سید علی رضا نقوی

ڈاکٹر محمد ریاض

ڈاکٹر محمد صدیق شبلی

ڈاکٹر سید سبط حسن رضوی، راولپنڈی

ڈاکٹر افتخار احمد غوری، گورنمنٹ کالج، جوہرآباد

ڈاکٹر سید مرتضی موسوی، اڈیٹر ہلال، اسلام آباد

ڈاکٹر رحمن شاہ ولی، اسلامک انسٹی ٹیوٹ، اسلام آباد

جناب حافظ طفیل محمد، اسلام آباد

۴- کراچی

ڈاکٹر ریاض الاسلام، پروفیسر تاریخ، کراچی یونیورسٹی

ڈاکٹر ابواللیث صدیقی، پروفیسر اردو، کراچی یونیورسٹی

ڈاکٹر فرمان فتحپوری، شعبہ اردو، کراچی یونیورسٹی

ڈاکٹر منظور احمد، صدر شعبہ فلسفہ، کراچی یونیورسٹی

ڈاکٹر جمیل جالبی، کراچی

ڈاکٹر عابد علی خان، صدر شعبہ فارسی، کراچی

ڈاکٹر محمد یوسف، پروفیسر عربی، کراچی یونیورسٹی

پروفیسر ممتاز حسین، پروفیسر اردو و پرنسپل، سراج الدولہ کالج، کراچی

۵- ساہیوال

ڈاکٹر اے ۔ ڈی ۔ نسیم، ساہیوال

۶- کوئٹہ

پروفیسر کرار حسین، بلوچستان یونیورسٹی، کوئٹہ

جناب خلیل صدیقی، بلوچستان یونیورسٹی، کوئٹہ

۷- ملتان

اسماء رشید

پہلا اجلاس

افتتاحی

خطبات

ڈاکٹر عبادت بریلوی

ڈاکٹر محمد اجمل

ڈاکٹر جسٹس ایس۔ اے رحمٰن



پروفیسر ڈاکٹر عبادت بریلوی، پرنسپل یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور
سیکرٹری جنرل جشن صد سالہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خطبۂ استقبالیہ

ڈاکٹر عبادت بریلوی

پرنسپل یونیورسٹی اوریئنٹل کالج، لاہور
سیکریٹری جنرل

جناب صدر محترم و مہمانان گرامی قدر !

آج پنجاب یونیورسٹی اوریئنٹل کالج کے جشن صد سالہ کی اس یادگار تقریب میں مشرق و مغرب کے مختلف مراکز علمی کے نمائندوں کا یہ مبارک اجتماع ہمارے لئے باعث صد فخر و مسرت ہے اور ہم سب ان علماء و محققین کے سپاس گزار ہیں جو اس قدیم درسگاہ کی صد سالہ خدمات کے اعتراف و استحسان کی خاطر طویل مسافت کی زحمتیں برداشت کر کے یہاں تشریف لائے ہیں۔ میں ان سب خواتین و حضرات کو خوش آمدید کہتا ہوں جو اپنی اپنی یونیورسٹیوں اور علمی اداروں کی نمائندگی کرنے کے لئے اوریئنٹل کالج کے جشن صد سالہ کے اس موقع پر آج یہاں تشریف فرما ہیں .

خواتین و حضرات ! ہم معذرت خواہ ہیں کہ اس تقریب کا اہتمام بر وقت نہ کر سکے ۔ تاریخ شاہد ہے کہ اس ادارے کے قیام کو ایک صدی سے زیادہ عرصہ گذر چکا ہے ۔ انجمن پنجاب کے بانی اور احیائے علوم مشرقی کی تحریک کے علمبردار ڈاکٹر لائٹنر نے ۱۸۶۵ء میں ایک اوریئنٹل یونیورسٹی کا تصور پیش کیا تھا اور اگرچہ اس منصوبے کی تکمیل میں سرکاری مصلحتیں حائل رہیں لیکن ۱۸۷۰ء میں ڈاکٹر لائٹنر کی مساعی جمیلہ، مدرسة العلوم مشرقی یا اوریئنٹل اسکول کی صورت میں بار آور ہوئیں۔ لہذا سنہ تأسیس کی رو سے صد سالہ یادگاری تقریب کا انعقاد آج سے دو سال پہلے ہونا چاہیئے تھا لیکن اس دوران میں ایک طویل مدت

تک ہمارا ملک جس سیاسی بحران میں مبتلا رہا، اس سے آپ سب باخبر ہیں۔ اگرچہ آج بھی ہماری قوم کو ایسے سنگین مسائل در پیش ہیں کہ ان حالات میں کسی روایتی جشن کا تصور بھی ممکن نہیں لیکن ہم نے اس موقع کو غنیمت سمجھتے ہوئے ان سادہ سی تقریبات کا اہتمام کیا اور ہمیں امید ہے کہ علوم مشرقیہ کے قدر دانوں کا یہ اجتماع، اس ادارے کے حق میں باعث خیر و برکت ہوگا۔

یہ یادگاری جلسہ جو لاہور کے اس تاریخی شہر اور ایک اہم ثقافتی مرکز میں ترتیب دیا گیا ہے وہ نہ صرف یہ کہ مشرق و مغرب کے "قران السعدین" کا سماں پیش کر رہا ہے بلکہ اس حقیقت کا آئینہ دار بھی ہے کہ اورینٹل کالج اپنی صد سالہ تاریخ کے ہر دور میں علمائے مشرق و مغرب کی علمی و تحقیقی روایات کا سنگم بنا رہا۔ اس ادارے کی تاسیس ڈاکٹر لائٹنر جیسے ہمدرد مستشرق اور مفکر کے ہاتھوں عمل میں آئی، جو فضیلت علمی کے ساتھ بے مثال تنظیمی صلاحیت سے بھی بہرہ مند تھے۔ چنانچہ ان کی قیادت میں علوم و السنۂ مشرق کے بیرونی اور مقامی علماء کے درمیان باہمی تعاون و تعامل اور افادہ و استفادہ کی وہ روایت تازہ ہو گئی جو انیسویں صدی کے نصف اول میں سب سے پہلے فورٹ ولیم کالج اور اس کے بعد قدیم دہلی کالج میں قائم ہوئی تھی۔ لیکن ان دونوں اداروں کا دائرۂ عمل محدود اور عرصۂ حیات مختصر تھا۔ خوش قسمتی سے یہ سعادت اورینٹل کالج کے حصے میں آئی کہ اس کی سرگرمیوں کا دائرہ علوم و السنۂ مشرقیہ کی تدریس کے علاوہ تحقیق و تنقید، تدوین و تالیف اور ترجمہ و تصنیف کے مختلف شعبوں پر محیط ہے اور اس کی خدمات کا سلسلہ، مختلف سیاسی انقلابات کے باوجود، گذشتہ ایک صدی سے اب تک جاری ہے!

اس سلسلے میں جو بات سب سے زیادہ قابل غور ہے وہ یہ ہے کہ اورینٹل کالج نے ابتدا ہی سے عوام کی خدمت کو اپنا مسلک اور نصب‌العین بنایا اور متوسط اور نچلے متوسط طبقے کے ایسے افراد کے لئے تعلیمی سہولتیں فراہم کیں جو دوسرے کالجوں میں داخل ہو کر تعلیم حاصل کرنے کی سکت نہیں رکھتے تھے۔ ان کے مالی حالات ایسے تھے کہ ان کے لئے

انگریزی طرز کے نظام تعلیم میں شریک ہونا ممکن نہیں تھا۔ چنانچہ انہوں نے اوریئنٹل کالج کے نظام سے فائدہ اٹھایا اور اس کالج سے تعلیم حاصل کر کے علم و ادب کی دنیا میں کارہائے نمایاں انجام دیے۔ اس سلسلے میں پروفیسر عبدالعزیز المیمنی، مولانا امتیاز علی خاں عرشی، ڈاکٹر عندلیب شادانی، ڈاکٹر سید عبداللہ اور ڈاکٹر محمد باقر جیسے محققوں اور مصنفوں کے نام لئے جا سکتے ہیں۔ آپ کو یہ سن کر حیرت ہوگی کہ ان بزرگوں نے جس زمانے میں اوریئنٹل کالج میں تعلیم حاصل کی، اس زمانے میں صرف آٹھ آنے فیس لی جاتی تھی اور ہوسٹل کا کرایہ صرف ایک روپیہ مہینہ ہوتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ہندوستان کے دور دراز علاقوں سے لوگ تعلیم حاصل کرنے کے لئے اس درسگاہ میں آتے تھے۔

خواتین و حضرات! اوریئنٹل کالج کے دائرۂ کار کی وسعت اور سلسلۂ خدمات کی طوالت کے ساتھ تجدید عمل کی ان پیہم کوششوں کا ذکر بھی ضروری ہے جن کی بدولت اس ادارے نے تدریس و تحقیق اور تصنیف و تالیف کے ہر میدان میں درخشاں روایات کے لافانی نقوش ثبت کیے۔ آپ جانتے ہیں کہ اس ادارے کے اغراض و مقاصد میں مشرقی علوم و السنہ کی تدریس کو اولیت حاصل ہے۔ ان علوم کی تدریس کے لئے اور بھی درسگاہیں موجود تھیں لیکن روز اول سے اوریئنٹل کالج کو امتیاز و اختصاص کا جو شرف حاصل رہا، اس کا سبب تدریس کا وہ جدید اسلوب اور بلند معیار ہے جسے مغربی ذوق تحقیق اور مشرقی تبحر علمی کے اجتماع کا حاصل کہنا چاہیے۔ ڈاکٹر لائٹنر نے مقامی فضلا پر، زبان و ادب کے مطالعے میں لسانی تحقیق اور تاریخی پس منظر کی اہمیت واضح کی۔ ان کے اس نقطۂ نظر سے متاثر ہو کر مشرقی علوم کے اساتذہ نے تدریس کے نئے اسالیب اختیار کئے۔

یہاں نامور اساتذۂ کرام میں سے صرف ایک مثال پر اکتفا کروں گا۔ وہ بزرگ شخصیت مولانا فیض الحسن سہارنپوری کی ہے۔ یوں تو معقولات و منقولات کے ہر شعبے میں مولانا موصوف کی فضیلت و مہارت مسلّم تھی لیکن ان کی فطرت کا اصل جوہر اوریئنٹل کالج میں آ کر کھلا، جہاں انہوں نے عربی ادب کی تدریس میں ایک نمایاں انقلاب پیدا کیا۔

ہمارے علمائے ادب ، شعرائے متاخرین کی نکتہ آفرینیوں میں الجھے رہتے تھے۔ مولانا نے متقدمین کے کلام کی لسانی و ادبی خوبیوں کی طرف توجہ دلائی اور بالخصوص حماسہ کے درس میں وہ شہرت حاصل کی کہ ادب عربی کے شائقین دور دراز سے کشاں کشاں لاہور پہنچنے لگے۔ حتیٰ کہ علامہ شبلی کا ادبی شغف بھی انہیں مولانا سے کسب فیض کے لیے یہاں لے آیا۔ مولانا فیض الحسن کے ادبی مقام کا اندازہ مولانا سید سلیمان ندوی کے اس قول سے ہوگا : ''مولانا اس پائے کے ادیب تھے کہ خاک ہند نے صدیوں میں شاید ہی کوئی اتنا بڑا امام الادب پیدا کیا ہو''۔

طریق تدریس میں تجدید و اصلاح کے علاوہ ، اس ابتدائی دور میں لسانی و تاریخی تحقیق کی روایت بھی قائم ہوئی۔ عربی و فارسی زبان و ادب کے بیشتر اساتذہ ان علوم و السنہ کے تاریخی پس منظر سے بے خبر تھے۔ ۱۸۷۱ء میں ڈاکٹر لائٹنر نے مولانا فیض الحسن اور بعض دیگر اساتذہ کے تعاون سے، عربی زبان اور اسلامی علوم کی ایک مختصر تاریخ، ''سنین اسلام'' کے نام سے دو جلدوں میں مرتب کی۔ غالباً یہ قیاس بےجا نہ ہوگا کہ یہی کتاب علامہ شبلی کے تاریخی رجحان کی محرک اول ثابت ہوئی۔ مولانا فیض الحسن کی ادارت میں اورینٹل کالج کا ماہوار علمی و تحقیقی مجلہ، ''شفاء الصدور'' شائع ہوتا رہا جو دور اول میں طلبا کے ادبی ذوق کی تربیت اور اساتذہ کی تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کا باعث ہوا۔

اس دور میں علامہ فیض الحسن کے علاوہ، مولانا عبدالحکیم کلانوری، مفتی محمد عبداللہ ٹونکی ، مولانا محمد حسین آزاد، مولوی محمد الدین مختار اور دیگر اساتذہ نے کلاسیکی ادب کے بے شمار شاہکاروں کی تدوین و ترتیب اور ترجمہ و تشریح کے کام میں حصہ لیا۔ ان اساتذہ کی علمی و تدریسی، خدمات کی بدولت انیسویں صدی کے خاتمے تک اس ادارے کو علوم مشرقیہ کے ایک یگانۂ روزگار دارالعلوم کی حیثیت حاصل ہو گئی۔

خواتین و حضرات!

بیسویں صدی کے اوائل ہی میں، اس (ادارے) کو بین الاقوامی شہرت کے عالم مستشرق ڈاکٹر وولنر کی قیادت میسر آ گئی، جو ۱۹۰۳ء

سے ۱۹۳۶ء تک اس کالج کے پرنسپل رہے ۔ ڈاکٹر وولنر سنسکرت کے فاضل تھے اور لسانی ذوق کے علاوہ تحقیق و ترتیب متن میں بھی بڑی مہارت رکھتے تھے ۔ ان کے علمی شغف اور حسن انتظام کے اثر سے کالج کی پرسکون فضا میں علمی سرگرمیوں کی رفتار تیز تر ہو گئی اور تدریسی و تحقیقی روایات میں نت نئے اضافے ہوئے ۔ علمی افادے و استفادے کے اعتبار سے یہاں کے اساتذہ مشرق و مغرب کے مختلف دبستانوں سے فیض یاب ہوئے ۔ ڈاکٹر وولنر اور ڈاکٹر لکشمی سروپ ، آکسفورڈ یونیورسٹی کے فارغ التحصیل تھے ۔ ڈاکٹر مولوی محمد شفیع اور ڈاکٹر محمد اقبال نے کیمبرج یونیورسٹی میں پروفیسر براؤن سے استفادہ کیا ۔ ڈاکٹر عظیم الدین احمد نے جرمنی سے لسانیات میں پی ۔ ایچ ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کی ۔ حافظ محمود خان شیرانی لندن میں ڈاکٹر آرنلڈ کے زیر تربیت رہے ۔ مفتی عبداللہ ٹونکی، مولانا شاداں بلگرامی اور مولوی عبدالعزیز میمن ، ملک کی قدیم درس گاہوں اور اکابر علماء کے تربیت یافتہ تھے ۔ اس طرح مغربی انداز نقد و تحقیق اور مشرقی تبحر و تفکر کے امتزاج سے کالج میں تدریس ، تصنیف اور تحقیق کا معیار بلند سے بلند تر ہو گیا اور یہاں کی قدیم روایات کو نئی زندگی و پایندگی حاصل ہوئی مثلاً گذشتہ دور میں لسانی و تاریخی تحقیق کی داغ بیل پڑ چکی تھی، اس دور کے اساتذہ نے قدیم مصادر و مآخذ کے مطالعے اور تاریخی حقائق کی تلاش و انکشاف میں زیادہ انہماک کا ثبوت دیا ۔ ان کی کوششوں سے ملک میں قدیم شاہکاروں اور قلمی نسخوں کی تلاش اور مطالعے کا ذوق عام ہوا ۔ انھوں نے عربی و فارسی کے متعدد قدیم نسخوں کے متون محققانہ کاوش سے مرتب کر کے "ایڈیٹنگ" کا ایک بلند معیار قائم کر دیا ۔ مولوی محمد شفیع مرحوم اور حافظ محمود شیرانی نے نادر مخطوطات کی تلاش اور فراہمی میں اپنی عمر عزیز کا ایک طویل حصہ صرف کیا ۔ ان کی ان تھک محنت اور جانفشانی کے طفیل پنجاب یونیورسٹی کا کتب خانہ، عربی ، فارسی، اردو اور پنجابی کے قلمی نوادر اور نایاب مطبوعات سے مالامال ہو گیا ۔ ان بزرگوں کی یہ خدمات یقیناً ہماری تاریخ کا ایک سنہرا باب ہیں ۔

خواتین و حضرات !

فروری ۱۹۲۰ء میں اورینٹل کالج میگزین کا اجراء ، اس دور کے علمی کارناموں میں سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے کیوں کہ اس وقت سے لے کر آج تک یہ مجلہ اورینٹل کالج کے دبستان تحقیق کی بہترین نمائندگی کرتا رہا اور دنیا بھر کے علمائے مستشرقین سے ہمارے علمی و فکری رابطے کا ذریعہ بنا ہوا ہے۔ اس مجلے کی امتیازی خصوصیات وہی ہیں جن پر اس دبستان کی روایتی شہرت کا انحصار ہے ، یعنی مشرقی ادبیات کے تاریخی پس منظر کا مطالعہ، حقائق کی چھان بین ، جزئیاتی کاوش، قدیم مصادر و مآخذ کی دریافت اور ان کے متون کی تہذیب و اشاعت ، بلاشبہ برعظیم پاک و ہند کے علمی و تحقیقی حلقوں میں ان رجحانات کو فروغ دینے کا فخر بڑی حد تک اسی مجلے کو حاصل ہے۔ اس مجلے کے ساتھ ساتھ اس تحقیقی کام کو عربک پرشین سوسائٹی اور اس کے مجلے نے بھی آگے بڑھایا جو اورینٹل کالج میگزین کے ساتھ ساتھ اس سوسائٹی کے زیر اہتمام شائع ہوتا رہا ۔ پھر اورینٹل پبلیکیشنز فنڈ سے بھی اہم تحقیقی کتابیں شائع ہوئیں اور اب بھی تحقیقی کام کی طباعت و اشاعت کی یہ روایت اس کالج میں قائم ہے۔

قیام پاکستان کے بعد اورینٹل کالج کی تاریخ کا ایک نیا دور شروع ہوا ۔ سنسکرت اور ہندی شعبوں سے متعلق اساتذہ اور محققین اس ادارے سے رخصت ہو گئے اور یہ شعبے بند ہو گئے ۔ بدلے ہوئے حالات میں ادیب ، عالم اور فاضل کی جماعتوں کی افادیت مشکوک قرار دی گئی اور رفتہ رفتہ ان کی مقبولیت ختم ہو گئی ۔ لیکن جس طرح ہر خزاں ایک نئی بہار کا پیش خیمہ ہوتی ہے، اسی طرح پت جھڑ کا یہ سماں بھی باقی نہ رہا ۔ قیام پاکستان کے فوراً بعد کالج میں ایم ۔ اے اردو کی جماعتیں کھل گئیں اور شعبۂ اردو میں روزافزوں توسیع و ترقی ہونے لگی ۔ فرانسیسی، روسی، ہسپانوی، جرمن، اطالوی اور ترکی زبانوں میں سرٹیفکیٹ اور ڈپلوما کی کلاسیں جاری ہوئیں اور گذشتہ سال پنجابی ایم ۔ اے کی جماعتیں قائم ہونے کے بعد کالج کو تدریس و تحقیق کی ایک نئی جولانگاہ میسر آ گئی جس کی کمی بڑی شدت سے محسوس کی جارہی تھی ۔

خواتین و حضرات ! آپ جانتے ہیں کہ اورینٹل کالج کی اساس علوم مشرقی اور ان علوم کے مخزن یعنی عربی و فارسی زبان و ادب پر ہے۔ اس ادارے کی تاریخ کا دور ماضی جن علمی خدمات پر مشتمل ہے ، ان کا تعلق بیشتر انہی زبانوں سے ہے ۔ قیام پاکستان کے بعد جب دور جدید کا آغاز ہوا تو عربی و فارسی کی اہمیت اور بڑھ گئی کیونکہ یہ زبانیں نہ صرف ہمارے اسلاف کے قابل فخر علمی و ادبی کارناموں کی محافظ اور ہماری تہذیبی روایات کے تسلسل کی ضامن ہیں بلکہ ایک آزاد مسلم مملکت کی حیثیت سے ایشیا اور افریقہ کے دیگر اسلامی ممالک کے ساتھ ہمارے سیاسی و ثقافتی روابط کا وسیلہ بھی ہیں۔ چنانچہ ہمارے عربی و فارسی شعبوں میں جہاں ایک طرف کلاسیکی ادب کے تحقیقی مطالعے کی روایت قائم رہی، وہاں جدید دور کے تقاضوں کے مطابق تدریسی نظام میں مفید تبدیلیاں بھی ہوئیں ۔ ہمارے اساتذہ نے ممالک عرب و عجم کے مطالعاتی دوروں سے استفادہ کرتے ہوئے، محاورۂ جدید کے علاوہ نئے ادبی رجحانات کا گہرا مطالعہ کیا ۔ ان زبانوں کے نصاب میں جدید ادب کو مناسب مقام دیا گیا ۔ اس طرح قدیم و جدید کے متوازن امتزاج سے ان دونوں شعبوں کی اہمیت اور افادیت میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے ۔

اس آخری دور کا اہم ترین واقعہ ۱۹۴۸ء میں اردو کے ایک مستقل شعبے کا قیام اور ایم ۔ اے اردو کی جماعتوں کا اجراء ہے ۔ قوم کی اس دیرینہ آرزو کی تکمیل کے لئے، ابتداء میں سر شیخ عبدالقادر مرحوم ، مولانا صلاح الدین احمد مرحوم اور ڈاکٹر تأثیر مرحوم جیسے بزرگ ادیبوں اور استادوں نے اعزازی طور پر اپنی تدریسی خدمات پیش کیں لیکن بہت جلد اس شعبے میں مستقل تدریسی عملے کی کمی پوری ہو گئی اور چند ہی سال میں یہ شعبہ ادبی و تحقیقی سرگرمیوں کا مرکز بن گیا ۔ ۱۹۶۰ء کے بعد اس شعبے کی مقبولیت میں بڑی تیزی سے اضافہ ہونے لگا ۔ حتی کہ ایک ایک جماعت میں طلبہ و طالبات کی تعداد ڈیڑھ سو سے متجاوز ہو گئی ۔ جب کالج کے وسیع ترین کمروں میں بھی تنگی محسوس ہونے لگی تو مجبوراً ہمیں داخلوں کی تعداد کو سو تک محدود کرنا پڑا ۔

ماضی میں، ادبی، لسانی و تاریخی تحقیق کی جو شاندار روایت اس ادارے میں قائم ہو چکی تھی، اس سے شعبہ اردو کے اساتذہ اور محققین نے اپنا رشتہ ابتداء ہی سے استوار رکھا۔ چنانچہ چند سال میں شعبۂ اردو کے اساتذہ کے تحقیقی اور تنقیدی کام کی شہرت نہ صرف پاکستان اور ہندوستان میں پھیلی بلکہ دنیا کے ان تمام ممالک کی یونیورسٹیوں تک پہنچی جہاں اردو کی زبان و ادب کی تدریس و تحقیق کا انتظام ہے۔ اور اگر میں یہ کہوں تو خود ستائی نہیں ہو گی کہ اورینٹل کالج کا شعبۂ اردو گذشتہ بیس بائیس سال سے دنیا میں تدریس اور تحقیق و تنقید کا سب سے اہم مرکز رہا ہے۔ جس شعبے میں ڈاکٹر سید عبداللہ، ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی، پروفیسر سید وقار عظیم کے ایسے محقق اور نقاد کام کرتے رہے ہوں اس کی اہمیت سے کون انکار کر سکتا ہے۔ پھر گذشتہ چند سال کے اندر اس شعبے میں پی ایچ ڈی اور ایم۔ اے کی سطح پر جتنا کام ہوا، وہ مقدار و معیار، ہر لحاظ سے اتنا وقیع ہے کہ اس کی مثال کسی اور یونیورسٹی میں مشکل سے ملے گی۔ پی ایچ ڈی کے دو درجن سے زائد مقالوں میں سے بعض شائع ہو کر اہل نظر سے خراج تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ ایم۔ اے کے مقالات کی تعداد کم و بیش پانچ سو ہے۔ طلبہ کی یہ مبتدیانہ تنقیدی و تحقیقی کاوشیں اگرچہ دراصل ان کی ادبی تربیت کا ایک حصہ ہیں لیکن ان میں بھی ایسے مقالات کی ایک کثیر تعداد ملے گی جو اپنے مواد و ترتیب کے لحاظ سے قابل اشاعت قرار دیے جا سکتے ہیں اور ان کی اشاعت کا ایک منصوبہ ہمارے پیش نظر ہے۔

خواتین و حضرات! اس میں شک نہیں کہ ہماری تدریس و تحقیق کے موضوعات میں کلاسیکی ادب کو بجا طور پر خاص اہمیت حاصل رہی ہے تاہم جدید ادب اور دور حاضر کے ادبی مسائل و رجحانات کے مطالعے سے ہماری دلچسپی کچھ کم‌تر نہیں۔ اس دلچسپی کا مظاہرہ نہ صرف مذاکروں اور ادبی محفلوں میں ہوتا ہے بلکہ اورینٹل کالج کی تالیفات و تحقیقات کی نمائش گاہ کے ایک سرسری جائزے سے یہ اندازہ ہو جائے گا کہ اس ادارے کے اساتذہ و طلبہ نے جہاں تحقیق و تدقیق کے نئے اصول اپنائے ہیں وہاں نقد و نظر کے نئے زاویوں سے ادب کو پرکھنا بھی سیکھا ہے۔

وہ ادب اور زندگی کے بنیادی رشتے کے گہرے شعور و احساس کے ساتھ اردو زبان و ادب کے ارتقائی سفر کا مشاہدہ کرتے رہے ہیں ۔ اسی ذہنی تربیت کا نتیجہ ہے کہ آج اس ادارے کے فارغ التحصیل طلبہ، معلم ، ادیب، صحافی اور فن کار کی حیثیت سے قوم کی تعمیر نو میں نمایاں حصہ لے رہے ہیں۔ اب چونکہ موجودہ حکومت نے قومی زبان کو مرکز اور صوبوں میں اس کا جائز مقام دلانے کا فیصلہ کر لیا ہے لہذا ہمیں امید ہے کہ اس فیصلے کے عملی نفاذ کے بعد ہمارے طلبہ کو ملک و قوم کی خدمت کے زیادہ مواقع میسر آئیں گے ۔

اس سلسلے میں ہم پر جو نئی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں ، ان سے بھی ہم غافل نہیں ہیں ۔ اردو زبان میں قومی زندگی کے تقاضوں سے عہدہ برآ ہونے کی لامحدود صلاحیتیں موجود ہیں ۔ اردو کے مخفی امکانات کو اجاگر کرنے اور اس کی صلاحیتوں سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کے لئے اجتماعی طور پر منظم جد و جہد کی ضرورت ہے۔ ہم اس اجتماعی جد و جہد کو کامیاب بنانے کا عزم رکھتے ہیں۔ اوریئنٹل کالج کی تاریخ شاہد ہے کہ ہر دور میں ہم اپنے تدریسی و تحقیقی کاموں میں نئے اسالیب و افکار اختیار کرکے آگے بڑھتے رہے ہیں اور انشاء اللہ آئندہ بھی تجدید عمل کے اصول پر عمل کرتے ہوئے نئے دور کے نئے سے نئے تقاضوں کو پورا کرنے کی کوشش کرتے رہیں گے۔

خواتین و حضرات !

اوریئنٹل کالج کے اساتذہ اور طلبہ کا یہی مسلک ہے جس نے اس ادارے کو نہ صرف وطن عزیز میں بلکہ بیرونی ممالک میں بھی محترم بنا دیا ہے ۔ دنیا کی ہر یونیورسٹی میں اس ادارے کا نام عزت سے لیا جاتا ہے اور اس کے تحقیقی اور تدریسی کام قدر کی نگاہوں سے دیکھے جاتے ہیں ۔ آج اس کالج کے جشن صد سالہ کی یہ تقریب، جس میں دور دور سے آئے ہوئے مندوبین شرکت کر رہے ہیں ، اس حقیقت کا بین ثبوت ہے کہ یہ ادارہ اب ایک بین الاقوامی حیثیت اور عالمگیر شہرت کا مالک ہے ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں ایک دفعہ پھر آپ سب مہمانان گرامی اور خواتین و حضرات کا خیر مقدم کرتا ہوں، آپ کو خوش آمدید کہتا ہوں اور آپ کی تشریف آوری کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

(ڈاکٹر) عبادت بریلوی

پرنسپل

ڈین فیکلٹی آف اورینٹل اینڈ اسلامک لرننگ

سکریٹری جنرل، جشن صد سالہ

مترجم : دکتر آفتاب اصغر

بسم الله الرحمن الرحیم

خطابۀ خیرمقدم

دکتر عبادت بریلوی

رئیس دانشکدۀ خاورشناسی، لاهور
دبیر کل

رئیس محترم و میهمانان ارجمند!

اجتماع مبارک امروزی نمایندگان مراکز مختلف علمی شرق و غرب که بمناسبت برگزاری جشن صدمین سال تأسیس دانشکدۀ خاور شناسی دانشگاه پنجاب بعمل آمده است، برای ما موجب افتخار و انبساط زیاد است و همه ما از دانشمندان و محققانی سپاسگزاریم که بمنظور اعتراف و استحسان خدمات این مؤسسۀ قدیم علمی در ظرف صد سال گذشته باتحمل زحمات مسافرتهای طولانی باینجا تشریف آورده اند ـ من به همه خانمها و آقایان خوش آمد میگویم که بنمایندگی از دانشگاه ها و مؤسسه های علمی خود هنگام جشن صدمین سال تأسیس دانشکده خاور شناسی در اینجا تشریف دارند ـ

خانمها و آقایان! از اینکه نتوانستیم بنا بعلل اجتناب ناپذیر این جشن را سر وقت معین برگزار کنیم، عذر میخواهیم ـ

تاریخ شاهد آنست که بیش از صد سال از تأسیس این مؤسسه گذشته است ـ مؤسس انجمن پنجاب و پرچمدار نهضت احیای علوم مشرقی ، دکتر لائتنر (Dr. Lietner)، در سال ۱۸۶۵ میلادی نقشه دانشگاه خاور شناسی را مطرح کرده بود و باوجودیکه بعضی از مصالح مملکتی در راه اجرای این طرح مانع بوده اند در ۱۸۷۰ میلادی تلاشهای حسنۀ دکتر لائتنر بصورت مدرسۀ علوم شرقی یا مدرسۀ خاور شناسی، مثمر گردید ـ بنا برین

طبق سال تأسیس، جشن صدمین سال تأسیس بایستی دو سال زودتر برگزار میشد ولی متأسفانه در خلال این مدت کشور ما بابحرانی سیاسی رو برو بود که همه شما از آن آگاه هستید ـ اگرچه ملت ما تاکنون اینچنین مسائل سنگینی در پیش دارد که حتی تصور برگزاری جشنی سنتی نیز خارج از امکان است ولی ما این فرصت را مغتنم شمرده بدین مناسبت این برنامه‌های ساده را تهیه و تنظیم نموده ایم و امید واریم که این اجتماع علاقمندان علوم شرقی در حق این مؤسسه موجب خیر و برکت خواهد شد ـ

این جلسه فراموش نشدنی که در این شهر تاریخی لاهور و مرکز مهم فرهنگی برگزار میشود نه تنها اینکه‌بمنزله ''قران السعدین'' شرق و غرب است بلکه نمودار این واقعیت نیز هست که دانشکده خاور شناسی در هر مرحله ای از تاریخ صد ساله خود ملتقای سنن و روایات علمی و تحقیقی دانشمندان شرق و غرب بوده است ـ تأسیس این مؤسسه توسط متفکر و خاور شناس دلسوزی مانند دکتر لائتنر بعمل آمد که همزمان با فضیلت علمی با استعداد اداری بیمانندی نیز بهره مند بود ـ بنا برین برهبری او سنت تعاون و همکاری و استفادهٔ متقابل دانشمندان زبانها و دانشهای شرقی خارجی و بومی که نخست از همه در نیمه اول قرن نوزدهم در دانشکده فورت ویلیام و ازان پس در دانشکده دهلی قدیم بوجود آمده بود، تازه گردید ـ حوزهٔ فعالیت هر دو مؤسسه نامبرده محدود و عرصهٔ حیات آنها کوتاه بود ـ خوشبختانه این سعادت نصیب دانشکده خاورشناسی گردید ـ حوزهٔ فعالیتهای آن علاوه بر تدریس علوم و زبانهای شرقی شعب گوناگون تحقیق و تنقید، تصحیح و تدوین و ترجمه و تألیف را نیز در برمیگیرد و سلسلهٔ خدمات آن، باوجود انقلابات سیاسی، از یکصد سال گذشته تا کنون ادامه دارد ـ

در این ضمن چیزی که از همه بیشتر قابل توجه است این است که دانشکده خاور شناسی از همان اوائل خدمت به مردم عامه را شعار و هدف خود قرار داد و به افرادی از طبقه متوسط پایین تسهیلات تحصیلی را فراهم ساخت که برای آنان تحصیل در دانشکده های دیگر غیر مقدور بود زیرا امکانات مالی آنان طوری بود که مطابق سیستم انگلیسی تحصیل علم برای آنان امکان نداشت ـ لذا آنان از سیستم آموزشی دانشکده خاورشناسی استفاده

کردند و پس از کسب دانش در این دانشکده در جهان ادب و دانش کارهای بزرگی انجام دادند ـ در اینمورد میتوان از دانش پژوهان و مؤلفانی از قبیل پروفسور عبدالعزیز المیمنی ، مولانا امتیاز علی خان عرشی ، دکتر عندلیب شادانی، دکتر سید عبدالله و دکتر محمد باقر نام برد ـ شاید این امر برای شما شگفت آور باشد که در زمانی که اینچنین بزرگان در دانشکده خاور شناسی تحصیل کردند، شهریه این دانشکده ماهی هشت آنه (تقریباً پنج ریال) و کرایه اطاق باشگاه ماهی یک روپیه (تقریباً یک تومان) بوده است ـ بهمین علت است که مردم از نقاط دور دست شبه قاره هند و پاکستان بمنظور کسب دانش به این دانشکده روی میاوردند ـ

خانمها و آقایان : در ضمن اشاره به وسعت حوزه فعالیت و سلسلهٔ طولانی خدمات دانشکده خاور شناسی ذکر تلاشهای مداوم آن در مورد تجدید حیات که باعث بوجود آوردن سنن درخشان و جاویدان این مؤسسه در زمینه تدریس و تحقیق و تصنیف و تألیف گردید، نیز لازم است ـ چنانکه مستظهر هستید طبق مرامنامه تدریس علوم و زبانهای شرقی در این مؤسسه در درجه اول قرار میگرد ـ بمنظور تدریس این علوم درسگاههای دیگری نیز وجود داشته است اما از همان روز اول امتیازی که دانشکده خاور شناسی دارای آن بوده است، علتش روش جدید آموزشی و استاندارد عالی آنست که آنرا باید نتیجهٔ تجمع ذوق تحقیق غربی و تبحر علمی شرقی دانست ـ دکتر لائتز اهمیت تتبعات زبانشناسی و دور نمای تاریخی در مطالعات مربوط به زبان و ادب را به دانشمندان بومی خاطر نشان کرد و با در نظر گرفتن نظریات او استادان علوم شرقی روشهای نوین تدریس را اتخاذ نمودند ـ

در اینجا از میان استادان ارجمند این دانشکده برسبیل مثال فقط بذکر مولانا فیض الحسن سهارنپوری بسنده مینماییم ـ اگرچه درهر شعبه ای از شعب مختلف معقول و منقول برتری و ورزیدگی مولانای مزبور مسلم بود ولی جوهر اصلی طبیعت مولانا در دانشکده خاور شناسی بروز کرد که در آنجا او در تدریس ادب عربی انقلاب محسوسی برپا کرد ـ علمای ادب ما معمولاً با معنی آفرینیهای شعرای متأخر درگیر بودند ولی مولانا شاگردان خود را به محسنات ادبی و لسانی کلام شعرای متقدم نیز متوجه ساخت و مخصوصاً در

تدریس حماسه آنچنان شهرتی کسب کرد که علاقمندان ادبیات عرب باذوق و شوق تمام از نقاط دور دست به لاهور روی آوردند تا آنجائیکه ذوق ادبی علامه شبلی نیز او را بمنظور کسب فیض از مولانا فیض‌الحسن به لاهور کشانید ـ برای درک مقام علمی و ادبی مولانا فیض الحسن نقل قول زیر مولانا سید سلیمان ندوی بس است ـ

''پایه ادبی مولانا بقدری بلند بود که شاید بندرت کسی سانند این امام الادب از خاک هند برخاسته باشد'' ـ

علاوه بر تجدید و اصلاح در روش آموزشی ، در این دوره ابتدائی، سنت تحقیق تاریخی و لسانی نیز پایه گذاری شد ـ اغاب استادان زبان و ادب عربی و فارسی از دور نمای تاریخی علوم و زبانهای مشرقی بی اطلاع بودند ـ در سال ۱۸۷۱ میلادی دکتر لائتنر باهمکاری و تشریک مساعی مولانا فیض الحسن و بعضی از اساتید دیگر، تاریخ مختصری از زبان عربی و علوم اسلامی بنام ''سنین اسلام'' در دو جلد تدوین نمود ـ ظاهراً این امر خارج از امکان نیست که همین کتاب در پرورش ذوق تاریخی علامه شبلی عامل نخستین واقع شده باشد ـ تحت مدیریت مولانا فیض الحسن مجله ای علمی و تحقیقی دانشکده خاور شناسی بنام ''شفا الصدر'' نیز منتشر میشده است که در دوره اول دانشکده باعث پرورش ذوق ادبی دانشجویان و موجب تشویق استادان در فعالیتهای تحقیقی واقع شد ـ در ایندوره علاوه بر علامه فیض الحسن، مولانا عبدالحکیم کلانوری، مفتی محمد عبدالله تونکی، مولانامحمد حسین آزاد، مولوی محمد الدین‌مختار و استادانی دیگر درکار ترجمه، تفسیر و تصحیح شاهکارهای بیشمار ادب کلاسیکی شرکت کردند و بواسطه خدمات علمی و آموزشی این استادان تاپایان قرن نوزدهم این مؤسسه مقام دانشکدهٔ خاور شناسی منحصر بفردی را بدست آورد ـ

خانمها و آقایان: در اوائل قرن بیستم رهبری خاورشناسی مثل دکتر وولنر (Dr. Woolner) که دارای شهرت بین‌المللی بود و از سال ۱۹۰۳ تا ۱۹۳۶ میلادی ریاست این دانشکده را بعهده داشت، نصیب این مؤسسه شد ـ دکتر وولنر دانشمند سانسکریت بود و علاوه بر

علاقه به زبانشناسی در کار تحقیق و تصحیح متون نیز مهارت داشت ـ در نتیجه اشتغال علمی و حسن ادارهٔ او در محیط آرام دانشکده فعالیتهای علمی تیزتر و در زمینه آموزشی و تحقیقی سنتهای تازه تر اضافه گردید ـ از لحاظ استفاده متقابل علمی استادان این دانشکده از مکتب های مختلف علمی شرق و غرب کسب فیض نمودند ـ دکتر وولنر و دکتر لکشمن سروپ از فارغ التحصیلان دانشگاه اکسفرد بودند ـ پروفسور مولوی محمد شفیع و دکتر محمد اقبال در دانشگاه کیمبریج از محضر پروفسور برون استفاده کردند ـ دکتر عظیم الدین احمد از آلمان در رشته زبانشناسی دکترا گرفت و در لندن تحت تربیت دکتر آرنلد ماند ـ مفتی عبدالله تونکی ، مولانا شادان بلگرامی و مولوی عبدالعزیز میمن از تربیت یافتگان درسگاهها و علمای بزرگ قدیم بودند ـ بدینترتیب در نتیجه امتزاج روش انتقاد و پژوهش غرب و تبحر و تفکر شرق در زمینهٔ تدریس، تصنیف و تحقیق، استاندارد این دانشکده بیش از پیش عالی تر شد و زندگی تازه تری و پایندگی بیشتری به سنن قدیم اینجا میسر گردید مثلاً در دوره گذشته سنت تحقیق لسانی و تاریخی پایه گذاری شده بود، اساتیدِ اینـدوره در مطالعه مراجع و منابع قـدیم و تحقیق و تـدقیق حقائق تاریخی بیشتر اشتغال ورزیدند ـ بر اثر تلاشهای آنها ذوق جستجو و مطالعه شاهکار های قدیم و نسخ خطی در کشور متداول گردید و آنها باتصحیح متون متعدد نسخ خطی قدیم عربی و فارسی بروش محققانه استاندارد اعلای تصحیح را بوجود آوردنـد ـ مرحوم مولوی محمد شفیع و حافظ محمود شیرانی قسمت اعظمی از عمر عزیز خود را صرف جستجو و فراهم آوردن نسخ خطی منحصر بفرد کردند و بواسطه تلاشهای خستگی ناپذیر آنان کتابخانه دانشگاه پنجاب از نسخ خطی و کتب چاپی نـادر الوجود مالا مال گردیـد ـ خـدمات اینچنین بزرگان باب طلائی تاریخ ماست ـ

خانمها و آقایان : انتشار مجله دانشکده خاور شناسی در فوریه ۱۹۲۵ میلادی از مهمترین کارهای علمی ایندوره است زیرا از آنروز تا بامروز این مجله از مهمترین نمایشگران روش تحقیقی این دانشکده و وسیله روابط فکری ما با خاور شناسان جهان بوده است ـ مختصات برجسته این مجله همانست که روی آن شهرت سنتی این مکتب متکی است یعنی مطالعه دور نمای تاریخی

ادبیات شرق ، تحقیق و تدقیق وقایع، تحلیل و تجزیه ، جستجوی مراجع و منابع و تصحیح و انتشار متون آنها ـ بدون تردید این مجله ایست که بافتخار ترویج و اشاعه اینگونه تمایلات در میان حوزه های علمی و تحقیقی شبه قاره هند و پاکستان مفتخر است ـ همزمان با مجله دانشکده خاور شناسی مجله انجمن عربی و فارسی نیز در پیشبرد کار تحقیقی این دانشکده نقش مهمی را ایفا کرده است ـ بعلاوه کتابهای مهم تحقیقی با ''اعانه مخصوص مطبوعات خاور شناسی'' نیز منتشر گردیده است و تاکنون سنت چاپ و نشر کتابهای تحقیقی در این دانشکده پابرجاست ـ

پس از تأسیس پاکستان دوره جدیدی در تاریخ دانشکده خاور شناسی آغاز گردید ـ استادان و محققان وابسته به‌قسمتهای سانسکریت و هندی از این مؤسسه مرخص و شعب مذکور معطل شدند و در اوضاع عوض شده سودمندی و مفیدیت کلاسهای ''ادیب''، ''عالم'' و ''فاضل'' محل تردید واقع گشت و با گذشت زمان محبوبیت این کلاسها پایان پذیرفت ولی بطوریکه هر خزان بهار تازه ای در دنبال دارد همانطور منظره این خزان نیز ناپدید شد و بلا فاصله پس از استقلال پاکستان در این دانشکده کلاس فوق لیسانس اردو افتتاح شد و شعبه اردو روبه توسعه نهاد ـ علاوه بر آن کلاسهای گواهی نامه و دیپلم زبانهای فرانسه، اسپانی، آلمانی، ایتالیائی و ترکی نیز دائر گردید و با دائر شدن کلاس فوق لیسانس پنجابی در سال گذشته دانشکده خاور شناسی به میدان تازه‌ای از تدریس و تحقیق قدم گذاشته و به جبران کمبود کلاس پنجابی که تأسیس آن خیلی لازم بود، پرداخته است ـ

خانمها و آقایان: چنانکه مسبوقید پایه و اساس دانشکده خاور شناسی بر علوم شرقی و گنجینه این علوم یعنی زبان و ادبیات عربی و فارسی نهاده شده است ـ دوره گذشتهٔ تاریخ این مؤسسه بیشتر مشتمل بر خدماتی است که متعلق به این دو زبان است ـ پس از تأسیس پاکستان وقتی دوره جدیدی آغاز گردید اهمیت زبانهای عربی و فارسی بیش از پیش محسوس گردید برای اینکه این دو زبان نه تنها حافظ افتخارات علمی و ادبی نیاکان و متضمن تواتر سنن فرهنگی ما اند بلکه وسیله روابط سیاسی و فرهنگی کشور مستقل

اسلامی ما با کشور های اسلامی دیگر آسیا و افریقا نیز هستند ـ بنا برین از یک طرف سنت مطالعات و تحقیق ادب کلاسیک در قسمتهای عربی و فارسی پابرجا ماند و از طرف دیگر طبق مقتضیات دوره جدید در سیستم آموزشی تغیرات مفیدی نیز بعمل آمد ـ استادان ما با استفاده از مسافرتهای مطالعاتی خود از ایران و کشور های عرب علاوه بر محاوره جدید تمایلات و تحولات ادبی جدید را نیز دقیقاً مورد مطالعه قرار دادند ـ در برنامه‌های درسی این زبانها به‌ادبیات معاصر محلی که شایسته آن بود داده شد ـ بدینطریق با امتزاج متناسب قدیم و جدید در اهمیت و مفیدیت این دو شعبه بمراتب اضافه شده است ـ

مهمترین وقایع دوره اخیر تأسیس یک شعبه مستقل اردو و دائر شدن کلاس فوق لیسانس اردو در سال ۱۹۴۸ میلادی است ـ بمنظور تحقق بخشیدن این آرزوی دیرینه ملت ، در ابتدا ادیبان و استادان بزرگی مانند سر شیخ عبدالقادر مرحوم، مولانا صلاح‌الدین احمد مرحوم و دکتر تأثیر مرحوم بطور افتخاری و داوطلبانه برای تدریس خدمات خود را در اختیار این دانشکده گذاشتند ولی بزودی در این شعبه گروه مستقل آموزشی بوجود آمد و در ظرف چند سال این شعبه به مرکز فعالیتهای ادبی و تحقیقی مبدل گردید ـ بعد از سال ۱۹۶۰ میلادی به محبوبیت این شعبه بسرعت هرچه تمامتر اضافه گردید تا آنجائیکه تعداد دانشجویان پسرو دانشجویان دختر در هر یک از کلاسهای اردو بالغ برصد و پنجاه نفر گردید ـ وقتی ما حس کردیم که حتی در وسیعترین اطاقهای دانشکده نیز جای کم است ناچار شدیم که تعداد دانشجویان را به صد نفر محدود کنیم ـ

سنت درخشان تحقیقات ادبی، لسانی و تاریخی که در گذشته در این مؤسسه بوجود آمده بود ، استادان و محققان اردو از بدو امر بآن در تماس بودند چنانکه می بینیم آوازه کارهای تحقیقی و انتقادی استادان اردوی این دانشکده نه تنها در پاکستان و هندوستان بلکه در دانشگاههای تمام کشور هائی که درآنجا در زمینه اردو تحقیق و تدریس میشود، پیچید ـ اگر بگوییم که در بیست ودو سال گذشته دانشکده خاور شناسی مهمترین مراکز تدریس و

تحقیق اردو در جهان بوده است نباید حمل بر خود ستائی شود۔ شعبه ای که در آن محققان و منتقدانی از قبیل دکتر سید عبدالله، دکتر ابو اللیث صدیقی، پروفسور وقار عظیم و امثال آنها مشغول کار بوده باشند چه کسی میتوانند منکر اهمیت آن باشد۔ وانگهی کاری که بر سطح دکتری و فوق لیسانس درین شعبه در ظرف چند سال اخیر انجام گرفت از لحاظ کیفیت و کمیت بقدری با ارزش است که نظیر آن درهیچیک از دانشگاه های جهان کمتر دیده میشود۔ از میان بیش از دو دوجین رساله های دکتری بعضی‌ها انتشار یافته و مورد تقدیر ارباب نظر قرار گرفته اند۔ تعداد رساله های فوق لیسانس در حدود پانصد جلد است۔ اگرچه این کوششهای پژوهشی و انتقادی دانشجویان جنبه مقدماتی و آموزشی دارند بازهم از میان اینها تعداد قابل ملاحظه‌ای از رساله های تحقیقی بچشم میخورد که از لحاظ مطالب و ترتیب و تنظیم خود قابل چاپ و انتشار است و ما پروژه‌ای در مورد چاپ و نشر آنها در نظر داریم۔

خانمها و آقایان: در این امر شکی نیست که درمیان موضوعات عمده تدریس و تحقیق ما ادب کلاسیک دارای اهمیت خاص و بجائی داشته است باوجود آن ما به ادبیات جدید و مسائل و تمایلات عصر حاضر نیز کمتر علاقه نداریم۔ نه فقط سمینارها و مجالس ادبی این دانشکده این علاقمندی ما را نشان میدهد بلکه بایک نگاه مختصری به تألیفات و انتشارات این دانشکده نیز میتوان پی برد که استادان و دانشجویان این دانشکده نه تنها در زمینه تحقیق و تدقیق علمی بلکه در زمینه نقد و انتقاد ادبی نیز همیشه اصول جدید تری را بکار برده و با احساس و ادراک کامل رابطه اساسی ادب با زندگی ناظر سیرتکامل زبان و ادب بوده اند۔ این نتیجه همین تربیت ذهنی است که امروز فارغ التحصیلان این دانشکده بعنوان معلم، نویسنده، روزنامه نگار و بعناوین مختلف دیگر درکار احیای ملی بطورشایانی شریک و سهیم اند۔ حالا چون حکومت فعلی در مورد اعطای مقام شایسته‌ای به زبان ملی در مرکز و استانها تصمیم گرفته است ما امیدواریم که با عملی شدن این تصمیم دانشجویان این دانشکده در مورد خدمات به کشور و ملت فرصتهای بیشتری بدست خواهند آورد۔

در این ضمن ما از مسئولیتهای تازه‌ای که در آینده با آنها مواجه خواهیم شد بی اطلاع نیستم، زبان اردو برای از عهده برآمدن مقتضیات حیات ملی امکانات نامحدودی دارد و برای نمایان ساختن و حد اکثر استفاده کردن از امکانات و استعدادهای پنهانی آن تلاش و کوشش منظم و مرتب دستجمعی لازم است وما تصمیم داریم که این تلاش و کوشش دستجمعی را بثمر خواهیم رساند. تاریخ دانشکده شاهد آنست که ما در هر زمان در راه تدریس و تحقیق همیشه با اسلوب های تازه و افکار ابتکاری گام برداشته‌ایم و بخواست خداوند متعال در آینده نیز در امر تجدید کوشش خود را مطابق با اصول مدرن و مقتضیات هرچه تازه زمان ادامه خواهیم داد.

خانمها و آقایان: همین روش استادان و دانشجویان دانشکده خاور شناسی است که به این مؤسسه نه تنها درمیهن عزیز خود بلکه در کشور های خارجی نیز مقام ارجمندی بخشیده است. در هر یک از دانشگاههای جهان این مؤسسه با احترام یاد میشود و کارهای تحقیقی و آموزشی آن بدیدهٔ تقدیر دیده میشوند. امروز جشن صدمین سال تأسیس این دانشکده که در آن نمایندگان نقاط دور دست جهان شریک اند، این امر را باثبات رسانده است که این مؤسسه دارای مقام بین المللی و شهرت جهانی است.

با این کلمات من یکبار دیگر به میهمانان ارجمند و خانمها و آقایان خوش آمد میگویم و خیر مقدم عرض میکنم و برای حضور در این جشن متشکرم.

دکتر عبادت بریلوی
رئیس دانشکده خاور شناسی و
فاکولته مطالعات خاور شناسی و اسلامی و
دبیر عمومی کمیته جشن صدمین سال دانشکده خاور شناسی



ڈاکٹر محمد اجمل (وائس چانسلر)

خطبۂ استقبالیہ

پروفیسر محمد اجمل صاحب

وائس چانسلر، پنجاب یونیورسٹی

محترم مہمان خصوصی، مندوبین کرام، خواتین و حضرات!

آج ہم یہاں اورینٹل کالج، لاہور کی سوویں سالگرہ منانے جمع ہوئے ہیں۔ اس ادارے کی صد سالہ تاریخ کا جائزہ لینا تو مشکل ہے۔ پھر بھی ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس کالج نے مشرق کے علم و ادب کی گراں بہا خدمت کی ہے اور اس طرح کی ہے کہ اس خدمت کے عمل میں خادم و مخدوم کا فرق مٹ گیا ہے۔ یہاں ڈاکٹر لائٹنر، ڈاکٹر وولنر، حافظ محمود شیرانی، مولانا شاداں بلگرامی، پروفیسر محمد شفیع اور ڈاکٹر محمد اقبال جیسے قابل قدر لوگوں نے طالب علموں کو پڑھایا ہے، ان کے دماغوں میں علم کے چراغ روشن کئے ہیں اور ان کے دلوں کو شوق و ذوق کے موتیوں سے سجایا ہے۔ اسی کالج میں ۱۸۹۹ء میں حکیم الامت علامہ اقبال بھی تھوڑے عرصے کے لئے میکلوڈ ریڈر ان عربک مقرر ہوئے تھے۔ اسی کالج میں سول انجینیرنگ، یونانی طبّ اور آیورویدک کی تربیت بھی ہوتی تھی۔ بعد میں اس ملغوبے کو قابل اطمینان نہ سمجھا گیا اور ان مضامین کی تعلیم دوسرے اداروں میں ہونے لگی۔

اس ادارے کا ماضی بہت شاندار ہے۔ اس میں سو سال سے السنۂ شرقیہ کی تعلیم و تربیت کا سلسلہ جاری ہے۔ ابتدا میں بدیشی حکمرانوں کو یہ جواز بہم پہنچانا تھا کہ مغربی ادب مشرقی ادب سے اور مغربی ثقافت مشرقی ثقافت سے بدرجۂ غایت برتر اور بہتر ہے۔ لیکن استعماری نظام کی جدلیاتی حرکت کو دیکھیے کہ انھی علوم کی بدولت اس خطے کے مسلمانوں میں خود آگہی پیدا ہوئی۔ نو آبادیاتی نظام میں محکوم قوموں کی "انا" کو مجروح کیا جاتا ہے۔ ان کی خودداری کو پامال کیا جاتا ہے۔

مجروح انا کے زخم ہمیشہ تابناک ماضی کی یاد ہی سے مندمل ہوتے ہیں۔ حکمرانوں کے جذبۂ تحقیر کی تسکین تو ہو گئی لیکن اس کا ایک ایجابی پہلو بھی نکل آیا اور وہ یہ کہ محکوموں کی خودی توانا تر اور مستحکم تر ہونے لگی۔

۱۸۸۲ء میں گورنر جنرل کی کونسل میں اس ادارے کے قیام کے بارے میں Sir Charles Aitchison نے کہا:

''جہاں جامعہ کے بلند ترین اعزاز صرف انہی لوگوں کے لیے مخصوص کیے جائیں گے جنہوں نے بلند ترین تعلیم حاصل کی ہے اور یہ امر مسلمہ ہے کہ آج کل یہ وہی لوگ حاصل کر سکتے ہیں جنہوں نے انگریزی زبان پر عبور حاصل کیا ہے، یونیورسٹی ان لوگوں کے علم و فضل کا بھی احترام کرے گی جو انگریزی زبان سے نابلد ہیں۔''

Sir Charles Aitchison نے یہ بات اکانوے سال پہلے کہی تھی یہ ایک حکمران جماعت کے خیالات کا نہایت واضح اظہار ہے۔ ہم نے ان خیالات اور ان مقاصد کے خلاف کہاں تک بغاوت کی ہے؟ انگریزی زبان سیکھنا اور اس میں مہارت حاصل کرنا آج کل کے عالمی حالات میں ہمارے لیے لازمی ہے لیکن کیا ہم آج بھی اسے بلند ترین علم کہہ سکتے ہیں؟ جوں جوں ہم اپنے ماضی سے آگاہی حاصل کرتے جائیں گے اجتماعی ''انا'' میں زیادہ قوت پیدا ہوگی۔ اس ادارے کا ماضی تو شاندار ہے۔ حال بھی تسلی بخش ہے۔ لیکن ابھی تک اس کے مستقبل کا کوئی واضح تصور قائم نہیں کیا گیا۔ جدید زمانے میں جب تک کوئی ادارہ یا کوئی شخص نشو و نما نہ پائے، یا پھلے پھولے نہیں، بقا کا مستحق نہیں بنتا۔ بقا اسی کو ہے جو داخلی تغیر و تبدل پر آمادہ ہو اور نگاہ میں وسعت پیدا کرنے پر راضی ہو۔

آج سے کوئی تیس برس پہلے کی بات ہے کہ میں نے گورنمنٹ کالج، لاہور سے فلسفے کا ایم۔اے کیا اور بیکاری سے تنگ آ کر اورینٹل کالج میں فارسی کے ایم۔اے میں داخل ہو گیا۔ کوئی ایک مہینہ

فارسی پڑھنے کے بعد میں نے اس کالج کو خیر باد کہا ۔ ترک فارسی کا ایک سبب یہ بھی تھا کہ جس قسم کے فلسفے کا علم میں نے حاصل کیا تھا ، اس میں الفاظ اور تصورات کا تجزیہ اس قدر شدید اور جارحانہ تھا کہ الفاظ اور معانی کے روابط بڑی مشکل سے قائم رہ سکتے تھے ۔ ایم ۔ اے فارسی کی جماعتوں میں الفاظ کا وفور اور بیان کی روانی اتنی تند و تیز تھی کہ عقل اور تجزیہ اس سیلاب میں بہ جاتے تھے ۔ ابہام کے اس بھنور کو میں ایک مہینے سے زیادہ برداشت نہ کر سکا اور چل دیا ۔ اس حادثے کو تیس برس گذر گئے ہیں اور غالباً اسی کے زیر اثر میں اس عظیم ادارے کے مستقبل کے بارے میں چند خیالات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

ہمارے اساتذہ اور طلبا کا اس وقت سب سے بڑا مسئلہ علم و ادب میں معنویت قائم کرنا ہے ۔ طالب علم جو کچھ پڑھتا ہے یا سیکھتا ہے وہ اس کا تعلق روزمرہ کی زندگی سے پیدا کرنا چاہتا ہے ۔ آج کل کوئی علم کا شعبہ علم کے دوسرے شعبوں سے علیحدہ نہیں ہے ۔ مشرقی علم و ادب بھی اسی نقطۂ نظر سے دیکھے جا سکتے ہیں ۔ السنۂ شرقیہ کے ادارے میں یہ لازمی ہے کہ لسانیات (Linguistics) کی تعلیم دی جائے ۔ لسانیات ایک سائنس ہے ۔ لسانیات سے متعلق علم المعانی (Semantics) ہے ۔ اور Noam Chomsky کی راہ نمائی میں علم کا ایک اور شجر نفسیاتی لسانیات (Psycho-linguistics) بھی قد آور ہو رہا ہے ۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ علم کے یہ شعبے اسی ادارے میں جڑ پکڑیں اور یہیں ان کی آبیاری ہو اور نصابوں کی روایتی انداز میں ترتیب دینے والے حضرات نصاب آفرینی کریں اور کچھ اس طرح کریں کہ جو طالب علم گھر میں پنجابی زبان میں بات چیت کرتا ہے وہ فارسی، عربی اور اردو زبانوں کی شکلی اور معنوی خصوصیات سے اپنی بول چال کا تعلق قائم کر سکے ۔

یہی نہیں، ادب کو زندگی کے تمام پہلوؤں پر محیط ہونا پڑے گا، تمام علوم سے رشتے جوڑنے ہوں گے، عوام تک رسائی حاصل کرنا ہوگی اور

عوام کی ترجمانی کرنا ہوگی۔ اس لئے اسے تاریخ، فلسفہ، معاشیات، عمرانیات اور نفسیات کے پس منظر میں بھی دیکھنا ہوگا۔ ادبی تنقید کے نئے سانچے تیار کرنا ہوں گے۔ یہ کہہ دینا تو آسان ہے کہ :

ما قصۂ سکندر و دارا نخواندہ ایم　　　از ما بجز حکایت مہر و وفا مپرس

لیکن بسا اوقات سکندر و دارا کی آویزش سے عام انسان کے جذبۂ مہر و وفا کا خون ہو جاتا ہے۔ سکندر و دارا کے تصادم سے ادب بھی گریز نہیں کر سکتا۔ اگر گریز کرتا بھی ہے تو علامتی حربے استعمال کرتا ہے۔ اس لئے آج میں مہر و وفا کی حکایتیں لکھنے والوں سے یہ استدعا کرتا ہوں کہ وہ عوام کے ان فطری جذبات کو سکندر و دارا کی جنگ کے پس منظر میں دیکھیں۔ اسی طرح نوجوان طالب علموں کو تعلیم کے متعلق شعور معنی ہوگا اور اسی طرح اربابِ تعلیم و تحقیق میں تعلیم اور تحقیق کو زندہ کرنے اور منور کرنے کا حوصلہ پیدا ہو جائے گا۔

۱۸ نومبر ۱۸۸۲ء کو پنجاب یونیورسٹی کی پہلی کانووکیشن پر وائسرائے لارڈ رپن نے اس امر پر مسرت کا اظہار کیا کہ پنجاب کے اکابر نے اس جامعہ کی تأسیس میں دلچسپی لی ہے اور مالی معاونت بھی کی ہے۔ لارڈ رپن نے کہا :

> ”مجھے اس بات سے خوشی ہے کہ جہاں تک ممکن ہو سکے اس تعلیمی ادارے کا نظم و نسق اسی ضلع کے اکابر کے ہاتھوں میں رہے . . . اور اس طرح ہندوستان کی حکومت کے اس عزیز مقصد کی تکمیل میں مدد ہوگی کہ یہاں کے لوگوں کی سیاسی تربیت کی جائے تاکہ وہ اپنے پاؤں پر آپ کھڑے ہو سکیں۔ . . وقت آ گیا ہے کہ برصغیر میں برطانوی حکومت کا ایک اولیں مقصد یہ بھی ہو کہ جہاں تک ایک حکومت جائز حدود کے اندر کر سکتی ہے یہاں کے لوگوں کی ذہنی تربیت اور اجتماعی اور سیاسی نشو و نما کے لئے سہولتیں بہم پہنچائے۔“

”جہاں تک ممکن ہو سکے“ ”جائز حدود کے اندر“ قسم کے ذیلی الفاظ اس زمانے کی حکومت کے سیاسی مقاصد کو واضح کرتے ہیں۔ آج اس ادارے کا مقصد مکمل سیاسی، ثقافتی اور ادبی شعور پیدا کرنا

ہے اور انھی مقاصد کی روشنی میں یہ ادارہ ترقی کی منازل طے کرے گا۔ اس ادارے کو پنجاب کی National Institute of Languages بننا ہے۔ ہماری یہ آرزو ہے کہ حکومتِ پاکستان اسے Centre of Excellence کا درجہ دے دے۔ آخر میں اس عظیم ادارے یعنی اورینٹل کالج، لاہور کو اس کی سوویں سالگرہ پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور تمام مندوبینِ کرام کو تہ دل سے خوش آمدید کہتا ہوں اور اس کے اساتذہ اور طلبا سے یہ کہنے کی جرأت بھی کرتا ہوں کہ سالگرہ کے موقعے پر ماضی کا محاسبہ اور حال کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ اپنی کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا جاتا ہے لیکن مستقبل کے لئے نئے عزائم اور نئے عہد و پیمان کی تشکیل و ترتیب بھی کی جاتی ہے۔ آئیے آج ہم یہ عہد کریں کہ اس ادارے کی عظمت کو، شعور و آگہی کو، شدید تر اور تیز تر کر کے تابناک کریں گے اور اس عزم کی تکمیل کے راستے میں ہر مشکل پر قابو پائیں گے۔

محمد اجمل

لاہور

۱۲ مارچ ۱۹۷۳ء

مترجم : دکتر آفتاب اصغر

خطابهٔ دکتر محمد اجمل

رئیس دانشگاه پنجاب ـ لاهور

میهمان ممتاز ارجمند، نمایندگان محترم، خانمها و آقایان

ما امروز در اینجا دورهم جمع شده ایم تا صد مین سال تأسیس دانشکدهٔ خاورشناسی دانشگاه (پنجاب) را جشن بگیریم ـ اگرچه ارز یابی کار های بزرگی که این مؤسسه در ظرف صد سال اخیر انجام داده است آسان نیست باوجود آن میتوانیم ادعا کنیم که این دانشکده با روحیهٔ بیغرضانه و صمیمانه خدمات گرانبهائی در زمینهٔ علوم و ادبیات شرقی بجای آورده است ـ دانشمندانی معروف از قبیل دکتر جی، دبلیو ، لائتنر، دکتر آ ـ سی ـ وولنز، حافظ محمود شیرانی، مولانا شادان بلگرامی، پروفسور مولوی محمد شفیع و دکتر محمد اقبال که عهدیدار خدمت تدریس در این مؤسسه بوده اند به شاگردان خود دانش دقیق ابلاغ کردند و آنان را با ابراز عشق و علاقه به علم و دانش تشویق نمودند ـ شاعر متفکر اسلام، علامه محمد اقبال نیز در سال ۱۸۹۹ میلادی برای مدت کوتاهی بعنوان دانشیار مکلڈ عربی (Mc Leod Reador in Arabic) در این مؤسسه خدمت کرد ـ قبلاً در این مؤسسه در رشته های مهندسی کشوری، طب یونانی و آیورودیک نیز تدریس میشد ولی بعدها بعلت نامتجانس و نارضایت بخش بودن تدریس این رشته ها به مؤسسه های دیگر محول گردید ـ

این دانشکده گذشته درخشانی دارد ـ در این دانشکده تدریس در زمینه های گوناگون خاور شناسی از صد سال اخیر ادامه دارد ـ در بدو امر منظور حکمرانان خارجی از تأسیس این مؤسسه این بود که ادعای خود را که مبنی بر احساس تفوق و برتری فرهنگ و ادبیات غرب بر فرهنگ و ادبیات شرق بوده است، باثبات برسانند ولی جای بسی شگفتی است که در نتیجه این منطق

جذبۀ امپریالیستی، مطالعات مربوط به خاور شناسی میان مسلمانان شبه قاره هند و پاکستان احساسات خود شناسی و بیداری را بوجود آورد ـ در سیستم مستعمراتی از طرف حکمرانان سعی میشود که حس خود پرستی محکومان خود را نابود و مناعت نفس آنان را معدوم سازند ـ جراحتهای نفس مجروح فقط با تجدید خاطره گذشته درخشان ،میتواند التیام پذیرد ـ اگرچه با تأسیس این دانشکده حس تحقیر مستعمره نشینان نسبت به اتباع خود قانع شد با این حال از یک جهت تأسیس آن برای ثانی الذکر بمنزلۀ یکنوع نعمت غیر مترقبه ببار آمد زیرا براثر آن ''خودی'' و حس خود پرستی آنان قوی تر گردید ـ

نودو یک سال پیش ، در سال ۱۸۸۲ میلادی ، سر چارلس آیچی سن در مورد تأسیس این مؤسسه در جلسه شورای فرماندارکل ملاحظات خود را چنین اظهار داشت :

''ـ ـ ـ ـ در صورتیکه قرار است عالی ترین امتیازات دانشگاه به کسانی اختصاص یابد که بلند ترین درجات علمی را احراز نمایند و این امر مسلّم است که در حال حاضر فقط کسانی میتوانند باحراز بالا ترین نشانات علمی نایل آیند که در رشته انگلیسی اطلاعات کامل دارند ـ البته دانشگاه شایستگی ادبی و استعداد علمی کسانی را نیز برسمیت خواهد شناخت که با زبان انگلیسی آشنایی ندارند'' ـ

این ملاحظات نشانه روشنی از طرز فکر طبقه حاکمه است ـ ما تا کجا علیه این اهداف و عقاید قیام کرده ایم؟ درشرایط و اوضاع فعلی جهان فرا گرفتن زبان انگلیسی و مسلط بودن برآن برای ما لازم است ولی آیا میتوانیم تسلط برزبان انگلیسی را تسلط بر عالی ترین نوع دانش بنامیم؟ هر اندازه آگاهی بیشتری راجع به سنن گذشته و فرهنگ خود بهم برسانیم همان اندازه بیشتر ''خودی اجتماعی'' ما قوی‌تر میگردد ـ

این دانشکده گذشته درخشانی دارد ـ حالش نیز از گذشته اش کمتر نیست البته تاکنون دربارۀ آینده اش نمیتوانیم پیشگوئی کنیم ـ در عصر حاضر هیچ مؤسسه‌ای یا شخصی استحقاق زنده ماندن را ندارد تاوقتیکه همواره برای روبرو شدن با عمل مداوم نشو و نمای حاضر و آماده نباشد زیرا بقا متکی است بر وسعت نظر و آمادگی برای تطبیق با مقتضیات متحول زمان ـ

من در حدود سی سال پیش از دانشکده دولتی لاهور باخذ درجه فوق لیسانس فلسفه نائل آمدم - بخاطر اینکه شغلی دیگر نداشتم در دانشکده دولتی در فوق لیسانس فارسی ثبت نام کردم ولی تقریبا یک ماه بعد آنرا بوداع گفتم - یکی از علل اینکه من مطالعات مربوط به فارسی را بدرود گفتم این بود که من در دوران تحصیل فلسفه با تجزیه و تحلیل گستاخانه و منتقدانه کلمات و تصورات و نتیجه گیری از طرز بیان افکار عادت کرده بودم و برخلاف آن در زبان فارسی بعلت کثرت الفاظ و قلت معنی دسترسی به این چیزها تقریباً غیر ممکن بود - بنا برین نتوانستم در مقابل فشار گرداب ابهام ایستادگی کنم و مطالعات فارسی را ادامه بدهم و این پیشآمد سی سال پیش اتفاق افتاد و محتملاً تحت تأثیر و نفوذ همان پیش آمد است که من دربارهٔ هیئت آینده این مؤسسه بزرگ عقایدی چند تنظیم کرده ام -

بزرگترین مسئله ای که در حال حاضر استادان و دانشجویان ما با آن روبرو هستند اینست که چطور در ادبیات و زمینه‌های دیگر دانش معنویت و واقعیت بوجود بیاورند - یک نفر دانشجو میخواهد رابطه‌ای بین زندگی روزمره و هر آنچه را که او میخواند یا یاد میگیرد، برقرار سازد - در عصر حاضر هیچ شاخه‌ای از علم و دانش از شاخه‌های دیگر جدا نیست بلکه تمام شاخه‌های علم و دانش با همدیگر پیوند ناگسستنی دارند - دانشهای شرقی را نیز میتوان با این زاویه نظر نگاه کرد - بعقیدهٔ من در مؤسسه زبانهای شرقی تدریس زبانشناسی از بس لازم است - زبانشناسی یکنوع دانش است - علم معانی یکی از شاخه‌های مهم آنست و براهنمائی **Noam Chomsky** یکی دیگر ازشاخه‌های این دانش یعنی زبانشناسی روانی نیز بسرعت دارد رشد میکند - لازم است که اینگونه شاخه‌های دانش نیز در این دانشکده معرفی شوند و مورد تشویق قرار بگیرند تا رو بتکامل بگذارند - استادانی که تاکنون بطور یکنواخت برنامه و مواد درسی را تنظیم و تهیه میکرده اند، حالا باید در آن تحولاتی بوجود بیاورند برای اینکه دانشجوئی که در خانه خود پنجابی صحبت میکند بتواند رابطه ای میان صفات مشخص فارسی، عربی، اردو و زبان مادری خود برقرار سازد -

اما اینهم کافی نیست ـ ادبیات باید تمام حوزه های زندگی را احاطه کند، با سایر شاخه‌های دانش روابط استوار سازد، سعی کند به مردم عادی دسترسی داشته باشد و امیال و آرمانهای آنها را تفسیر کند ـ

بنا برین برای قضاوت دربارهٔ ادبیات دور نمای عقب تاریخ و فلسفه و اقتصاد و جامعه شناسی و روانشناسی را باید در نظر داشت و اصول تازه انتقاد ادبی ساخت ـ خواندن این بیت :

ما قصهٔ سکندر و دارا نخوانده ایم ـ از ما بجز حکایت مهر و وفا مپرس کافی نیست ـ اما زد و خورد میان اسکندر و داریوش احتمالاً احساسات محبت و صداقت مردم عادی را میکشد ـ ادبیات نمیتواند از اثرات برخورد میان اسکندر و داریوش صرفنظر کند. حتی اگر سعی آن هم بکند، باوجود آن نمیتواند از استعمال رموز و علائم مربوط به‌چنین برخورد خودداری کند ـ ازینجهت من از کسانی که داستانهای رمانتیک مربوط به صداقت و محبت مینویسند استدعا میکنم که احساسات طبیعی انسان را درمقابل دور نمای برخورد میان اسکندر و داریوش مشاهده کنند ـ فقط از این طریق است که دانشجویان جوان معنای تحصیلات خود را خواهند فهمید و فرهنگیان و دانشمندان در تعلیمات خود جانی تازه خواهند دمید و به نوشتجات خود نیروئی جدید خواهند بخشید ـ

هنگام برگزاری نخستین جلسه توزیع اسناد و جوائز دانشگاه پنجاب روز هیجدهم نوامبر ۱۸۸۲ میلادی، نائب السلطنه لرد ریپن که سرپرست دانشگاه بود، در مورد اظهار علاقه رهبران پنجاب در امر تأسیس این دانشگاه و کمک مالی آنها اظهار رضایت کرد و در اینمورد چنین گفت :

"این امر برای من موجب مسرت است که قرار است این مؤسسه فرهنگی تا آنجائیکه امکان دارد توسط رجال ممتاز این ناحیه اداره شود و ازینرو آن هدف بزرگ سیاسی را که دولت هندامروزی در نظر دارد و آن عبارت است از تقویت و پیشرفت امر تربیت سیاسی مردم در اداره امور محلی، بسیار تقویت و وسیله پیشرفت زیاد آنرا فراهم خواهد کرد ـ حالا وقت مناسب آن فرا رسیده است که دولت بریتانیهٔ هند تا آنجائیکه دولتی در چهار چوب

حدود مناسب میتواند، در مورد فراهم کردن فرصتهای مناسب برای تربیت ذهنی و پیشترفت اجتماعی و سیاسی مردم را یکی از بزرگترین اهداف و مرامهای خود قرار بدهد''۔

تعبیرات مانند ''تاآنجائیکه امکان دارد'' و ''در چهار چوب حدود مناسب'' اهداف سیاسی دولت آنزمان را منعکس میسازد۔ باوجود این، امروز، هدف این مؤسسه اینست که شعور و آگاهی تام سیاسی و فرهنگی و ادبی را بعمل آورد۔ فقط با در نظر داشتن این اهداف این مؤسسه میتواند مراحل مختلف پیشرفت و تکامل خود را طی کند۔ این مؤسسه قرار است بدرجه ''انستیتوی ملی زبانهای پنجاب'' ارتقاً یابد ۔ آرزوی ما اینست که دولت پاکستان این مؤسسه را درجه ''مرکز فضیلت'' اعطاً کند۔

در پایان من بمناسبت جشن صدمین سال تأسیس به این مرکز بزرگ علمی از صمیم قلب تبریک و به نمایندگان ممتاز خوش آمد میگویم ولی میخواهم بجرأت خاطر نشان کنم که در موقع چنین جشن مرسوم است از گذشته و حال ارزیابی بعمل آید ۔ هنگامیکه دربارهٔ کارهای بزرگ گذشته اظهار رضایت میشود دربارهٔ آینده نیز باید تصمیمهای نو گرفته و روشهای تازه اتخاذ شود ۔ بیائید امروز همه ما تصمیم بگیریم که برشکوه و جلال و حرمت و شهرت این مؤسسه خواهیم افزود و در راه ترویج و تعمیم محصولات فکری و مشاغل فاضلانه آن خواهیم کوشید ونخواهیم گذاشت که موانعی در راه وصول به این اهداف ایجاد گردد۔

لاهور

۱۲ مارس ۱۹۷۳ء



ڈاکٹر جسٹس ایس اے رحمان، صدر مجلس یوم تاسیس اورینٹل کالج

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خطبۂ صدارت

ڈاکٹر جسٹس ایس - اے رحمٰن

(صدر، جشن صد سالہ کمیٹی)

میرے لیے یہ امر باعث صد شرف و افتخار ہے کہ مجھے ممتاز علماء و فضلاء کے اس تاریخی اجتماع سے خطاب کرنے کا موقع عطا ہوا ہے۔ آج کی محفل میں بعض ایسے اہل علم و حکمت موجود ہیں جو دور دراز کی مسافت طے کر کے یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور کے جشن صدی میں شرکت کے لیے تشریف لائے ہیں - ان کے ورود سے اس تقریب کا وقار اور اس کی رونق دوبالا ہوگئی ہے - مجھے امید ہے کہ لاہور کے تاریخی شہر میں ان کا قیام خوشگواری کا حامل ہوگا۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ ان کی کرم فرمائیوں کی یاد ہمارے ممنون احسان دلوں کے لیے ایک قیمتی سرمایہ کی حیثیت رکھے گی۔

انسانی زندگی کی طبعی مدت کی حد صاحب زبور کے اشارے کے مطابق تین کوڑی اور دس سال ہونی چاہیے - معلوم نہیں کہ اگر کوئی فرد اس حد سے تجاوز کر کے سو کے پیٹے میں آ جائے تو اس کے کیا احساسات ہوں گے - کم از کم میں اس قسم کے کسی ذاتی تجربے کا دعویٰ نہیں کرسکتا - بہر حال آسمانی صحیفوں کے مطابق انسانی زندگی کے لیے غالباً یہ ارذل العمر کا مرحلہ ہوگا - لیکن شاید اداروں کی نسبت اس قسم کی حد بندی ان کی کسر شان کے مترادف ہوگی - قیاس چاہتا ہے کہ ادارہ کی صورت میں قدیم تر اور بہتر میں مساوات ہو کیوں کہ دستبرد زمانہ سے اس کی صیانت ہی اس کی افادیت پر دال ہوگی - اس خیال کی روشنی میں اورینٹل کالج کے جشن صدی کا جواز اور اس کی اہمیت وضاحت طلب نہیں ہے -

پنجاب کا علاقہ ۱۸۴۹ء میں برطانوی عملداری میں آیا - سکھوں کے عہد میں سرکاری زبان فارسی تھی - انگریزوں کی آمد کے بعد سرکار دربار

میں فارسی کی جگہ اردو کو ملی۔ مدارس میں بھی اردو ذریعۂ تعلیم ہوگئی اور اسی زبان میں درسی کتابیں تالیف و ترجمہ ہونے لگیں ۔ پنجاب میں باقاعدہ محکمۂ تعلیم کا آغاز جنوری ۱۸۵۶ء میں ہوا ۔ ۱۸۵۸ء میں کمپنی راج ختم ہوا اور برعظیم براہ راست تاج برطانیہ کے زیر نگیں آ گیا ۔ ۱۸۶۴ء میں گورنمنٹ کالج لاہور کی تاسیس ہوئی ۔ اس ادارہ میں طلبا کو کلکتہ یونیورسٹی کے امتحانات کے لیے تیار کیا جاتا تھا ۔ ڈاکٹر جی ۔ ڈبلیو ۔ لائٹنر کا تقرر بطور پرنسپل گورنمنٹ کالج اسی سال سے ہوگیا ۔ ان کی توجہ اور کوشش سے ۲۱ جنوری ۱۸۶۵ء کو انجمن پنجاب کی داغ بیل لاہور میں ڈالی گئی ۔ اس ادارہ کے مقاصد میں قدیم مشرقی علوم کا احیاء شامل تھا ۔ اگست ۱۸۶۵ء میں انجمن پنجاب کے ایک جلسے میں ڈاکٹر لائٹنر نے اورینٹل یونیورسٹی کا تصور پیش کیا اور اسے پرجوش پذیرائی نصیب ہوئی ۔ ان کا خیال تھا کہ ان کے تخیل کی یونیورسٹی ایسی ہو گی جس میں، ان کے اپنے الفاظ میں ''زبانہائے مشرق، تعلیم کی بنیاد ہوں اور ان زبانوں کے ذریعے سے یورپ کے علوم کی تعلیم ہو'' ۔ اورینٹل یونیورسٹی کی تجویز حکومت کو بھجوائی گئی لیکن اس کی فوری پذیرائی نہ ہوسکی ۔ ۲۷ مئی ۱۸۶۸ء کو گورنمنٹ پنجاب نے ہند سرکار کی خدمت میں، لاہور یونیورسٹی کے قیام کی سفارش کی ۔ کیوں کہ کلکتہ یونیورسٹی کا طریق تعلیم، پنجاب کی تعلیمی ضروریات سے ہم‌آہنگ نہ تھا ۔ مرکزی حکومت کے نام صوبائی حکومت کے ایک مکتوب مورخہ ۱۱ فروری ۱۸۶۹ء میں رائج الوقت انگریزی تعلیم کے بارے میں یہ دلچسپ فقرہ درج ہے کہ ''یہ امر ظاہر ہے کہ جنھوں نے اعلیٰ تعلیم پائی ہے، وہ اس تعلیم کے باعث اپنے ہم وطنوں سے علیحدہ ہو گئے ہیں اور اخلاقی نتیجہ اس تعلیم کا اچھا اور عمدہ نہیں ہوا'' ۔ اورینٹل یونیورسٹی تو قائم نہ ہوئی لیکن ۸ دسمبر ۱۸۶۹ء کو یونیورسٹی کالج لاہور کے اجراء کا اعلان ہوا ۔ بعد میں یہی ادارہ ''پنجاب یونیورسٹی کالج'' کے نام سے موسوم ہوا۔ ڈاکٹر لائٹنر اس کالج کے پہلے رجسٹرار مقرر ہوئے ۔ مشرقی السنہ و علوم کا مسئلہ یونیورسٹی کالج کی سینٹ میں زیر بحث آیا ۔ مئی ۱۸۷۰ء میں سینٹ نے لاہور میں ''مدرسۃ العلوم مشرقی'' کے قیام کا

فیصلہ کیا ۔ مارچ ۱۸۷۲ء تک یہ ادارہ اورینٹل اسکول کہلایا ۔ اس کے بعد اسے اورینٹل کالج کا نام دیا گیا اور سکول کے علاوہ کالج کی جماعتیں بھی جاری کر دی گئیں ۔

اورینٹل کالج کی زندگی عسر و یسر اور نشیب و فراز سے خالی نہیں رہی۔ پہلے پہل تو یہ ادارہ، اندرون شہر کرایہ کی عمارتوں میں مکین رہا ۔ ۱۸۷۴ء میں جب گورنمنٹ کالج لاہور کی عمارت مکمل ہوگئی تو اس کے ایک گوشہ میں اورینٹل کالج کو بھی اقامت ملی ۔ لیکن عمارت میں شریک غالب کی خود افزائی کے طفیل ، اورینٹل کالج کی اقامتی حدود متواتر سمٹتی رہیں۔ ڈاکٹر لائٹنر جو گورنمنٹ کالج کے پرنسپل اور یونیورسٹی کالج کے رجسٹرار کے فرائض بھی انجام دیتے تھے ، اورینٹل کالج کے پہلے پرنسپل نامزد ہوئے ۔ سات برس تک وہ اس عہدہ پر اعزازی حیثیت سے کام کرتے رہے۔ یکم اگست ۱۸۷۷ء سے انہوں نے ۵۰۰ روپے ماہوار کا مشاہرہ لینا قبول کیا۔ انتظامی امور کے علاوہ ، سپرنٹنڈنٹ تحقیق و تصنیف کی ذمہ داریوں کا بار بھی ان کے فراخ کندھوں پر تھا ۔ بعد میں یہ شعبہ اور بزرگوں کے سپرد ہوتا رہا ۔ اورینٹل کالج کے مقاصد میں تدریس علوم و السنہ کے علاوہ تحقیق و تصنیف اور ان کی طباعت و اشاعت کا اہم کام بھی شامل تھا ۔ اس مقصد کے پیش نظر ریسرچ رفقاء (فیلوز) کی اسامیاں تخلیق ہوئیں۔ کالج سے عربی اور سنسکرت کے علمی تحقیقی ماہوار رسالے بھی شائع ہونے لگے۔ عربی کا ماہنامہ ''شفاءالصدور'' مولانا فیض الحسن سہارنپوری کی ادارت میں نکلا اور سنسکرت کے رسالہ ''ودیودای'' کے مدیر پنڈت رکھی کیش شاستری تھے ۔ کالج کی علمی فضا کی اساس بہت حد تک اس کے پہلے پرنسپل کے خلوص اور محنت کی مرہون منت تھی ۔

اورینٹل کالج نے استغنا کا یہ حال تھا کہ اسے حکومت سے کوئی مالی امداد نہ ملتی تھی، سوائے اس کے کہ اسے گورنمنٹ کالج کے سایۂ عاطفت میں اقامت کے لیے چند کمرے میسر تھے ۔ اس فیاضی کا معاوضہ، گورنمنٹ کالج کو بعض مضامین میں تدریسی امداد کی صورت میں ادا کیا جاتا تھا ۔ اورینٹل کالج کے اخراجات، عوام کے عطیوں اور امراء اور روساء کی

امدادی رقوم سے پورے کیے جاتے تھے ۔ ہاں کالج کا الحاق رسمی طور پر پنجاب یونیورسٹی کالج سے تھا جس کی مالی معاونت گورنمنٹ کے ذمہ تھی۔

کالج کے ابتدائی دور میں، جو ۱۸۷۰ء سے ۱۸۸۲ء تک ممتد تھا، اورینٹل کالج میں متعدد مضامین کی تدریس ہوتی رہی ۔ زبانوں میں عربی، فارسی، سنسکرت کے علاوہ، اردو، ہندی، گورمکھی، پشتو، پڑھائی جاتی تھیں ۔ طلبا کو ۲۲ امتحانات کے لیے تیار کیا جاتا تھا۔ ان میں آرٹس کے شعبہ میں، انٹرنس (اردو و ہندی) پرافیشینسی، اعلیٰ پرافیشنسی، آنرز ان آرٹس (السنہ شرقیہ، تاریخ، ریاضی)، مشرقی السنہ و ادبیات کے شعبہ میں، منشی، منشی فاضل، مولوی، مولوی عالم، مولوی فاضل، پراگ، بشارد، شاستری، قانون میں لیگل ٹائٹلز (شرع اسلامی)، لیگل ٹائٹلز (دھرم شاستر) یونانی طب میں حکیم حاذق، عمدۃ الحکماء زبدۃ الحکماء، آیور ویدک میں ویدیہ، بھیکھک، راج ویدیہ، سول انجینرنگ (پہلا امتحان)، ورنیکلر دفاتر (امور سول، فوجداری، مالیات) گورمکھی میں بدیمن، ودوان اور حساب اور خوش نویسی کا امتحان (پبلک ملازمت کے سلسلے میں)، شامل تھے ۔ ان امتحانات کے علاوہ ایف ۔ اے اور بی ۔ اے کے عربی فارسی، سنسکرت کے ان نصابات کی تدریس بھی اورینٹل کالج میں ہوتی تھی، جنھیں کلکتہ اور پنجاب کی یونیورسٹیوں نے تجویز کیا تھا ۔ یہ بات دلچسپی سے خالی نہیں کہ اسی زمانہ میں یعنی ۱۸۷۵ء میں، (بعد کے معروف ادیب و مورخ مولانا شبلی نعمانی لاہور پہنچے اور انہوں نے مولانا فیض الحسن سہارنپوری، صدر شعبہ عربی کی خدمت میں حماسہ پڑھنے کے لیے زانوئے ادب تہ کیا کیونکہ وہ داخلہ کا وقت گذر جانے کے بعد آئے تھے، اس لیے انہیں بطور اضافی (Casual) طالب علم کے، جماعت میں بیٹھنے کی اجازت دی گئی تھی ۔

اورینٹل کالج کا دوسرا دور ۱۸۸۲ء سے شروع ہو کر ۱۹۱۰ء میں اختتام پذیر ہوا ۔ ۱۴ اکتوبر ۱۸۸۲ء کو پنجاب یونیورسٹی کا قیام عمل میں آیا ۔ ڈاکٹر لائٹنر یونیورسٹی کے پہلے رجسٹرار مقرر ہوئے ۔ یونیورسٹی میں ایک باقاعدہ اورینٹل فیکلٹی وجود میں آئی اور اس میں، بی ۔ او ۔ ایل اور ایم ۔ او ۔ ایل کی ڈگریاں جاری کرنے کی منظوری دی گئی ۔ ۱۸ نومبر

کو پنجاب یونیورسٹی کا پہلا کانووکیشن ہوا ، لارڈ رپن وائسرائے ہند بطور سرپرست، اس تقریب میں شریک ہوئے ۔ قابل تذکرہ بات یہ ہے کہ ڈاکٹر لائٹنر نے اس موقع پر یونیورسٹی کی سالانہ رپورٹ کا خلاصہ، اردو میں پڑھا ۔ اس سلسلہ میں اردو کو اپنانے کی اولیت کا سہرا انہی کے سر ہے۔ ان کی خدمات جلیلہ کے اعتراف میں یونیورسٹی کی طرف سے انہیں ڈی او ایل کی اعزازی ڈگری عطا ہوئی - ۱۸۸۴ء میں گورنمنٹ کالج میں عربی اور سنسکرت کے شعبوں کو ختم کر دیا گیا ۔ نتیجہ کے طور پر مشہور ادیب مولانا محمد حسین آزاد (اسسٹنٹ پروفیسر عربی) اور پنڈت بھگوان داس (اسسٹنٹ پروفیسر سنسکرت) گورنمنٹ کالج سے اورینٹل کالج میں منتقل کر دیے گئے ۔ حکیم الامت علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال مرحوم، جو ۱۸۹۹ء میں گورنمنٹ کالج سے ایم اے (فلسفہ) میں کامیاب ہوئے تھے، اسی سال ، اورینٹل کالج سے بطور میکلوڈ پنجاب عربک ریڈر منسلک ہوئے اور چار برس تک اسی ادارہ میں درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کے فرائض انجام دیتے رہے۔ واکر کی سیاست مدن کا اردو ترجمہ اور اردو میں علم الاقتصاد پر تالیف ان کے اسی زمانہ کی یادگاریں ہیں

اس دور میں اورینٹل کالج میں دیگر جماعتوں کے علاوہ بی۔او۔ایل، ایم ۔ او ۔ ایل اور بی ۔ اے کی جماعتیں شروع ہوئیں ۔ بی ۔ اے کے طالب علم اورینٹل کالج میں مشرقی زبانوں کی تعلیم پاتے تھے اور انگریزی کے مضمون کے لئے ، گورنمنٹ کالج کی جماعتوں میں شریک ہوتے تھے ۔ تعلیمی لین دین کا یہ سلسلہ، اورینٹل کالج ، میڈیکل اسکول ، ٹریننگ کالج، وٹرنری کالج، کے مابین بڑی کامیابی سے چلتا رہا ۔

اسی زمانہ میں کچھ اہم تبدیلیاں، اورینٹل کالج میں عمل میں آئیں۔ علوم و فنون کی جماعتوں کو بند کر دیا گیا ۔ انجنیئرنگ کی جماعتیں جون ۱۸۸۸ء سے میو سکول آف آرٹس کو سونپ دی گئیں اور بعد میں انہیں گورنمنٹ کالج مغل پورہ کا حصہ بنا دیا گیا ۔ طب کی یونانی اور آیورویدک کی جماعتیں بھی یکم جون ۱۸۸۸ء سے میڈیکل اسکول کو منتقل ہوئیں ۔ کچھ عرصہ وہاں رہنے کے بعد، یہ جماعتیں علی الترتیب، اسلامیہ کالج اور ڈی ۔ اے ۔ کالج لاہور میں بھیج دی گئیں ۔ انجمن حمایت اسلام

لاھور کے طبیہ کالج کی بنیاد یہی جماعتیں ھیں۔ قانون کی جماعتیں کالج میں کچھ عرصہ تک جاری رھیں لیکن یہ سلسلہ بھی ، بعد میں ، گاؤ خورد کے کھاتے میں چلا گیا - ۱۸۸۸-۸۹ء سے عربی اور سنسکرت میں آرٹس کی ایم - اے جماعتوں کا اجراء ھوا - کالج میں آرٹس فیکلٹی کے انٹرنس، ایف - اے اور بی - اے کے ان طلبا کے داخلہ کا سلسلہ بھی منقطع ھو گیا جو یہ امتحانات انگریزی ذریعۂ تعلیم کی معرفت دینا چاھتے تھے - یوں کالج کی ھمہ پہلو حیثیت ، جو اسے عملاً ایک دارالعلوم کا درجہ دیے ھوئے تھی، ختم ھو گئی - بقول ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار ، مرتب ''تاریخ یونیورسٹی اورینٹل کالج لاھور'' اس کے بعد یہ ادارہ '' صرف مشرقی السنہ کی تدریس و تحقیق کا ایسا مرکز بن کر رہ گیا ، جہاں دور جدید کے تقاضوں کی روشنی میں مشرقی و مغربی افکار کے عمومی مطالعے کے ساتھ ساتھ ، مشرقی زبانوں کے علمی ، ادبی ، لسانی اور صوتی پہلوؤں کے خصوصی مطالعے کو زیادہ اھمیت دی جانے لگی''۔ مشہور ماھر آثار قدیمہ ، سر مارک آرل سٹائن، اسی دور میں کچھ عرصہ کالج کے پرنسپل رھے۔ ان کے بعد مشہور فاضل سر ٹی - ڈبلیو - آرنلڈ نے اس عہدہ کو زینت بخشی - سامعین کو یاد ھو گا کہ علامہ اقبال نے اپنے استاد آرنلڈ کی یاد میں ایک نظم بھی لکھی تھی - ۱۹۰۰ء میں عالم فاضل جماعتوں کے فارغ التحصیل طلبا کے لیے یہ ممکن ھو گیا کہ وہ میٹرک، ایف - اے ، بی - اے، بی - او - ایل کی اسناد صرف انگریزی کا امتحان دے کر حاصل کر سکیں .

اورینٹل کالج کا تیسرا دور حیات ۱۹۱۱ء سے ۱۹۱۸ء تک پھیلا ھوا ھے - ۱۹۱۳ء میں یونیورسٹی نے کونونٹ اسکول کی عمارت خرید کر، اورینٹل کالج اور لا کالج کو اس میں متمکن کر دیا - ۱۹۱۰-۱۱ء سے اورینٹل کالج کا سکول کا شعبہ تخفیف کی زد میں آ گیا اور یہی حادثہ بی - او - ایل کی جماعتوں پر بھی گذرا - ۱۹۱۳ء کے بعد بی - اے (آرٹس) کی مشرقی زبانوں کی جماعتیں ختم کر دی گئیں کیونکہ گورنمنٹ کالج نے ان کا اھتمام خود کر لیا - اس دور میں کھیلوں کی طرف بھی کچھ توجہ ھوئی - ۱۹۱۲ء میں کالج کی فٹ بال ٹیم کی تاسیس کا تذکرہ تاریخ میں ملتا ھے۔ اسی دوران میں طلبا کے لیے بیڈ منٹن اور دریائے راوی پر

کشتی رانی کا بھی اہتمام ہوا ۔ م ۱۹۱۳ء میں اورینٹل کالج کا باوقار کتب‌خانہ یونیورسٹی لائبریری کی نذر ہوگیا ۔ یونیورسٹی لائبریری کے حق میں یہ اضافہ گراں مایہ ثابت ہوا ہوگا کیونکہ بیان ہوتا ہے کہ ۱۹۰۳ء تک یونیورسٹی لائبریری کی کل کائنات دو الماریوں تک محدود تھی ۔

کالج کے چوتھے دور کا آغاز ۱۹۱۹ء میں ہوا اور اس کا اختتام اگست ۱۹۴۷ء میں ہوا ، جب پاکستان ایک آزاد مملکت کی حیثیت سے دنیا کے نقشے پر ابھرا ۔ اسی دور میں بی ۔ اے آنرز، آنرز سکول اور ایم۔اے جماعتوں کو السنہ شرقیہ میں تعلیم دینے کا کام بتدریج اورینٹل کالج کے سپرد ہوا اور ان مضامین میں ، لاہور کے تمام کالجوں کے طلبا، اورینٹل کالج کی جماعتوں میں شریک ہونے لگے۔ ایم ۔ اے (فارسی) کی جماعت کی بھی اسی زمانے میں تأسیس ہوئی۔ ڈگری اور ایم ۔ اے کی جماعتوں کے علاوہ، پی ایچ ۔ ڈی اور ڈی لٹ کے لیے اعلیٰ تحقیق کا کام اسی دور میں شروع ہو گیا تھا ۔

یونیورسٹی کے وائس چانسلر ، سر جان مینارڈ کی کوششوں سے، اورینٹل کالج کی عمارت ۱۹۲۰ء میں پایۂ تکمیل تک پہنچی ۔ اسوقت کے پرنسپل ڈاکٹر اے ۔ سی وولز کے قول کے مطابق یہ کالج کے نقل مکانی کی ساتویں نوبت تھی ۔ یہ سال اس لئے بھی کالج کی تاریخ میں ممتاز ہے کہ فروری ۱۹۲۰ء سے اورینٹل کالج میگزین ، پروفیسر مولوی محمد شفیع کی ادارت اعلی میں ، نکلنا شروع ہوا، جس نے جلد ہی علمی دنیا میں اپنا سکہ بٹھا دیا ۔ ۱۹۲۶ء میں لا کالج اور اورینٹل کالج کا مشترکہ ہال تعمیر ہوا، جس کا نام اس کے بانی کے نام پر مینارڈ ہال منظور ہوا ۔ دارالاقامت کی تعمیر کے لیے کالج کو ۱۹۲۹ء تک انتظار کرنا پڑا ۔ عملی طور پر اب کالج پنجاب یونیورسٹی کا بہرۂ علوم شرقیہ بن چکا ہے، جس میں تعلیم اور تحقیق دونوں قسم کی سرگرمیاں جاری تھیں ۔ ۱۹۲۸ء میں کالج کے پرنسپل ڈاکٹر وولنر نے وائس چانسلر کا عہدہ بھی سنبھال لیا ۔ اسی سال ، اردو ہندی اور گورمکھی کے تین لیکچراروں کی آسامیاں کالج میں قائم ہوئیں، جن پر معروف فاضل، حافظ محمد محمود خاں شیرانی، ڈاکٹر بنارسی داس جین

(پنجابی انگریزی ڈکشنری کے مؤلف) اور سردار (بعد میں ڈاکٹر) موھن سنگھ دیوانہ کا تقرر عمل میں آیا ۔ ۳۳-۱۹۳۲ء میں اینڈرسن یونیورسٹی کمیشن نے کالج کے عالم فاضل سلسلے پر کڑی نکتہ چینی کی اور مشرقی السنہ کی جماعتوں کو عام آرٹس سکولوں اور کالجوں میں مدغم کرنے کی سفارش کردی

ڈاکٹر وولنر کی وفات پر ۱۹۳۶ء میں پروفیسر مولوی محمد شفیع پرنسپل بنائے گئے - ۱۹۳۷ء میں کالج میں انجمن عربی و فارسی کی بنیاد رکھی گئی، جس نے اپنا ایک علمی مجلہ بھی شائع کیا۔ جب ۱۹۴۲ء میں مولوی محمد شفیع پرنسپل کے عہدے سے سبکدوش ہوئے تو ڈاکٹر لکشمن سروپ، پروفیسر سنسکرت، نے یہ ذمہ داری سنبھال لی - ۱۹۴۶ء میں وہ آنجہانی ہوگئے تو ڈاکٹر محمد اقبال، پروفیسر فارسی، پرنسپل مقرر ہوئے۔ یہ امر لائق ذکر ھے کہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں سنسکرت، فارسی اور عربی کے مخطوطات کا قیمتی ذخیرہ اورینٹل کالج کے ڈاکٹر وولنر، ڈاکٹر مولوی محمد شفیع اور حافظ محمود خان شیرانی کی علم دوستی کا مرھون منت ھے -

حصول آزادی کے بعد سے اب تک کا زمانہ ، کالج کی زندگی کا پانچواں دور ھے۔ اس کے آغاز میں کالج کے غیر مسلم اساتذہ ترک وطن کر کے بھارت چلے گئے ۔ نتیجہ یہ ھوا کہ کالج میں سنسکرت ھندی اور گورمکھی کے شعبے معطل ھوگئے۔ رفتہ رفتہ حالات سدھرتے گئے ۔ اکتوبر ۱۹۴۸ء سے کالج میں اردو کی ایم - اے کی جماعتوں کا آغاز ھوا - ۱۹۴۹ء میں ادیب فاضل اور ادیب عالم کی جماعتوں کا اضافہ ھوا - کالج میں بعض مشرقی اور مغربی زبانوں کی ڈپلوما اور سرٹیفکیٹ جماعتوں کا بھی اجرا ھوا، جن میں فرانسیسی، جرمن، روسی ، ھسپانوی، ترکی ، عربی، فارسی اور جاپانی زبانیں شامل ھیں۔ پرنسپل ڈاکٹر محمد اقبال ۲۱ مئی ۱۹۴۸ء کو اللہ کو پیارے ھو گئے۔ ان کی جگہ ڈاکٹر برکت علی قریشی پروفیسر عربی کا تقرر عمل میں آیا ۔ وہ کچھ عرصے کے لیے شام ، لبنان اور اردن میں پاکستان کے سفیر بنائے گئے لیکن ۱۰ جون ۱۹۵۱ء کو وہ کالج میں واپس آ گئے اور پرنسپل کا عہدہ پھر سے سنبھال لیا - ۱۹۵۴ء میں ان کی مدت ملازمت

ختم ہوگئی تو ڈاکٹر سید عبداللہ ، صدر شعبہ اردو پرنسپل بنا دیئے گئے ۔ اسی زمانے میں ، محسن اردو، شیخ سر عبدالقادر مرحوم نے بھی اعزازی حیثیت سے ، شعبۂ اردو میں تدریس میں حصہ لیا ۔ اس دور میں ، مصر اور شام کے چند مہمان اساتذہ بھی شعبہ عربی میں کام کرتے رہے ۔ ان میں السید امین المصری ، السید ابراہیم الرحیم ، السید فوزی حسن خلیل کے اسمائے گرامی قابل ذکر ہیں ۔ آج کل کالج میں فارسی زبان و ادب کے شعبہ میں ایران کے ڈاکٹر احمد علی پناھی بھی تدریس میں حصہ لے رہے ہیں ۔

۱۹۵۴ء میں نیا یونیورسٹی ایکٹ نافذ ہوا تو عالم فاضل امتحانات کو یونیورسٹی کی تحویل سے نکال کر ، ثانوی بورڈ کے سپرد کر دیا گیا ۔ یوں کالج کا یہ قدیم ترین سلسلہ تعطل کا شکار ہو گیا ۔ پھر عالم جماعتیں بند کر دی گئیں ۔ البتہ نومبر ۱۹۶۴ء سے فاضل جماعتوں کی تجدید ہوگئی ۔ ۱۹۶۰ء میں عربی زبان و ادبیات میں بی ۔ اے آنرز سکول کی جماعت کا آغاز ہوا ۔ اردو زبان و ادبیات میں بھی ، اسی نوع کی جماعت اکتوبر ۱۹۶۱ء سے جاری ہوئی ۔ جون ۱۹۵۸ء میں لسانیات و صوتیات کا ایک نیا شعبہ ، برٹش کونسل کے تعاون سے قائم ہوا ۔ اس شعبے کے سب پروفیسر اور ریڈر انگلستان اور امریکہ سے تعلق رکھتے ہیں ۔ اس شعبے نے لسانی تحقیق کے علاوہ لسانیات و صوتیات کی سرٹیفکیٹ اور ڈپلوما جماعتوں کا بھی آغاز کر دیا ۔ اس دور میں کالج میں طلبا کی تعداد میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ۔ ملایا ، یوگنڈا ، افریقہ ، اٹلی ، جاپان ، امریکہ ، فرانس انگلستان، ترکی اور ایران سے وقتاً فوقتاً طالب علم اس کالج میں تعلیم حاصل کرتے رہے ۔

۱۹۵۰ء میں اردو دائرۃ المعارف اسلامیہ کا عظیم منصوبہ یونیورسٹی نے منظور کیا اور ڈاکٹر مولوی محمد شفیع (سابق پرنسپل) کی خدمات بطور صدر شعبہ و مدیر اعلیٰ، حاصل کی گئیں ۔ ان کی رحلت کے بعد کئی اور فاضل حضرات یکے بعد دیگرے، اس شعبہ کے صدر رہے ۔ موجودہ صدر ، ڈاکٹر سید عبداللہ کالج کے سابق پرنسپل ہیں ۔

اردو کی بڑھتی ہوئی اہمیت کے پیش نظر ، ۱۹۴۸ء میں ڈاکٹر سید عبداللہ کی کوششوں سے اور یونیورسٹی کی سرپرستی میں آل پاکستان اردو کانفرنس کا انعقاد لاہور میں ہوا ۔ دسمبر ۱۹۵۶ء میں لاہور میں پہلی بار پاکستان اورینٹل کانفرنس منعقد ہوئی جس میں غیر ملکی فضلاء بھی شریک ہوئے۔ اس کی تنظیم میں ڈاکٹر سید عبداللہ، ڈاکٹر محمد باقر پروفیسر فارسی، ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ پروفیسر عربی اور کالج کے دیگر اساتذہ نے نمایاں خدمات انجام دیں ۔ اسی کانفرنس کے دوران میں ایک اردو اکیڈمی کی بنیاد رکھی گئی ، جس کا مقصد اولیٰ سائنسی علوم کو اردو میں منتقل کرنا قرار پایا ۔ ڈاکٹر بشیر احمد مرحوم وائس چانسلر اور ڈاکٹر رضی الدین صدیقی، علی الترتیب اس کے ڈائریکٹر اور ڈاکٹر سید عبداللہ اس کے جنرل سیکریٹری مقرر ہوئے ۔ اکیڈیمی اب بھی ، زیر نگرانی ڈاکٹر سید عبداللہ سرگرم عمل ہے۔ انہی کی توجہ اور محنت کے طفیل ، ۱۹۵۹ء میں لاہور میں ، مغربی پاکستان اردو کانفرنس کا انعقاد ہوا ۔ جس کی صدارت، بابائے اردو، ڈاکٹر مولوی عبدالحق نے کی ۔ اس کانفرنس میں اردو کو ذریعۂ تعلیم بنانے کے سلسلے میں، اہم اور دور رس تجاویز منظور ہوئیں ان میں سے بعض کو قومی تعلیمی کمیشن ۱۹۶۹ء نے اپنی رپورٹ میں پذیرائی بخشی۔ ۱۹۶۱ء میں اردو تدریس کانفرنس کا انعقاد ڈاکٹر سید عبداللہ اور پروفیسر وقار عظیم کی کوششوں کا مرہون تھا۔ اس زمانے میں یونیورسٹی نے اردو میں غالب پروفیسر کی آسامی ، اورینٹل کالج میں قائم کی ۔ اس پر پروفیسر وقار عظیم کا تقرر ہوا ۔ ڈاکٹر سید عبداللہ کی پرنسپل کے عہدے سے سبکدوشی کے بعد ۱۹۶۵ء میں ، ڈاکٹر محمد باقر پروفیسر فارسی ، پرنسپل بنائے گئے ۔ ان کے سلسلۂ ملازمت کے اختتام پر موجودہ پرنسپل ڈاکٹر عبادت بریلوی، کالج کے سربراہ ہو گئے ۔ پروفیسر وقار عظیم بھی ملازمت سے فارغ ہو چکے تھے اور اردو کی غالب پروفیسری بھی ڈاکٹر عبادت بریلوی کے حصے میں آئی ۔ حال ہی میں کالج میں پنجابی شعبے کا اجرا بھی ہو گیا ہے۔

یہ ہے اورینٹل کالج کی مختصر روئداد زندگی ۔ اس ادارے کی تشکیل و ترقی میں جن قدسی نفس بزرگوں نے مختلف ادوار میں حصہ لیا ، ان میں چند ایک ممتاز نام یہ ہیں : ڈاکٹر جی ڈبلیو لائٹنر،

مولانا فیض الحسن سہارنپوری، شمس العلماء مولانا عبدالحکیم کلانوری، شمس العلماء مفتی مولانا محمد عبداللہ ٹونکی ، شمس العلماء مولانا محمد حسین آزاد، علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال، ڈاکٹر سرمارک آرل اسٹائن ، سرٹامس آرنلڈ، ڈاکٹر اے سی وولنر، ڈاکٹر مولوی محمد شفیع، ڈاکٹر لکشمن سروپ، مولانا عبدالعزیز میمن، سید اولاد حسین شاداں بلگرامی، حافظ محمود خاں شیرانی ، ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ ، ڈاکٹر بنارسی داس جین ، ڈاکٹر سوریا کانت، ڈاکٹر سید عبداللہ، شیخ سر عبدالقادر، ڈاکٹر محمد باقر، ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ اور پروفیسر وقار عظیم۔ کالج کی عنان انصرام اب ڈاکٹر عبادت بریلوی کے ہاتھ میں ہے جو کہ ایک جانے پہچانے نقاد اور ادیب ہیں۔ میں نے طوالت کے خوف سے اور نام نہیں گنوائے ورنہ حق یہ ہے کہ تحقیق، تنقید و تصنیف کی روایت کے دھنی اور بھی ہیں ، جنہوں نے کالج میں کشت علم و فضل کی آبیاری کی ہے۔ ان میں سے بعض اب بھی کالج سے منسلک ہیں ۔ انہی میں ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار بھی شامل ہیں جن کی کالج کی تاریخ سے میں نے اس خطبہ کے سلسلے میں بھرپور استفادہ کیا ہے۔ ان سب اصحاب کی انفرادی اور اجتماعی مساعی سے اورینٹل کالج میں وہ علمی روایات قائم ہوئیں ، جو السنہ و علوم مشرقی کو نہ صرف اس ملک میں عزت و وقار کا مقام دلانے کی ضامن ہیں ، بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی اورینٹل کالج کو ایک احترام کے مستحق علمی اور تحقیقی ادارے کی حیثیت سے متعارف کرانے میں کامیاب رہیں ۔ ہم باری تعالیٰ کے حضور سر تشکر و نیاز خم کرتے ہیں کہ ہمیں آج کا جشن مسرت بیز دیکھنا نصیب ہوا اور دعا کرتے ہیں کہ یہ ادارہ یوں ہی پھلتا پھولتا رہے۔ علم و تحقیق کے موتی بکھیرتا رہے اور اسے آج کے سے صدھا جشن دیکھنے نصیب ہوں ۔ آمین ۔

۱۲ مارچ ۱۹۷۳ء

ایس ۔ اے ۔ رحمن

مترجم : دکتر آفتاب اصغر

خطبهٔ ریاست

دکتر جستس ایس - ای رحمان

بمناسبت

جشن صدمین سال تأسیس دانشکدهٔ خاور شناسی دانشگاه پنجاب، لاهور

این امر برای من موجب نهایت احترام و افتخار است که فرصت خطاب در این مجمع تاریخی ارباب علم و اصحاب فضل نصیبم شده است - در محفل امروز بعضی از ارباب علم و دانش کسانی هستند که برای شرکت در جشن صد سالهٔ دانشکدهٔ خاور شناسی دانشگاه پنجاب راه های دور و درازی را پیموده و با شرکت خود رونق این جشن را دو برابر نموده به اهمیت و حیثیت آن افزوده اند - امیدوارم که مدت اقامت ایشان در شهر تاریخی لاهور دارای خاطرات خوش خواهد ماند و متقابلاً بایشان اطمینان میدهم که خاطرات نوازشهای ایشان برای قلوب سپاسگزار ما نیز بمنزلهٔ سرمایهٔ گرانبهائی خواهد بود -

بنا بگفتهٔ صاحب زبور مدت طبیعی زندگانی یک نفر هفتاد سال میبا شد - معلوم نیست که اگر سن کسی از این حد متجاوز شده تا صد سالگی برسد چه نوع احساسات باو دست میدهد - اقلاً من در اینمورد بنا بر تجربه شخصی، نمیتوانم چیزی بگویم - بهر حال عمر صد ساله، طبق صحایف آسمانی، برای یک نفر، اغلباً ارزل العمر بشمار میرود ولی دربارهٔ مؤسسات نمیشود همچنین قضاوت کرد - قیاس حکم میکند که یک مؤسسه باید هر اندازه قدیم تر باشد همان اندازه بهتر باشد زیرا صیانت آن از دست حوادث روزگار، بجای خود دلیل بارز افادت آن خواهد بود - با در نظر داشتن این عقیده، علت برگزاری جشن صد سالهٔ دانشکدهٔ خاور شناسی، احتیاج به توجیه و توضیح ندارد -

ناحیهٔ پنجاب در سال ۱۸۴۹ میلادی بـه حوزهٔ اقتدار بریتانی در آمد ـ در دورهٔ سیکها زبان رسمی این ناحیه فارسی بود ـ پس از روی کار آمدن انگلیسها اردو جای فارسی را اشغال کرد و زبان رسمی و دولتی گردید ـ در مدارس نیز اردو بعنوان وسیلهٔ آموزش اتخاذ شد و کار تألیف و ترجمه نیز در همین زبان آغاز گردید ـ در پنجاب، ادارهٔ فرهنگ، بطور رسمی، در ژانویهٔ ۱۸۵۶ میلادی آغاز بکار کرد ـ در ۱۸۵۸ میلادی حکومت کمپانی (هند شرقی) پایان یافت و شبه قاره، بطور مستقیم، تحت تسلط تاج بریتانیه در آمد ـ در ۱۸۶۴ میلادی پایه گذاری دانشکدهٔ دولتی لاهور بعمل آمد ـ در این مؤسسه دانشجویان را برای شرکت در امتحانات دانشکده کلکته تربیت میکردند ـ در همین سال ریاست دانشکده دولتی لاهور بعهده دکتر جی ـ دبلیو ـ لائتز گذاشته شد و بر اثر توجه و کوشش او ۲۱ ژانویه ۱۸۶۵ میلادی انجمن پنجاب در لاهور تشکیل شد ـ هدف این مؤسسه احیای علوم قدیم شرق بود ـ در اوت ۱۸۶۵ میلادی ، در یکی از جلسات انجمن پنجاب، دکتر لائتز طرح دانشکدهٔ خاور شناسی را مطرح کرد که با استقبال گرمی روبرو گردید ـ نظرش این بود که دانشگاه مزبور باید دانشگاهی باشد که در آن طبق گفتهٔ خودش ''زبانهای شرقی واسطه تعلیم علوم غربی قرار بگیرند'' پیشنهاد تأسیس دانشگاه خاور شناسی فوری مورد موافقت دولت واقع نشد ـ بالاخره ۲۷ مه ۱۸۶۸ میلادی حکومت پنجاب در مورد تأسیس دانشگاه لاهور به دولت مرکزی هند سفارش کرد برای اینکه روش آموزشی دانشگاه کلکته با مقتضیات آموزشی پنجاب سازگار نبود ـ در طی یکی از نامه های رسمی مورخ ۱۱ فوریه ۱۸۶۹ میلادی که حکومت استانی دربارهٔ تعلیم متداول انگلیسی بنام حکومت مرکزی نوشته است، این جملهٔ جالب مندرج است : این امر روشن است که کسانیکه از تعلیم عالی برخوردار شده اند بر اثر این نوع تعلیم از هم میهنان خود جدا شده اند و از اینگونه تعلیم، از لحاظ اخلاقی، نتیجه خوب و مطلوبی ببار نیامده است'' ـ دانشگاه خاور شناسی که تأسیس نشد ولی ۸ دسامبر ۱۸۶۹ دانشکدهٔ دانشگاه لاهور بوجود آمد ـ بعدها همین مؤسسه باسم ''دانشکدهٔ دانشگاه پنجاب'' موسوم شد و دکتر لائتز نخستین رئیس دفتر این دانشکده تعین گردید ـ مسئله زبانها

و دانشهای شرقی در مجلس سنای دانشکدهٔ دانشگاه مورد بحث قرار گرفت و در سال ۱۸۷۰ مجلس سنای دانشگاه در مورد تأسیس ''مدرسهٔ علوم شرقی'' تصمیم گرفت ـ تا مارس ۱۸۷۲ء میلادی این مؤسسه ''مدرسهٔ خاور شناسی'' نامیده میشد ولی بعدها باسم ''دانشکدهٔ خاور شناسی'' موسوم شد و در آن علاوه بر کلاسهای مدرسه، کلاسهای دانشکده نیز دائر گردید ـ

زندگانی دانشکدهٔ خاور شناسی از عسر و یسر و فراز و نشیب عاری نبوده است ـ در بدو امر ، این مؤسسه در ساختمان‌های کرایه‌ای در داخل شهر واقع بود بعدا در سال ۱۸۷۶ء، وقتی ساختمان دانشکدهٔ دولتی لاهور باتمام رسید، دانشکدهٔ خاور شناسی نیز در یکی از گوشه‌های آن جائی پیدا کرد ولی هر اندازه که شریک غالب یعنی دانشکده دولتی به حدود خود افزایش میداد همان اندازه حدود دانشکدهٔ خاور شناسی بطور پیوسته رو به کاهش می نهاد ـ دکتر لائتنز که علاوه بر ریاست دانشکده دولتی بعنوان رئیس دفتر دانشکدهٔ دانشگاه نیز ادای وظیفه مینمود، بعنوان نخستین رئیس ، ریاست دانشکدهٔ خاور شناسی را نیز بعهده گرفت و تا هفت سال تمام بعنوان رئیس افتحاری این دانشکده کار خود را ادامه داد ـ البته از یکم اوت ۱۸۷۷ میلادی باقبول پانصد روپیه بعنوان حقوق موافقت نمود ـ او باضافه امور اداری مسئولیتای ناظر تحقیق و تصنیف را نیز بدوش فراخ خود میکشید ـ بعد ها این قسمت تحت نظارت بزرگان دیگر کار خود را ادامه داد ـ یکی از اهداف و مرامهای عمدهٔ دانشکده خاور شناسی علاوه برتدریس علوم و زبانهای شرقی، انجام دادن کار مهم تحقیق و تألیف و چاپ و نشر آن نیز بوده است ـ بهمین منظور سمتهائی برای دانش پژوهان حقوق بگیر بوجود آمدند و از طرف دانشکده مجله‌های علمی و تحقیقی ماهیانه نیز منتشر شدند ـ مجلهٔ عربی ''شفا الصدور'' تحت مدیریت مولانا فیض الحسن سهارنپوری اجرا گردید و سر دبیر مجلهٔ سانسکریت ''ودیووای'' پاندیت رکهی کیش شاستری بود ـ ایجاد محیط علمی در دانشکده بیشتر مدیون صمیمیت و مجاهدت نخستین رئیس آن بود ـ

فقر و استغنای دانشکدهٔ خاور شناسی بحدی بود که حتی کوچکترین اعانهٔ ملی از طرف دولت عاید آن نمیشد ـ فقط چند اطاق در محوطهٔ

دانشکدهٔ دولتی در اختیار آن گذاشته شده بود و بس و آنهم مشروط برآن بود که دانشکدهٔ خاور شناسی بپاداش آن در تدریس بعضی از دروس به دانشکدهٔ دولتی کمک کند ـ مخارج دانشکدهٔ خاور شناسی از عطابای مردم و کمکهای مالی اصحاب مکنت تأمین میشد البته این دانشکده بطور رسمی پیوسته به دانشکدهٔ دانشگاه پنجاب بود که کمک مالی آن بعهدهٔ دولت بود ـ

در دورهٔ ابتدائی دانشکدهٔ که از ۱۸۷۰ تا ۱۸۸۲ میلادی ادامه داشت، درسهای متعددی و از میان زبانها علاوه برزبانهای عربی، فارسی و سانسکریت، زبانهای اردو، هندی، گورمکی و پشتو در دانشکده خاور شناسی تدریس میشد ـ دانشجویان این دانشکده را برای شرکت در ۲۶ نوع امتحان تربیت میکردند که عبارت بودند از: امتحان نهائی دبیرستان (اردو و هندی)، امتحانات پروفیشنسی، پروفیشنسی عالی و آنرز در آرتس (زبانهای شرقی، تاریخ و ریاضیات) در رشته ادبیات، امتحانات منشی، منشی عالم، منشی فاضل، مولوی، مولوی عالم، مولوی فاضل، پراگ، بشارد و شاستری در رشته زبانهای شرقی و ادبیات، امتحانات فقه اسلامی و دهرم شاستر (فقه هندی) در رشته حقوق، امتحانات حکیم حاذق، عمدة الحکماء و زبدة الحکماء در رشتهٔ طب یونانی، امتحانات و یدیه، بهیکهک و راج ویدیه در رشتهٔ طب ایورودک، امتحانات مهندسی کشوری (امتحان اول)، امتحانات ادارات محلی (امور کشوری، لشکری و مالی)، امتحانات بدهی مان و ودوان و امتحانات ریاضی و حسن خط (برای حصول شغلی مربوط به‌کارهای مردم عامه)ـ باضافه این امتحانات کار تدریس مواد درسی امتحانات دیپلم و لیسانس عربی، فارسی وسانسکریت نیز که از طرف دانشگاه های کلکته و پنجاب بتصویب رسیده بود، در دانشکدهٔ خاور شناسی انجام میگرفت. در اینجا این امر خیلی جالب توجه است که در همین اوان یعنی در سال ۱۸۷۵ میلادی مولانا شبلی نعمانی (که بعدها نویسنده و مورخ معروفی ببار آمد) به لاهور آمد و از مولانا فیض الحسن سهارنپوری، رئیس قسمت عربی، در درس حماسه کسب فیض نمود چون او بعد از انقراض مهلت برای ثبت نام رسیده بود باو بعنوان شاگرد غیر رسمی اجازهٔ استفاده از درس داده شد.

دورهٔ دوم دانشکدهٔ خاور شناسی از ۱۸۸۲ میلادی آغاز گردید و در ۱۹۱۰ میلادی پایان یافت ـ روز چهاردهم اکتبر ۱۸۸۲ میلادی تأسیس دانشگاه پنجاب بعمل آمد و دکتر لائتز نخستین رئیس دبیرخانهٔ دانشگاه تعیین شد و در دانشگاه فاکولتهٔ رسمی خاور شناسی پایه گذاری شد که بآن اختیار اعطای دانشنامه های بی ـ او ـ ال (لیسانس زبانهای شرقی) و ام ـ او ـ ال (فوق لیسانس زبانهای شرقی) داده شد ـ ۱۸ نوامبر نخستین جلسهٔ پایان سال تحصیلی دانشگاه پنجاب تشکیل گردید که در آن لرد ریپون، نائب السلطنهٔ هند، بعنوان سرپرست دانشگاه شرکت کرد ـ در اینجا این امر شایستهٔ تذکره است که در این هنگام دکتر لائتز خلاصهٔ گزارش سالیانه دانشگاه را بزبان اردو قرأت نمود و میتوان گفت که در اینمورد نخستین کسی که اردو را اتخاذ نمود، همو بود ـ باعتراف خدمات شایسته از طرف دانشگاه درجهٔ دی ـ او ـ ال (دکترای ادبیات) باو اعطأ گردید ـ در ۱۸۸۴ میلادی بساط رشته های عربی و سانسکریت در دانشکدهٔ دولتی بر چیده شد و در نتیجه آن ادیب شهیر مولانا محمد حسین آزاد (پروفسور معاون عربی) و پاندیت بهگوان داس (پروفسور معاون سانسکریت) از دانشکده دولتی به دانشکده خاور شناسی منتقل شدند ـ حکیم الامت علامه دکتر سر محمد اقبال مرحوم نیز که در سال ۱۸۹۹ میلادی از دانشکدهٔ دولتی باحراز درجهٔ فوق لیسانس در رشتهٔ فلسفه نائل آمده بود، در همان سال بعنوان دانشیار عربی مکلود پنجاب به دانشکدهٔ خاور شناسی پیوست و تا چهار سال در همین مؤسسه در زمینهٔ تدریس و تصنیف و تألیف ادای وظیفه نمود ـ ترجمه اردوی ''سیاست مدن'' از واکر و کتابی بنام ''علم الاقتصاد'' از یادگارهای همین دورهٔ زندگانی اوست ـ

دراین‌دوره علاوه بر کلاسهای دیگر کلاسهای بی ـ او ـ ال (لیسانس زبانهای شرقی)، ام ـ او ـ ال (فوق لیسانس زبانهای شرقی) و بی ـ ای (لیسانس ادبیات) نیز در دانشکدهٔ خاور شناسی دائر گردید ـ دانشجویان بی ـ ای (لیسانس ادبیات) زبانهای شرقی در دانشکدهٔ خاور شناسی یاد میگرفتند و برای تحصیل در در رشته انگلیسی در کلاسهای دانشکدهٔ دولتی شرکت میکردند ـ این نوع مبادلهٔ فرهنگی میان دانشکدهٔ خاور شناسی، دانشکدهٔ دولتی، مدرسه پزشکی، دانش‌سرای عالی و دانشکدهٔ دامپزشکی با موفقیت تمام ادامه داشت ـ

در همین ایام بعضی از تغیرات مهم در دانشکدهٔ خاور شناسی رخ داد مثلاً کلا سهای علوم و فنون تعطیل گردید، کلاسهای مهندسی از ژوئن ۱۸۸۸ میلادی در ابتدا بعهدهٔ مدرسهٔ فنی میو گذاشته و بعداً بصورت قسمتی از دانشکدهٔ دولتی مغل پوره در آمدمشد، کلاسهای طب یونانی و طب ایورودک نیز از یکم ژوئن سال مزبور اول به مدرسهٔ پزشکی و بعد از مدتی بترتیب به دانشکدهٔ اسلامیه و دانشکدهٔ دی ـ ای ـ وی منتقل گردید تأسیس دانشکدهٔ پزشکی انجمن حمائت اسلام، روی اساس همین کلاسها بعمل آمد، کلاسهای حقوق نا مدت کوتاهی در دانشکده خاور شناسی ادامه داشت ولی بالاخره این کلاسها نیز پایان یافت ـ از سال ۸۹ - ۱۸۸۸ میلادی کلاسهای فوق لیسانس عربی و سانسکریت در این دانشکده دائر گردید ـ از پذیرش دانشجویان دوره نهائی و بیرستان، دیپلم و لیسانس فاکولتهٔ ادبیات نیز که میخواستند بوسیلهٔ انگلسیی امتحان بد هند، خودداری بعمل آمد و در نتیجه حیثیت متنوع و جامعی که در واقع این دانشکده را بصورت یک دانشگاه در آورده بود، از بین رفت ـ بنا بگفتهٔ دکتر غلام حسین ذوالفقار مؤلف تاریخ دانشکده خاور شناسی دانشگاه لاهور "بعد ازان این مؤسسه بصورت مرکزی درآمد که صرفاً با تدریس و تحقیق زبانهای شرقی اختصاص داشت و در آنجا طبق مقتضیات جدید زمان همزمان با مطالعه عمومی افکار و نظریات شرقی و غربی مطالعه خصوصی جنبه های علمی، ادبی، زبانی و صوتی، زبانهای شرقی بیشتر مورد اهمیت قرار گرفت" ـ باستان شناسی معروف، سرمارک آرل ستائن در همین دوره برای مدت کوتاهی عهدیدار ریاست این دانشکده ماند ـ بعد از او دانشمند معروف سر، تی ـ دبلیو ـ آرنولد زینت بخش این منصب عالی گردید ـ مستمعین محترم حتماً بیاد دارند که علامه اقبال بیاد استاد خود آرنولد منظومه‌ای نیز سروده است ـ در ۱۹۰۰ میلادی برای فارغ التحصیلان کلاسهای عالم و فاضل ممکن گشت که فقط با قبول شدن در امتحان انگلیسی بتوانند اسناد و مدارک میترک (دوره نهائی دبیرستان)، دیپلم لیسانس و لیسانس زبانهای شرقی را بدست بیاورند ـ

سومین دوره زندگانی دانشکدهٔ خاورشناسی از سال ۱۹۱۱ میلادی تا ۱۹۱۸ میلادی امتداد دارد ـ در سال ۱۹۱۳ میلادی دانشگاه ساختمان

مدرسه کونونت را خریداری کرد و دانشکدهٔ خاور شناسی و دانشکدهٔ حقوق را در آن جای داد در ۱۹۱۰ میلادی قسمت مدرسهٔ دانشکده خاور شناسی دستخوش تخفیف و بعدها کلاسهای بی - او - ال (لیسانس زبانهای شرقی) نیز بهمین سرنوشت دوچار گردید - بعد از ۱۹۱۳ میلادی کلاسهای زبانهای شرقی بی - ای (ادبیات) نیز تعطیل شد برای اینکه دانشکدهٔ دولتی این کلاسها را تحت نظارت مستقیم خود دائر کرد - در ایندوره ورزشهای تفریحی نیز طرف توجه دانشکدهٔ خاور شناسی قرار گرفت - در ۱۹۱۲ میلادی ذکر تشکیل تیم فتبال در تاریخ دانشکدهٔ بچشم میخورد - در همین دوره برای دانشجویان وسایل مربوط به بازی بدمنتون و اسباب قایق رانی در رودخانه راوی نیز فراهم گردید - درسال ۱۹۱۳ - ۱۴ میلادی کتابخانهٔ با شکوه دانشکدهٔ خاور شناسی به کتابخانه مرکزی دانشگاه محول گردید - امید است که کتابهای گرانبهای دانشکده خاور شناسی، ارزش و اهمیت کتابخانهٔ دانشگاهٔ را بمراتب بالا برده باشد زیر گفته میشود که تا ۱۹۰۳ میلادی مجموع کتابهای کتابخانه دانشگاه شامل فقط دو قسمه بود -

دوره چهارم دانشکدهٔ در ۱۹۱۹ میلادی آغاز گردید و در ۱۹۴۷ میلادی موقعی اختتام پذیرفت که پاکستان بعنوان یک کشور مستقل روی نقشه جهان نقش بست - در همین دوره بود که کار تدریس زبانهای شرقی به کلاسهای بی - ای آنرز، آنرز اسکول و ام - ای بطور انحصاری متدرجاً به دانشکدهٔ خاورشناسی محول و در این کلاسها شرکت دانشجویان تمام دانشکدهٔ های لاهور آغاز گردید - کلاس فوق لیسانس فارسی نیز در همین زمان دائر گردید- علاوه بر کلاسهای لیسانس و فوق لیسانس کار تحقیقی درجه یک برای احراز درجه دکتری و دکترای ادبیات نیز در همین دوره شروع شده بود -

در نتیجه فعالیتهای سرجان مینارد، معاون رئیس دانشگاه، ساختمان دانشکدهٔ خاورشناسی در ۱۹۲۵ میلادی باتمام رسید - بنا بگفته رئیس آنوقت این هفتمین بار بود که این دانشکده نقل مکان کرد - این سال از اینجهت نیز در تاریخ دانشکدهٔ ممتاز است که از فوریه ۱۹۲۵ میلادی تحت مدیریت پروفسور مولوی محمد شفیع کار انتشار مجله دانشکدهٔ خاورشناسی آغاز گردید

در همین ایام بعضی از تغیرات مهم در دانشکدهٔ خاور شناسی رخ داد مثلاً کلاسهای علوم و فنون تعطیل گردید، کلاسهای مهندسی از ژوئن ۱۸۸۸ میلادی در ابتدا بعهدهٔ مدرسهٔ فنی میو گذاشته و بعداً بصورت قسمتی از دانشکدهٔ دولتی مغل پوره در آمده شد، کلاسهای طب یونانی و طب ایوروید ک نیز از یکم ژوئن سال مزبور اول به مدرسهٔ پزشکی و بعد از مدتی بترتیب به دانشکدهٔ اسلامیه و دانشکدهٔ دی ـ ای ـ وی منتقل گردید تأسیس دانشکدهٔ پزشکی انجمن حمائت اسلام، روی اساس همین کلاسها بعمل آمد، کلاسهای حقوق تا مدت کوتاهی در دانشکده خاور شناسی ادامه داشت ولی بالاخره این کلاسها نیز پایان یافت ـ از سال ۸۹ - ۱۸۸۸ میلادی کلاسهای فوق لیسانس عربی و سانسکریت در این دانشکده دائر گردید. از پذیرش دانشجویان دوره نهائی و بیرستان، دیپلم و لیسانس فاکولتهٔ ادبیات نیز که میخواستند بوسیلهٔ انگلسیی امتحان بد هند، خودداری بعمل آمد و در نتیجه حیثیت متنوع و جامعی که در واقع این دانشکده را بصورت یک دانشگاه در آورده بود، از بین رفت ـ بنا بگفتهٔ دکتر غلام حسین ذوالفقار مؤلف تاریخ دانشکده خاور شناسی دانشگاه لاهور "بعد ازان این مؤسسه بصورت مرکزی درامد که صرفاً با تدریس و تحقیق زبانهای شرقی اختصاص داشت و در آنجا طبق مقتضیات جدید زمان همزمان با مطالعه عمومی افکار و نظریات شرقی و غربی مطالعه خصوصی جنبه های علمی، ادبی، زبانی و صوتی، زبانهای شرقی بیشتر مورد اهمیت قرار گرفت" ـ باستان شناسی معروف، سرمارک آرل ستائن در همین دوره برای مدت کوتاهی عهدیدار ریاست این دانشکده ماند ـ بعد از او دانشمند معروف سر، تی ـ دبلیو ـ آرنولد زینت بخش این منصب عالی گردید ـ مستمعین محترم حتماً بیاد دارند که علامه اقبال بیاد استاد خود آرنولد منظومه‌ای نیز سروده است ـ در ۱۹۰۰ میلادی برای فارغ التحصیلان کلاسهای عالم و فاضل ممکن گشت که فقط با قبول شدن در امتحان انگلیسی بتوانند اسناد و مدارک میترک (دوره نهائی دبیرستان)، دیپلم لیسانس و لیسانس زبانهای شرقی را بدست بیاورند ـ

سومین دوره زندگانی دانشکدهٔ خاور شناسی از سال ۱۹۱۱ میلادی تا ۱۹۱۸ میلادی امتداد دارد ـ در سال ۱۹۱۳ میلادی دانشگاه ساختمان

مدرسه کونونت را خریداری کرد و دانشکدهٔ خاور شناسی و دانشکدهٔ حقوق را در آن جای داد در ۱۹۱۰ میلادی قسمت مدرسهٔ دانشکده خاور شناسی دستخوش تخفیف و بعدها کلاسهای بی ـ او ـ ال (لیسانس زبانهای شرقی) نیز بهمین سرنوشت دوچار گردید ـ بعد از ۱۹۱۳ میلادی کلاسهای زبانهای شرقی بی ـ ای (ادبیات) نیز تعطیل شد برای اینکه دانشکدهٔ دولتی این کلاسها را تحت نظارت مستقیم خود دائر کرد ـ در ایندوره ورزشهای تفریحی نیز طرف توجه دانشکدهٔ خاور شناسی قرار گرفت ـ در ۱۹۱۲ میلادی ذکر تشکیل تیم فتبال در تاریخ دانشکدهٔ بچشم میخورد ـ در همین دوره برای دانشجویان وسایل مربوط به بازی بدمنتون و اسباب قایق رانی در رودخانه راوی نیز فراهم گردید ـ در سال ۱۴ - ۱۹۱۳ میلادی کتابخانهٔ با شکوه دانشکدهٔ خاور شناسی به کتابخانه مرکزی دانشگاه محول گردید ـ امید است که کتابهای گرانبهای دانشکده خاور شناسی، ارزش و اهمیت کتابخانهٔ دانشگاهٔ را بمراتب بالا برده باشد زیر گفته میشود که تا ۱۹۰۳ میلادی مجموع کتابهای کتابخانه دانشگاه شامل فقط دو قفسه بود ـ

دوره چهارم دانشکدهٔ در ۱۹۱۹ میلادی آغاز گردید و در ۱۹۴۷ میلادی موقعی اختتام پذیرفت که پاکستان بعنوان یک کشور مستقل روی نقشه جهان نقش بست ـ در همین دوره بود که کار تدریس زبانهای شرقی به کلاسهای بی ـ ای آنرز، آنرز اسکول و ام ـ ای بطور انحصاری متدرجاً به دانشکدهٔ خاور شناسی محول و در این کلاسها شرکت دانشجویان تمام دانشکدهٔ های لاهور آغاز گردید ـ کلاس فوق لیسانس فارسی نیز در همین زمان دائر گردید. علاوه بر کلاسهای لیسانس و فوق لیسانس کار تحقیقی درجه یک برای احراز درجه دکتری و دکترای ادبیات نیز در همین دوره شروع شده بود ـ

در نتیجه فعالیتهای سرجان مینارد، معاون رئیس دانشگاه، ساختمان دانشکدهٔ خاور شناسی در ۱۹۲۵ میلادی باتمام رسید ـ بنا بگفته رئیس آنوقت این هفتمین بار بود که این دانشکده نقل مکان کرد ـ این سال از اینجهت نیز در تاریخ دانشکدهٔ ممتاز است که از فوریه ۱۹۲۵ میلادی تحت مدیریت پروفسور مولوی محمد شفیع کار انتشار مجله دانشکدهٔ خاور شناسی آغاز گردید

که درمدت کوتاهی در سراسر محافل علمی جهان بعنوان مجله وزین علمی و تحقیقی برسمیت شناخته شد ـ در ۱۹۲۶ میلادی تالار مشترک دانشکده حقوق و دانشکدهٔ خاور شناسی تأسیس و باسم مؤسس خود ''تالار مینارد'' موسوم گردید و اما برای تأسیس باشگاه این دانشکده ناچار بود تا ۱۹۲۹ انتظار بکشد ـ حالا در واقع این دانشکدهٔ بصورت یک ناکولتهٔ علوم شرقی دانشگاه پنجاب درآمده بود که در آن فعالیتهای گوناگون هم در زمینه تدریس و هم در زمینهٔ تحقیق ادامه داشت ـ در ۱۹۲۸ میلادی رئیس دانشکدهٔ خاورشناسی دکتر وولنر معاونت رئیس دانشگاه را نیز بعهده گرفت ـ همدرین سال سه کرسی برای مدرسین اردو، هندی و گورمکی در دانشکده خاور شناسی بوجود آمد که برای آنها انتصاب دانشمندانی معروف و برجسته مثل حافظ محمد محمود خان شیرانی، دکتر بنارسی داس جین (مؤلف فرهنگ پنجابی به انگلیسی، و سردار (بعد ها دکتر) موهن سینگ دیوانه بعمل آمد ـ در ۳۳ - ۱۹۳۲ میلادی کمیسیون دانشگاهی آندرسن، کلاسهای عالم و فاضل دانشکدهٔ را بشدت مورد انتقاد قرار داد و برای ادغام کلاسهای زبانهای شرقی به مدارس و دانشکدهٔ های عمومی سفارش کرد ـ

پس از درگذشت دکتر وولنر در سال ۱۹۳۶ میلادی پروفسور مولوی محمد شفیع ترفیع رتبه‌یافته رئیس دانشکدهٔ شد ـ در ۱۹۳۷ میلادی در دانشکده انجمنی بنام انجمن عربی و فارسی تشکیل شد که مجله‌ای علمی و تحقیقی نیز انتشار داد ـ وقتی در ۱۹۴۲ میلادی پروفسور مولوی محمد شفیع از منصب ریاست باز نشسته شد، دکتر لکشمن سروپ، پروفسور سانسکریت، این مسئولیت را بعهده گرفت و وقتی او، در ۱۹۴۶ میلادی ''آنجهانی'' شد، دکتر محمد اقبال، پروفسور فارسی، بمنصب ریاست منصوب گردید ـ این امر شایستهٔ تذکراست که گنجینهٔ گرانبهای نسخ خطی سانسکریت، فارسی وعربی کتابخانهٔ دانشگاه پنجاب مدیون دانش دوستی استادان دانشکدهٔ خاور شناسی مثل دکتر وولنر، دکتر مولوی محمد شفیع، دکتر محمد اقبال و حافظ محمد محمود شیرانی میباشد ـ

دورهٔ بعد از استقلال تاکنون پنجمین دورهٔ زندگانی این دانشکده است ـ درآغاز ایندوره استادان غیر مسلمان دانشکده ترک وطن نموده به

بهارات مهاجرت کردند ـ در نتیجه رشته های سانسکریت، هندی و گورمکهی تعطیل شدند ولی بعدها اوضاع متدرجاً رو به بهبود نهاد ـ از اکتبر ۱۹۴۸ میلادی در دانشکده کلاس فوق لیسانس اردو دائر شد و در ۱۹۴۹ میلادی کلاسهای ادیب فاضل و ادیب عالم برآن اضافه گردید ـ علاوه برآن کلاسهای دیپلم و گواهی نامهٔ بعضی از زبانهای شرقی و غربی از قبیل فرانسه، آلمانی، شوروی، اسپانیولی، ترکی، عربی، فارسی و ژاپونی نیز اجرا گردید ـ

دکتر محمد اقبال ۲ اپریل ۱۹۴۸ میلادی فوت شد و بجای او دکتر برکت علی قریشی، پروفسور عربی، بریاست دانشکده منصوب گردید ـ او برای مدت کوتاهی بعنوان سفیر پاکستان در سوریه، لبنان و اردن ادای وظیفه نمود ولی دهم ژوئن ۱۹۵۱ میلادی باز گشت و ریاست دانشکده را از سرِ نو ست گرفت ـ وقتی در ۱۹۵۳ میلادی او باز نشسته شد، دکتر سید عبدالله، رئیس قسمت اردو، بعنوان رئیس دانشکده جای او را گرفت ـ در همین دوره محسن اردو شیخ سر عبد القادر، رحوم نیز بعنوان استاد افتخاری در قسمت اردو تدریس نمود ـ در ایندوره بعضی از استادان میهمان مصر و سوریه نیز در قسمت عربی در امر تدریس اشتغال داشته اند ـ از این قبیل استادان گرامی اسامی السید امین المصری، السید ابراهیم الرحیم و السید فوزی حسن خلیل شایسته تذکراند ـ در این روزها در قسمت فارسی دانشکده یکنفر استاد ایرانی دکتر احمد علی پناهی در تدریس فارسی مشغول همکاری است ـ

وقتي در سال ۱۹۵۴ میلادی قانون جدید دانشگاه بنفاذ پیوست، نظارت امتحانهای عالم و فاضل از دانشگاه تحویل گرفته به هیئت فرهنگی دبیرستانها و مدارس متوسطه محول گردید و بالنتیجه قدیمترین سلسله امتحانات دانشکده خاتمه یافت ـ بعدها کلاسهای عالم تعطیل گردید البته از نوامبر ۱۹۶۴ میلادی کلاسهای فاضل از نوشروع شد ـ در ۱۹۶۰ میلادی در قسمت زبان و ادبیات عربی و همینطور از اکتبر ۱۹۶۱ در قسمت زبان و ادبیات اردو نیز کلاس بی ـ ای آنرز اسکول دائر گردید ـ در ژوئن ۱۹۵۸ میلادی بهمکاری انجمن بریتانی شعبهٔ جدیدی مربوط به زبانشناسی و صوت شناسی در دانشکده افتتاح شد ـ همه استادان و دانشیاران این شعبه

متعلق به انگلستان و آمریکا بودند ـ این شعبه علاوه بر تحقیق در رشتهٔ زبانشناسی کلاسهای دیپلم و گواهی نامهٔ زبانشناسی و صوت شناسی را نیز آغاز کرد ـ در این دوره تعداد دانشجویان در این دانشکده بطور محسوسی رو به افزایش نهاد ـ در دوره‌های مختلف دانشجویان مالزی، یوگاندا، افریقا، ایتالیا، ژاپون، آمریکا، فرانسه، انگلستان، ترکی و ایران در این دانشکده مشغول تحصیل بوده اند ـ

در سال ۱۹۵۰ میلادی پروژه عظیم اینسائیکلو پیدی اسلام اردو بتصویب دانشگاه رسید و نظارت و مدیریت این شعبه بعهده دکتر مولوی محمد شفیع (رئیس سابق) گذاشته شد ـ پس از رحلت او دانشمندان متعددی یکی پس از دیگری عهدیدار ریاست این شعبه بوده اند ـ رئیس فعلی این شعبه، دکتر سید عبد الله، رئیس سابق این دانشکده میباشد ـ

با در نظر داشتن اهمیت روز افزون اردو، در سال ۱۹۴۸ میلادی در نتیجه تلاشهای دکتر سید عبدالله تحت سرپرستی دانشگاه یک کنفرانس اردو برسطح کشور در لاهور منعقد گردید ـ در ۱۹۵۶ میلادی نخستین بار در لاهور کنفرانس خاورشناسی پاکستان برپا شد که در آن دانشمندان خارجی نیز شرکت نمودند در انعقاد این کنفرانس، دکتر سید عبدالله، دکتر محمد باقر، پروفسور فارسی، دکتر شیخ عنایت الله پروفسور عربی و استادان دیگر دانشکده خدمات برجسته انجام دادند ـ در دوران همین کنفرانس اکادمی اردو را بنای نهادند که هدف اصلی آن انتقال علوم به اردو قرار گرفت ـ دکتر بشیر احمد مرحوم معاون رئیس دانشگاه و دکتر رضی الدین صدیقی بترتیب مدیر عامل و دکتر سید عبد الله دبیر عمومی تعین شدند ـ این اکادمی تاکنون تحت نظارت دکتر سید عبدالله مشغول فعالیت است ـ در نتیجه توجه و تلاش او در سال ۱۹۶۹ میلادی در لاهور کنفرانس اردوی پاکستان غربی بریاست بابای اردو دکتر مولوی عبد الحق منعقد گردید ـ در این کنفرانس در مورد اتخاذ اردو بعنوان وسیلهٔ فرهنگ، بعضی از پیشنهادهای مهم و مؤثر بتصویب رسید و بعدها بعضی از این پیشنهادها در گزارش کمیسیون فرهنگی ملی ۱۹۶۹ میلادی نیز جای گرفت ـ انعقاد کنفرانس تدریس اردو در سال ۱۹۶۱ میلادی مدیون کوششهای دکتر سید عبدالله و پروفسور وقار عظیم بود ـ در آن زمان دانشگاه

منصب استاد غالب شناسی را در دانشکده خاور شناسی بوجود آورد و پروفسور وقار عظیم باین منصب منصوب گردید. پس از باز نشستگی دکتر سید عبدالله در ۱۹۶۰ میلادی، ریاست دانشکده به دکتر محمد باقر، پروفسور فارسی، رسید و پس از باز نشستگی وی رئیس فعلی دکتر عبادت بریلوی رئیس دانشکده گردید ـ چون در این مدت پروفسور وقار عظیم باز نشسته شده بود منصب استادی غالب شناسی نیز به دکتر عبادت بریلوی تعلق گرفت ـ در همین اواخر در دانشکده احیای شعبه پنجابی نبز بعمل آمده است ـ

این هست شرح مختصری از زندگانی دانشکده خاور شناسی ـ بزرگان محترمی که در ادوار مختلف در تشکیل و ترقی این مؤسسه شریک و سهیم بوده اند اسامی بعضی از ممتاز ترین آنها بدینقرار است : دکتر جی، دبیلو لائتنر، مولانا فیض الحسن سهارنپوری، شمس العلماء مولوی محمد حسین آزاد، علامه دکتر سر محمد اقبال، دکتر سر مارک آرل استائین، سر توماس آرنولد، دکتر ای ـ سی وولنر، دکتر مولوی محمد شفیع، دکتر لکشمن سروپ، مولانا عبدالعزیز میمن ، سید اولاد حسین شادان بلگرامی، حافظ محمد محمود خان شیرانی، دکتر موهن سینگ دیوانه، دکتر بنارسی داس جین ، دکتر سوریا کانت، دکتر سید عبدالله، دکتر محمد باقر، شیخ سر عبد القادر، دکتر شیخ عنایت الله و پروفسور وقار عظیم ـ در حال حاضر زمام امور دانشکده در دست دکتر عبادت بریلوی است که یک منتقد و نویسنده معروف است ـ من بخاطر اجتناب از تطویل زیاد اسم نبرده ام و الا حق اینست که کسانی دیگر نیز در این دانشکده وجود دارند که پاسدار سنت دیرینه تحقیق و تنقید و تصنیف و تألیف هستند و دارند کشت علم و فضل را سیراب میکنند و از آنجمله یکی دکتر غلام حسین ذوالفقار است که من از تاریخ دانشکدهٔ او در این خطابه استفادهٔ سرشار برده ام ـ در نتیجهٔ کوششهای فردی و اجتماعی این همه اصحاب است که در دانشکدهٔ خاور شناسی سنن و روایات علمی بوجود آمده اند که نه تنها متضمن عزت و توقیر آن در خود این کشور اند بلکه بر سطح بین المللی نیز باعث شناخته شدن این دانشکدهٔ بعنوان یک مؤسسه شایستهٔ احترام علمی و تحقیقی هستند ـ در پایان من بدرگاه ایزد متعال سر تشکر و امتنان خودم را خم میکنم که مرا توفیق نظارت همچنین جشن پر

مسرت ارزانی فرمود و دعا میکنم که این مؤسسه همیشه همینطور راه پیشرفت و ترقی را بپیماید و درهای علم و تحقیق بیافشاند و صدها جشن مثل جشن امروزی نصیبش گرداند ـ آمین ـ

۱۲ ـ مارس ۱۹۷۳ میلادی ـ

اس ـ ای ـ رحمان

دوسرا اجلاس

اورینٹل کالج کی ادبی خدمات

خطبات و مقالات

ڈاکٹر عبادت بریلوی

پروفیسر حمید احمد خاں

فیض احمد فیض

ڈاکٹر محمد حمید اللہ

ڈاکٹر عبدالحمید

ڈاکٹر محمد باقر

پروفیسر سید وقار عظیم

ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار

ابتدائی تقریر

ڈاکٹر عبادت بریلوی

خواتین و حضرات !


اورینٹل کالج کی ادبی خدمات کے اس اجلاس کی صدارت اردو کے مشہور و معروف ادیب اور نقاد اور پنجاب یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر جناب پروفیسر حمید احمد خاں صاحب فرما رہے ہیں۔ میں ان کا بےحد ممنون ہوں کہ وہ اپنی مصروفیتوں میں سے تھوڑا سا وقت نکال کر یہاں تشریف لائے اور اس اجلاس کو رونق بخشی ۔ جناب فیض احمد فیض صاحب خاص طور پر اسلام آباد سے اورینٹل کالج کی ادبی خدمات کے دوسرے اجلاس کی صدارت کے لیے تشریف لائے ہیں۔ انہوں نے باوجود مصروفیتوں کے میری درخواست کو قبول فرمایا اور اس اجلاس کی دوسری نشست کی صدارت کے لیے تشریف لائے۔

خواتین و حضرات ! اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کی تقریبات کے سلسلے میں یہ اجلاس جن میں اورینٹل کالج کی ادبی خدمات پر مقالے پڑھے جائیں گے، اور مذاکرہ بھی ہوگا، خاص طور پر اہمیت رکھتا ہے۔ کیوں کہ ان سب سے اورینٹل کالج کے علمی کام کی تفصیل ہمارے سامنے آئے گی اور گذشتہ سو سال میں جو ماحول اس کالج میں رہا ہے اس کا جائزہ لیا جائے گا۔ مجھے بے حد مسرت ہے کہ مشرقی علوم کی اہم شخصیتوں نے اورینٹل کالج کو خراج تحسین پیش کیا ہے اور ان میں سے بیشتر اس وقت آپ کے سامنے موجود ہیں ۔ آپ خود ان کی زبانی اورینٹل کالج کی ادبی خدمات کی داستانیں سنیں گے ۔ میں ان سب بزرگوں اور دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اورینٹل کالج کے ساتھ تعاون فرمایا، یہاں تشریف لائے اور اب آپ کے سامنے اپنے مقالات اور تاثرات پیش کریں گے ۔

معزز خواتین و حضرات! اورینٹل کالج، جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں ، صرف ایک تدریسی ادارہ ہی نہیں رہا ہے، اس نے علم و ادب کے میدانوں میں تحقیق و تنقید کی عظیم روایات قائم کی ہیں ۔ ہم اپنے ان بزرگوں پر بجا طور پر فخر کر سکتے ہیں جو اس کالج سے منسلک رہے اور جنہوں نے پروفیسروں، پرنسپلوں اور استادوں کی حیثیت سے نہ صرف تدریس کی ایک عظیم روایت قائم کی بلکہ علمی، تحقیقی اور ادبی تنقید کے میدانوں میں بھی کارہائے نمایاں انجام دیے ۔ انہوں نے ایک ایسا ماحول پیدا کیا جس نے اورینٹل کالج کو برعظیم پاکستان و ہند کے تعلیمی اداروں میں ایک منفرد حیثیت دی ۔ یہ سب انہی کی کوششوں اور کاوشوں کا نتیجہ ہے کہ آج اورینٹل کالج کا نام امریکہ ، کینیڈا، روس، چین ، انگلستان، جرمنی، فرانس، بلجیئم، ہالینڈ، اٹلی، ترکی، ایران اور افغانستان کی یونیورسٹیوں میں بڑے احترام سے لیا جاتا ہے۔ ان ممالک کی یونیورسٹیوں کے بڑے بڑے اساتذہ، عالم اور محقق اپنی تحریروں میں اورینٹل کالج کے اساتذہ کی تحقیقات کے حوالے دیتے ہیں اور مشرقی علوم کے اداروں میں اسی وجہ سے اورینٹل کالج کا نام سرفہرست نظر آتا ہے ۔

ڈاکٹر لائٹنر، ڈاکٹر سرمارک آرل اسٹائن، ڈاکٹر اے۔ ڈبلیو اسٹریٹن، ڈاکٹر وولنر، ڈاکٹر سرٹامس آرنلڈ، مولانا محمد حسین آزاد، علامہ اقبالؒ مولانا فیض الحسن سہارنپوری، جناب شادان بلگرامی، مولانا مفتی محمد عبداللہ ٹونکی ، ڈاکٹر عظیم الدین احمد، ڈاکٹر مولوی محمد شفیع، ڈاکٹر محمد اقبال ، حافظ محمود خان شیرانی ، چند ایسے نام ہیں جن کو مشرقی علوم سے دلچسپی لینے والے کبھی فراموش نہیں کر سکتے ۔ ان بزرگوں نے ایسے عظیم کارنامے انجام دئیے ہیں جن کا جائزہ لینا آسان نہیں۔ جدید دور میں جو اساتذہ اور محققین کالج میں کارہائے نمایاں انجام دیتے رہے ہیں ان کے کارنامے بھی انہی بزرگوں کے فیض کا نتیجہ ہیں۔ اورینٹل کالج اس بات کی کوشش جاری رکھے گا کہ ان کی قائم کی ہوئی روایات مضبوط سے مضبوط تر ہوں اور آئندہ بھی ایسے کارنامے انجام پائیں جن کو تحقیق اور علوم کی دنیا میں اہمیت حاصل ہو۔

جشن صد سالہ کی یہ تقریب، اس کے مختلف اجلاس اور خصوصیت کے ساتھ یہ اجلاس جو اورینٹل کالج کی علمی خدمات کے موضوع پر ہے اسی مقصد سے ترتیب دیا گیا ہے ۔



دکتر عبادت بریلوی
ترجمه : وزیر الحسن عابدی

نطق آغاز

خانمها و آقایان!

ریاست این اجلاس را که مختص است به موضوع خدمات ادبی اورئینتل کالج جناب پرفسور حمید احمد خان رئیس اسبق دانشگاه پنجاب که از معاریف ادباء و منتقدین ادبی ما میباشند بر عهده دارند. از معظم له بسیار ممنونم که برای خاطر ما صرف وقت فرموده تشریف آوردند و این جلسه‌گاه را زینت بخشیدند. جناب آقای فیض احمد فیض مخصوصاً برای دومین جلسه که با همین موضوع اختصاص دارد از اسلام آباد تشریف آورده اند و ریاست جلسه را بر عهده خواهندداشت. ایشان باوجود گرفتاریهای مهم خودشان درخواست بنده را پذیرفته و برای ریاست دومین جلسه این مجلس مارا مفتخر فرموده اند.

خانمها و آقایان! جزو مراسم جشن صدمین سال تأسیس اورئینتل کالج این مجلس کنگره که سر جلسات آن مقاله هائی راجع به خدمات ادبی اورئینتل کالج قراءت میگردد و یک مذاکره ای نیز ضمن آن خواهیم داشت اهمیت خاصی را دارد، برای اینکه این صحبت‌ها برای ما فعالیت علمی اورئینتل کالج را مفصلاً شرح داده محیطی را که در این کالج در صد سال گذشته وجود داشته است مورد بررسی قرار میدهد. برای من بسیار اسباب مسرت است که رجال مهم خاورشناسی از خدمات اورئینتل کالج بزرگداشت فرموده اند و اغلب این دانشمندان درین موقع سر این جلسه حضور دارند. حضار محترم از زبان خود این رجال دانش سرگذشت خدمات ادبی اورئینتل کالج را استماع میفرمایند. من از همهٔ بزرگان و دوستان تشکر میکنم که با اورئینتل کالج همکاری فرمودند و به اینجا تشریف آوردند و اینک مقاله‌های خودشان را برای شنوندگان گرامی قراءت میفرمایند و خاطرات خودشان را شرح میدهند.

خانمها و آقایان محترم ، اورئینتل کالج همانطور که قبلاً میدانید تنها یک مؤسسه تدریس نبوده بلکه در زمینه های ادب و دانش سنن با عظمت تتبع و تحقیق و انتقاد علمی را بیادگار گذاشته است. ما حق داریم به خدمات بزرگان خود مان که با این مؤسسه بستگی داشته اند افتخار و مباهات کنیم ،

بزرگانیکه از حیث داشتن کرسی استادی و سمت ریاست کالج یا در ردیف معلمین آن بوده سنت ارزشمندی را نه تنها درکار تدریس بوجود آوردند بلکه در صحنه‌های تتبع و تحقیق علمی و انتقاد ادبی نیز خدمات برجسته ای را انجام دادند و محیطی را ایجاد کردند که بواسطه آن اورئینتل کالج بین مؤسسه های فرهنگی و تدریسی شبه قاره پاکستان و هند مقام شامخی را احراز نمود که بی سابقه و بی عدیل است. ثمره کار و کوشش و کاوش های علمی همین بزرگان بوده است که امروز در دانشگاه های آمریکا و کانادا و شوروی و چین و انگلیس و آلمان و فرانسه و بلژیک و هلاند و ایتالیا و ترکیه و ایران و افغانستان اورئینتل کالج را با احترام اسم میبرند، در دانشگاه‌های این کشورها استادان و دانشمندان و محققان عالیمقام در نوشته های خود شان از تحقیق استادان اورئینتل کالج یاد آور میشوند و برای همین است که بین مؤسسه های علوم شرقی اورئینتل کالج اسمش سر فهرست است. دکتر لایتنر، دکتر سر مارک آرل استاین، دکتر اے دبلیو استریتین ، دکتر وولنر، دکتر سر تامس آرنولد، مولانا محمد حسین آزاد، حضرت علامه اقبال، مولانا فیض الحسن سهارنپوری، جناب شادان بلگرامی، مولانا مفتی محمد عبدالله تونکی، دکتر عظیم‌الدین احمد، دکتر مولوی محمد شفیع، دکتر محمد اقبال، حافظ محمود خان شیرانی، اینها اسامی درخشانی است که علاقمندان با علوم شرقی هیچوقت نیمتوانند فراموش کنند. این بزرگان کارهای مهم با عظمتی را انجام داده اند که کار ساده ای نیست بتوانیم از آنها اندازه گیری کنیم. در دوره کنونی استادانی و محققانی که در این مؤسسه کار های برجسته ای را بعمل آورده اند در حقیقت کار آنهانیز از فیوض همین بزرگان سرچشمه گرفته است، اورئینتل کالج به مساعی خودش ادامه خواهد داد تا سنتی را که این بزرگان بیادگار گذاشته اند بیش از پیش استوار گردد و در آتیه نیز خدماتی انجام داده شود که درجهان دانش و دانش پژوهی حایز اهمیتی باشد.

این مراسم جشن صدمین سال تأسیس و جلسات مختلف آن و مخصوصاً این جلسه که به موضوع خدمات ادبی اورئینتل کالج اختصاص دارد برای همین مرام و مقصود است.



پروفیسر حمید احمد خاں

پروفیسر حمید احمد خان

خطبۂ صدارت

خواتین و حضرات! میں بہت عرصہ کے بعد اس یونیورسٹی میں حاضر ہوا ہوں ۔ گذشتہ چند سال ایسے گذرے کہ میں یونیورسٹی کی کسی تقریب میں شرکت نہ کر سکا ۔ اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کی تقریبات کا جب مجھے علم ہوا تو میں نے یہ فیصلہ کیا کہ مجھے اس میں شرکت کرنی چاہیئے چنانچہ میں اس وقت یہاں آپ کے سامنے موجود ہوں ۔

اورینٹل کالج ایک عظیم علمی، تعلیمی اور تدریسی ادارہ رہا ہے جس کی عمر اب سو سال سے زیادہ ہو چکی ہے ۔ گذشتہ سو سال میں اس کالج نے اردو زبان و ادب، عربی، فارسی، سنسکرت اور اسلامی علوم کی گرانقدر خدمات انجام دی ہیں ۔ برعظیم ہند و پاکستان میں یہ واحد ادارہ تھا جو اپنے تدریسی و تحقیقی کام کی اہمیت کے پیش نظر وقعت کی نظروں سے دیکھا جاتا تھا اور آج بھی اس کی قدر و منزلت کسی طرح کم نہیں ہوئی ہے ۔ کیونکہ موجودہ دور کے اساتذہ نے بھی اپنے علمی کارناموں سے اس عظیم ادارے کا نام روشن رکھا ہے اور آج بھی ساری دنیا میں پنجاب یونیورسٹی سے زیادہ اورینٹل کالج کو لوگ جانتے ہیں اور اس کا نام عزت و احترام کے ساتھ لیتے ہیں ۔

اورینٹل کالج کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے اردو زبان کی اہمیت کو محسوس کیا اور علمی تحقیق کے لیے اس زبان کو وسیلہ بنایا ۔ اورینٹل کالج کی تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ گذشتہ سو سال میں سائنس، حساب اور انسانی علوم کی تعلیم بھی اس ادارے میں اردو زبان کے ذریعہ ہوتی تھی ۔ اور عربی، فارسی اور اردو زبان و ادب پر جو تحقیق کا کام اس کالج کے نامور اساتذہ نے کیا ہے وہ بھی اردو زبان کے کے ذریعہ لوگوں تک پہنچا ہے ۔ اس اعتبار سے دیکھا جائے تو اس

ادارے کی حیثیت قومی اور ملی ہے۔ قیام پاکستان سے قبل برعظیم ہند و پاکستان کے دور دراز علاقوں سے مسلمان یہاں عربی، فارسی اور اسلامی علوم کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے آیا کرتے تھے اور فارغ التحصیل ہو کر تدریسی و تحقیق کا کام جاری رکھتے تھے۔ بعض ان میں سے بڑے نامور ادیب اور محقق ہوئے ہیں۔ ان میں ڈاکٹر عندلیب شادانی، پروفیسر فارسی و اردو ڈھاکہ یونیورسٹی اور جناب امتیاز علی خان صاحب عرشی ناظم کتب خانہ ریاست رام پور کے نام سر فہرست ہیں۔ جن عالموں نے کالج میں رہ کر اس زبان کے ذریعہ تحقیق کا کام جاری رکھا ان میں ڈاکٹر مولوی محمد شفیع مرحوم، ڈاکٹر محمد اقبال، حافظ محمود خان شیرانی، ڈاکٹر سید محمد عبداللہ اور ڈاکٹر محمد باقر کے نام سر فہرست ہیں۔

اردو زبان کو اورینٹل کالج میں جو اہمیت حاصل ہوئی اور اس کو جس طرح علمی تحقیق کے لیے استعمال کیا گیا اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کالج کی بنیاد ہی مشرقی زبانوں خصوصاً اردو کے فروغ کے لیے ڈالی گئی تھی۔ خود ڈاکٹر لائٹنر، جو خود اس کالج کے پہلے پرنسپل تھے، اردو کے بڑے حامی تھے اور ان کا خیال یہ تھا کہ تمام علوم کی تعلیم انگریزی کی بجائے اس زبان میں ہونی چاہیئے۔ چنانچہ انجمن پنجاب اور اورینٹل کالج دونوں کے پلیٹ فارم سے انہوں نے اپنے ان خیالات کا اظہار کیا اور ایک ایسی بنیاد ڈالی جس پر اردو زبان اور مشرقی علوم کے مطالعہ کی خوبصورت عمارت تعمیر ہوئی۔

اورینٹل کالج کا ایک بہت بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے غریب اور نادار طلبہ پر تعلیم کے دروازے کھول دئیے۔ وہ لوگ جو انگریزی نظام تعلیم کے اخراجات کو برداشت نہیں کر سکتے تھے وہ بھی اورینٹل کالج میں داخل ہو کر اپنی تعلیم مکمل کر لیتے تھے۔ ایک زمانہ تھا جب اورینٹل کالج میں تعلیم مفت ہوتی تھی۔ پھر آٹھ آنے فیس لی جانے لگی۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ طالب علموں کے رہنے اور کھانے کا بھی انتظام کیا جاتا تھا۔ یہ ایک ایسی روایت تھی جس نے بہت سے نوجوانوں کو تعلیمی اور علمی کام پر آمادہ کیا اور ان میں سے بہت سے طالب علم

اورینٹل کالج سے نکل کر علمی اور تعلیمی میدانوں میں کام کرنے لگے۔ اس کے ساتھ ہی اورینٹل کالج میں علمی اور ادبی تحقیق کا ماحول پیدا ہوا اور اس کالج کے نامور پرنسپلوں اور پروفیسروں اور دوسرے استادوں نے اپنے اپنے مخصوص میدانوں میں اعلیٰ درجے کی تدریس کے ساتھ ساتھ بلند پایہ تحقیق کی روایت بھی قائم کی اور سارے برعظیم ہند و پاکستان میں ان کی تحقیق کی وجہ سے اورینٹیل کالج کا نام روشن ہوا۔

خواتین و حضرات، ایک عام خیال یہ ہے کہ اورینٹل کالج کے اساتذہ صرف تدریسی اور تحقیقی کام کے میدانوں ہی کے مرد تھے۔ لیکن ایسا نہیں ہے۔ اورینٹل کالج کی تاریخ میں ایسی شخصیتیں بھی نظر آتی ہیں جنھوں نے انتظامی امور میں بھی کارہائے نمایاں انجام دئیے ہیں۔ خود ڈاکٹر لائٹنر، جو ایک بہت بڑے عالم تھے، تعلیمی اداروں کی تنظیم کا گہرا تجربہ رکھتے تھے اور انہوں نے اپنے فکر و عمل سے پنجاب میں ایسے کام کئے جو ہمیشہ یاد گار رہیں گے۔ اورینٹل کالج کی تنظیم ان کا ایک بہت بڑا کارنامہ ہے اور اس کو چلانے کے لیے انہوں نے جو نظام قائم کیا وہ ہمیشہ قدر کی نظروں سے دیکھا جائیگا۔ ڈاکٹر وولنر جو عرصہ دراز تک اورینٹل کالج کے پرنسپل اور سنسکرت کے پروفیسر رہے، وہ بھی انتظامی امور میں ایک نمایاں شخصیت ہیں۔ ان کی پرنسپلی کے زمانے میں اورینٹل کالج نے بڑی ترقی کی اور ان کی انتظامی صلاحیتوں کا اعتراف اس طرح کیا گیا کہ وہ ایک زمانے تک اورینٹل کالج کے پرنسپل رہنے کے ساتھ ساتھ پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور رجسٹرار بھی رہے۔ یونیورسٹی کی تاریخ میں یہ واحد مثال ہے کہ ایک پروفیسر نے پرنسپلی اور وائس چانسلری کی آسامیوں پر بیک وقت کام کیا۔ ڈاکٹر وولنر کے بعد پروفیسر مولوی محمد شفیع صاحب کا نام ایسا ہے کہ وہ ہمیشہ سنہرے حروف میں لکھا جائے گا۔ انہوں نے اپنی پروفیسری اور پرنسپلی کے دوران نہ صرف علمی اعتبار سے اس کالج کا وقار بڑھایا بلکہ انتظامی لحاظ سے بھی اس کو بلند مقام دیا۔

خواتین و حضرات، قیام پاکستان کے بعد اورینٹل کالج اردو زبان و ادب کا ایک بہت بڑا مرکز بن گیا اور آج اس کے موجودہ اساتذہ کا

نام دنیا کی مختلف یونیورسٹیوں میں عزت و احترام کے ساتھ لیا جاتا ہے۔ عربی، فارسی اور اردو تینوں شعبوں میں قیام پاکستان کے بعد اعلی درجے کا علمی اور ادبی کام ہوا اور تحقیق کے ساتھ ساتھ اعلی پایہ کی تنقید کی ایک روایت بھی قائم ہوئی۔ اردو کے بعض اہم نقاد اس کالج میں کام کرتے رہے اور اس وقت بھی کر رہے ہیں۔ انہوں نے تحقیق کے ساتھ تنقید کو بھی آگے بڑھایا اور یہ انہی کے کام کا نتیجہ ہے کہ اورینٹل کالج موجودہ اردو ادب میں ایک دبستان کی حیثیت سے اہمیت رکھتا ہے۔

میں اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کی تقریبات کی کامیابی کے لئے دعا کرتا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ ان تقریبات میں جو گرانقدر مقالے پڑھے جائیں گے ان سے مشرقی علوم کے بعض نئے پہلو سامنے آئیں گے اور ان تقریبات کی وجہ سے اورینٹل کالج کا نام دور دور تک پہنچے گا اور اس کے کارناموں کی اہمیت کو محسوس کیا جائیگا۔

جناب فیض احمد فیض

فیض احمد فیض

خطبۂ صدارت

خواتین و حضرات !

میں شکر گذار ہوں کہ مجھے اورینٹنل کالج کے جشن صد سالہ کی تقریبات میں ہونے والے اس اجلاس کی صدارت کرنے کا موقع دیا گیا۔ اگرچہ میں اسلام آباد میں بعض کاموں میں مصروف تھا لیکن جب عبادت صاحب نے مجھے یہ لکھا کہ اورینٹل کالج، یعنی میرے اپنے کالج کے، جشن صد سالہ کی تقریبات ہو رہی ہیں اور اس سلسلے میں ماہرین علوم مشرقی کی ایک بین الاقوامی کانفرنس بڑی ترتیب دی گئی ہے، تو میرے پاس کوئی چارہ سوائے اس کے نہیں رہا، کہ میں اس میں شرکت کے لیے چند گھنٹوں ہی کے لیے سہی ، لاہور پہنچوں اور اورینٹل کالج کی ادبی خدمات کے سلسلے میں جو اجلاس ترتیب دیا گیا ہے، اس میں شرکت کروں اور آپ کے سامنے اس ادارے کے بارے میں اپنے خیالات پیش کروں۔

اورینٹل کالج سے میرا تعلق بہت قدیم ہے۔ میں کئی حیثیتوں سے اس کالج کے ساتھ ایک رشتے میں منسلک رہا ہوں۔ سب سے پہلے تو یہ کہ کالج کے ایک طالب علم کی حیثیت سے میں نے یہاں ایم۔ اے عربی کی تعلیم حاصل کی اور اس مضمون میں ایم۔ اے کیا۔ دوسرے اس وجہ سے کہ اورینٹل کالج پورے پنجاب، پاکستان، بلکہ سارے برعظیم میں ایک ایسا تعلیمی ادارہ رہا ہے جس نے غریب اور نادار طلبہ کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کیے۔ تیسرے اس وجہ سے کہ اورینٹل کالج میں علمی تدریس، ادبی تحقیق اور تنقید کی عظیم روایات قائم رہی ہیں اور مجھے ان روایات سے دلچسپی ہے۔ میں نے اورینٹل کالج سے بہت کچھ حاصل کیا ہے اور میرے ذہن میں اس ادارے کی جو تصویر ہے، وہ نہ صرف علمی اعتبار

سے متاثر کرنے والی ہے بلکہ جذباتی اعتبار سے دل میں اترنے والی بھی ہے ۔ اس کالج کے ساتھ میری بہت سی خوبصورت یادیں وابستہ ہیں اور ان کو میں اپنی زندگی کا ایک اہم سرمایہ تصور کرتا ہوں ۔

جیسا کہ میں پہلے کہہ چکا ہوں، میں اورینٹل کالج کا باقاعدہ طالب علم رہا ہوں ۔ میں نے یہاں عربی زبان اور ادب کی تعلیم حاصل کی اور اس مضمون میں ایم ۔ اے کیا ۔ اگر میں داخلے کی تفصیلات آپ کے سامنے پیش کروں تو آپ کو حیرت ہوگی ۔ اس زمانے میں اورینٹل کالج ہی ایک ایسا تعلیمی ادارہ تھا جہاں فیس بہت کم، بلکہ یہ کہنا چاہیے، کہ برائے نام تھی ۔ میں نے جب گورنمنٹ کالج سے انگریزی میں ایم ۔ اے کر لیا تو میرے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ انگریزی ادب کا مطالعہ اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتا جب تک کہ مشرقی ادبیات کا مطالعہ نہ کیا جائے ۔ چنانچہ میں نے یہ سوچا کہ میں اورینٹل کالج میں عربی کے شعبہ میں داخلہ لے لوں ۔ اس زمانے میں ملازمت ملتی نہیں تھی ۔ کسی اور کالج میں ایم ۔ اے کے مضمون میں داخلہ لینے کا مطلب یہ تھا کہ خاصی فیس دی جائے ۔ اتنی فیس میں نہیں دے سکتا تھا ۔ اس لیے میں نے یہ سوچا کہ اورینٹل کالج چلنا چاہیے ۔ عربی ادب کی تعلیم حاصل کرنے کا موقع بھی ملے گا اور فیس بھی کم ہوگی ۔ چنانچہ میں اورینٹل کالج آیا ۔ اس زمانے میں پروفیسر مولوی محمد شفیع صاحب کالج کے پرنسپل تھے ۔ ان کی خدمت میں داخلے کے لیے پیش ہوا ۔ انہوں نے چند باتیں کیں اور آخر میں یہ کہا کہ محنت کرنی ہوگی اور عربی کے ایم ۔ اے کے لیے خاصا کام کرنا پڑے گا ۔ میں نے عرض کیا کہ میں اسی مقصد سے حاضر ہوا ہوں اور مجھے انگریزی ادب کے ساتھ ساتھ عربی ادب سے بھی دلچسپی ہے ۔ انشا اللہ آپ کی نگرانی میں میری صحیح ادبی تربیت ہوگی اور میں عربی ادب میں ایم ۔ اے کے لیے محنت سے کام کروں گا ۔ پروفیسر مولوی محمد شفیع نے مجھے ایم ۔ اے عربی میں داخل کر لیا اور دو سال تک اس ادارہ میں رہ کر میں نے ایم ۔ اے عربی کا امتحان پاس کیا ۔

خواتین و حضرات !

آپ کو یہ سن کر حیرت ہوگی کہ ایم ۔ اے کے طالب علم کی حیثیت سے میں صرف آٹھ آنے فیس دیا کرتا تھا ۔ برعظیم ہند و پاکستان میں اس وقت کوئی ایسا ادارہ نہیں ہوگا جس میں تعلیم اس طرح مفت ہو ۔ یہ بہت بڑی بات تھی اور اس سے نہ صرف مجھے ایک طالب علم کی حیثیت سے بلکہ برعظیم ہند و پاکستان کے بہت سے طالب علموں کو مشرقی علوم کی تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملا ۔ ہندوستان کے دور دراز علاقوں سے اورینٹل کالج میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے طلبہ آتے تھے اور فارغ التحصیل ہو کر اپنے اپنے علاقوں کو واپس جاتے تھے۔ بعض ان میں سے ایسے بھی تھے جو لاہور کے علمی اور ادبی مرکز میں ہمیشہ کے لیے اقامت اختیار کر لیتے تھے اور پھر اس شہر کو کبھی نہیں چھوڑتے تھے ۔ اس اعتبار سے دیکھا جائے تو اورینٹل کالج نے برعظیم ہند و پاکستان کے لوگوں کی گراں بہا خدمات انجام دیں ۔ اس نے نوجوانوں کے لیے اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کیے ۔ مغربی نظام تعلیم ہمارے نوجوانوں کی زندگیوں میں جو زہر گھول رہا تھا، اس کو خاصی حد تک ختم کیا اور مشرقی علوم کے مطالعہ کی ایک فضا قائم کی ۔ اور نہ صرف یہ کہ طالب علموں نے یہ کام کر کے صرف ڈگریاں حاصل کیں ، بلکہ اورینٹل کالج کو مخصوص علمی فضا میں رہ کر انہوں نے اپنا مزاج علمی بنا لیا ۔ اور یہ چسکا ان کو ایسا لگا کہ بعض تو ساری زندگی مشرقی علوم، خاص طور پر عربی، فارسی، سنسکرت اردو اور ہندی زبانوں میں تحقیقی اور تنقیدی کام کرتے رہے ۔ شاید برعظیم ہند و پاکستان کے کسی کسی ادارے کو اس مخصوص فضا کے پیدا کرنے کا موقع نہیں ملا ۔ جیسا کہ اورینٹل کالج کو ملا ۔

اورینٹل کالج کے ساتھ گذشتہ سو سال میں بڑے بڑے علماء وابستہ رہے ۔ ڈاکٹر لائٹنر سے یہ سلسلہ شروع ہوتا ہے اور پھر سر ٹامس آرنلڈ، پروفیسر سٹراٹن ۔ سرمارک، آرل اسٹائین، مولانا محمد حسین آزاد، علامہ اقبال، پروفیسر وولنر، مولوی محمد شفیع اور پروفیسر محمود شیرانی وغیرہ کے نام سر فہرست ہیں۔ ان بزرگوں نے کالج کے پرنسپلوں اور پروفیسروں

کی حیثیت سے نہ صرف یہ کہ تدریس کی ایک صحیح فضا قائم کی بلکہ اپنی علمی کاوشوں سے ایسے تحقیقی کارنامے انجام دیے کہ ان کا نام برعظیم ہند و پاکستان سے باہر نکل کر دنیا کے تمام ملکوں میں پہنچا اور ماہرین علوم مشرقی ان کے ان کارناموں سے اتنے متاثر ہوئے کہ انہوں نے اپنی تحقیقات میں ان کے حوالے دیے ۔ یہ بڑے فخر و افتخار کی بات ہے ۔ کسی تدریسی ادارے کو اتنی اھمیت حاصل نہیں ھوئی ۔ لیکن جیسا کہ میں پہلے کہہ چکا ھوں اورینٹل کالج ایک تدریسی ادارہ ھی نہیں تھا ۔ اس کی حیثیت مشرقی زبانوں کے ایک ادارے، اکیڈیمی یا اسکول کی بھی تھی اور جو اساتذہ اس کے ساتھ وابستہ تھے انہیں صرف استاد ھی تصور نہیں کیا جاتا تھا۔ وہ اپنے علمی کارناموں کی وجہ سے عالم اور محقق کی حیثیت سے جانے پہچانے جاتے تھے ۔

خواتین و حضرات! اورینٹل کالج کے علمی اور تحقیقی کام کا ایک بہت بڑا ثبوت اورینٹل کالج میگزین کی صورت میں ھمارے سامنے موجود ہے ۔ گذشتہ نصف صدی سے یہ میگزین مشرقی علوم کی گراں قدر خدمت انجام دے رہا ہے ۔ جب سے اس میگزین کا آغاز ھوا اس وقت سے لے کر موجودہ دور تک اس نے اپنے اعلی تحقیقی معیار کو برقرار رکھا ہے ۔ پروفیسر مولوی محمد شفیع صاحب مرحوم کا نام اس میگزین کو شروع کرنے اور عرصہ دراز تک اس کو مرتب کرنے کے سلسلہ میں ھمیشہ یادگار رہے گا ۔ انہوں نے اس میگزین میں خود بھی اعلی پائے کے مقالات لکھے اور دوسروں سے بھی لکھوائے اور نتیجہ یہ ھوا کہ اردو، فارسی، ھندی پنجابی زبانوں کے مختلف پہلوؤں پر جس اعلی پائے کے مقالات اس میگزین میں شائع ھوئے ھیں شاید ھی کسی دوسرے میگزین میں شائع ھوئے ھوں ۔ یہ میگزین دنیا کی تمام یونیورسٹیوں میں قدر کی نگاھوں سے دیکھا جاتا رہا ہے ۔ اس لیے کہ اس نے مشرقی علوم کی ایسی خدمات انجام دی ھیں جو اپنی جگہ بہت اھمیت رکھتی ہے ۔ اورینٹل کالج میگزین میں لسانیات، ادبی تحقیق اور تنقید کے موضوع پر بےشمار مقالے شائع ھوئے ھیں اور نادر و نایاب قلمی نسخوں کے متن بھی اس میں بڑی محنت سے شائع کیے گئے ھیں ۔ مجھے اس پر بے حد خوشی ہے کہ

اوریئنٹل کالج میگزین کا معیار آج بھی برقرار ہے اور اس دور میں بھی اس نے اس تحقیقی روایات کو پوری طرح برقرار رکھا ہے جو گذشتہ نصف صدی میں پروان چڑھی ۔ البتہ ایک اضافہ اس میگزین میں نظر آتا ہے وہ یہ کہ جدید علوم اور خصوصیت کے ساتھ جدید تنقید کی طرف بھی اس دور میں توجہ کی گئی ہے اور ان موضوعات پر بھی نہایت گراں قدر مقالے قیام پاکستان کے بعد اس میں شائع ہوئے ۔ اور ان کو دیکھ کر یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اوریئنٹل کالج کے اساتذہ اور محققین قدیم ادب کے ساتھ ساتھ جدید ادب سے بھی گہری دلچسپی لے رہے ہیں اور جدید ادب کے مختلف پہلوؤں پر بھی نئے انداز کی تنقیدیں اب اوریئنٹل کالج میگزین میں شائع ہو رہی ہیں۔ دنیا کی مختلف یونیورسٹیوں سے مختلف طرح کے میگزین شائع ہوتے ہیں۔ لیکن جو انفرادیت اوریئنٹل کالج میگزین کی ہے شاید کسی کو نصیب نہیں ہو سکتی ۔ یہ صرف میرا ہی تاثر نہیں ہے ۔ بلکہ دنیا کے مشہور مستشرقین نے بھی اس کو تسلیم کیا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ بغیر اوریئنٹل کالج میگزین کی فائلوں کے مشرقی علوم کی کوئی لائبریری مکمل نہیں ہو سکتی اور اس کے حوالے دیے بغیر ان علوم پر تحقیق بھی پوری طرح مکمل صورت میں سامنے نہیں آ سکتی ۔ یہی وجہ ہے کہ مشہور و معروف مستشرقین نے بھی اوریئنٹل کالج میگزین میں شائع ہونے والے مقالات کے حوالے اپنی تحقیقات میں دیے ہیں اور اس طرح اس میگزین کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے ۔

میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو صرف ماضی کے پرستار ہوتے ہیں۔ میں جدید دور کے محققین اور لکھنے والوں کو بڑی اہمیت دیتا ہوں اور میرا خیال یہ ہے کہ انہوں نے بھی تحقیقی اور تنقیدی اعتبار سے بہت اضافہ کیا ہے ۔ اوریئنٹل کالج نے بھی جدید دور کے رجحانات کا ساتھ دیا ہے اور قیام پاکستان کے بعد ایسے محققین اور نقاد پیدا کیے ہیں جن کے کاموں کو کبھی بھلایا نہیں جا سکتا ۔ معاصرین کے بارے میں کچھ کہنا مشکل ہوتا ہے ۔ اس لیے ابھی تک ان کارناموں کا جائزہ نہیں لیا گیا جو قیام پاکستان کے بعد اوریئنٹل کالج کے اساتذہ نے انجام دیے ہیں۔ میں اس عہد کے اساتذہ کے نام نہیں لینا چاہتا، لیکن جو

اساتذہ بھی اوریئنٹل کالج سے منسلک رہے ہیں انہوں نے اپنے اپنے میدانوں میں اعلیٰ درجے کا تحقیقی اور تنقیدی کام کیا ہے اور ان کی تحریروں نے اوریئنٹل کالج کو جدید دور کا ایک اہم ادبی مرکز بنا دیا ہے۔ ذرا غور کیجئے کہ اردو کے قدیم شعراء اصناف ادب، جدید دور کے رجحانات، نئی تحقیق، نئے علمی نسخوں کی دریافت اور جدید تحریکوں کا تجزیہ ان سب پر اوریئنٹل کالج کے نئے دور کے اساتذہ نے کتنا کچھ لکھا ہے۔ ایک ایک مصنف کے ساتھ سینکڑوں مضامین اور درجنوں کتابیں نظر آتی ہیں۔ میرے خیال میں اوریئنٹل کالج عہد جدید کے نئے رجحانات کا بھی علمبردار ہے اور اس کے جدید کارناموں کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

خواتین و حضرات! اوریئنٹل کالج کی حیثیت ہماری ثقافتی تاریخ میں ایک عظیم روایت کی ہے۔ اس کے علمی اور ادبی کارناموں کو لوگ صدیوں تک یاد کرتے رہیں گے۔ اس کی وجہ سے نہ صرف پنجاب یونیورسٹی بلکہ پاکستان کا نام روشن ہوا ہے اور دنیا کے مختلف ملکوں میں اس نے اپنی جو ساکھ بنائی ہے وہ قومی اور ملی اعتبار سے بھی اہمیت رکھتی ہے۔ اس عظیم روایت کو برقرار رکھنا ہم سب کا قومی اور ملی فریضہ ہے۔ میرے خیال میں پنجاب یونیورسٹی، حکومت پنجاب اور حکومت پاکستان کو اس ادارے کا خاص خیال رکھنا چاہیے اور اسے ایک سنٹر آف ایکسیلنس بنانا چاہیے۔

مترجم : سید سجاد باقر رضوی

اورینٹل کالج ـــ زندہ باد

ڈاکٹر محمد حمید اللہ ، (پیرس)

تدبیر کند بندہ ، تقدیر زند خندہ ـــ ایک شہرہ آفاق مثل ہے جو اسی مفہوم میں عربی، انگریزی، ترکی، روسی، فرانسیسی ، جرمن ، اور دیگر زبانوں میں بھی موجود ہے۔ مجھے یہ مثل یونیورسٹی اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کے سلسلے میں یاد آئی ہے ۔

انگریز کسی نہ کسی طور پر مغلیہ سلطنت کی قوت کو ختم کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ تاہم اس عمالیائی برعظیم میں مغل حکمرانوں کی تخلیقات کو دیکھ کر وہ ہمیشہ احساس کمتری میں مبتلا رہے۔ اگر یہ نوادر سیاسی طور پر مسلمانوں کے بارے میں مشکوک تھے تو یہ بات بالکل فطری تھی۔ کون سا ایسا فاتح ہے جو مفتوح کے بارے میں ایسا رویہ نہیں رکھتا ؟ ۔ لیکن فکری اور تہذیبی و ثقافتی اعتبار سے بھی انگریز احساس کمتری کا شکار تھے ۔ انہوں نے اس کے خلاف حتی المقدور کوششیں کیں مگر ـــ تدبیر کند بندہ، تقدیر زند خندہ ۔

انہوں نے یہ دیکھا کہ شیریں زبان فارسی، نہ صرف یہ کہ دنیا میں کثرت سے بولی جاتی ہے بلکہ یہ بھی کہ وہ مذہب اسلام کی مخزن بھی ہے، جس نے ہر اس جگہ جہاں وہ گیا، عیسائیت کو ماند کر دیا ۔ پس فارسی کو ملک بدر کرنے کا پہلا قدم اٹھایا گیا ۔ جنگ پلاسی کے بعد ”اردو“ کو لوگوں پر ٹھونس دیا گیا ۔ مقصد یہ تھا کہ ایسی زبان جس میں اسلامی ادب نہ ہو ، بہ آسانی اسلام کی یاد مسلمانوں کے دلوں سے ختم کر سکتی ہے۔ اور یوں انہیں صلیب پرستی کی طرف مائل کیا جاسکتا ہے۔

جب مسلمان مفکروں کو مقدر کے فیصلے کا سامنا کرنا پڑا تو وہ فوری طور پر بروئے کار آئے اور جلد ہی اردو اسلامی روایات کی ایک گرانمایہ زبان بن گئی، جس میں ان دیکھے امکانات مضمر تھے ۔

بعد میں لارڈ میکالے برطانوی ہند کو انگریزیت کے رنگ میں رنگنے کا خطرناک منصوبہ لے کر آئے، اور جیسا کہ خود انہوں نے تسلیم کیا، ان کا مدعا یہ تھا کہ ملکی باشندے جسمانی اعتبار سے دیسی اور روحانی اعتبار سے بدیسی یا انگریز ہو جائیں۔ تاہم بھی بیرونی تعلیم تھی جس نے علامہ اقبال، قائد اعظم محمد علی جناح اور مہاتما گاندھی کو پیدا کیا، جنہوں نے برطانوی بد روح کو زمین دوز کر کے ملک کو دشمنوں سے آزاد کرا لیا۔

میکالے کے منصوبے کی بنیاد پر قائم شدہ نظام تعلیم کی محض یہ غرض نہ تھی کہ ایک بیرونی زبان کو وسیلہ تعلیم کے طور پر نافذ کیا جائے جس میں وہ تمام قباحتیں مضمر ہوتی ہیں جن کے باعث قوت اختراع قتل ہو جاتی ہے اور ذہن پر بوجھ بڑھ جاتا ہے۔ بلکہ یہ غرض بھی شامل تھی کہ تعلیم عیسائیت کے رنگ میں رنگ جائے۔ یہ طریق کار زیادہ لطیف تھا۔ بظاہر تعلیم غیر مذہبی تھی، لیکن ایک جانب تو کرسچین کالج، جو خود رو پودوں کی طرح ہر چہار طرف پھیل گئے تھے، بہترین گورنمنٹ کالجوں سے زیادہ پرکشش نظر آنے لگے اور دوسری طرف انگریزی ادبیات کے بھیس میں ہر قسم کی مشنری کتابیں شامل نصاب کر دی گئیں، خواہ نظم کی صورت میں گولڈن ٹریژری ہو یا نثر کی شکل میں پلگرمس پروگریس۔ اسلامی مدارس کے متعلق وقف غیر انسانی طور پر ضبط کر لیے گئے۔ نجی مذہبی مدرسوں کے پنپنے کے مواقع مفقود تھے، اس کے باوجود برطانوی ہند میں اسلام مر نہیں سکا۔

محض اس پر اکتفا نہ کی گئی۔ یونیورسٹیوں میں عربی اور فارسی، اپنے ان اصل ادبی خزینوں سے منقطع کر کے، جن میں روحانی وراثت محفوظ تھی محض زبان کے طور پر پڑھائی جانے لگی۔ یہ قصابیت ہی کافی نہ سمجھی گئی۔ ان پاکیزہ زبانوں کے استاد بھی برطانوی یا یورپی ہی مقرر کیے جاتے تھے۔ مگر انگریزوں کی بدقسمتی سے اس کا نتیجہ خلاف توقع نکلا۔ ایسے دیسی مستشرقین پیدا ہوئے جو سیاسی ذہن رکھنے والے متعصب مصنفین کی غلط بیانیوں سے بھی واقف تھے اور اس طریق کار سے بھی کہ کس طرح مخالفین اسلام کی تحریروں کو بارود کے ذریعے اڑایا جا سکتا ہے۔ انگریز دیوبند اور سہارن پور کے مولاناؤں کے مقابلے میں، جن کی

تحریریں بہر حال اندرون ملک ہی رہتی تھیں اور انگریز قارئین تک نہ پہنچتی تھیں ، عبداللہ یوسف علی اور مولوی محمد شفیع سے زیادہ خائف تھے۔

اور اب جب کہ یہ سب کچھ ماضی کی تاریخ کا حصہ ہے، ہمارا فرض ہے کہ مقامی اور بیرونی تجربوں کے پیش نظر پرانی غلطیوں کا ازالہ کریں اور بہتر مستقبل کی تدبیر نکالیں ۔

بعض مشورے :

یہ کہنے کی چنداں ضرورت نہیں کہ اسلامی ورثے کی بنیاد قرآن ، حدیث، تصوف اور بہ حیثیت مجموعی عربی فارسی ادب پر ہے۔ ان موضوعات پر ہمارے بزرگوں کی خدمات ایسی ہیں جن پر ہر قوم فخر کر سکتی ہے۔ تاہم جیسا کہ ہر انسانی ادارے میں ممکن ہے کچھ نہ کچھ کرنے کے لیے، کسی نئی بات کے لیے ، ہمیشہ راہ کھلی ہونی ہے ۔

علم قرآن کے سلسلے میں میونخ یونیورسٹی کے تحقیقات قرآنی کے ادارے کے متعلق ہمارے نوجوان کی معلومات بہت مبہم ہوں گی۔ آج سے تین نسلیں پہلے اس ادارے کی بنیاد دو مخصوص کاموں کے لیے رکھی گئی تھی (۱) ساری دنیا سے قرآن کے نسخے جمع کیے جائیں اور ان کا تقابل کیا جائے تا کہ قرآن میں اختلافات کا پتہ چل سکے ۔ (۲) ہر عہد اور ہر ملک کی تفاسیر کا آیت بہ آیت انڈکس تیار کیا جائے تا کہ کتاب مقدس کی تفہیم کے ارتقا کا پتہ چل سکے ۔

تیسری نسل کے ڈائریکٹر پروفیسر پرٹزل (Prof. Pretzl) نے مجھے ۱۹۳۰-۳۳ میں یہ بتایا تھا کہ قرآن کے تقریباً بیالس ہزار نسخے مکمل اور نامکمل صورتوں میں اس ادارے میں جمع ہو چکے ہیں جو پہلی صدی ہجری سے لے کر جدید عہد تک کی مدت پر پھیلے ہوئے ہیں۔ ان نسخوں کا تقابلی مطالعہ کیا جا رہا ہے مگر اب تک کوئی حیرت انگیز بات معلوم نہ ہو سکی۔ کتابت کی چند اغلاط کا علم ہوا ہے مگر وہ محض کتابت کی غلطیاں ہیں۔ ان سے نسخوں کا اختلاف ظاہر نہیں ہوتا ، کہ ایک غلط لفظ کسی اور نسخے میں کبھی نہیں ملا ۔ تجوید اور اختلاف المصاحف کے

کام میں بعض اختلافات پائے گئے ھیں لیکن وہ تفسیر کے اختلافات ھیں جن سے کسی آیت کا مفہوم مطلق نہیں بدلتا۔ ـــ عدو شود سبب خیر گر خدا خواھد ـــ قرآن کے مختلف نسخوں کے تقابل کا کام اس نیت سے کیا گیا تھا کہ موجودہ قرآن کی صحت کو جھٹلایا جا سکے ۔ لیکن اس کوشش سے اس کی صحت زیادہ مستحکم طور پر پایۂ ثبوت کو پہنچی ـــ تدبیر کند بندہ، تقدیر زند خندہ ۔

جہاں تک تفاسیر کے انڈکس بنانے کا تعلق ھے یہ کام زیادہ عقل مندی سے کیا گیا تھا ۔ اس لیے کہ قرآن میں چھ ہزار مختلف آیات ھیں اور اتنے ھی خانے ایک بڑے شیلف میں تیار کیے گئے تھے ۔ ھر خانے میں مختلف مفسروں کی تفسیریں تاریخ وار رکھی گئی تھیں ۔ پس ایک نظر میں یہ معلوم کیا جا سکتا تھا کہ مختلف ممالک اور مختلف ادوار کے مسلمانوں میں کسی لفظ یا کسی آیت کا کیا مفہوم سمجھا جاتا تھا ۔ تاھم یہ سلسلہ محض عربی تفسیروں تک محدود تھا ۔

دوسری جنگ عظیم میں اس ادارے پر امریکی بم گرے اور یہ ادارہ لائبریری ، کارکن، اور ڈائریکٹر سب کے سب ھمیشہ کے لیے مفقود ھو گئے ۔

میں نہایت عجز کے ساتھ یہ مشورہ دیتا ھوں کہ تفاسیر کے انڈکس تیار کرنے کا کام لاھور میں دوبارہ شروع کیا جائے ۔ تفاسیر کے حدود کو زیادہ وسیع کیا جا سکتا ھے اور عربی ، فارسی، ترکی، اردو اور دیگر پاکستانی زبانوں کو اس زمرے میں شامل کیا جا سکتا ھے۔ میری یہ رائے بھی ھے کہ ایک مخصوص شعبہ قرآنی لغت کا کھولا جائے جس میں قرآن کا ھر لفظ دنیا کی تمام زبانوں میں ظاھر ھو۔ فرض کیجیے قرآن کا انگریزی ترجمہ ۸۰ افراد نے کیا ھے تو اس صورت میں لفظ ''رحمٰن'' یہ ظاھر کرے گا کہ کس مترجم نے اس لفظ کے لیے کونسا مرادف استعمال کیا ھے ۔ اور یہ کام دنیا کی تمام زبانوں کے لیے کیا جائے ۔ البتہ یہ کہ اس کی ابتدا دنیا کی زیادہ اھم زبانوں سے ھو۔ اس مواد سے مستقبل کے تراجم میں فائدہ ھو گا۔ ظاھر ھے کہ کسی لفظ کا مفہوم بدیسی زبان میں زیادہ بہتر طور پر ادا کیا جا سکتا

ہے۔ کسی عرب کے لیے لفظ رحم محض رحم ہی رہے گا۔ وہ اسے اچھی طرح سمجھتا تو ہے مگر اس کی تشریح دوسرے لفظوں میں بہ آسانی نہیں کر سکتا مثال کے طور پر اگر ہم لفظ Mercy یا Pity یا اس قسم کا کوئی اور لفظ استعمال کریں تو اس کا مفہوم زیادہ بہتر طور پر ادا ہو گا۔

حدیث :

کسی حدیث کا سراغ لگانے کے لیے قدیم زمانے سے ہی خصوصی الفاظ کے انڈکس بنتے رہے ہیں ۔ اس میں شبہ نہیں کہ زیادہ جدید اور زیادہ کارآمد المعجم المفہرس کی لائیڈن اشاعت ہے۔ اشخاص اور مقامات کے ناموں سے قطع نظر اس کی باقی جلدیں شائع ہو چکی ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ بہت کارآمد چیز ہے مگر اس موضوع پر اس کی حیثیت حرف آخر کی نہیں ہے ۔ مثال کے طور پر چند دن پہلے میں اس حدیث کی تلاش کر رہا تھا جس میں کہا گیا ہے پیغمبرؐ نے فرمایا کہ دجال آئے گا تو وہ محض چالیس روز قیام کرے گا ۔ جس میں سے پہلا دن تقریباً ایک سال کے برابر ہوگا ۔ دوسرا ایک ماہ کے برابر ، تیسرا ایک ہفتے کے برابر اور باقی سینتیس (۳۷) دن عام دنوں کے برابر ہوں گے ۔ آنجہانی پروفیسر ونسنک Wensinck کے لائیڈن انڈکس میں حدیث کی مختلف کتابوں مثلاً ابو داؤد وغیرہ کے حوالے تو موجود تھے مگر امام مسلم کی صحیح کا کوئی حوالہ نہ تھا۔ گو اس کا شمار پیغمبرؐ کی احادیث کے متعلق اسناد میں ہوتا ہے ۔ مراد یہ ہے کہ لائیڈن کا کام مکمل نہیں ہے ۔ علاوہ ازیں اس میں صحاح ستہ اور احادیث کے علاوہ چار دیگر کتابوں مثلاً ابن سعد وغیرہ کا انڈکس موجود ہے ۔ لیکن حدیثوں سے متعلق دور اول کے اہم کام بھی ہیں جو بخاری اور مسلم اور ان کے بعد کے محدثوں مثلاً ہمام ابن منبہ، معمر ابن راشد، عبدالرزاق ابن ہمام، حمیدی، سعید ابن منصور، ابن ابی شوبۃ وغیرہ کے اساتذہ کی کاوشوں کا نتیجہ ہیں ۔ ان کے علاوہ البیہقی، طبرانی ، دیلمی بزاز اور دیگر محدثوں کی تصانیف بھی شائع شدہ یا قلمی نسخوں کی صورت میں موجود ہیں۔ ان سے قطع نظر بہت سی حدیثیں ، تفاسیر، فقہ اور تصوف کی کتابوں میں بھی ایسی ملتی ہیں جو بسا اوقات احادیث کی کتابوں میں

نظر نہیں آتیں ۔ اب اس بات کی ضرورت ہے کہ ان کا ایک تفصیلی انڈکس تیار کیا جائے جن میں مکمل وضاحتی حوالے درج ہوں اور یہ کام ہماری نئی نسل فوٹو عکس اور کلپنگ (Clipping) کے جدید طریق کار کے باعث آسانی سے کر سکتی ہے۔ ہاتھ سے نقل کرنے کی صورت میں جن غلطیوں کا امکان ہوتا ہے وہ اس طرح ممکن نہیں ۔

عربی ادب کے سلسلے میں بھی ، جس کا میں ماہر نہیں ہوں ، مجھے عربی کی تمام ابیات کے شعری انڈکس کی ضرورت کا ہمیشہ احساس رہتا ہے لغت لسان العرب کے لیے اورینٹل کالج نے ایک ایسا ہی کارآمد انڈکس تیار کیا ہے ۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام عرب شعرا کے دواوین کا انڈکس تیار کیا جائے جس میں ہر بیت کا اول اور آخری لفظ درج ہو۔ البتہ انڈکس شیلف میں سارے شعر محفوظ ہوں ۔ لسان العرب انڈکس کی طرح انہیں بہ اعتبار بحور ترتیب نہ دیا جائے بلکہ حروف تحجی کے اعتبار سے مرتب کیا جائے ۔ اس لیے کہ مسودوں کی تصحیح کے وقت اگر کوئی بیت غلط ہو تو اس کی بحر کا بھی پتہ نہیں ہوتا ۔ اس سلسلے میں بھی دواوین کے فوٹو عکس مہیا ہو سکتے ہیں اور ابیات کو مختلف کارڈوں پر چپکایا جا سکتا ہے اور ان پر تاریخ ، صفحہ نمبر ، قصیدے یا بیت کا نمبر درج کیا جا سکتا ہے ۔

ایسا کام محض تفریحی سطح کا نہیں ہوگا بلکہ اس کا منافع بھی ملے گا ۔ اگر قرآن ، حدیث، تصوف اور عربی شعر کے انڈکس کا کام وسیع پیمانے پر ہو جائے ، گو ابھی مکمل نہ ہو تو بھی بیرونی محققین مختلف معلومات حاصل کرنا چاہیں گے اور ایسی صورت میں انڈکس انسٹی ٹیوٹ انہیں بعوض رقم اطلاعات فراہم کر سکتا ہے۔ زر مبادلہ کمانے کا یہ بھی ایک ذریعہ ہے۔

یہ ہیں بعض معمولی خیالات، جنھیں آپ چاہیں تو خواب کہہ لیں مگر اس کی عملی تعبیر ناممکن نہیں ہے۔ زندہ دلان پنجاب یہ کام کر سکتے ہیں، اپنے لیے بھی اور ساری علمی دنیا کے لیے بھی ۔

زندہ باد اورینٹل کالج ـــــ زندہ باد کارپردازان اورینٹل کالج !

ڈاکٹر عبدالحمید

اورینٹل کالج ، پنجاب یونیورسٹی

مختصر تاریخ

۱۸۶۵ء میں پنجاب کی مشہور علمی تحریک کے نتیجے میں اورینٹل کالج قائم ہوا ۔ اس تحریک کے قائدوں بالخصوص ڈاکٹر لائٹنر کی آرزو تھی کہ برصغیر کے دوسرے حصوں کی طرح یہاں بھی مغربی علوم سکھائے جائیں ۔ لیکن ان میں مشرقی تہذیب و تمدن اور اردو زبان کو نمایاں حیثیت حاصل رہے ۔ چنانچہ ۱۸۷۲ء میں اورینٹل کالج قائم ہوا اس ادارے نے بہت سے نشیب و فراز دیکھے اور اس کے مضامین کی نوعیت بھی بدلتی اور گھٹتی بڑھتی رہی ۔ ایک زمانہ ایسا بھی گذرا کہ اس کی حیثیت کم ہوتے ہوتے یہاں تک گر گئی کہ اسے مشرقی تہذیب و علوم کی خانقاہ سمجھا جانے لگا ۔ بعض اوقات حکام کی تنگ نظری کے سبب اس کا وجود خطرے میں پڑ گیا لیکن ہر حالت میں اس کالج نے اشاعت علوم اور تحقیق کی روایت کو قائم رکھا ۔ ابتدائی زمانے میں اسے ڈاکٹر لائٹنر، آرل اسٹائن ٹامس آرنلڈ کی اور آخر میں وولنر جیسے مستشرقین کی سرپرستی نصیب ہوئی ۔ اسی دور میں محمد حسین آزاد ، فیض الحسن سہارنپوری اور مفتی محمد عبداللہ ٹونکی جیسے عالم فاضل اس کالج کے اساتذہ رہے ۔ مشہور انجنئیر اور فلاح کار سر گنگا رام اسی کالج میں انجینئیری کی تعلیم دیتے تھے اور یہیں علامہ اقبال نے درس و تدریس کے چار سال گذارے ۔

مناسب ہو گا کہ کالج کی سرگذشت بیان کرنے سے پہلے پچھلی صدی کا سیاسی نقشہ پیش کر دیا جائے ۔ انگریزوں نے ۱۸۴۹ء میں پنجاب پر قبضہ کیا ۔ ۱۸۵۶ء میں محکمہ تعلیم قائم ہوا ۔ ۱۸۶۴ء میں انگریزی علوم کے عظیم مرکز یعنی گورنمنٹ کالج کا قیام ہوا ۔ ڈاکٹر لائٹنر جو کنگس کالج لندن یونیورسٹی میں فقہ اسلامی کے صدر تھے، گورنمنٹ کالج کے پرنسپل منتخب ہوئے ۔ ان دنوں اس کالج کا الحاق کلکتہ یونیورسٹی سے تھا جو مغربی

روایات کا گہوارہ ہونے کی وجہ سے طالب علموں کو مشرقی اقدار سے بیگانہ کرنی تھی۔ ڈاکٹر لائٹنر کا مقولہ یہ تھا کہ اہل ہند کو اردو کے بجائے انگریزی زبان میں علوم کی تعلیم دینا بالکل بے معنی ہے۔ انہوں نے اپنے منصوبے کو تکمیل تک پہنچانے کے لیے پنجاب کے زندہ دل عوام اور مقامی رؤسا کی تائید حاصل کی اور یہ فیصلہ کیا کہ پنجاب کو کلکتہ یونیورسٹی کی تعلیمی بالادستی سے نجات دلائی جائے۔ انہوں نے ممتاز اشخاص اور افسروں کی مدد سے ۱۸۶۵ء میں انجمن پنجاب قائم کی اور پنجاب میں اورینٹل یونیورسٹی کے قیام کا مطالبہ کیا۔ مطمع نظر یہ تھا کہ مغربی علوم اور سائنس کی تعلیم اردو زبان میں دی جائے اور سنسکرت، عربی اور فارسی ادبیات کو فروغ حاصل ہو۔ پورے صوبے نے اس منصوبے کی حمایت کی اور پنجاب کی مختلف ریاستوں کے راجاؤں اور نوابوں نے دل کھول کر چندہ دیا۔

چوں کہ مرکزی حکومت کی منظوری کے بغیر اورینٹل یونیورسٹی کا قیام ممکن نہ تھا اس لیے اس سلسلے میں حکومت ہند سے رجوع کیا گیا۔ لیکن انتہائی کوششوں کے باوجود صرف پنجاب یونیورسٹی کالج کے قیام کی منظوری حاصل ہوئی۔ ڈاکٹر لائٹنر اس کالج کے پرنسپل اور تجویز شدہ یونیورسٹی کے رجسٹرار مقرر ہوئے۔ گورنمنٹ کالج کی پرنسپلی کے فرائض بدستور ان کے ذمے تھے۔

مغربیت کے اس طوفان میں اورینٹل یونیورسٹی تو کیا قائم ہوتی، البتہ اتنا ہوا کہ نوابوں اور اکابر کے چندوں سے ایک اورینٹل اسکول قائم کیا گیا جسے ۱۸۷۲ء میں اورینٹل کالج کے نام سے سرفراز کیا گیا۔ یہ اورینٹل کالج شہر کے مختلف حصوں اور انارکلی میں تھوڑے تھوڑے عرصے رونق افروز رہا۔ پھر ۱۸۷۵ء میں اسے گورنمنٹ کالج کے ایک گوشے میں جگہ دی گئی۔ اشاعت علوم اور تحقیق کے لیے اس کالج کے واسطے نو وظیفوں کی منظوری ہوئی۔ ایک رسالہ عربی اور ایک رسالہ سنسکرت میں بھی نکلنے لگا۔

ڈاکٹر لائٹنر نظم و ضبط کے معاملے میں سخت گیر لیکن درس و تدریس میں شفیق تھے۔ انہوں نے استادوں کو یہ نکتہ سمجھایا کہ تاریخی اور سماجی پس منظر سمجھے بغیر کسی زبان کا مطالعہ ممکن نہیں۔ نیز یہ

کہ ترجموں پر ادھار کھانے کے بجائے تخلیقی کاموں اور تصانیف پر توجہ دینا چاہیئے۔ ان دنوں اورینٹل کالج نقط مشرقی علوم ہی کا گہوارہ نہ تھا بلکہ اس میں قانون، انجینئری، فوٹوگرافی، مساحت، ریاضی، تاریخ، جغرافیہ، تاریخ فلسفہ اخلاق، خطابت و بلاغت، فقہ اسلامی، فقہ ہنود، عمرانیات، منطق، طبقات الارض وغیرہ وغیرہ کی تعلیم دی جاتی تھی اور لطف یہ کہ اردو زبان میں یہ علوم پڑھائے جاتے تھے۔ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں اس زمانے کی درسی کتابیں آج بھی محفوظ ہیں۔ داخلے کی شرائط نہایت نرم تھیں۔ میٹرک کی سند داخلے کے لیے کافی تھی لیکن جن کے پاس یہ سند بھی نہ تھی وہ بھی استعداد و لیاقت کا ثبوت دے کر مختلف کورس پڑھنے لگتے تھے۔ پنجاب کے علاوہ کابل، تبت اور وسط ایشیا کے طالب علم یہاں پڑھتے تھے۔ استادوں کو پروفیسر کے بجائے سپرنٹنڈنٹ کہا جاتا تھا۔

۱۸۸۲ء میں پنجاب یونیورسٹی قائم ہوئی اور اگرچہ اس پر بھی مغربی طرز تعلیم کی چھاپ لگی ہوئی تھی تاہم اورینٹل کالج نے اپنی انفرادی حیثیت قائم رکھی۔ یونیورسٹی کا پہلا کانووکیشن ۱۸ نومبر ۱۸۸۲ء کو منعقد ہوا۔ ڈاکٹر لائٹنر نے بحیثیت رجسٹرار یونیورسٹی کی تعلیمی رپورٹ اردو زبان میں سنائی۔ ۱۸۸۴ء میں گورنمنٹ کالج نے عربی اور فارسی کی تعلیم کو اپنے شعبوں سے نکال کر اورینٹل کالج کے حوالے کیا بلکہ ان دونوں زبانوں کے پروفیسروں کو بھی منتقل کر دیا۔ اس طرح عربی اور فارسی کے طالب علم اورینٹل کالج میں چلے آئے۔ اور یہاں کے انگریزی پڑھنے والے طلبا گورنمنٹ کالج کے پروفیسروں سے پڑھنے لگے۔ ڈاکٹری اور بیطاری کے طلبا طب یونانی سیکھنے کے لیے بدستور اورینٹل کالج میں آتے رہے لیکن افسوس کہ علوم کی یہ کامن ویلتھ زیادہ عرصہ قائم نہ رہی یعنی ۱۸۸۴ء میں جب کہ ڈاکٹر لائٹنر عارضی طور پر لاہور سے باہر گئے ہوئے تھے ایک تحقیقاتی کمیٹی قائم ہوئی جس کا مقصد بظاہر یہ تھا کہ اورینٹل کالج کو ترقی دی جائے اس کمیٹی نے ترقی معکوس کے معنی سمجھانے کے لیے یہ کیا کہ انجینئری کی جماعت کو نیشنل کالج آف آرٹس میں میں منتقل کر دیا اور ڈاکٹری کے طلبا کو یہاں سے نکال کر میڈیکل کالج

کا راستہ بتایا ۔ بی ۔ اے کا داخلہ بند ہو گیا اور یہ کالج جو دس سال سے علوم و فنون کا گہوارا تھا بے رونق ہو کر رہ گیا ۔ ترقیاتی کمیٹی نے اپنی کارگذاری کا یہ شاندار ثبوت دیا ۔

۱۹۰۰ء میں کالج کے تن مردہ میں پھر جان آئی یعنی مشرقی علوم کے سند یافتہ طلبا (منشی، عالم، فاضل) کو قانوناً یہ اجازت دی گئی کہ وہ صرف انگریزی زبان کے پرچے دے کر میٹرک، ایف اے اور بی ۔ اے کی سندیں حاصل کر سکتے ہیں ۔ اس قانون سے ان طلبا کو خاص فائدہ پہنچا جو مشرقی زبانوں کی سند لے کر فقط انگریزی میں امتحان دے سکتے اور سند حاصل کر سکتے تھے ۔ ۱۹۱۱ء میں پنجاب یونیورسٹی نے فیصلہ کیا کہ پروفیسری کا عہدہ صرف ان اشخاص کو دیا جائے جو تحقیق کے جدید طریقوں سے باخبر ہوں ۔

۱۹۱۹ء سے ۱۹۴۷ء تک کا زمانہ اورینٹل کالج کا عہد زرین ہے کیوں کہ اسی مدت میں مولوی محمد شفیع ، ڈاکٹر سوریہ کانت ، ڈاکٹر محمد اقبال اور حافظ محمود خان شیرانی جیسے فاضلوں کا تقرر ہوا ، نصاب میں بھی ادبیات کے علاوہ تاریخ اور معلومات عامہ کا اضافہ کیا گیا ، تعلیم و تدریس کے پرانے فرسودہ طریقے میں بھی جدید نظریات کارفرما ہونے لگے ۔ تاریخ اسلام جسے یونیورسٹی کے شعبہ تاریخ نے نظر انداز کر رکھا تھا ، اس کالج کے نصاب میں شامل ہوئی ۔ ۱۹۲۵ء میں اورینٹل کالج میگزین کا اجرا ہوا جس میں عربی اور فارسی نیز اردو کے مختلف موضوعات پر نہایت پر مغز مقالے چھپنے لگے ۔ یورپ اور امریکہ کی اہم یونیورسٹیوں میں یہ میگزین ہاتھوں ہاتھ لیا گیا ۔ کالج کے اساتذہ نے دور و نزدیک سے نایاب اور بیش قیمت عربی و فارسی مخطوطات خرید کر یونیورسٹی لائبریری میں داخل کیے ۔ اس سے وہ تعصب اور حق تلفی بالکل ختم ہو گئی جو مسلمانوں کے علوم کو تباہ کرنے کے درپے تھی ۔ غیر مسلموں نے اس کے خلاف کمیٹی میں آواز اٹھائی ۔ لیکن علامہ عبداللہ یوسف علی نے جو کمیٹی کے رکن تھے اکثریت کے خلاف آواز بلند کی ۔

ڈاکٹر اے ۔ سی ۔ وولنر ۱۹۰۳ء سے ۱۹۳۶ء تک اس کالج کے پرنسپل اور یونیورسٹی کے رجسٹرار رہے ۔ آٹھ سال تک وائس چانسلر بھی

رہے۔ ان کے تقرر سے کالج کے وقار میں بڑا اضافہ ہوا۔ اس فاضل زمانہ کو خود بھی بہت عزت نصیب ہوئی۔ آزادی کے بعد جب انگریزوں کے تمام مجسمے سڑکوں پر سے ہٹا دیئے گئے تب بھی اس فاضل زمانہ کی مورتی کو کسی نے چھیڑنا پسند نہ کیا چنانچہ اس کا مجسمہ آج تک اسی طرح قائم ہے۔

۱۹۴۷ء میں ملک آزاد ہوا۔ ہندو پروفیسر ہجرت کر کے ہندوستان چلے گئے لہذا ہندی، گورمکھی اور سنسکرت کے شعبے بند کر دیئے گئے۔ اس کی تلافی کے لیے ۱۹۴۱ء میں عظیم پیمانے پر اردو کانفرنس منعقد ہوئی تاکہ قومی زبان کو اس کا صحیح مقام دیا جائے۔ رسم الخط کی اصلاح، اردو اکاڈیمی کا قیام اور اردو انسائیکلوپیڈیا کا افتتاح کیا گیا۔ ایم۔ اے اردو کی جماعتیں کھولی گئیں۔ فرانسیسی، جرمنی، ھسپانوی اور ترکی زبانوں کی تعلیم شروع ہوئی۔ ۱۹۵۸ء میں برٹش کونسل کے تعاون سے انگریزی زبان، فنی نکات اور صوتیات کا منصوبہ بنا۔ جو چند سال بعد ختم ہو گیا۔ ایشیا، امریکہ اور یورپ کے طلبہ مشرقی علوم سیکھنے کے لیے داخل ہوئے جس سے کالج کی فضا میں رنگین تنوع پیدا ہوا۔ طالبات کی تعداد طلبہ کے مقابلے میں زیادہ رہنے لگی۔ طلبہ کی یونین بھی قائم ہوئی۔

۱۹۵۹ء کے تعلیمی کمیشن کی رپورٹ نے اردو کی اھمیت کو قانونی استحکام بخشا۔ ایف۔ اے تک اردو کی تعلیم لازمی ہوگئی۔ ایم اے اردو میں طلبہ کی تعداد کثیر داخل ہوئی۔ کیوں کہ اسکولوں اور کالجوں سے اردو کے اساتذہ کی مانگ بڑھ گئی تھی۔ اب تک ایم۔ اے اردو کی جماعتوں کی رونق دیدنی ہے۔ ۱۹۶۷ء میں یونیورسٹی نے مرزا غالب کی تمام تصانیف کو شائع کرنے کا بیڑا اٹھایا تاکہ دو سال بعد غالب کی صد سالہ برسی منائی جائے۔ اورینٹل کالج کے اساتذہ نے اس کار خیر میں نمایاں حصہ لیا۔
۱۹۷۱ء میں پنجابی کا شعبہ قائم ہوا۔

یہ اس کالج کی مختصر سرگذشت ہے۔ یقین ہے کہ اپنے تابناک ماضی و حال کے سہارے یہ ادارہ مستقبل میں بھی اپنی شاندار روایات کا امین رہے گا۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر

حافظ محمود خان شیرانی

تحقیق کا طریق کار اور معیار

بعض آدمی یہ کہتے سنے گئے ہیں، کہ شبلیؒ کی شعرالعجم، زندۂ جاوید کتاب ہے اور شیرانی کی تنقید شعر العجم کے باوجود تا ابد زندہ رہے گی لیکن تنقید شعرالعجم، کی عمر کوئی لمبی نہیں ہے۔ راقم ایک طالب علم کی حیثیت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہے کہ یہ دونوں معروضات کاملاً درست نہیں ہیں۔ جو لوگ فارسی شاعری کی ادبی چاشنی سے لذت اندوز ہونا چاہیں گے اور سرسری طور پر اس کے تاریخی پس منظر سے شناسائی چاہیں گے وہ ہمیشہ شعرالعجم سے استفادہ کرتے رہیں گے، لیکن جو طالب علم صدق و حقائق کی تلاش میں نکلیں گے۔ وہ تنقید شعرالعجم سے ضرور صحیح راہ تلاش کریں گے۔ اس حیثیت سے یہ دونوں آثار فارسی علم و ادب کے میدان میں معرکۃ الآراء تخلیقات ہیں غالباً۔ یہی وجہ ہے جہاں ایران میں شعرالعجم کا فارسی ترجمہ شائع کیا گیا ہے، وہاں تنقید شعرالعجم کو بھی فارسی لبادہ اڑھایا گیا ہے اور شیرانی کے کسی دعوے کو آج تک جھٹلایا نہیں جا سکا۔

استاد گرامی حافظ محمود خان، محمود شیرانی اپنے دور کے غالباً سب سے بڑے محقق تھے جنہوں نے پاک و ہند اور ایران سے متعلق فارسی میں محفوظ علم و ادب اور تاریخ اور اردو زبان پر اس تحقیقی قطعیت کے ساتھ قلم اٹھایا کہ اس کی مثال نادر کالشاذ ہے۔ اردو کے شعراء اور ادباء تاریخ ادب اردو کی تدوین میں ایک عرصے سے مشغول ہیں، انہوں نے تنقید و تبصرہ کے میدان میں بعض دفعہ عمدہ کام کیا ہے۔ لیکن لسانی تحقیق میں بہت کم کام ہوا ہے۔ اس سنگلاخ وادی میں غالباً سب سے پہلے شیرانی صاحب اترے ہیں اور انہوں نے غیر پنجابی ہونے کے باوجود

پنجاب سے اردو کے قدیم رشتوں کو تلاش کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے یہ کام بڑا کٹھن تھا، کیونکہ عام تجربہ یہ ہے کہ تحقیق کرنے والے معروف اہل زبان چونکہ زبان کی پیدائش کے علاقے ہپتہ هیندو کو نہیں پہچانتے، جس کے ایک حصے کا نام دو تین صدیاں پہلے پنجاب پڑ گیا تھا، اس لیے وہ لسانی اعتبار سے تحقیقی کام کرنے کی استعداد اور اهلیت بھی پیدا نہ کر سکے۔ لیکن مرحوم شیرانی نے ان پیدائشی **Drawbacks** کے باوجود بڑی پامردی سے اس میدان میں قدم رکھا اور اردو پر لسانی تحقیقات کرنے والوں کو کئی نئی راهیں سمجھائیں۔

آج کی صحبت میں، میں اس میدان میں کام کرنے والوں کے لیے اپنے استاد شیرانی مرحوم کے طریق کار کو پیش کرنا چاھتا هوں، تا کہ همارے معاصرین اور هم سے بعد میں آنے والے حضرات کو معلوم هو سکے، کہ وہ اتنے اعلی معیار کی تحقیق کس طرح کیا کرتے تھے۔

شیرانی صاحب در اصل وکالت کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے انگلستان تشریف لے گئے تھے، اس زمانے میں میٹرک پاس طلباء کو بیرسٹری میں داخلہ مل جاتا تھا۔ حافظ صاحب مرحوم کی یہی تعلیم تھی۔ اس کے علاوہ انہوں نے منشی فاضل کا امتحان پاس کیا هوا تھا، بدقسمتی سے اپنے والد کی وفات کی وجہ سے وہ انگلستان میں اپنی تعلیم جاری نہ رکھ سکے اور اپنے علمی ذوق کی تسکین کے لیے انہوں نے فارسی عربی کا مطالعہ شروع کیا، یہ روشن نہیں کو مجوزہ تعلیم کا منصوبہ ترک کرنے کے بعد کن لوگوں سے ان کے روابط استوار هوئے، لیکن ایک بات واضح ہے کہ معیاری تحقیق کا جذبہ اسی وقت بیدار هوا۔

وطن واپس پہنچے تو سر شیخ عبدالقادر کی سفارش پر انہیں اسلامیہ کالج لاهور میں استاد کی حیثیت سے کام ملا، لیکن تدریس کی بجائے ان کا تمایل تحقیق کی طرف زیادہ تھا۔ اور وہ سوچنے لگے تھے کہ اردو کی پیدائش کیسے اور کہاں هوئی؟ ان کا اولین معیار تحقیق یہ تھا کہ جب تک قوی شواهد موجود نہ هوں اس وقت تک بات قیاسی رہ جاتی ہے اور پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچتی۔

پھر شواھد کی تلاش میں وہ کوئی کسر اٹھا نہ رکھتے اور اس کے لیے وہ بساط بھر صرف مال و جان کرتے رہے ، مثلاً ایک سکے کے سوا اکبر کے سکوں کا پورا سلسلہ ان کے پاس موجود تھا، یہ بات میں بعد میں بیان کروں گا ، کہ شہنشاھوں کے سکوں کے کامل سلسلے بہم پہنچانے میں ان کے ملحوظ خاطر کیا ھدف تھا، اور اس سلسلے میں انہوں نے اپنے شاگردوں کی تربیت کیسے کی، فی الحال صرف یہ کہنا چاھتا ھوں۔ کہ انہوں نے ایک دن مجھے اس صورت حال سے آگہ کیا، اور اپنے ساتھ گجرات چلنے کے لیے کہا۔ میں اس وقت (۱۹۳۳ء) میں ان کا طالب علم تھا اور اس سے پہلے گورنمنٹ کالج گجرات میں زیر تدریس رھنے کی وجہ سے شہر گجرات کے جغرافیہ اور اشخاص سے مانوس تھا، گجرات میں اس وقت ایک پادری مارٹن صاحب سکے جمع کر کے بیچا کرتے تھے۔ ھم ریلوے سٹیشن سے تانگہ لے کر مارٹن کے گھر پہنچے، پادری بڑی تواضع سے پیش آیا اور حافظ صاحب نے مطلوبہ سکے کا مطالبہ کیا تو وہ فوراً اندرون خانہ سے سکہ لے آیا، شیرانی صاحب نے اس چمکتے ھوئے سکے کو ایک نظر دیکھا تو چارپائی سے اٹھ کھڑے ھوئے۔ مارٹن مول تول کرنے کی تجاویز کر رھا تھا ، لیکن شیرانی صاحب اس کی کسی بات کو درخور اعتناء نہیں سمجھتے تھے، واپسی پر راستے میں انہوں نے بتایا کہ اس آدمی کے پاس اکبر کا اصلی سکہ یا موجود ھے یا اس کی دسترس میں ھے ، لیکن یہ اس کی مجعول تیار کر کے بیچ رھا ھے اور جب تک یہ کافی جعلی سکے فروخت نہ کر لے گا ، اس وقت تک یہ اصلی سکے کی نشاندھی یا فروخت کے لیے تیار نہ ھوگا، اس لیے اس سے اس وقت سودا کرنا بے کار ھے۔ ھم مارٹن کے مکان سے صرافہ بازار میں پہنچے وھاں شیرانی صاحب نے مختلف زرگروں سے استفسار کیا اور پھر ایک سنار کی دکان پر دھرنا مار کر بیٹھ گئے، اس نے ایک چیتھڑے میں بندھے ھوئے تانبے اور چاندی کے سکے ڈھیر کر دیے ــــ شیرانی صاحب نے ان کو ایک نظر الٹ پلٹ کر دیکھا اور سنار سے سودا کرنے کے بعد یہ طے پایا کہ چاندی کے تمام سکے چاندی کے بھاؤ تول کر لیئے جائیں گے اور تانبے کے چار آنے فی سکہ کے حساب سے زرگر نے سکے تول دیے اور شیرانی صاحب نے قیمت ادا کر دی۔

دوپہر کا کھانا میرے مکان پر گجرات میں تھا، وہاں آپ نے پھر چیتھڑے کو کھولا۔ اور ایک سکہ نکال کر اسے غور سے دیکھنا شروع کیا پھر مسکراتے ہوئے اسے میرے ہاتھ پر رکھدیا ـــــ ساتھ ہی فرمایا : تم نے سنا، مارٹن صاحب اسی زرگر کا ذکر کر رہے تھے اور غالباً اسی زرگر سے اکبر کے اس سکے کی نقلیں بنوا رہے تھے، پھر نقل کی قیمت دس گنا مانگ رہے تھے میں نے اصل سکہ چاندی کے وزن کے حساب سے خرید لیا ہے، وہ اپنی کامیابی پر بہت خوش نظر آتے تھے۔

سکوں اور خطی نسخوں کی تلاش کے وقت شیرانی صاحب نے متعدد مرتبہ مجھے ہمرکابی کا شرف بخشا، انہیں جب معلوم ہو جاتا، کہ ہندوستان کے فلاں شہر میں فلاں شخص کے پاس ایک نادر نسخہ یا سکہ ہے تو وہ ہر قیمت پر اسے حاصل کرنے کی کوشش کرتے اور یہ بات عام طور پر معلوم ہے کہ ان کے پاس خطی نسخوں کا ایک نادر ذخیرہ موجود تھا اور مغل شہنشاہوں کے سکوں کے سونے اور چاندی کے کامل سلسلے بھی تھے۔

شواہد اور ثبوت کے متعلق بھی شیرانی صاحب کا معیار نہایت عالمانہ تھا، وہ یہ صحیح طور پر سوچتے تھے، کہ تاریخی واقعات کی صحت جانچنے اور پرکھنے کے لیے یہ نہایت ضروری ہے کہ

معاصر تاریخوں سے ثبوت اور دلیل مہیا کی جائے۔ بعد کی تواریخ کتنی بھی مقبول کیوں نہ ہوں اس تاریخ کے برابر نہیں ہوسکتیں جو معاصرین نے مرتب کی ہے، کیونکہ ہر مورخ جب سنی سنائی یا اپنے سے پہلے لوگوں سے تاریخی واقعات نقل کرتا ہے تو اس کا امکان موجود رہتا ہے کہ اس شک اور ظن کی بدولت حقیقت مسخ ہو جائے۔

شیرانی صاحب اس مطمح نظر کو پیش نظر رکھ کر کتابوں کے معاصر خطی نسخے اور سکے جمع کیا کرتے تھے تاکہ واقعات کی چھان بین کے لیے صحیح طور پر استناد ہو سکے۔ ایک مثال عرض کروں گا۔

امیر خسرو کی بے حد کمیاب مثنوی تغلق نامہ مجلس مخطوطات فارسی حیدرآباد (دکن) کی طرف سے ۱۹۳۳ء میں شائع ہوئی، یہ مثنوی مولوی

رشید احمد مرحوم نے کتاب خانۂ حبیب گنج کے ایک قلمی نسخہ سے نقل کی تھی، مرحوم کی بے وقت موت کے بعد یہ مثنوی سید ہاشمی فرید آبادی نے ایک دیباچے اور خلاصۂ مثنوی کے اضافے کے ساتھ شائع کی۔ اس دیباچے اور مقدمے پر سید مقبول احمد صمدانی نے ہندوستان اکیڈیمی کے تماہی رسالہ ـــ (اشاعت جولائی ۱۹۳۴ء) میں تنقید و تبصرہ کیا ۔ شیرانی صاحب کو اس تنقید سے اختلاف تھا انہوں نے مجھ سے اس کی تردید لکھنے کے لیے کہا، میں اس وقت تک ان سے تربیت حاصل کر کے پنجاب یونیورسٹی کے شعبۂ تاریخ میں ریسرچ اسسٹنٹ کی حیثیت سے کام کر رہا تھا، ہاشمی صاحب نے تغلق نامہ کی تاریخی اہمیت بیان کرتے ہوئے لکھا تھا کہ ـــ اس مثنوی سے بہت سے تاریخی واقعات کی تفاصیل بہم پہنچتی ہیں اور کئی ایک مؤرخین کے غلط بیانات کی تصحیح ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں آپ نے قطب الدین مبارک کے قتل کی تاریخ جمادی الاخری ۷۲۰ھ کی چاند رات امیر خسرو کے ذیل کے اشعار سے اخذ کی :

چو تاریخ عرب شد هفصد و بیست
ثبات قطب شد کم جانب زیست

جماد دومین را شد پدیدار
هلال تیره و تاریک دیدار

شد آن مه بر همه گیهان مبارک
مگر بر طالع سلطان مبارک

اور پھر غازی ملک تغلق کی تخت نشینی کی تاریخ پہلی شعبان ۷۲۰ھ ذیل کے شعر سے نکالی :

چو صبح غرهٔ شعبان فرخ
نمود از تخت گه آسمان رخ

سید مقبول احمد اس پر معترض تھے، اور مشہور مستشرق بیل (Beale) اوریئنٹل بیاگریفکل ڈکشنری کے مصنف اور معروف مؤرخ فرشتہ کے حوالے سے اس پر مصر تھے کہ خلجی سلطان قطب الدین مبارک کا قتل اور غازی ملک تغلق کی تخت نشینی ۷۲۰ھ میں نہیں بلکہ ۷۲۱ھ میں ہوئی

تھی، شیرانی صاحب نے میری راہ نمائی کرتے ہوئے کہا کہ یہ نظریہ بالکل غلط ہے۔ فرشتہ اور بیل دونوں قطب الدین مبارک سے بہت بعد کے آدمی ہیں ان کی بات بدون تامل نہیں مانی جا سکتی، تاریخ فیروز شاہی کا مصنف برنی اس عہد کے قریب اور معاصر ہونے کی وجہ سے زیادہ قابل اعتماد ہے چنانچہ میں نے برنی کو دیکھا تو اس نے حروف میں تغلق شاہ کا سنہ جلوس ۷۲۰ھ بیان کیا ہے۔

اور جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ایسے مواقع پر شیرانی مرحوم سکوں سے بھی مدد لیا کرتے تھے اور سکے جمع کرنے کا ایک مقصد یہ بھی تھا کہ تاریخی واقعات کی جانچ پرکھ کے لیے انہیں استعمال کیا جائے، چنانچہ راقم نے بھی ان دونوں بادشاہوں کے سکے تلاش کرنے شروع کیے۔

ہندوستان میں سلاطین دھلی کے جو سکے اس وقت موجود تھے، ان کی مفصل فہرستیں شائع ہو چکی ہیں ۔ ان میں قطب الدین مبارک کے سونے، چاندی اور تانبے کے دستیاب ہونے والے سکوں کی جو تفصیل درج ہے وہ سب کے سب ۷۱۷ھ اور ۷۲۰ھ کے بین بین مسکوک ہوئے ہیں، ۷۲۱ھ کا کوئی سکہ نہیں ملتا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قطب الدین مبارک کا عہد ۷۲۱ھ سے پہلے ختم ہو چکا تھا اور وہ ۷۲۱ھ میں زندہ نہیں تھا ۔ لیکن یہ بھی ممکن تھا کہ ۷۲۱ھ کے سکے دستیاب نہ ہوئے ہوں۔

اس کے بعد مجھے ناصرالدین خسرو خان کے سکے تلاش کرنے پڑے، یہ غدار وزیر اور قطب الدین مبارک کا غلام اپنے آقا کو قتل کر کے تخت دھلی پر متمکن ہو گیا تھا، دھلی کی ٹکسال کا ایک سکہ دستیاب ہوا، جو خسرو خان نے بنوایا تھا اور اس کے حاشیے پر ۷۲۰ھ کا سال حروف میں درج تھا، ظاہر ہے کہ خسرو خان اپنے بادشاہ کی موجودگی میں اپنے نام کا سکہ نہیں چلا سکتا تھا اور اس وقت مبارک کا قتل ہو چکا تھا، راقم نے پھر غیاث الدین تغلق شاہ کے سکے تلاش کئے تو اس کے بھی ۷۲۰ھ کے متعدد سکے مل گئے، ان سے بھی ثابت ہوا کہ خسرو خان کے بعد تغلق شاہ بھی ۷۲۰ھ میں تخت پر بیٹھ گیا تھا میری یہ ساری تحقیق معارف (اعظم گڑھ) میں شائع ہوئی اور شیرانی صاحب اسے دیکھ کر بہت مطمئن ہوئے۔

شیرانی مرحوم کا تحقیقی معیار یہ بھی تھا کہ وہ سند کے بغیر کسی دعوے کو قبول کرنے کے لیے آمادہ نہ ہوتے تھے۔ مولوی عبدالحق مرحوم نے جب ان سے شعرالعجم لکھوائی تو شعرالعجم کی جا بجا تصحیح کے لئے انہوں نے صرف ایک ہی طریقہ اختیار کیا، کہ شعرا کے اپنے کلام اور معاصر تواریخ سے شواهد اور دلائل فراہم کئے۔ انہوں نے مولوی شبلی نعمانی کی علمیت اور فضیلت کو تسیلم کرتے ہوئے تحقیق کے میدان میں ان کے روایتی قد کاٹھ کو وقعت نہ دی اور مستند حوالوں سے انہیں جو کچھ دستیاب ہوا، اس کے بل پر شبلی کی تصحیح کی۔

مختصراً شیرانی مرحوم کا طریق کار یہ تھا کہ موضوع زیر بحث پر تحقیق کرنے کے لیے سب سے پہلے مستند مواد جمع کیا جائے، تاریخی لسانی اور ادبی مواد میں وہ صحیح معاصر خطی نسخوں ، سکوں، فرامین، اور تاریخ دار ظروف، کتبوں، پارچات اور چوبی شواہد وغیرہ کو اولیت کا درجہ دیتے تھے۔ پھر اگر روایت کے تواتر کے شواهد هاتھ آتے تو وہ انہیں ثانوی حیثیت سے سنین کے قریب و بعید کے مطابق درجہ دے کر استعمال کرتے۔ اس سلسلے میں انہوں نے تجربے کی کثرت اور تاریخ کے عمیق مطالعہ میں اتنی مہارت پیدا کرلی تھی، کہ وہ اصل اور نقل میں آسانی سے تمیز کر لیتے تھے اور بسا اوقات کاغذ دیکھ کر خطی نسخے کی عمر معین کر لیتے تھے، انہیں معلوم تھا کہ مغل شہنشاهوں کے دور میں شاھجہان کا زمانۂ کثرت ثروت کے اعتبار سے سب سے زیادہ اھم اور عمدہ وقت ھے۔ لہذا اسی دور میں ھندوستان میں کاغذ بھی عمدہ بننا شروع ھو گیا تھا۔ اس طرح سے شاھجہان کے زمانے میں جب ھندوستان میں قالین بافی شروع ھوئی تو ھندوستان کے بنے ھوئے قالین ایرانی قالینوں سے زیادہ قیمت پر بکنے لگے۔ شیرانی مرحوم کا خیال تھا کہ ھندی مسلمانوں نے جہاں کتابت، مصوری اور معماری میں عدیم المثال اور نادر نمونے پیش کیے ھیں، وھاں پارچہ بافی اور قالین بافی میں بھی اپنے نبوغ ھنر کی حسین و جمیل نمائش کی ھے اور ثروت اور وسائل کی تکثیر و تقایل کے ساتھ ھنر کاری مفید اور تزئینی ھنروں کا معیار بدلتا رہا ھے۔ انہوں نے خود بڑے خوبصورت اور حسین کھیس جمع کر رکھے تھے اور قدیم کپڑوں کی عمر

بھی وہ ھنر کے معیار کو جانچ کر مقرر کر سکتے تھے ۔ یعنی ان کے مطالعہ اور تحقیق کا عملی اور مثبت پہلو یہ تھا، کہ وہ اپنے علم سے ماضی کے دریچوں میں بوثوق جھانک سکتے تھے ۔ افسوس ہے کہ شیرانی کی روایت بہت دور اور بہت دیر تک نہ چلی ۔ استقلال پاکستان سے ذرا پہلے ان کا قیمتی کتاب خانہ تو پنجاب یونیورسٹی کے قبضے میں آ گیا، لیکن پاکستان کی ہیئات مقتدرہ کی عدم توجہی کی وجہ سے ان کے سکے تول کر ایک ھندو مارواڑی ھندوستان لے گیا ۔ ان کے دام غالباً ۲۰ ھزار پڑے، وزن کے حساب سے بھی یہ اب ۲۰ لاکھ کے ھوں گے ۔ لیکن قدر کے اعتبار سے شاید انمول ھیں، اتلاف کا یہ سلسلہ جاری ہے ۔ پاکستان کی تاریخ اور ثقافت سے متعلق پرزے اغیار خرید کر اپنے ملک میں لے جا رہے ھیں، اور یہاں جن لوگوں کے پاس پڑے ھیں وہ ضائع ھو رہے ھیں؛ کیونکہ یہاں تحقیق کرنے والے جاندار انسانوں کا کوئی پرسان حال نہیں، بےجان کتابوں، سکوں، فرامین اور دیگر وثائق کو کوئی کیا کرے۔ نتیجہ یہ ہے کہ یہاں بہت سے شیرانی پیدا ھونے بھی ختم ھو گئے ھیں۔

پروفیسر سید وقار عظیم

اورینٹل کالج کے

طلبہ کا تحقیقی کام

برصغیر کے جن تعلیمی اداروں نے انیسویں صدی کی آخری تین دھائیوں سے اس وقت تک مشرقی علوم میں تفتیش و تحقیق کی بڑی وقیع روایت قائم کی اور برقرار رکھی ان میں یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور کا نام بلاشبہ سب سے نمایاں ہے۔ سنسکرت، ہندی اور پنجابی پر کام کرنے والوں میں بی۔ ڈبلیو۔ لائٹنر، آرل اسٹین، اے۔ سی۔ وولنر، اے۔ ڈبلیو۔ اسٹراٹن، لکشمن سروپ، سوربا کانت، پنڈت سیوادت، پنڈت گروو پرشاد، بنارسی داس جین اور موہن سنگھ دیوانہ کے نام اور عربی، فارسی اور اردو کے موضوعات پر تحقیقی کام کرنے والوں میں ٹی۔ ڈبلیو۔ آرنلڈ، محمد حسین آزاد، مولوی محمد شفیع، حافظ محمود شیرانی، عبدالعزیز میمنی، ڈاکٹر عنایت اللہ، پروفیسر محمد اقبال، عباس شوشتری، مولانا فیض الحسن، سید اولاد حسین شاداں بلگرامی اور ڈاکٹر سید عبد اللہ کا تحقیقی کام ایسا ہے کہ اس کی اہمیت بین الاقوامی دنیا میں تسلیم کی گئی ہے۔ چنانچہ ۱۹۵۰ء کے شروع میں جب مجھے اس کالج کے شعبۂ اردو سے وابستہ ہونے کا شرف حاصل ہوا تو اسے میں نے زندگی کا ایک اہم واقعہ سمجھا، اور بلاشبہ یہ واقعہ آگے چل کر کئی حیثیتوں سے اہم ثابت ہوا۔ فروری ۱۹۵۰ء سے اپنی سبک دوشی کے وقت (ستمبر ۱۹۷۰ء) تک کی تقریباً اکیس سال کی مدت میرے لیے اس لحاظ سے بڑی اہم ہے کہ اس مدت کا ایک ایک لمحہ کاموں میں مصروف رہنے اور دوسروں کو کاموں میں مصروف رکھنے کی مسرت و سرخوشی میں بسر ہوا۔ میں نے جب ۴ فروری کو کالج میں قدم رکھا تو میرے حصے کا کام میرا منتظر تھا۔ اسی دن پتہ چل گیا کہ ایم۔ اے کی جماعتوں میں افسانوی ادب اور اقبال کے پرچوں کی تدریس میرے ذمے ہے۔ جماعتوں سے ابتدائی تعارف کا مرحلہ بڑی تیزی سے طے ہوا اور میں نے پہلے ہی دن طلبہ

اور طالبات سے ابتدائی گفتگو کی اور کل سے جو کام کرنا تھا، طلبہ کے مشورے سے اس کا ابتدائی خاکہ مرتب کیا۔

کام شروع ہوا تو ایم۔ اے کی تدریس کی مختلف رخ سامنے آئے۔ ایم۔ اے کے طلبہ کو سات پرچوں میں امتحان دینا ہوتا تھا۔ ان میں سے آخری پرچہ مضمون نگاری کا تھا۔ طلبہ کو اختیار تھا کہ اس پرچے کے بجائے وہ کسی منظور شدہ موضوع پر مقالہ لکھیں۔ چنانچہ اس سال (یعنی ۱۹۵۰ء میں) جن طلبہ اور طالبات کو ایم۔ اے کے امتحان میں شریک ہونا تھا ان میں سے تقریباً آدھے مقالہ لکھ رہے تھے۔ بعض مقالات کی نگرانی میرے سپرد ہوئی۔ مقالات کے خاکے اور طلبہ کی کارکردگی دیکھ کر اندازہ ہوا کہ انہیں کام کا شوق تو ہے لیکن مقالے کی ترتیب، تدوین اور تسوید کے مختلف مراحل جس توجہ، انہماک، تن دہی اور دماغ سوزی کی طلب اور تقاضا کرتے ہیں، اس کا احساس انہیں ابھی نہیں۔ ایم۔ اے کے طلبہ پہلی مرتبہ ایم۔ اے (اردو) کے امتحان میں بیٹھ رہے تھے اس لیے مقالہ نگاری کا تجربہ ان کی زندگی کا پہلا تجربہ تھا اور عام مضمون نگاری اور مقالہ نگاری میں جو فرق ہے اس سے اب تک وہ واقف نہیں تھے۔

یہ بات پہلے سال کی ہے۔ اس کے بعد آنے والے ہر دور میں سال بسال جو مقالات لکھے گئے ان کی ترتیب و تحریر کے معیار میں بتدریج ترقی ہوئی اور بالآخر یہ صورت پیدا ہوئی کہ ایم۔ اے کے امتحان کے لیے لکھے ہوئے مقالوں میں سے بعض ایسے ہوتے تھے کہ بڑی آسانی سے انہیں پی۔ ایچ۔ ڈی کے مقالوں کے مقابلے میں رکھا جا سکتا تھا۔ ایم۔ اے کے لیے لکھے ہوئے مقالوں کی ایک فہرست اس وقت میرے پیش نظر ہے۔ یہ فہرست ڈھائی سو سے زیادہ مقالوں کی ہے اور ان کے موضوعات اتنے متنوع ہیں کہ اردو ادب و شعر کا شاید ہی کوئی ایسا رخ ہو جو اس فہرست میں موجود نہ ہو۔ موضوعات کے تنوع اور کام کی نوعیت کا اندازہ تو مکمل فہرست دیکھ کر ہی ہوسکتا ہے، لیکن میں اپنی بات کی وضاحت کے لیے صرف ان مقالات کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جو افسانوی ادب کے مختلف پہلوؤں پر لکھے

گئے، اور اس میں داستان، ناول، اور افسانے کے علاوہ ڈرامے سے تعلق رکھنے والے موضوعات بھی شامل ہیں۔ پہلے مقالات کے عنوانات پر ایک نظر ڈال لیجئے :

داستانیں :

۱- باغ و بہار کے کردار
۲- رجب علی بیگ سرور کی قصہ گوئی
۳- باغ و بہار کے نسوانی کردار
۴- باغ و بہار کا اخلاقی پہلو
۵- فسانۂ عجائب کا تنقیدی مطالعہ
۶- باغ و بہار اور فسانۂ عجائب کا تقابلی مطالعہ
۷- رجب علی بیگ کا تہذیبی شعور

ناول :

۱- اردو ناول بیسویں صدی میں
۲- پریم چند کے ناول
۳- راشد الخیری بحیثیت ناول نگار
۴- منشی سجاد حسین کے ناول
۵- اردو کی ناول نگار خواتین
۶- اردو کے ناولوں کے اہم کردار
۷- مرزا محمد سعید کی ناول نگاری
۸- نذیر احمد کے ناولوں کے کردار
۹- امراؤ جان ادا کے کردار
۱۰- عزیز احمد بحیثیت ناول نگار
۱۱- تاریخی ناول تقسیم کے بعد
۱۲- پریم چند کا نظریۂ حیات و نظریۂ فن
۱۳- پریم چند کے ناولوں میں عورت کا تصور
۱۴- فسادات اور اردو ناول
۱۵- مولانا شرر کے ناول ادبی تنقید کی روشنی میں

۱۶- اردو کے مزاحیہ ناول
۱۷- اردو کے انعام یافتہ ناولوں کا فکری و فنی تجزیہ
۱۸- چوگان ہستی کا تنقیدی مطالعہ
۱۹- پریم چند کے ناولوں میں رومانی عناصر
۲۰- اردو کے ناولوں میں دیہاتی معاشرت کی عکاسی
۲۱- فسانۂ آزاد کے کردار
۲۲- فسانۂ آزاد کا فنی مطالعہ

مختصر افسانہ :

۱- سجاد حیدر یلدرم ــــ شخصیت اور فن
۲- پریم چند بحیثیت افسانہ نگار
۳- سلطان حیدر جوش (افسانہ نگار)
۴- نیاز فتح پوری (افسانہ نگار)
۵- ل ۔ احمد ۔ اکبر آبادی (افسانہ نگار)
۶- مجنوں گورکھ پوری (افسانہ نگار)
۷- سدرشن کی افسانہ نگاری
۸- تقسیم کے بعد اردو افسانہ
۹- اردو افسانہ اور فسادات
۱۰- کرشن چندر کی افسانہ نگاری
۱۱- علی عباس حسینی کی افسانہ نگاری
۱۲- اردو افسانوں میں پنجاب کے دیہات
۱۳- جدید اردو افسانہ اور نفسیات
۱۴- منٹو کے افسانے
۱۵- حجاب امتیاز علی کے افسانے
۱۶- ہاجرہ مسرور کے افسانے
۱۷- خدیجہ مستور کے افسانے
۱۹- راجندر سنگھ بیدی کے افسانے
۲۰- زادراہ کا فکری و فنی جائزہ

۲۱- پریم چند کے افسانوں میں حقیقت نگاری
۲۲- اردو میں طویل مختصر افسانہ
۲۳- اردو افسانہ اور معاشرتی مسائل

ڈراما :

۱- آغا حشر کی ڈراما نگاری
۲- اردو کے یک بابی ڈرامے
۳- ڈراما نگاری کا فن

فہرست کو دیکھ کر اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ تحقیق کے لیے جن موضوعات کا انتخاب کیا گیا وہ عموماً سیدھے سادے ہیں اور کسی ایک ادیب کی زندگی اور کارناموں سے تعلق رکھتے ہیں، لیکن ان موضوعات میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جن کا میلان پھیلاؤ کے بجائے تحدید کی طرف ہے اور مقالہ نگار کے لیے ضروری ہے کہ وہ موضوع کی گہرائی میں جا کر دقت نظر سے اس کا مطالعہ کرے اور اس کی تحقیق کے نتائج ایسے ہوں جن میں عمومیت کے بجائے تخصص اور انفرادیت ہو۔ ذیل کے چند موضوعات کی نوعیت یہی ہے :

باغ و بہار کا اخلاقی پہلو، رجب علی بیگ کا تہذیبی شعور، پریم چند کے ناولوں میں عورت کا تصور، پریم چند کے ناولوں میں رومانی عناصر، ناولوں میں دیہاتی معاشرت کی عکاسی، جدید اردو افسانہ اور نفسیات، اردو افسانہ اور معاشرتی مسائل ۔

یہ سب موضوعات ایسے ہیں جو مقالہ نگار سے وسعت مطالعہ کے علاوہ دقت نظر کا مطالبہ بھی کرتے ہیں اور ان کی ذہنی تربیت کا وسیلہ بھی بنتے ہیں۔ اس طرح سے موضوعات پر کام کرنے والوں کو مواد کی فراہمی کے لیے جو کاوش کرنی پڑتی ہے وہ اس ذہنی تربیت کا ایک رخ ہے اور فراہم کیے ہوئے مواد کو رد و قبول کے مراحل میں سے گزار کر اسے حسن اور سلیقے سے ترتیب دینا اس اہم ترتیت کا دوسرا رخ ۔

افسانوی ادب سے تعلق رکھنے والے موضوعات کے علاوہ طلبہ نے جن موضوعات پر مقالے لکھے ان میں ہر دور کے شعرا کے علاوہ، اردو

شاعری کے مختلف اصناف، اس کے مختلف ادوار، اور ان ادوار میں ظاہر ہونے والے رجحانات کا جائزہ شامل ہے۔ شاعروں کی فہرست میں ولی، میر، سودا، درد، انشا، مصحفی (جرأت)، آتش، ناسخ، وزیر، امیر، داغ، جلال، اسیر، منیر شکوہ آبادی، اند، محسن کاکوروی، نظیر اکبر آبادی، شاہ نصیر، ظفر، ذوق، مومن، غالب، شیفتہ، ظہیر دہلوی، آزاد، شبلی، اسمعیل میرٹھی، احسن مارہروی، سیماب اکبرآبادی اکبر، چکبست، حسرت، حالی، جگر، اصغر، یگانہ، انیس، دبیر، تلوک چند محروم، نفیس، شوق قدوائی، بینظیر شاہ، بیخود دہلوی، سائل دہلوی، ریاض خیر آبادی، میراجی، ن۔ م۔ راشد، حوشی محمد ناظر، خواجہ دل محمد، محمد علی جوہر، ظفر علی خاں، آرزو لکھنوی، صفی لکھنوی، ثاقب لکھنوی نواب مرزا شوق، عظمت اللہ، جوش ملیح آبادی، حفیظ جالندھری، ظریف لکھنوی وغیرہ شامل ہیں۔ اقبال کے فکر و فن کے مختلف پہلوؤں اور ان کے کلام کے مختلف مجموعوں پر دو درجن کے قریب جو مضامین لکھے گئے وہ ان کے علاوہ ہیں۔ اصناف اور ادوار سے تعلق رکھنے والے موضوعات کی تعداد بھی خاصی ہے۔ پھر بہت سے موضوعات ایسے ہیں جن میں معروف نثر نگاروں کی خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے اور ان میں نقاد، انشا پرداز، مزاح نگار، مورخ اور محقق ہر طرح کے لکھنے والے شامل ہیں۔ نقادوں میں حالی، شبلی اور آزاد سے لے کر عبدالحق، سلیمان ندوی، عبدالسلام ندوی، سلیم پانی پتی، عبدالقادر، پیارے لال آشوب، کلیم الدین احمد، ڈاکٹر زور، مسعود حسن رضوی، محمود شیرانی، صلاح الدین احمد، ابوالکلام آزاد، آل احمد سرور اور احتشام حسین وغیرہ کے نام ہیں، دوسرے نثاروں میں غالب، مہدی افادی، سجاد الغاری، چراغ حسن حسرت، رشید احمد صدیقی، پطرس فرحت اللہ بیگ، عظیم بیگ چغتائی، شوکت تھانوی اور کنہیا لال کپور پر مقالات لکھے گئے۔

مقالات کے دو اور سلسلے بھی ایسے ہیں جن کا ذکر ضروری ہے، ایک انگریزی کی تنقیدی کتابوں کے ترجمے اور دوسرے رسالوں کی وضاحتی فہرستیں۔ طلبہ سے اردو کے جن مشہور رسالوں کی وضاحتی فہرستیں مرتب کروائی گئیں ان میں اورینٹل کالج میگزین، اردو، زمانہ، ہمایوں، معارف،

جامعہ، ہندوستانی اور برہان قابل ذکر ہیں۔ انگریزی کے جن مقالوں، رسالوں اور کتابوں کے ترجمے ہوئے ان کی فہرست بڑی خاصی طویل ہے :

1. Theory of Literature—*Austin Warren and Rene Wellek*
2. Laocoon—*G. A. Lessing.*
3. The Study of Drama—*Brander Matthews.*
4. A History of Urdu Literature—*T. Graham Bailey.*
5. Space, Time and Gravitation—*A. S. E. Eddington.*
6. The Principles of Aesthetics—*D. W. H. Parker.*
7. An Introduction to the Study of Literature—*W. H. Hudson.*
8. The Making of Literature—*R A. Scott James*
9. Utopia—*Sir Thomas More*
10. Urdu Literature in 19th Century—*Abdul Qadir.*
11. (i) The Philosophy of Composition; (ii) The Poetic Principle—*Edgar Allan Poe.*
12. Aspects of the Novel—*E. M. Forster.*
13. Principles of Literary Criticism—*Lascells Abercrombei.*
14. On the Subline—*Longinus.*
15. Ancient Art and Ritual—*Ellen Harrison.*
16. Critical Approaches to Literature—*David Daiches.*
17. The Novel and the People—*Ralph Fox.*
18. A Defence of Poetry—*Shelley.*
19. What is Art—*Tolstoy.*
20. Prefaces and Essays on Poetry—*Wordsworth.*
21. Essays in Criticism—*Matthew Arnold.*

ایم ۔ اے اردو کے طلبہ اور طالبات نے کالج کی تحقیقی سرگرمی میں جو حصہ لیا میں نے اس کا ایک مجمل خاکہ پیش کیا ہے۔ اس

خاکے کے مطالعے سے یہ بات تو واضح طور پر سامنے آ جاتی ہے کہ طلبہ کی تنقیدی اور تحقیقی صلاحیتوں کو ابھارنے اور اس مخصوص عملی کام کا ذوق پیدا کرنے کے لیے تنقید و تحقیق کے دائرے کو جس حد تک وسعت دی جا سکتی تھی دی گئی ۔ اس کا نتیجہ ہے کہ پچھلے بیس برس کے دوران میں شعبۂ اردو سے تعلق رکھنے والے طلبہ اور اساتذہ نے بیس سے زیادہ مقالے لکھ کر پی ۔ ایچ ۔ ڈی کی ڈگریاں حاصل کیں۔ تحقیقی کام کا یہ رخ ایسا ہے جس پر علیحدہ بحث کی ضرورت ہے ۔ البتہ ایم ۔ اے کے مقالات کے متعلق چند باتیں اور کہنے کی ہیں۔ ان میں سے پہلی بات تو یہ ہے کہ طلبہ نے ایم ۔ اے کی سطح پر جو مقالے لکھے ان میں سے کئی ایسے ہیں جنھیں ناشروں نے کتابی صورت میں شائع کیا ہے ، اور لکھے ہوئے مقالات میں سے خاصی تعداد ایسے مقالوں کی ہے، جو کتابی صورت میں شائع ہونے کے قابل ہیں۔

ان مقالات کے متعلق کہنے کی ایک اور بات ان کا حجم ہے ۔ ان مقالات میں سے تین تو ایسے ہیں جن کی ضخامت علی الترتیب ۶۵۳، ۶۷۴ اور ۶۸۲ ہے ۔ دو مقالات چار سو اور پانچ سو صفحات کے درمیان ہیں ۔ جو مقالات ۳۰۰ سے لے کر ۴۰۰ صفحات تک کے ہیں ان کی تعداد گیارہ ہے - ۶۳ سے ۹۹ صفحات تک کے مقالات کی تعداد ۱۳ ہے اور تقریباً ۲۰۰ مقالات میں سے آدھے ایسے ہیں جن کا حجم ۲۰۱ اور ۳۰۰ کے درمیان اور آدھے ایسے جن کی ضخامت ۱۰۰ اور ۲۰۰ کے درمیان ہے ۔ مقالات میں سے بعض کی ضخامت کا بہت کم اور بعض کا بہت زیادہ ہونا عموماً موضوع کی نوعیت کے فرق کی وجہ سے ہے ، لیکن ان میں سے اکثر کی ضخامت میں اعتدال کی روش کے نمایاں ہونے کی وجہ وہ ذہنی تربیت ہے جو بیس سال کی روایت کی بدولت طلبہ کو حاصل ہوئی ہے اور اسی ذہنی تربیت کو میں شعبۂ اردو کے طلبہ و طالبات کی تحقیقی کاوشوں کا سب سے بڑا انعام سمجھتا ہوں ۔

ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار

اوریئنٹل کالج کی تصنیفی روایت کے تین دور

اوریئنٹل کالج کا قیام ایک ایسے زمانے میں ہوا جب بر صغیر میں مشرق اور مغرب اس انداز میں مل رہے تھے کہ مشرق اپنی محکومی کے تصور سے شرمسار اور مغرب اپنی فتحمندی کے نشے میں سرشار تھا۔ رڈیارڈ کپلنگ کا یہ مقولہ اسی ماحول کی یادگار ہے کہ مشرق مشرق ہے اور مغرب مغرب، یہ دونوں نہ کبھی ملے ہیں اور نہ مل سکتے ہیں۔ انیسویں صدی کا یہ قول اس زمانے میں کچھ بے جا بھی نہ تھا۔ کیونکہ حاکم و محکوم کے ذہن و فکر الگ الگ تھے، ان کی بستیاں الگ الگ تھیں، ان کے طریق بود و ماند جدا جدا تھے۔ اس صورت میں ملاپ کی صورت کیا ہو سکتی تھی سوائے اس کے کہ مشرق اپنی اصلیت کو چھوڑ دے اور مغرب کی تقلید اختیار کر لے۔ محکومی کے زمانے میں اکثر ایسا ہوا ہی کرتا ہے کہ صاحب اقبال قوم کی ہر بات اچھی سمجھی جاتی ہے اور اسے قابل تقلید خیال کیا جاتا ہے۔ مفتوح اقوام جب سیاسی شکست کے بعد تہذیبی شکست بھی قبول کر لیتی ہیں تو وہ اپنی قومی ہستی سے بیگانہ ہو جاتی ہیں۔ اس خود کشی کے بعد قوم کی اپنی نظروں میں بھی کوئی وقعت نہیں رہتی اور غیر تو اسے کسی عزت کا اہل سمجھتے ہی نہیں۔ بر صغیر کے باشندے انیسویں صدی میں اس خطرناک صورت حال سے دو چار تھے۔

اس عالم میں پنجاب سے انجمن پنجاب کی تعلیمی تحریک کا آغاز ہوا، اور مشرق و مغرب میں ہم آہنگی کے لیے مشرق کے تہذیبی و علمی ورثے کو اساس قرار دے کر اس کی ترویج و ترقی کے ساتھ ساتھ مغربی علم و ادب سے استفادے کا نظریہ پیش کیا گیا۔ یہ بات اس زمانے میں انوکھی ضرور تھی لیکن خود اعتمادی کے جذبے سے معمور تھی۔ اور

(بحوالہ رپورٹ بابت ۱۸۶۸ء — ۱۸۶۹ء)

یہ عجیب بات ہے کہ اس جذبے کی رہنمائی ایک ایسا شخص کر رہا تھا جو اس ملک کا باشندہ بھی نہیں تھا۔ وہ بوڈا پسٹ (ہنگری) میں پیدا ہوا تھا اور بعد میں اس نے برطانوی قومیت اختیار کی۔ ڈاکٹر لائٹنر ایک مستشرق تھا لیکن عام مستشرقین یورپ کے برخلاف وہ استعماری ذہن کی الجھنوں میں گرفتار نہیں تھا۔ اس نے صحیح معنوں میں یہاں کے باشندوں میں خود اعتمادی کا احساس پیدا کرکے انہیں اپنے تہذیبی سرمائے اور علمی ورثے کی حفاظت کے ساتھ ساتھ جدید علوم کی تحصیل پر آمادہ کیا اور اس طرح رڈیارڈ کپلنگ کے قول کی عملاً تردید کرتے ہوئے مشرق و مغرب کے امتزاج کی پرخلوص کوشش کی۔ شاید یہی وجہ تھی کہ اسے اکثر سامراجی ذہنیت کے حامل انگریز افسروں سے، جو حاکم و محکوم کے فاصلے کو قائم رکھنا برطانوی شہنشاہیت کی بقا کے لیے ضروری سمجھتے تھے، بر سر پیکار رہنا پڑا۔ لائٹنر نے یورپین ہونے ہوئے دیسی باشندوں کے حقوق کی خاطر جدوجہد کی۔ اورینٹل یونیورسٹی کی تحریک میں لائٹنر پوری طرح کامیاب تو نہ ہو سکا، تاہم اورینٹل کالج کے قیام سے وہ اپنے مقاصد میں ایک حد تک کامیاب رہا۔ اس کا خیال تھا کہ اورینٹل کالج میں علوم و السنہ کی تعلیم کے علاوہ تحقیق و تصنیف کا کام جدید طرز پر ہونا چاہیے اور علمی تحقیق کے اس ماحصل کی طباعت و اشاعت کا انتظام بھی ہونا چاہئیے۔ اس مقصد کے تحت اورینٹل کالج کے ساتھ ریسرچ فیلوز منسلک کیے گئے جن کی کفالت دیسی امرا کے عطیات سے ہوتی تھی۔ کالج کے اساتذہ بھی درس و تدریس کے علاوہ تحقیق و تصنیف کا کام کرتے تھے۔ اگرچہ ڈاکٹر لائٹنر جس معیار پر انہیں لے جانا چاہتے تھے، وہ اس تک نہیں پہنچتے تھے جس کے وہ اکثر شاکی رہے، تاہم جس کام کا انہوں نے آغاز کیا تھا، وقت کے ساتھ ساتھ اس میں ترقی ہوتی گئی۔ ڈاکٹر لائٹنر نے مشرقی زبانوں کی تعلیم کے پرانے طریقوں میں یہ تبدیلی کی کہ زبان کے مطالعے کی بنیاد لسانی اصولوں پر رکھی اور ادبیات کے مطالعے کے لیے سیاسی اور سماجی پس منظر پر زور دیا۔ انہوں نے تحقیق و تصنیف میں مواد سازی اور اوریجنل تصنیف و تالیف کو تراجم کے مقابلے میں زیادہ اہمیت دی

کیونکہ ان کا خیال تھا کہ ترجمہ بیکار چیز ہے جس میں اصل تصنیف کا حلیہ بگڑ جاتا ہے۔ڈاکٹر لائٹنر کو یقین تھا کہ اگر اورینٹل کالج ان مقاصد کے تحت تعلیم و تحقیق کے میدان میں گامزن سفر رہا تو یہ ادارہ بہت جلد ایشیا کا ایک عظیم الشان تہذیبی مرکز بن جائے گا اور دنیا بھر کے محققین کے لیے علوم مشرقی کی تحقیق کےایک فعال مرکز کی حیثیت حاصل کر لے گا۔

اورینٹل کالج کے اولین دور میں دیسی زبانوں (اردو و ہندی) میں جدید سائنس و آرٹس کی علمی کتب کی تالیف کے علاوہ عربی اور سنسکرت کے ماہوار علمی رسائل جاری تھے۔ عربی کا رسالہ ''شفاء الصدور'' مولوی فیض الحسن سہارنپوری کی ادارت میں اور سنسکرت کا رسالہ ودیودئی (Vidyodai) پنڈت رکھی کیش شاستری کی ادارت میں نکلتا رہا۔ زبان و ادب کے علاوہ انجنئیرنگ، طب، ریاضی، تاریخ، جغرافیہ، طبیعیات، جیالوجی، کیمیا، علم الاقتصاد، قانون، فلسفہ و منطق کے علوم کی یہاں تعلیم دی جاتی تھی اور ان مضامین میں تصنیف و تالیف کا سلسلہ بھی جاری تھا۔ اس اعتبار سے اورینٹل کالج انیسویں صدی میں صحیح طور پر بیت‌العلوم (یونیورسٹی) کہلاتا تھا۔لیکن یہ صورت حال انگریز حکام کو پسند نہ تھی۔ ۱۸۸۶ء میں لائٹنر سبکدوش ہوا اور دو سال بعد ۱۸۸۸ء میں علوم و فنون کی جماعتیں بند کر دی گئیں۔ علمی جماعتیں بند ہونے کے بعد علمی سلسلے کا تصنیفی کام بھی بتدریج ختم ہوگیا۔رفتہ رفتہ ریسرچ فیلوز یونیورسٹی کے دوسرے علمی شعبوں کو منتقل ہو گئے۔ بیسویں صدی کے آغاز تک اورینٹل کالج صرف مشرقی السنہ کی تدریس و تحقیق کا مرکز رہ گیا تھا۔ کئی سال تک یہاں تصنیف و تالیف کی سرگرمیاں بھی ماند پڑی رہیں۔حتی کہ اورینٹل کالج کی تنظیم نو کے بعد یہاں ایم۔اے کلاسوں کا اجراء ہوا، اور یونیورسٹی پروفیسروں کا تقرر ہوا جن کی رہنمائی میں ڈی۔لٹ اور پی ایچ۔ڈی کے لیے تحقیقی کام کا آغاز ہوا۔ جدید تحقیق کے لیے یونیورسٹی لائبریری کو وسعت دی گئی اور نادر مخطوطات کی فراہمی کا بندوبست

کیا گیا۔ ۱۹۲۰ء میں اورینٹل کالج میگزین کا اجراء ہوا جس نے بہت جلد بین الاقوامی حلقوں میں ایک خاص مقام پیدا کر لیا۔

اورینٹل کالج کی تصنیفی روایت کا یہ دوسرا دور پہلی جنگ عظیم کے بعد شروع ہوا، اور قیام پاکستان تک جاری رہا۔ اس دور میں عربی، فارسی اور سنسکرت کے شعبوں کے علاوہ اردو، ہندی اور پنجابی کے باقاعدہ شعبے قائم ہوئے اور ان زبانوں کے لسانی، ادبی اور تہذیبی پہلوؤں کے مطالعے کو سائنٹیفک بنیادوں پر استوار کیا گیا۔ مواد سازی یعنی ایڈیٹنگ اور فہرست (انڈکس) سازی جیسے خشک لیکن تحقیقی لحاظ سے مفید کاموں کو خاص اہمیت دی گئی جس کی وجہ سے اس دور کے مصنفین کو شہرت عام تو نصیب نہ ہو سکی لیکن علمی دنیا میں انہیں بقائے دوام کی سند ضرور ملی۔ اس دور کی ایک اور خصوصیت یہ بھی ہے کہ مغرب سے علمی استفادے کے باوجود مصنفین میں خود اعتمادی کا ایسا احساس کار فرما تھا جس نے ان کے تحقیقی و تصنیفی سرمائے کو مغرب کی ذہنی محکومی سے آزاد کروا کے ملک میں خود شناسی کا جذبہ پیدا کیا۔

قیام پاکستان کے بعد اورینٹل کالج کے اس تصنیفی رجحان میں قدرے ضعف پیدا ہو گیا۔ سنسکرت، ہندی اور پنجابی کے شعبے بند ہو گئے۔ اردو کے شعبے میں توسیع ہوئی اور چند برس کے بعد جو نیا تصنیفی رجحان ابھرا، اور اب تک جاری ہے، اس میں تحقیق سے زیادہ تنقید اور ترجموں کی طرف میلان پایا جاتا ہے۔ یہ ترجمے بھی پہلے دور کی طرح کسی علمی منصوبے کے تحت نہیں ہو رہے بلکہ متفرق موضوعات پر قلمی مزدوری کے طور پر کیے جاتے ہیں۔ تنقید بھی بعض اوقات سطحی اور سرسری ہو کر صحافتی انداز اختیار کر جاتی ہے اور یہ سلسلہ یہاں تک آ جاتا ہے کہ تاثراتی اخباری مضامین کو بھی تصنیفی کارکردگی میں شمار کیا جانے لگتا ہے۔ ایک صحت مند علمی روایت کے لیے تحقیق اور تنقید دونوں میں ہم آہنگی کا ہونا از بس ضروری ہے۔ خشک تحقیق اپنی جگہ اہم ہونے کے باوجود اس وقت تک کسی منطقی نتیجے تک نہیں پہنچتی جب تک پیش کردہ تحقیقی مواد کا تنقیدی جائزہ لے کر اس کی تہذیبی اور عمرانی قدر و قیمت متعین نہ کی جائے۔ لیکن تحقیق سے بے

اعتنا تنقید تو بالکل ھی بے سر و پا ھوتی ھے۔ اگرچہ شہرت عام کے حصول کا سستا نسخہ یہی ھے۔ لیکن بقائے دوام کی راھیں اس طرح مسدود ھو جاتی ھیں۔ موجودہ دور میں اورینٹل کالج کی تصنیفی روایت اسی پل صراط پر سے گزر رھی ھے۔ ایک طرف شہرت عام کی ترغیب ھے۔ ملک میں بعض نجی اور نیم سرکاری ادارے تحریص کے جال بھی بچھائے ھوئے ھیں۔ ضرورت اور احتیاج عام انسانی کمزوری ھے۔ اس حالت میں خشک تحقیق اور مواد سازی کا کام کر کے محض بقائے دوام کے وعدۂ فردا کی کون سوچ سکتا ھے۔ تاھم اورینٹل کالج کے کچھ مصنفین اس ترغیب و تحریص کے درمیان اپنی گزشتہ روایت سے کسی نہ کسی حد تک نباہ کرتے چلے جا رھے ھیں ا۔

یہ ھے مجمل سی سرگزشت اورینٹل کالج کی تصنیفی روایت کی جسے راقم نے سہولت کی خاطر تین ادوار میں تقسیم کر دیا ھے۔ یہ تقسیم شاید پوری طرح صحیح نہ ھو، لیکن ھر دور کے کچھ نمایاں خط و خال بھی ھیں جو اس تقسیم کو بہت حد تک حق بجانب قرار دیتے ھیں۔ اس تصنیفی روایت کی ایک نمائش بھی جشن صد سالہ کے موقع پر ھوئی جو اس امر پر روشنی ڈالتی تھی۔ اساتذہ کے تصنیفی کام کی ایک تفصیلی رپورٹ (مرتبہ ڈاکٹر وحید قریشی) اس موقع پر طبع ھوئی جس میں تصانیف کے علاوہ مقالات و مضامین کی فہارس بھی شامل ھیں۔ ذیل میں پہلے اور دوسرے ادوار کی تصانیف کی فہرست پیش کی جاتی ھے تاکہ اس سے بیان کردہ خصوصیات قدرے واضح ھو جائیں۔ پہلے دور کی علمی تالیفات و تراجم کی فہرست تفصیل سے پیش کی جا رھی ھے کیونکہ ڈاکٹر وحید قریشی صاحب کی مرتبہ رپورٹ میں یہ حصہ مجمل ھے۔ دوسرے دور کی صرف چند منتخب تالیفات درج کی گئی ھیں اور تیسرے دور کی تصانیف کو دو وجوہ سے یہاں شامل نہیں کیا گیا کہ (۱) معاصر رفقاء کے کام پر راقم کسی قسم کے انتخابی طریق سے اجتناب کرنا ھی بہتر سمجھتا ھے (۲) ڈاکٹر وحید قریشی نے اپنی مطبوعہ رپورٹ میں تفصیلی فہرست پیش کر دی ھے۔ لہٰذا جو صاحبان دوسرے اور تیسرے ادوار کی تفصیلات دیکھنا چاھیں انہیں ''تحقیقی، ادبی اور درسی سرمایہ''

از ڈاکٹر وحید قریشی ملاحظہ فرمانا چاہیے۔ پہلے دور کے بارے میں یہ وضاحت بھی ضروری معلوم ہوتی ہے کہ اس میں ۱۸۷۶ء سے ۱۸۸۸ء تک کی تصانیف شامل ہیں۔ ۱۸۷۶ء میں ڈاکٹر لائٹنر نے طویل رخصت کے بعد یورپ سے واپس آکر کالج کا انصرام سنبھالا۔ اس وقت کالج کی علمی، تعلیمی اور تنظیمی حالت بہت مخدوش تھی۔ ۱۸۸۶ء میں لائٹنر سبکدوش ہوئے اور دو سال کے بعد علمی جماعتیں بند کر دی گئیں، طب کے طلبہ میڈیکل کالج میں اور انجنیئرنگ کے طلبہ انجنیئرنگ کالج میں بھیج دئیے گئے۔ تصنیفی کام کو بھی بہت ضعف پہنچا اور یہ سلسلہ خاصی مدت تک تقریباً معطل رہا۔ پہلے دور میں تصانیف کا دائرہ بہت وسیع تھا اس لیے یہاں اسے موضوع وار تقسیم کر دیا گیا ہے۔ باقی ادوار کی یہ صورت نہیں ہے۔

پہلا دور (۱۸۷۶ء - ۱۸۸۸ء)

نیچرل سائنس و ریاضی :		مصنف، مرتب یا مترجم
۱۔ سکون سیالات (حصہ اول، اردو ترجمہ)	Besant's Hydrostatics.	پیرزادہ محمد حسین
۲۔ " (حصہ دوم)	"	شیخ انعام علی
۳۔ علم ہئیت (اردو ترجمہ)	Mainc's Astronomy.	پیرزادہ محمد حسین ایم۔ اے
۴۔ علم النفس والقوی (اردو ترجمہ)	Hamilton's Lectures on Psychology.	شیخ انعام علی
۵۔ علم سکون (اردو ترجمہ)	Todhunter's Statics	لالہ آیا رام
۶۔ طبیعی جغرافیہ (اردو ترجمہ)	Balanford's Physical Geography.	"
۷۔ سکون سیالات "	"	"
۸۔ درشتی ودیا (ہندی ترجمہ)	Parkinson's Optics.	بھائی گورمکھ سنگھ

نوٹ: یہ کتب درسی ضروریات کی خاطر بالعموم اردو اور ہندی دونوں میں تیار ہوئی تھیں۔

۹ ۔ طبیعی جغرافیہ (ہندی ترجمہ)	Page's Physical Geography.	"
۱۰ ۔ علم حرکت (اردو)	Elementary Dynamics.	بابو ششی بھوشن مکرجی
۱۱ ۔ گیتی وگیان (ہندی)	"	"
۱۲ ۔ برقی مقناطیس (اردو)		رگھو ناتھ داس
۱۳ ۔ جغرافیہ (ہندی)	Clarke's Geography.	پنچنن مکرجی
۱۴ ۔ بھوتتوا ودیا (ہندی)	Kook's Geology.	پنڈت گنگابشن شاستری
۱۵ ۔ علم کیمیا (اردو)	Roscoe's Chemistry.	ڈاکٹر امیر شاہ اسسٹنٹ سرجن
۱۶ ۔ تدریسات علم طبیعی (اردو)		"
۱۷ ۔ " (ہندی)		---
۱۸ ۔ علم طبیعی (اردو)	Balfour Stewart's Physics.	ڈاکٹر امیر شاہ
۱۹ ۔ علم طبقات الارض (اردو)	Page's Geology.	سید دلاور علی شاہ
۲۰ ۔ طبیعی جغرافیہ (اردو)	Page's Geography.	"
۲۱ ۔ مسائل و امثال ریاضی (اردو)	Wrigley's Examples.	"
۲۲ ۔ حل ٹرگنومیٹری (اردو)		غلام مصطفیٰ
۲۳ ۔ الجبرا (اردو)		"
۲۴ ۔ حل جبر و مقابلہ (اردو؛ ہندی)		۔ یوگی شو ناتھ
۲۵ ۔ بیج گنیت (الجبرا) ہندی		۔ یوگی شو ناتھ

انجنیرنگ :

۱ ۔ نرمان ودیا (پانچ حصے) ہندی میں سول انجنیئرنگ (سکون ، حرکت ، تعمیرات عامہ، سڑکیں، پل، انہار)		نوین چندر رائے
۲ ۔ علم المساحت (اردو)	Todhunter's Mensuration.	لالہ گنگا رام
۳ ۔ مان تتوا (ہندی)	"	پنچنن مکرجی

۴ - مسالہ تعمیرات (اردو) Lang's Building Materials. لالہ گنگا رام

۵ - جرثقیل کا استعمال(اردو) Applied Mechanics by Major Brandreth. ،،

طب :

۱ - امراض الهبلا و الميلاد (اردو) .Midwifery ڈاکٹر رحیم خاں میڈیکل فیلو
۲ - امراض الصابیّن ،، ،،
۳ - امراض النسوان ،، ،،
۴ - میڈیکل جورس پروڈنس ،، ،،
۵ - ارجوزہ صنایہ در علم طب ،، مولوی غلام قادر
۶ - رسالہ تشریح طب ،، مولوی غلام مصطفیٰ
۷ - ادویات مفردات یونانی ،، ،،
۸ - آوشادوالی (سنسکرت، ہندی اردو، انگریزی) پنڈت جندون
۹ - امرت ساگر (سنسکرت) پنڈت دیا رام

قانون :

۱ - .Elements of Jurisprudence انگریزی و اردو (ترجمہ) بابو ششی بھوشن مکرجی ایم-اے، بی ایل
۲ - .Constitutional History of India (اردو ترجمہ) سید امیر شاہ
۳ - قدوری (عربی سے اردو ترجمہ) مسلم قانون مولوی غلام قادر
۴ - پراسر سمرتی (ہندی) ہندو قانون پنڈت گورو پرشاد
۵ - کل مدھاوا ہندو قانون پنڈت گورو پرشاد
۶ - دتاک چندریکا ہندو قانون رکھی کیش شاشتری
۷ - گوتما سمرتی ہندو قانون پنڈت دیا رام
۸ - متاکشارا (.Mitakshara) ہندو قانون پنڈت گورو پرشاد
۹ - دیابھاگ (متاکشارا کا انتخاب) پنڈت گورو پرشاد

منطق و فلسفہ :

۱ ۔ مخزن الحکمت (اردو)		شیخ انعام علی
۲ ۔ سُلّم (عربی سے اردو)		مولوی غلام قادر
۳ ۔ نیائے بودھنی (سنسکرت سے ہندی)		پنڈت سکھ دیال شاستری
۴ ۔ سوتر وریتی (گوتما) "		"
۵ ۔ لاکشانوالی "		"
۶ ۔ یجر وید "		"
۷ ۔ آتما تتوا شاستر (ہندی)	Bain's Mental Science.	پنڈت کمل دت
۸ ۔ مابعدالطبیعیات (اردو ترجمہ)	Hamilton's Metaphysics.	مولوی محمد الدین
۹ ۔ " (ہندی)		بھائی گورمکھ سنگھ
۱۰ ۔ منطق استقراری (اردو)	Fowler's Inductive Logic.	پیرزادہ محمد حسین
۱۱ ۔ منطق	Jovon's Logic.	شیخ انعام علی
۱۲ ۔ منطق قیاسی	Fowler's Deductive Logic.	لالہ آیا رام
۱۳ ۔ " (ہندی)		پنڈت ہرکشن داس
۱۴ ۔ منطق (اردو)	Fowler's Logic.	مدن گوپال

تاریخ و تذکرہ :

۱ ۔ تاریخ معجم (فارسی)		مولوی عبدالحکیم
۲ ۔ انتخاب درہ نادرہ "		"
۳ ۔ ناسخ التواریخ "		"
۴ ۔ مختصر تاریخ کشمیر "		مولوی محمد الدین
۵ ۔ روضۃ الابرار " (مشاہیر کشمیر کا تذکرہ)		"
۶ ۔ سنین اسلام (دو حصے) اردو (مولوی فیض الحسن، کریم الدین، محمد حسین آزاد کی مدد سے)		ڈاکٹر جی۔ڈبلیو لائٹنر
۷ ۔ تاریخ کلاں انگلستان (اردو)	Green's Larger History of England.	نوبین چندر رائے
۸ ۔ " (ہندی)		"

۹ ۔ تاریخ تیموری مؤلفہ عرب شاہ (اردو ترجمہ) مولوی غلام قادر

۱۰ ۔ ہندوستان کا اتہاس (ہندی) Elphinston's History of India. بھائی گورمکھ سنگھ

۱۱ ۔ تاریخ متقدمین (اردو) Taylor's Ancient History. مولوی غلام مصطفی بہ اشترک لالہ بشن داس

۱۲ ۔ پراچین اتہاس (ہندی) " بھائی گورمکھ سنگھ

۱۳ ۔ ہندوستان قدیم وجدید India Past and Present. پنچنن مکرجی

۱۴ ۔ تاریخ انگلستان (اردو) Lethbridge's History of England. مولوی محمد غضنفر

۱۵ ۔ تاریخ عرب "

۱۶ ۔ ایام الاسلام "

۱۷ ۔ تاریخ پنجاب (پنجابی) پنڈت بھان دت

۱۸ ۔ تاریخ جہان (اردو) Dr. Stulpnagel's Universal History. شیخ عمر بخش

۱۹ ۔ خلاصہ تواریخ انگلستان (اردو) Hallam's. Constitutional History of England. "

علم الاقتصاد :

۱ ۔ علم الاقتصاد یا سیاست مدن (اردو) Mrs Fawcett's Political Economy. پیرزادہ محمد حسین

۲ ۔ تاریخ علم سیاست مدن (اردو) " شیخ انعام علی

۳ ۔ علم انتظام مدن (اردو) " پنڈت ہرکشن داس ایم ۔ اے

۴ ۔ اصول سیاست مدن (اردو) پنڈت دھرم نرائن

لسانیات :

۱ ۔ مقدمات الصرف (عربی صرف و نحو) (انگریزی و اردو میں) ڈاکٹر جی۔ڈبلیو لائٹنر

۲ ۔ The Languages and Races of Dardistan, 1877. "

۳ - Bashgeli Kafirs and their Languages, 1880.	"
۴ - Appendix to "Changars" And Linguistic Fragments, 1882.	"
۵ - سدھانت کمودی (پانینی کی قواعد زبان کا ہندی ترجمہ)	پنڈت گورو پرشاد
۶ - کوی دیپک بھاشا	"
۷ - بھاشا وبارش	"
۸ - پراکرت ویا کرن	رکھی کیش
۹ - مبہمات قرآن	مولوی عبدالحکیم
۱۰ - صنائع بدائع	مولوی عبدالحکیم
۱۱ - مخزن الفوائد (فارسی گرائمر)	مولوی محمد الدین
۱۲ - لغات اصطلاحات فنی Dictionary of Technical Terms.	شیخ انعام علی
۱۳ - کوش (پنجابی ڈکشنری)	بھائی ہرسانگھ
۱۴ - زبان کی حقیقت Origin of Language.	پنچنن مکر جی
۱۵ - حدائق البلاغت	سید شاہ چراغ
۱۶ - فیض المغی والبیان (اردو)	حافظ عمر دراز
۱۷ - نجم الامثال	ایم نجم الدین

ادبیات (عربی) :

۱ - سبعہ معلقہ (عربی، فارسی، اردو میں شرح)	مولوی فیض الحسن
۲ - رشیدیہ (اصول مناظرہ)	"
۳ - دیوان حماسہ (شرح فیضی)	"
۴ - فیضیہ (علم مناظرہ)	"
۵ - دیوان حسان	"
۶ - کنز الادب	مولوی عبدالحکیم
۷ - قلائد الذھب	مولوی محمد الدین
۸ - روضۃ الادبا (اردو) عرب شعرا و ادبا کا تذکرہ، عربی مآخذ سے	"

۹ - تبیین الصنایه ,,

۱۰ - اطباق الذهب (عبدالمومن اصفهانی کی عربی تصنیف کا اردو ترجمه مع حواشی) ,,

۱۱ - سبعه معلقه (اردو ترجمه) — محمد حسین

ادبیات (فارسی) :

۱۲ - قواعد فارسی — مولوی عبدالحکیم

۱۳ - هدایت العامله ,,

۱۴ - منتخبات اخلاق ناصری — مولوی محمد الدین

۱۵ - اخلاق جلالی (اردو ترجمه و تلخیص) ,,

۱۶ - هدیهٔ رشیدیه (اردو ترجمه)

۱۷ - رساله عبدالواسع ,, — ,,

ادبیات (سنسکرت، هندی، پنجابی)

۱۸ - سنسکرت ودیا کا اتهاس — پنڈت گورو پرشاد

۱۹ - للتا چار ,,

۲۰ - کمار سمبهاوا (ناٹک) — پنڈت سکھ دیال

۲۱ - بهوگول — پنڈت رکھی کیش

۲۲ - امرت ساگر — پنڈت دیا رام

۲۳ - بال سکھیا (پنجابی) — بهائی هرسا سنگھ

۲۴ - استری ,, — ,,

۲۵ - هنومان ناٹک ,, — یوگی شو ناتھ

۲۶ - ویدانت سر (هندی) ,,

۲۷ - یگیه واک ,, — ,,

دوسرا دور ۱۹۲۵ء - ۱۹۳۷ء

ڈاکٹر مولوی محمد شفیع :

۱ - ”عقدالفرید“ تالیف احمد بن محمد کا تحلیلی اشاریه(بزبان انگریزی، دو جلدوں میں) طبع کلکته ۳۰-۱۹۳۷ء

۲ ـ تتمه صوان الحکمة لعلی بن زید البیهقی (متن عربی مع حواشی و فہارس) پنجاب یونیورسٹی ۱۹۳۵ء

۳ ـ تتمه صوان الحکمة (ترجمه فارسی) پنجاب یونیورسٹی ۱۹۳۵ء

۴ ـ مطلع السعدین ـ تالیف کمال الدین عبدالرزاق سمر قندی (متن مع حواشی ۱۰۰۸ صفحات)

۵ ـ مکاتبات رشیدی تالیف رشید الدین فضل الله طبیب (متن مع حواشی)

۶ ـ میخانه عبدالنبی فخرالزمان قزوینی (تذکره شعرا متن مع حواشی و فہارس تحلیلی)

ڈاکٹر لکشمن سروپ :

۱ ـ نروکتا (ترتیب، فہارس و حواشی بزبان انگریزی)

۲ ـ کلیان سوگندھیکا، تالیف نیل کانتھ (ترتیب متن مع حواشی)

ڈاکٹر شیخ محمد اقبال :

۱ ـ اخبار الدولة السلجوقیه (متن فارسی مع حواشی)

۲ ـ راحة الصدور (متن فارسی مع حواشی)

۳ ـ ایران بعہد ساسانیاں (فرانسیسی سے اردو ترجمه)

۴ ـ تاریخ وصاف (متن)

مولانا عبدالعزیز المیمنی[۱] :

۱ ـ ابن رشیق

۲ ـ ابوالعلا و ماالیه

۳ ـ السمط اللآلی للبکری (دو حصے) فہارس

۴ ـ اکلید الخزانه

حافظ محمود خان شیرانی[۲] :

۱ ـ پرتھی راج راسا

۲ ـ مجموعه نغز (تذکره میر قدرت الله قاسم)[۳]

۳ ـ تنقید شعرالعجم

۴ ـ فردوسی پر چہار مقالہ
۵ ـ حفظ اللسان معروف بہ خالق باری از ضیا الدین خسرو

ڈاکٹر سید عبداللہ :

۱ ـ نوادر الالفاظ تالیف خان آرزو (متن مع مقدمہ و حواشی)
۲ ـ نل دمن ـ احمد سراوی ایضاً
۳ ـ لطائف نامہ فخری ایضاً
۴ ـ مردم دیدہ (حاکم لاہور) ایضاً
۵ ـ فارسی ادبیات میں ہندوں کا حصہ
۶ ـ شعرائے اردو کے تذکرے اور تذکرہ نگاری کا فن
۷ ـ اردو ادب جنگ عظیم کے بعد

8. Urdu Prose Urdu the influence of Sir Syed.
9. Descriptive Catalogue of Persian Manuscripts in the Punjab University Library (2 parts).

پروفیسر عبدالقیوم :

۱ ـ فہارس لسان العرب : (فہرست اول) اسماء شعراء (۱۹۳۸ء)
(حصہ دوم) فہرست قوافی (۱۹۳۸ء)

تیسرا دور ۱۹۴۷ء - ۱۹۷۰ء

دیکھیے "یونیورسٹی اورینٹل کالج کے اساتذہ کا تحقیقی، ادبی اور درسی سرمایہ مرتبہ ڈاکٹر وحید قریشی، طبع لاہور ۱۹۷۰ء، نیز پنجاب یونیورسٹی کی سالانہ رپورٹیں۔

تیسرا اجلاس

اسلامی علوم اور عربی زبان و ادب

خطبات و مقالات

ڈاکٹر رانا احسان الٰہی

ڈاکٹر محمد وحید مرزا

محمد بن ناصر العبودی

ڈاکٹر میر ولی خاں

الآنسہ اسما رشید


مولانا محمد عبد القدوس

احمد فاروق

محمد طفیل

الشیخ محمد بن ناصر العبودی

ڈاکٹر محمد مسعود زینی



ڈاکٹر رانا احسان الہٰی ۔ صدر شعبۂ عربی

ڈاکٹر رانا م۔ن۔ احسان الٰہی المجددی

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

افتتاحی تقریر

الحمد للہ ربّ العالمین، وأحسن التحیّات والسلام علی خاتم النبیین و رحمة للعالمین سیّدنا محمّد و علی آلہ و صحبہ أجمعین، أمّابعد

معزز خواتین و حضرات۔ آپ ہم سے یقیناً اتفاق کرینگے کہ اورینٹل کالج لاہور کے بارے میں اگر کوئی شخص اپنے تأثرات بیان کرنا چاہے یا اس کالج کے قدیم اساتذہ اور مؤسسین کی محنت، عمل پیہم اور ان کی مخلصانہ کوششوں کے ثمرات سے کماحقہ لطف اندوز ہونے کی تمنا کرے تو ضرور ہے کہ وہ پہلے اس قدیم علمی مرکز کے قدیم طلبہ کی صف میں شامل ہو، اور ضرور ہے کہ وہ مدتوں سے اس کالج کے درودیوار کو تقدس کی نگاہ سے دیکھتا رہا ہو، اور ضرور ہے کہ وہ اس ادارے کی قدیم تأریخ اور قدیم روایات سے اس طرح شناسا ہو گویا اس نے اپنا بچپن بھی یہیں گزارا ہو اور اس عظیم درسگاہ کی تعمیر و ترقی کے ساتھ ساتھ اس نے خود بھی ذہنی طور پر یہیں پرورش پائی ہو۔

مگر ہمیں یہ اعتراف کرنے میں کوئی باک نہیں کہ یہ سعادت ہم میں سے کسی فرد کو نصیب نہیں ہوئی، ہم میں سے کسی نے اتنی لمبی عمر نہیں پائی اور نہ ہم میں سے کسی کو اپنے بزرگوں جیسی محنت، بصیرت اور علمی کاوش رکھنے کا کبھی فخر ہو سکتا ہے۔ البتہ ہم ایک بات وثوق سے کہ سکتے ہیں کہ عصر حاضر میں یہ بہت مشکل ہے یا بالکل نا ممکن ہے کہ ہم اورینٹل کالج یا اس کے مؤسسین کے بارے میں ایسی آراء پیش کر سکیں اور اسے اس نگاہ سے دیکھ سکیں جس نگاہ سے اس ادارے کو اس کے مؤسسین اور قدیم طلبہ نے کبھی دیکھا تھا۔ البتہ مکافات کے طور پر ایک نیا زاویۂ نگاہ ہمارے سامنے

ابھرتا ہے جس سے ہمارے دلوں میں بہت سے نیک اور بلند جذبات بیدار ہوتے ہیں ۔

اورینٹل کالج کو یہ مایۂ ناز اور تاریخ ساز شرف ضرور حاصل ہے کہ تاریخ ہند کے اس دور میں جب عامۃ الناس کو ایک مؤثر ذریعۂ ابلاغ کی اشد ضرورت تھی تو یہاں عربی، فارسی اور اسلامی فقہ کی تدریس کے ساتھ ساتھ اردو زبان و ادب کی تعلیم کا بھی ایک وسیع پیمانے پر انتظام موجود تھا ۔ چنانچہ جہاں اس ادارے سے منسلک رہنے والی نامور ہستیاں مثلاً ڈاکٹر لائٹنر، سر آرل شٹائن ، اے سی وولنر، سر محمد اقبالؒ مولوی محمد شفیع، محمود شیرانی، ڈاکٹر اقبال، لچھمن سروپ اور سیمنی خدمت خلق اور امن عالم کے لیے کوشاں رہیں وہاں ان دانشوروں کے افکار و نظریات نے اس صدی کے چوتھے دھائے ہی میں ایک ایسی روش اختیار کی اور ایسا تأثر پیدا کیا کہ برصغیر ہند و پاک کے مسلمانوں کے ذہن میں نظریۂ ''پاکستان'' چٹکیاں لینے لگا ۔ اس لیے ہم جب اس نقطۂ نظر سے دیکھتے ہیں تو ہم اورینٹل کالج لاہور کے بارے میں بآسانی کہ سکتے ہیں کہ اللہ تعالے نے اپنی قدرت کا ایک کرشمہ دکھایا اور یہاں کے اساتذہ اور معلمین ، شعراء اور مفکرین نے اس درسگاہ میں عربی، فارسی، فقہ اسلامی اور اردو کی تعلیم و تدریس کا اہتمام کر کے قیام پاکستان کی راہ ہموار کی ۔

یہ ایک ایسی حقیقت ہے جسے ہم نہ نظر انداز کر سکتے ہیں نہ فراموش کر سکتے ہیں ۔ جب ہم اس تاریخ ساز واقعہ کے اسباب تلاش کرینگے تو ہم ہر چند اس نظریے کو اپنی جگہ وقیع پائینگے ۔

آج ایک اورینٹل کانفرنس کی وساطت سے ہم اپنے اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کو ـــــ جو بعض ظروف قاہرہ کی بناء پر دو تین سال سے ملتوی ہوتا رہا ہے ـــــ منانے کے لیے، اور اس عظیم ادارے کے قدیم اکابر کے شاندار کارناموں کی یاد تازہ کرنے کے لیے اور اس درسگاہ کے اساتذہ کرام اور مؤسسین عظام کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے یہاں جمع ہوئے ہیں ۔ یہ ہمارے لیے باعث صد افتخار ہے کہ افغانستان، عرب ممالک، انگلستان ، جرمنی ، ایران ، ہالینڈ ، روس، ترکیا اور امریکہ وغیرہ

سے عربی، فارسی اور علوم اسلامیہ کے ماہرین کی ایک بہت بڑی جماعت شرکت کے لیے اور اپنے علمی مقالات پیش کرنے کے لیے یہاں پہنچی ہے۔ اور اس کانفرنس کی رونق کو دوگنا کر دیا ہے۔ ہم ان تمام معزز علماء کی تشریف آوری پر ان کے بےحد ممنون ہیں۔ ہم اپنے ان احباب اور رفقائے کرام کے بھی شکر گزار ہیں جو پاکستان کی مختلف یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں سے تشریف لائے ہیں اور اپنے فاضلانہ مقالات پیش کر کے انھوں نے اس کانفرنس کو کامیاب بنایا ہے۔

آج کانفرنس کے اس اجلاس کی صدارت کے لیے (جو عربی اور علوم اسلامیہ سے مختص ہے) ہم نے اوریئنٹل کالج کی ایک عظیم ہستی۔ مرحوم ڈاکٹر مولوی محمد شفیع ——— کے شاگرد بزرگ پروفیسر ڈاکٹر محمد وحید مرزا کو تکلیف دی ہے۔ ہم ان کے بےحد ممنون ہیں کہ انھوں نے ہماری عاجزانہ درخواست کو شرف قبول بخشا، اور ہمیں انتہائی مسرت ہے کہ وہ اس وقت ہمارے درمیان تشریف فرما ہیں۔ ہمیں یقیناً ڈاکٹر وحید مرزا پر بہت ناز ہے۔

اب میں ادب سے سر جھکائے خاموش کھڑا رہونگا تاآنکہ جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد وحید مرزا از راہ نوازش ڈائس پر تشریف لا کر کرسیء صدارت کو زینت بخشیں۔



پروفیسر ڈاکٹر وحید مرزا

ڈاکٹر محمد وحید مرزا

معزز خواتین و حضرات :

میرے لیے یہ بڑی مسرت کا مقام ہے کہ مجھے مستشرقین کی اس بین الاقوامی کانفرنس میں جو اورینٹل کالج لاہور کے جشن صد سالہ کے موقع پر منعقد ہو رہی ہے، عربی و علوم اسلامیہ کے سیکشن کے جلسے کی صدارت کے لیے مدعو کیا گیا ہے۔ میں اس قدردانی اور ہمت افزائی کے لیے بانیان جلسہ بالخصوص ڈاکٹر احسان الٰہی رانا کا بےحد ممنون ہوں اور تہ دل سے ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

اورینٹل کالج سے میرے تعلق کا آغاز ۱۹۱۹ تا ۱۹۲۱ء میں ہوا جب میں لاہور گورنمنٹ کالج میں عربی ایم۔ اے کلاس کا طالب علم تھا اور اس زمانے کے قواعد کی رو سے مجھے اور میرے ساتھیوں کو علاوہ اپنے کالج کے اورینٹل کالج اور اسلامیہ کالج میں بھی پڑھنے کے لیے جانا پڑتا تھا، چنانچہ اورینٹل کالج میں ہمیں پروفیسر محمد شفیع صاحب سے ابن قتیبہ کی کتاب الشعر و الشعراء اور تاریخ ادب عربی، مولوی نجم الدین صاحب سے التفتازانی کی مختصر المعانی اور اسلامیہ کالج میں مولوی اصغر علی روحی سے البیضاوی کی تفسیر سورۂ بقرہ پڑھنے کا شرف حاصل ہوا۔ نصاب کی باقی کتابیں ہمارے اپنے کالج کے پروفیسر ڈاکٹر صدو الدین صاحب پڑھاتے تھے۔ ۱۹۲۱ء میں ایم۔ اے پاس کرنے کے بعد مجھے میکلوڈ اور بہاول پور اسٹیٹ ریسرچ اسکالر شپ مل گئے اور میں کم و بیش دو سال تک پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں اپنا کام کرتا رہا اور اپنے فاضل اساتذہ کی ہدایت و رہنمائی سے مستفید ہوتا رہا۔

جب میں ۱۹۲۵ء میں لکھنؤ یونیورسٹی میں ملازم ہو گیا تو لاہور اور اورینٹل کالج لاہور سے میرے باقاعدہ روابط بڑی حد تک منقطع ہو گئے۔ لیکن اپنے سابق اساتذہ، خصوصاً پروفیسر محمد شفیع صاحب سے خط و کتابت کا سلسلہ جاری رہا اور ان کی فرمایش پر میں کبھی کبھی لاہور اورینٹل کالج کے لیے جو ان کی ادارت میں ایک اعلیٰ پایے کا ادبی رسالہ

بن گیا تھا، مضامین بھی لکھتا رہا ۔ اس کے علاوہ دو ایک دفعہ مجھے پنجاب یونیورسٹی کے عربی ممتحنین کی میٹنگ میں شرکت کے لیے لاہور آنے کا اتفاق ہوا، اور پروفیسر محمد شفیع صاحب اور فارسی کے پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال صاحب ایک سے زائد مرتبہ لکھنئو یونیورسٹی کی مجالس نصاب میں شرکت کی غرض سے لکھنئو آئے اور ان سے اورینٹل کالج کے احوال و کوائف معلوم ہوئے ۔

آخر میں ۱۹۶۲ء میں میرا تقرر پنجاب یونیورسٹی کے شعبۂ دائرہ معارف اسلامیہ میں ایڈیٹر کی حیثیت سے ہو گیا اور اس طرح ۳۷ سال کی طویل غیر حاضری کے بعد میں پھر لاہور آ گیا ۔ یہاں آ کر اپنے پرانے دوستوں اور دیرینہ کرم فرماؤں سے تجدید ملاقات کا موقع ملا اور اورینٹل کالج کے کئی نئے اساتذہ مثلاً ڈاکٹر سید محمد عبداللہ، ڈاکٹر سید محمد باقر، ڈاکٹر عبادت بریلوی اور ڈاکٹر احسان الہی رانا وغیرہ سے بھی ملاقات ہوتی رہی ۔ مجھے اس طرح اورینٹل کالج کے نشو و ارتقا کو قریب سے دیکھنے کا ایک بار پھر موقع ملا ۔ لہٰذا میرے لیے اور ان سب لوگوں کے لیے جن کا مشرقی علوم کی اس قدیم اور بلند پایہ درسگاہ سے پرانا تعلق رہا ہے یہ بڑی خوشی و انبساط کی بات ہے کہ یہ کالج آج اپنی انتہائی مفید و کارآمد زندگی کے ایک سو سال پورے کر کے یہ جشن منا رہا ہے ۔ دعا ہے کہ خدا اسے تا دیر سلامت رکھے اور وہ آگے چل کر اپنے کئی اور صد سالہ جشن مناتا رہے، آمین ۔

اس جشن کی کامیابی کا سہرا کالج کے موجودہ پرنسپل عبادت بریلوی کے علاوہ کانفرنس کے قابل و مستعد سکرٹری ڈاکٹر رانا اور ان کے نوجوان ساتھیوں کے سر ہے اور میں انھیں ان کی مساعی جمیلہ پر ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں ۔ آج کے اس جلسے میں پاکستانی علماء کے علاوہ کئی غیر ملکی مستشرقین بھی تشریف فرما ہیں اور اپنے فاضلانہ مقالات آپ کے سامنے پیش کرینگے جنھیں سننے کے آپ سب یقیناً بے چینی سے منتظر ہونگے، اس لیے میں آپ کا مزید وقت لیے بغیر ڈاکٹر رانا صاحب سے درخواست کرونگا کہ وہ جلسے کی کارروائی شروع کریں ۔ شکریہ!

محمد بن ناصر العبودى
الامين العام للجامعة الاسلامية فى
المدينة المنورة

تطور الامثال فى جزيرة العرب على مدى أربعة عشر قرناً

ان أهمية الأمثال بالنسبة لدراسة أحوال الشعوب أصبحت معروفة للباحثين لا تحتاج الا للتذكير بها .

فهى مهمة للباحث الاجتماعي و للباحث اللغوى، وحتى المؤرخ قد يجد فيها ما يعينه على عمله.

ولذلک قال بعضهم بحق : ان الأمثال مرآة الشعوب .

لذلک لاغرابة أن عنى العلماء بتدوين الأمثال العربية و تسجيلها، بل وتبويبها وترتيبها، و كانت الأمثال العربية القديمة من أول فنون الأدب تسجيلا وتدوينا، و بين أيدينا شاهد على ذلک فى كتاب مطبوع لعلم من أعلام الأدب العربي هو المفضل بن محمد الضبى، و هو كتاب ''أمثال العرب'' الذى طبع أول ما طبع في مطبعة الجوائب بالقسطنطينية عام ١٣٠٠هـ .

و معلوم أن المفضل بن محمد الضبى عاش النصف الاول من القرن الثاني الهجرى، و أختلف فى عام وفاته على أقوال لعل أصحها أنه عام ١٦٨هـ.

ثم بعد ذلک أخذ العلماء فى تدوين الأمثال و حفظها و تضمينها كتب الأمالى التى تطورت بعد ذلک فأصبحت تسمى كتب المحاضرات .

کاش میں ہوانا کے قہوہ خانے میں مزدوری کرتا	لیتنی عامل مقهی فی هفانا
تاکہ ان کی فتح کے ترانے گاتا	لاغنی لانتصارات الحزانی
مجھ سے نہ کہہ :	لا تقل لی :
کاش میں اسوان میں بوجھ ڈھونے والا ہوتا،	لیتنی أعمل فی أسوان حمالا صغیر
تاکہ چٹانوں کے گیت گاتا	لاغنی للصخور
اے میرے دوست!	یا صدیقی!
ہماری زمین بھی بانجھ نہیں ہے	أرضنا لیست بعاقر
ہر ایک زمین کے میلاد کی ایک گھڑی ہے	کل أرض، ولها میلادها
ہر صبح ایک انقلاب کا وعدہ ہے	کل فجر، وله موعد ثائر[۱] !

مندرجہ بالا جائزے سے معلوم ہوتا ہے کہ فلسطینی ادب مقاومت ایک طرف اجتماعی احساس رکھتا ہے اور غسان کنفانی کے الفاظ میں محنت کش طبقے سے اپنی وفاداری کا اعلان کرتا ہے جس کے کندھوں پر

۱- ص ٦٦ : غسان کنفانی -

مسلح کشمکش کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے ۔ (یہ قابل ذکر ہے کہ مقبوضہ فلسطین کے ۳ لاکھ عربوں کی اکثریت فلاحین کی ہے، اور فلسطینی شعراء خود ان سے ہی تعلق رکھتے ہیں، یہ فلاحین ہی ہیں جنہوں نے شروع سے کشمکش وطنی کی ذمہ داروں کا بوجھ اٹھایا اور اس کے سنگین نتائج کو برداشت کیا) ۔ اس کے ساتھ ہی ہم نے مقاومت کے عربی بعد کا جائزہ لیا، اور آخر میں اس رشتہ پر روشنی ڈالی، جو ادب مقاومت کو عالمی تحریک آزادی سے وابستہ کرتا ہے ۔

اور یہ تمام روابط و ابعاد اس مقدس ذمہ داری کے ضمن میں آتے ہیں جو فلسطینی شعراء نے اپنے لیے خود منتخب کی ہے اور یہ تمام ابعاد و مواقف غاصب دشمن سے براہ راست مقابلہ کے واحد محور کے گرد گردش کرتے ہیں، جو مدت سے فلسطینی عوام کی روز مرہ کی زندگی کا ایک جزء لازم بن گیا ہے۔

اس روزمرہ کی خونی کشمکش میں ذاتی یا اجتماعی سطح پر فلسطینی عوام کو جو عذاب سہنے پڑے ہیں انہیں فلسطینی شعراء نے خون اور آنسوؤں سے رقم کیا ہے ، لیکن ہم ان کے اشعار میں ان خون اور آنسوؤں کو ایک نئے ثبات و عزم اور امید میں تحویل ہوتا دیکھتے ہیں ۔

مثلاً محمود درویش نے قید خانے سے یہ پیغام حنا ابو حنا کو بھیجا :

صلیب درد پر چڑھے شاعر کا زخم	المغنّی علی صلیب الالم
تارے کی طرح روشن ہے ،	جرحه ساطع کنجم
اس نے اپنے گرد جمع لوگوں سے کہا	قال للناس حوله :
ہر ایک چیز سوائے ندامت کے۔۔۔	کل شیء، سوی الندم ۔۔۔
اور اس طرح اس نے کھڑے ہوئے جان دے دی	هکذا مت واقفاً
وہ کھڑے ہوئے مر گیا، درخت کی طرح	واقفاً مت کالشجر!

اور سمیح قاسم کا یہ قصیدہ، ”قید خانے سے خط“ :

ماں، مجھے بہت دکھ ہوا ماں	اماہ! کم یؤلمنی
کہ تم رو دیں	انک تجهشین بالبکاء

جب میرے دوست تم سے میرا پتا پوچھنے آئے۔ — اذا أتى يسألكم عنى أصدقاء
لیکن ماں، مجھے یقین ہے۔ — لكننى أومن يا أماه
میرا ایمان ہے ماں — أومن
کہ زندگی کی رونق — أن روعة الحياة
میرے زندان میں جنم لگی — تولد فى معتقلى
میرا ایمان ہے کہ میرا آخری ملاقاتی، — أومن ان زائرى الاخير لن يكون
رات کی اندھی چمگادڑ نہ ہوگی، — خفاش كيل
بلکہ مجھ سے ملنے دن کا اجالا آئے گا ماں، — مد لجآ، بلا عيون
ضرور دن کا اجالا میری ملاقات کو آئے گا — لا بد ان يزورنى النهار۔۔۔[۱]

یہی درد و الم لیکن ثبات و امید ہمیں ان قصائد میں نظر آتا ہے جو اس ظلم و ستم کا نقشہ کھینچتے ہیں، جو قومی سطح پر فلسطین کی اسیر امت پر توڑے گئے، دیر یاسین اور کفر قاسم کا قتل عام، اسرائیلی فوجی حکومت کا تشدد، فلسطینی عوام کو زمینوں پر غاصبانہ قبضہ، فلاحین اور مزدوروں کی حالت زار اور عرب دیہاتوں اور شہروں کی مسماری، ان تمام پر ہمیں لاتعداد قصائد ملتے ہیں۔

مقاومت کی شاعری کے اس مختصر جائزے سے معلوم ہوگا کہ یہ ادب طبعاً رجائیت پسند ہے، یہ رجائیت کسی جواری کا واہمہ یا خوش فہمی نہیں، اور نہ ہی یہ حقیقت سے گریز کہلایا جا سکتا ہے، بلکہ اس کا منبع قومی جدو جہد کے ابعاد و مواقف کا عمیق ادراک اور ادب اور عوام کا وہ باہمی رشتہ ہے جس کا ذکر آ چکا ہے، ان کی بدولت ہی فلسطینی مقاومت کا ادب مضمون، معنی اور شکل کے اعتبار سے جدید عرب ثقافی تحریک میں ایک منفرد اور رہنما حیثیت رکھتا ہے، اس میں ہمیں سطحی جذبات یا ہسٹیریا اور ماتم و نوحہ خوانی یا ذمہ داری سے فرار دکھائی نہیں دیتا، نہ ہی یہ ادب ہمیں طنز و مزاح یا سستے نعروں کی آڑ لیتا نظر آئے گا،

۱- دیکھو ص ۸۰ غسانی کنفانی: الادب الفلسطينى المقاوم تحت الاحتلال اور ص ۲۱: *They Claim There is No Resistance* -

فلسطینی مقاومت کا ادب کوئی ذھنی عیاشی نہیں بلکہ یہ ایک ذمہ دار اور بامقصد ادب ہے جسے اپنے مقدس فریضے کا سختی سے احساس ہے ۔

یہی سبب ہے کہ جون ۱۹۶۷ء کے زبردست سانحہ کا جس طرح فلسطینی شعراء و ادباء نے مقابلہ کیا، اس کی نظیر نہیں اور عرب ادب میں نظر نہیں آئے گی ۔ مثلاً توفیق زیاد کا یہ طویل قصیدہ غم و اندوہ سے لبریز ہے ، لیکن یہ غم ایک مثبت و زندہ غم ہے ، یہ جانگداز ھی نہیں بلکہ ایمان افروز بھی ہے :

اے میرے وطن! ہم کل دو چلو پانی میں نہ تیرے تھے	یا بلادی! امس لم نطف علی حفنة ماء
اور آج ہم چلو بھر پانی میں نہ ڈوبیں گے	و لذا لن نغرق الساعة فی حفنة ماء
مجھ سے نہ کہو ہم نے فتح حاصل کی	لا تقولوا لی : انتصرنا
یہ فتح شکست سے بدتر ہے	ان ھذا النصر شر من ھزیمة
ہم سطح پر نظر نہیں رکھتے بلکہ جرم کی گہرائیوں کو دیکھتے ہیں	نحن لا ننظر للسطح و لکنا الجریمة نری عمق الجریمة ۔۔۔
تم بیس برس سے	انکم تحیون من عشرین عاماً
پر رونق بہار کے خوابوں میں رہ رہے ہو	حلم صیف ذا رواء
اور آنسوؤں اور خون کے سمندر میں	و تصیدون لامر الغیر
شکار کھیل رہے ہو	فی بحر دموع و دماء
تم آج کے لیے تعمیر کرتے ہو اور ہم	انکم تبنون للیوم و انا
کل کے لیے بنیادیں رکھ رہے ہیں	لغد نعلی البناء
ہم سمندر سے زیادہ گہرے اور آسمانوں کے چراغوں سے اونچے ۔۔۔	انا أعمق من بحر ، و اعلی من مصابیح السماء ۔۔۔
کس ماں نے تمہیں ورثہ میں نصف نہر کا مالک بنایا ہے	ای ام اورثتکم ، یا تری نصف القتال
کس ماں نے تمہیں اردن کا کنار	ای ام اورثتکم ضفة الاردن
اور سیناء اور یہ پہاڑ دیے ہیں ؟	سیناء ، و ھاتیک الجبال؟
جو آج جبر سے دوسرے کا حق چھینتا ہے	ان من یسلب حقاً بالقتال

وہ اپنے حق کی اس دن کیسے حفاظت کرے گا	کیف یحمی حقه، یوماً
جب میزان دوسری طرف جھکیگا ــــ	اذا المیزان مال؟ ــــ
کل تمھیں کون بچائیے گا؟	ما الذی خبأتموہ لغد؟
اے وہ جنھوں نے میرا خون بہایا ہے	یا من سفکتم لی دمی
اور میری آنکھوں کی روشنی چھینی ہے	وأخذتم صنوٴ عینی
اور میرا قلم توڑ دیا ہے،	و صلبتم قلمی
اورایک پرامن عوام کا حق غصب کیا ہے	واغصبتم حق شعب امن
جس کا کوئی جرم نہ تھا ــــ	لم یجرم ــــــ
کل کون تمھیں بچائیے گا	ماالذی خباتموہ لغد
اے وہ جنھوں نے میرے جھنڈے کی توہین کی ہے ،	یا من أھنتم علمی
اور میرے زخموں میں ایک اور زخم کھول دیا ہے	و فتحتم فی جراحاتی جراحا
	و طعنتم حلمی
	ما الذی خبأتموہ لغد
	ان غداً لم یھزم! ــــ
اس کے بعد کیا ہوگا؟ میں نہیں جانتا،	ثم ــــ ما ذا بعد؟ لا ادری، و لکن
لیکن مجھے اتنا معلوم ہے کہ زمین اور برس حاصل امید میں	کل ما ادریه أن الارض حبلی والسنین
کہ حق کبھی فنا نہیں ہوتا، اور	کل ما ادریه أن الحق لا یفنی
اور غاصب اس پر غالب نہیں آئیں گے	ولا یقوی علیه غاصبون
اور میری اس زمین میں ہرگز فاتح پھول پھل نہ سکیں گے ۔	و علی ارضی ھذی لم یعمر فاتحون!

اور یہی عزم و ثبات اور امید ہمیں محمود درویش کے ان خوبصورت اشعار میں فروزاں نظر آتا ہے ، جو اسی موقعہ پر کہے گئے ۔

۱- ص ۱۳۵ : غسان کنفانی ۔

اے میرے وطن ۔	وطني !
میری زنجیروں نے مجھے	يعلمني حديد سلاسلي
عقاب کی سختی	عنف النسور
اور رجائی کی نرمی سکھائی،	و رقة المتفائل ـ ـ ـ ـ
میں نہیں جانتا تھا کہ ہماری کھالوں کے نیچے	ما كنت اعرف أن تحت جلودنا
طوفان جنم لیں گے	ميلاد عاصفة
اور دریاؤں کا وصل ہوگا	وعرس جداول!
انھوں نے مجھے ایک کوٹھڑی میں بند کر دیا	سدوا علي النور في زنزانة
لیکن میرے دل نے اس میں مشعلیں	فتوهجت في القلب
فروزاں کر دیں	شمس مشاعل
انھوں نے دیواروں پر میرا نمبر لکھا	كتبوا على الجدران رقم بطاقتي
لیکن دیواریں مرغزار ہو گئیں۔	فنما على الجدران
انھوں نے میرے جلاد کی تصویر بنائی	مرج سنابل
روشن زلفوں نے اس کی ڈراونی صورت کو چھپا دیا	و حفرت بالاسنان رسمک داميا
میں نے شکست کو اٹھا کر اندھیروں	و كتبت اغنيه الظلام الراحل
میں پٹک دیا ۔	اغمدت في لحم الظلام هزيمتي
اور اپنی انگلیاں روشنی میں ڈبو دیں	و غرزت في شعر الضياء اناملي
اور فاتحین نے کچھ بھی فتح نہ کیا	و الفاتحون على سطوح منازلي
انھوں نے تو صرف زلزلوں کو جگا دیا	لم يفتحوا الا وعود زلازلي
انھوں نے کچھ بھی تو نہیں دیکھا سوائے میری جبین کی روشنی کے،	لن يبصروا الا توهج جبهتي
انھوں نے کچھ نہیں سنا سوائے میری زنجیروں کے شور کے،	لن يسمعوا الا صرير سلاسلي
اور اگر میں نے اپنی عبادت کے لیے جان دے دی،	فاذا احترقت على صليب عبادتي

میں ایک قدیس بن جاؤں گا — أصبحت قديساً
مجاھد کے لباس میں — بزی مقاتل! !

۱۹۶۷ء کی شکست کے سائے میں جو فلسطین کی جو قومی مسلح کشمکش ابھری۔ وہ مقبوضہ فلسطین کے شعراء کے خوابوں کی تفسیر، ان کی طویل جد و جہد کا ثمر اور ان کے عزم و ایمان کا مظہر تھی، اور یہ کوئی اتفاقی امر نہیں کہ یہ ان کے خون جگر میں لکھے اشعار کی شمعہائے فروزاں تھیں، جنھوں نے اس مسلح انقلاب کی پذیرائی اور رھنمائی کی۔

ملتان — اسماء رشید

۵ دسمبر ۱۹۷۲ء

مآخذ اور References

کتابیں :

۱۔ غسان کنفانی: الادب الفلسطینی المقاوم (تحت الاحتلال ۱۹۴۸ - ۱۹۶۸ء)
مؤسسة الدراسات الفلسطينية - بیروت ۱۹۶۸ء (عربی)

۲۔ صبری جوریس: العرب فی اسرائيل -
مؤسسة الدراسات الفلسطينية - بیروت ۱۹۶۱ء (عربی)

۳۔ The Arabs in Israel : Landau Oxford University Press, 1969 (انگریزی)
(اسرائیل میں عرب، از لانڈو آکسفورڈ یونیورسٹی پریس) لندن ۱۹۶۹

۴۔ حبیب قهوجی: العرب فی ظل الاحتلال الاسرائیلی منذ ۱۹۴۸ء
مرکز الابحاث - منظمة التحریر الفلسطینیه - بیروت (عربی)

۵۔ مرکز الابحاث منظمة التحریر الفلسطینیه: *They Claim There is No Resistance*. (انگریزی)
(ان کا دعوی ہے کہ مقاومت کی کوئی تحریک نہیں)

رسائل (مجلات) :

۱۔ الفتح: نشرة خاصه تصدر عن الاعلام المرکزیة لحرکة التحریر الوطنی الفلسطینی (الفتح) بیروت (انگریزی اور عربی)

۲۔ الثورة الفلسطینیه: تصدر عن حرکة التحریر الوطنی الفلسطینی (الفتح) بیروت (عربی)

۳۔ شؤون فلسطینیه: مرکز الابحاث، منظمة التحریر الفلسطینیه بیروت - (عربی)

۱۔ ص ۹ : *They Claim There is No Resistance*.

مولانا محمد عبدالقدوس

قصیدۂ بردہ کی دو عربی شرحیں

از

مولانا جمال چنابی و مولانا جلال چنابی

آج کے عربی مدارس کی طرح مغل شہنشاہوں کے دور میں بھی برعظیم پاک و ہند کے مدارس میں دینی و عقلی علوم کا ذریعۂ تعلیم عربی زبان تھی ۔ نصاب کی کتابیں عربی زبان میں ہوتی تھیں۔ ان پر شروح و حواشی بھی عربی زبان میں لکھے جاتے تھے ۔ افہام و تفہیم غالباً مقامی زبانوں میں ہی ہوا کرتی ہوگی ۔ اس وقت برعظیم کے شمالی حصوں پر ایران و توران کا اثر غالب تھا ۔ اور یہاں کے علوم و معارف میں ایرانی و تورانی علماء کی ثقافت کے نقوش نمایاں تھے۔ علماء و فضلاء بھی عموماً انہی علاقوں سے ھجرت کر کے یہاں اقامت پذیر ہوتے جاتے تھے اور مدارس دینیہ عربیہ کے اساتذہ و تلامذہ میں ولایتی۱ اصحاب کی کثرت ہوا کرتی تھی ۔ اس لئے اس وقت کے نصاب تعلیم میں چند امور نمایاں تھے ۔

۱۔ شروح و حواشی کی تدریس کا رواج : یعنی کسی مشہور کتاب یا اس کی شرح کی تدریس اور اس پر حاشیہ کی شکل میں خود مدرس کی تحقیقات کا اضافہ ۔

۲۔ صرف و نحو اور علوم بلاغت میں منطقی طرز استدلال کا غلبہ، جس سے ذہن کو نکتہ سنجی کی مشق میں خوب مدد ملتی تھی ۔ مگر اس مشغولیت کی وجہ سے کثرت مطالعہ کے لئے وہ فراغت نصیب نہ ہوتی جس کی بدولت اہل زبان کے محاورہ سے شناسائی حاصل ہو سکے ۔

۱۔ اس وقت کی اصطلاح کے مطابق ایران و توران کا علاقہ ولایت کہلاتا تھا اور وہاں سے متعلق اصحاب ولایتی کہلاتے تھے ۔

۳۔ ادبی کتابوں کا فقدان : جہاں تک راقم الحروف کو معلوم ہوسکا ہے۔ اس دور کے شمالی ہند کے نصاب تعلیم میں فحول شعرائے عرب کا کوئی دیوان داخل نصاب نہ تھا ۔ سوائے بوصیری کے قصیدۂ بردہ کے جسے عقیدت کے طور پر زیر مطالعہ بھی رکھا جاتا تھا ، یاد بھی کیا جاتا تھا اور اس کا درس بھی لیا جاتا تھا (بعض قرائن سے یہ بات اخذ کی جا سکتی ہے کہ مقامات حریری اور قصیدۂ بانت سعاد بھی بعض بعض مقامات پر زیر درس رہے ہوں گے) ۔

قصیدۂ بردہ کی تعلیم و تعلم کے ذریعہ اہل علم اپنے ادبی حاسہ کی تشنگی کا علاج بھی کر لیتے تھے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسلمانوں کو عموماً اور اس وقت کے اہل علم کو خصوصاً جو والہانہ محبت تھی اسے تسکین دینے کا بھی موقع میسر ہو جاتا تھا ۔

قصیدۂ بردہ کے داخل نصاب ہونے کی وجہ سے عالم اسلام کے دوسرے خطوں کی طرح یہاں بھی اسے خوب قبولیت حاصل ہوئی ۔ فارسی، اردو، پنجابی۲، سندھی، پشتو وغیرہ مقامی زبانوں میں اس کے منظوم ترجمے ہوئے اور علماء نے بکثرت اس کی شروح و حواشی لکھے۔

زیر تحریر مقالہ میں قصیدۂ بردہ کی دو شرحوں کے ساتھ ان کے لاہوری مصنفین کا تعارف مقصود ہے (یہ ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ اگرچہ قصیدۂ بردہ کی عربی شروح برصغیر میں کافی لکھی گئی ہوں گی ، مگر ڈاکٹر زبید احمد صاحب کی کتاب میں کسی ایک کا بھی ذکر نہیں) ۔

غالباً دور اکبری کے اوائل یا اواسط میں دو طالب علم برادر غزنی سے آ کر پنجاب میں مقیم ہوئے ۔ برادر کبیر مولانا جمال بن نصیر تھے اور برادر صغیر مولانا جلال بن نصیر ۔ دونوں حضرات تحصیل علم کے بعد پنجاب ھی میں مقیم ہوئے اور دریائے چناب کے آس پاس بسنے کی بنا پر چنابی کہلانے لگے ۔ دونوں حضرات صاحب علم، صاحب نسبت اور اہل

۲۔ اسلامیہ کالج پشاور کے کتب خانہ میں قصیدہ بردہ کا ایک منظوم ترجمہ پنجابی میں ہے ۔ مؤلف جنڈیالے کا ہے اور اپنے ترجمہ کو ھندی ترجمہ کہتا ہے ۔

قلم تھے ۔ وقت تحریر تک حاصل شدہ معلومات کی رو سے مولانا جمال چنابی کی تصنیفات چار ھیں :

۱۔ حاشیہ شرح جامی برکافیہ ۔ یہ حاشیہ ۱۰۱۹ھ میں لکھا گیا ہے ۔ مطبوعہ بھی ہے اور اس کے قلمی نسخے بھی جا بجا کتب خانوں کی زینت ھیں ۔ کتب خانہ، اسلامیہ کالج پشاور میں اس کے دو مخطوطے ھیں ۱۳۰۸ھ و ۱۳۴۵ھ ۔ (ڈاکٹر زبید احمد صاحب نے اسے مولانا جمال خان دھلوی کی طرف منسوب کیا ہے ۔ مگر چونکہ مولانا جمال خان دھلوی کا سن وفات ۹۸۴ھ ہے اور اس حاشیہ کا سن تصنیف ۱۰۱۹ھ، اس لیے یقیناً یہ حاشیہ مولانا جمال دھلوی کا نہیں بلکہ مولانا جمال (الغزنوی مولداً اللاھوری تعلما و الجنابی سکناً) کا ہے۔

۲۔ شرح قصیدۂ بانت سعاد۳ ۔

۳۔ شرح قصیدۂ بردہ فارسی موسوم بہ قامع البدعۃ۴ ۔

۴۔ شرح قصیدۂ بردہ عربی ۔ جس کے دو مخطوطے اسلامیہ کالج پشاور کے کتب خانہ میں ھیں ۔ مخطوطہ ۱۱۲۱ھ و ۱۱۴۵ھ (مخطوطہ ۱۱۴۵ھ میں یہ خوبی ہے کہ اس پر مصنف کی شرح فارسی کے اقتباسات بھی حاشیہ پر دیے گئے ھیں) ۔

مولانا جلال بن نصیر کی تین تصانیف دریافت ہو سکی ھیں :

۱۔ بدیع المیزان از مولانا عبد اللہ تلنبی کا حاشیہ جو مطبوعہ ہے۔

۲۔ تفسیر بیضاوی کے آخری پارے پر (جو غالباً ان کے ھاں زیر درس رھا ہوگا) حاشیہ جس کا مخطوطہ انڈیا آفس لائبریری میں ہے (فہرست عربی مخطوطہ نمبر ۱۱۱۹) ۔

۳۔ شرح قصیدۂ بردہ عربی موسوم بہ کشف الحقائق جس کا قلمی نسخہ اسلامیہ کالج پشاور کی لائبریری میں ہے۔

۳، ۴۔ ھر دو کے قلمی نسخے کتب خانۂ واں مہاں ضلع سرگودھا میں ھیں بہ حوالۂ مضمون ڈاکٹر محمد شفیع مرحوم درضمیمۂ اورینٹل کالج میگزین اگست و نومبر ۱۹۵۲ء ۔

اس کتاب میں مولانا جلال نے اپنے برادر کبیر مولانا جمال کا ذکر نہایت احترام سے کیا ہے اور ان کی عربی شرح کے حوالے جا بجا دیئے ہیں۔ جیسا کہ عرض کرچکا، ہر دو حضرات اپنی نسبت چنابی بیان کرتے ہیں۔ تاہم کشف الحقائق کے اس قلمی نسخہ کے آخر میں کاتب نے یہ تحریر ثبت کی ہے ۔

”قد وقع الفراغ من تسوید ھذا الکتاب بعون الملک الوھاب المسمی بکشف الحقائق من تصنیف العالم شارح الدقائق مولانا جلال بن نصیر ساکن کیلا والہ فی شرح قصیدۃ البردۃ فی مدح النبی صلی اللہ علیہ وسلم، بید الفقیر الضعیف اعظم بن زاھد بن اسماعیل فی یوم الاربعا بعد الظھر من شھر الصفر (کذا) ۱۱۸۷ھ“

اس تحریر نے وضاحت کر دی کہ مولانا جمال و مولانا جلال حضرت کیلیانوالہ کے رہنے والے تھے جو ضلع گوجرانوالہ تحصیل حافظ آباد کا ایک قصبہ ہے ۔(۱۹۵۱ء کی مردم شماری کی رو سے اس کی آبادی ڈھائی ہزار ہے۔ اس میں ایک پرائمری سکول اور ڈاک خانہ ہے)۔

اتفاقاً جولائی ۱۹۷۲ء کے ماہنامہ سیارہ میں ایک مضمون نظر سے گذرا جس کے مندرجات کے مطابق ان دونوں بزرگوں کے مزارات کیلیانوالہ میں اب بھی موجود ہیں۔ مولانا شاہ جمال کی اولاد اب بھی حضرت کیلیانوالہ میں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہے اور اس موجودہ صدی میں ان کی ساتویں پشت کی اولاد میں صاحبزادہ نور الحسن شاہ صاحب، میاں شیر محمد صاحب شرقپوری کے خلیفۂ مجاز اور صاحب نسبت بزرگ ہو گذرے ہیں۔ اس مضمون سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس خاندان کے حالات سے متعلق کوئی کتاب بھی شائع ہوئی ہے مگر راقم الحروف تاحال اسے دستیاب نہ کر سکا ۔

صاحبزادہ نور الحسن شاہ صاحب کے خلیفہ کے حوالہ سے صاحب مضمون نے یہ بھی لکھا ہے کہ مولانا جمال کا تذکرہ مکتوبات مجدد الف ثانی میں بھی موجود ہے ۔ راقم الحروف نے مکتوبات کی طرف رجوع کیا تو اس میں مندرجۂ ذیل عبارت ملی جو حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ نے ملا حاجی محمد لاھوری کے نام کے ایک مکتوب میں درج فرمائی ہے ۔

"فوت مغفرت پناهی میان شیخ جمال جمیع اهل اسلام را باعث حزن و تفرقه است۔ مخدوم زاد هائے ایشان را از جانب فقیر عزا نموده فاتحه خوانند و السلام"۵۔

اگر یه عبارت مولانا جمال چنابی هی سے متعلق هے (اور به ظاهر اس میں کوئی بعد نہیں۶) تو اس کا مطلب یه هے که وفات کے وقت مولانا جمال چنابی اپنے وقت کے مشهور بزرگوں میں سے تھے۔

مولانا جمال کی تاریخ وفات بالضبط معلوم نه هو سکی مگر مکتوبات کی اس عبارت اور سنهٔ تصنیف حاشیهٔ شرح جامی سے یه نتیجه اخذ هوتا هے که ان کی وفات موخر الذکر سن (۱۰۱۹ھ) کے بعد اور سنهٔ تالیف مکتوبات دفتر اول (۱۰۲۵ھ) سے پهلے واقع هوئی هے۔

مولانا کی شرح قصیدهٔ برده کا عربی مخطوطه نمبر ۱۱۲۱، ۳۴ اوراق (۶۸ صفحات) پر مشتمل هے۔ هر صفحه میں ۲۳ سطر هیں۔ اور هر سطر میں ۲۲ تا ۲۶ لفظ هیں۔ ابتدائی صفحات میں حاشیه پر چند اشعار قصیده کا منظوم فارسی ترجمه بهی ساتھ ساتھ درج هے مگر یه التزام آخر تک نہیں پهونچ سکا هے۔ آخری سات اوراق کے حاشیه پر حضرت علی کرم الله وجهه کے مقولوں کا فارسی منظوم ترجمه هے۔

اس شرح کی ابتدا مندرجهٔ ذیل عبارت سے هوئی هے۔

"الحمد لمرسل المرسلین و الصلوة علی قائد الغر المحجلین و اله و اصحابه المهدیین الهادین و بعد فلما کان (؟) القصیدة المیمونة المبارکة فی مدح سید المرسلین حبیب الله العالمین اکرم الاولین و الاخرین شفیع المذنبین من المؤمنین امام الانبیاء و اسبقهم یوم الدین افتتح الناظم قدس سره بذکر ابتلائه بالعشق الخ..."۔

۵۔ مکتوبات دفتر اول مکتوب ۳۶۔

۶۔ بلکه مولانا جمال و مولانا جلال کی شرحوں کے مندرجات سے معلوم هوتا هے که دونو بزرگ رد بدعت و حفاظت سنت میں شیخ مجدد کی طرح خوب متصلب تھے اس لئے ان کے بارے میں شیخ مجدد کے قلم سے اس قسم کے کلمات کی توقع هوسکتی هے۔

اس عبارت میں مصنف نے حمد و صلوۃ کے بعد ھی پہلے شعر کی شرح کرنے کی تمہید باندھی ھے۔ اپنی طرف سے وجہ تصنیف وغیرہ بیان کرنے کا تکلف نہیں فرمایا ۔ تاھم کتاب کے اختتام پر مندرجہ ذیل عبارت ھے جو ھمارے لئے مفید مطلب ھے ۔

”قد استراح من کدالانتہاض لمسودة هذا الشرح العبد جمال الجنابي وفقه الله سجانه و تعالى لتخليص النية عن شوب الاغراض و جعله فارغا من مطالبة الاعواض من قبل ظهر يوم الثلاثاء الخامس عشر من جماد (ى) الاخر (ى) المنتظم فى سلک سنة نسع و تسعين و تسعمائة“ ۔

اس عبارت سے تاریخ تصنیف (۱۵ جمادی الاخرة ۹۹۹ھ) بھی معلوم ھوئی اور یہ بھی کہ حضرت مصنف اپنی نسبت جنابی تحریر فرماتے ھیں ۔

اس شرح سے ایک اور اقتباس بھی قابل توجہ ھے۔

قصیدہ کے شعر :۔

یا نفس لا تقنطی من زلة عظمت ان الکبائر فی الغفران کاللمم

کی شرح کرتے ھوئے مولانا شاہ جمال فرماتے ھیں :۔

لکن لا ینبغی ان یبنی الامر علی ذلک فید خل فی المعاصی و یصر علیہا فان ذلک حماقة یبرز(ها) الشیطان فی معرض الدین . . .
و لیس برجاء بل هو قمة شیطاینة قال الله تعالی ولا یغر نکم بالله الغرور . . . .

و من الاعجب ما وقع لی من هذه الهوا جس انی نظرت فی قوله صلی الله علیه و سلم ان الله یحب الممتحن التواب، و قوله ما اصر من استغفر و ان عاد فی الیوم سبعین مرة، و قوله حاکیا عن الله تعالی : من علم انی ذوقدرة علی مغفرة الذنوب غفرت له و ان لم یستغفر ما لم یشرک بی شیئا و غیر ذلک من الاحادیث فوقع فی روعی ان اقترف ذنبا ثم اتوب ثم هکذا ثم هکذا ولیس علی بذلک شئی بل اصیر محبوب الله و لیس الاصرار فی الاعادة سبعین مرة مع الاستغفار فکیف ان افعل مرة و استغفر مرا را و النفس بین طامحة راغبة و الشیطان معن مفتن فخرجت الی بعض الصحاری و معی تفسیر القاضی و قد

كنت مشغولا في تلك (الايام) بقراءته عندالاستاذ العارف بالله الزاهد في الدنيا و الراغب في العقبى مولانا سعد الله قدس سره فبينا انا (في) هذه الخطرة اذ فتحته فوقع نظري على قوله تعالى ولا يغرنكم بالله الغرور (بان يمنيكم التوبة و المغفرة فيجسركم على المعاصي) فقلت سبحان الله هذه خطرة نفسانية و لمة شيطانية فذهبت بعون الله و حسن توفيقه عني بالكلية، من يهدى الله فلا مضل له و من يضلل الله فلا هادي له ۔

اس اقتباس سے چند امور کی طرف ھماری رھنمائی ھوتی ھے اولا مصنف کا عمدہ انداز بیان اور اپنے زمانے کے رائج طرز عبارت میں سلاست کے ساتھ ادائے مطلب پر قدرت ۔ کہ یہ نثر اگرچہ نثر فنی نہیں لیکن ادائے مطالب کے لئے کافی اور ایجاز مخل تطویل ممل اور تعقید وغیرہ عیوب سے خالی ھے۔ ثانیاً یہ کہ مصنف کو زمانۂ طلب علم ھی سے مجالس علم اور احادیث نبوی سے وابستگی رھی ھے۔ ثالثاً یہ کہ مصنف زمانۂ طلب علم ھی سے پاکیزہ سیرت اور گناھوں سے محفوظ زندگی پر فائز رھا ھے ۔ اور رابعاً تاریخی لحاظ سے یہ اھم بات کہ مصنف لاھور میں مولانا سعد اللہ ملتانی ثم لاھوری متوفی ۹۹۰ھ کے حلقۂ درس میں شامل رھا ھے ۔ اس سے سیارہ ڈائجسٹ کے مدیر کے اس بیان کی تردید ھوجاتی ھے کہ شاہ جمال و شاہ جلال دور جھانگیری میں غزنی سے تشریف لائے تھے ۔ یہ بیان اس لئے بھی محل نظر ھے کہ مولانا جمال ۹۹۹ھ کی تصنیف میں اپنی نسبت جنابی (چنابی) بیان کرتے ھیں جس سے معلوم ھوتا ھے کہ وہ اس سنہ سے بہت پہلے علاقۂ چناب کے ساتھ وابستہ ھو چکے تھے ۔

مولانا جمال نے اپنی شرح میں نحوی ترکیب کی نوک پلک درست کرنے کی طرف خود توجہ دی ھے اور اس ضمن میں کہیں کہیں بعض متقدم شروح کی توجیہات پر رد بھی کیا ھے ۔ ایسی شرحوں میں سے ایک کا نام طیب الجیب ھے (اس نام کی تصریح کئی مقامات پر حاشیہ میں کی گئی ھے ۔ مگر اس کے مصنف کا نام معلوم نہ ھو سکا) ۔ عموماً مصنف جس قول کو رد کرتے ھیں اس کے قائل یا اس کے مصدر کا حوالہ نہیں دیا کرتے ۔ ایک مختصر اقتباس بطور نمونہ پیش خدمت ھے ۔

بوصیری کے شعر:

من لی برد جماح من غوایتها کما یرد جماح الخیل باللجم

کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

من یتکفل لی برد: دفع جماح کرماح: مصدر و ھو الشماس ناش من غوایتھا ضلالتھا کما یرد جماح شماس الخیل باللجم ای من یتکفل لی بدفع شماس واحد ناش من ضلالتھا و جھالتھا رد ا مثل رد شماس الخیل باللجم۔ و القول بان الجماح جمع جموح بالفتح وله معنیان الفرس الشموس الابی و النفس المرتکبة (الکبائر) علی ھواھا و المراد فی المصراع الاول الثانی و فی الثانی الاول اخلال بالنظم و جزالة المعنی فتدبر۔

اس نمونے سے آپ نے اندازہ لگایا ہوگا کہ مصنف نے اختصار کے ساتھ ضروری ترکیب کی ہے اور معنی بیان کئے اور دوسرے کسی شارح کے قول کی تردید کی ہے۔ لیکن قائل کا نام نہیں لیا۔

کبھی زہد و فقر کا موضوع چھڑتا ہے تو خوب کھل جاتے ہیں اور اشہب قلم کی جولانیاں دکھاتے ہیں۔ ایک مثال اوپر دی جا چکی ہے۔

مولانا جلال چنابی کی شرح قصیدۂ بردہ خوب مبسوط ہے۔ اس کا جو مخطوطہ نمبر ۱۱۲۱ پر اسلامیہ کالج پشاور کے کتب خانے میں ہے وہ ۳۴۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ ہر صفحہ میں ۲۲ سطر اور فی سطر ۱۶ تا ۱۸ لفظ ہیں۔ اس مخطوطہ کی کتابت اعظم بن زاھد بن اسماعیل نے ۱۱۸۲ھ میں کی ہے۔ پشاور کے مولانا حافظ حبیب صاحب نے ۱۲۴۷ھ میں اسے خرید کر اپنے کتب خانہ میں شامل کیا۔ یہی کتب خانہ ان کے فرزند مولانا غلام جیلانی مرحوم کی وفات کے بعد اسلامیہ کالج میں منتقل ہوا۔

مولانا جلال بن نصیر نے اپنی تصنیف میں سن تحریر کا ذکر بھی نہیں کیا۔ اور کوئی تاریخی حوالہ بھی نہیں دیا۔ مگر ذیل کے اقتباس سے اس بات کی وضاحت ہوگی کہ وہ اپنے برادر کبیر کے 'تلمیذ مسترشد' اور ان کے علوم کے خوشہ چین ہیں۔ اور اس شرح کی تصنیف میں بھی انہوں نے مولانا جمال سے استفادہ کیا تھا۔ فرماتے ہیں

"ثم انی قد استفدت عن استاذی المحقق و مولوی المدقق اخی العالم العامل المختار عند الکریم المتعال مخدومنا و مولانا جمال سلمه الله تعالی و ابقاه حین عرضت شرح هذا البیت لدیه" (ورق ۱۲۰ الف شرح شعر و کالصراط و کالمیزان معدلة الخ)

اسی طرح انہوں نے چند مقامات پر اپنے برادر اکبر کا ذکر کیا ہے اور ہر جگہ ایسے ہی احترام کے الفاظ سے کیا ہے۔

مصنف نے دوسرے شارح یا شارحین کا ذکر 'بعض الشارحین' کے لفظ سے متعدد مقامات پر کیا ہے مگر نام کی تصریح نہیں کی۔ صرف ایک دو جگہ مولانا عصام الدین اسفرائنی کی شرح کا ذکر نام کی تصریح کے ساتھ کیا ہے۔ ان کے علاوہ مندرجہ ذیل کتابوں کا ذکر متعدد مقامات پر بطور مصادر کیا گیا ہے۔

تسہیل - ایضاح شرح مفصل - رضی شرح کافیہ - مطول شرح تلخیص تفتازانی - کشاف - حاشیۂ کشاف از سید شریف - تفسیر بیضاوی - الصحاح للجوہری - قاموس فیروز آبادی- الشفاء للقاضی عیاض- اربعین - منہاج العابدین - المقصد الاقصی - احیاء العلوم (الاربعة للغزالی) - عوارف المعارف للسہروردی - التعرف للکلاباذی - الکفایة شرح الہدایة للکرمانی - التلویح للتفتازانی - سیر معارج النبوة کاشفی - مختصر طیب الحبیب (؟ کسی نامعلوم مصنف کی شرح بردہ) خلاصة الحقائق (؟ عیون المجالس) (؟ منتقی) (؟ مفاتیح) (؟ شرح مصابیح مظہر الدین الزیدانی) -

مولانا جلال عقیدہ کے لحاظ سے اہل السنت کے اسی طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں جو اس وقت (اور اس وقت بھی) افغانستان و سرحد کے مدارس اور مراکز علم میں مسند نشین ہے۔ وہ وحدة الوجود کے سخت مخالف ہیں۔ فصوص الحکم کے مضامین کا حوالہ دے کر اس کی تردید میں زور قلم صرف کرتے ہیں۔ اس زمانہ میں شیخ عبدالقادر جیلانی کی طرف ایک رسالہ موسوم بہ رسالۂ غوثیہ منسوب تھا - جس میں بہت سی باتیں وجودیہ

۷- و قال مولوی المحقق و استاذی المدقق اخی و نفسی فداه فی شرحه (ورق ۱۳۸ ب و ۱۶۳ ب و ۲۹ ب) کذا افاده الاستاد الاخ العالم الصالح فی شرحه لهذه القصیدة (ورق ۴۳ الف) -

کے رنگ میں تھیں مصنف اسے مجعولہ سمجھتا ہے ۔ باطل فرقوں میں انہوں نے کفرہ ۔ رفضہ ۔ طائفۂ مہدیہ ۔ ملاحدہ ۔ اہل السماع ۔ فلاسفہ اور فرقۂ محمودیہ کا نام متعدد مقامات پر لیا ہے ۔

اس شرح کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ ورق ۴۳ ب کے بعد مولانا جلال نے ہر شعر کی شرح کا اختتام درود شریف پر کیا ہے اور ہر بار نیا صیغۂ درود استعمال کیا ہے ۔

کتاب کے آخر میں قصیدۂ بردہ کی برکات کا ذکر کرتے ہوئے یہ تلقین کی ہے کہ اپنی حاجات کی طلب اور مہمات کے حل کے لئے اس قصیدہ کا ورد مجرب ہے ۔ اس لئے اس کو پڑھنا چاہئے اور مندرجہ ذیل واقعہ پر شرح کا اختتام کیا ہے ۔

و من جملة برکاتها انی قد اشتقت الی رؤیة النبی صلی اللہ علیه وسلم فی المنام و قرأت لاجلها و ظائف کثیرة ولم یتیسرلی هذه الدولة العظمی و الکرامة الکبری اصلا لقصوری ثم شرعت فی شرحها و بیان معانیها و مقاصدها و کشف حقائقها فاذا (؟ فلما) شرحت عدة ابیات منها تیسر لی و تشرفت بهذه المرتبة العلیا و الدرجة القصوی بحرمة خیر الوری علیه الصلاة والسلام بعدد الانفاس الاعلی و الادنی فانی نمت البارحة (باللیل) فی بلدة بهاؤر فکانی قائم فی سوقه و معی شخص آخر و وصلنی خبر مجیئه فمربی صلی اللہ علیه وسلم مع اصحابه رضوان اللہ علیهم فرأیته و ایاهم مقدما علیهم فی ثیاب بیض و لحیته المبارکة سوداء مرة فی ممر الناس فیه و اخری فی دکانه فوضعت یدی علی رجلیه المبارکتین فاخذ رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یدی عن رجلیه علی وجه المرحمة و المکرمة فقمت من مکانی الساعة و قد مضی من اللیل اکثره و قد اشتغلت نذکر بکلمة التوحید (کذا) ای صلاة الفجر ۔

الغرض مولانا جلال کی شرح اس زمانے کے طریقۂ درس کے مطابق قصیدہ بردہ کی تدریس کے لئے ایک شاہکار ذریعہ تھا ۔ یہ شرح مصنف کے علم، تقوی اور طریق سنت پر مستقیم رہنے کی ایک مضبوط نشانی ہے اور مولانا شاہ جمال رحمة اللہ علیہ کی شرح کے مقابلہ میں اس کی عربیت کی کمزوری کی تلافی اس کے بسط و تفصیل کے ذریعہ کی گئی ہے ۔

احمد فاروق

دباغة الجلود و تجارتها عندالعرب في مستهل الاسلام

انما الحرفة هي مقياس الدول في اقتصادها . لهذا كانت جزيرة العرب تمارس الحرف كلها لدعم اقتصادها . و لكن دباغة الجلود قد امتازت من الاخرى كما لعبت دورا هاما في حياة اهلها، لان العرب في الأدوار السحيقة قد جعلوا جدار تجارتهم على دباغة الجلود وتصديرها الى الخارج فضلا على انهم معظم حياتهم محيطة باشياء مصنوعة من الجلد.

لقد من الله عليهم بالحيوانات كالابل والشاة والمعز والحيوانات الاخرى لريهم من لبنها[1] و لملابسهم من وبرها ولبيوتهم من جلودها[2] و انهم كانوا اكثر حاجة الى جلود الحيوانات منهم الى أدوات أخرى لصيانة أشيائهم الاستهلاكية لان الشمس الحارة في تلك البقعة كان لا يفاوسها من الاوعية والعلبات التي كانت تستعمل في البيوت غير الجلود . و لئن كانت عندهم اواني فخاربة ولكنها كانت قليلة بالنسبة الى ما كانت يستعمل من الجلود كما كانت غير ملائمة لحياتهم البدوية . و كانت الاعراب تستعمل الجلود لاختزان الماء ووقاية العسل والزيت وسوائل أخرى كما كانوا يضعون التمر في جوارب من الاديم[3] و يفيدنا هيرودوتس ان الاعراب خطوا قنوات بالجلود في

١- القرآن : سورة النحل : ٦٦. القرآن : سورة النحل : ٨٠ .

٢- ابن سيده : المخصص ، باب الجلود و الغمد و الكنانة ، مرتضى زبيدى : تاج العروس (السبة و العنبر) ، عيسى بن ابراهيم بن محمد الربعي : نظام الغريب طبع مطبعة هندية بمصر ص ٨٥ ، ٩٩—١٠٠ ، ١٥٢ ، جواد علي: تاريخ العرب قبل الاسلام طبع بغداد ، ١٩٥٩ : ج ٨ ص ٩٩ ، ٢١١— ٢١٢ ، ابن المجاور : تاريخ المستبصر، طبع لمدن - ص ٥٢ ، ٥٣ ، ٥٣ ، ٢٢٥ .

٣- ابن سيده: المخصص ، باب الجلود ، الربعي : نظام الغريب . ص ٨٥—١٠٠ .

الازمان الغابرة[٣] كما كانت لهم البيوتات المصنوعة من جلود الانعام صالحة وملائمة للسكنى فى اثناء نزول المطر بخلاف البيوتات المصنوعة من الوبر أو الشعر فانها لا تحمى ساكنيها من البرد والرياح حماية البيوتات المصنوعة من الجلود[٥] ومن المعلوم انهم كانوا يستعملون الجلود للباسهم و حياضهم[٦] كما استعملت الاعراب الجلود مكان الثمن لبعض السلع.[٧] وكانوا يستعملون الفلك المصنوعة من الجلود.[٨] لانغالى حين نقول ان الجلود كانت تعد من اهم الاشياء للعرب . فبذلك كان الناس يعنون بها عناية عظيمة على جانب صناعات أخرى.[٩]

(١)

ان دباغة الجلود تحتاج الى ثلاثة أمور . فمنها الاول أن يكون جو المكان صالحا للدباغة والثانى أن تتوفر الحيوانات التى توخذ منها الجلود والثالث أن تكون تلك المدينة التى فيها المدابغ سهلة الوصول للتجار . و لحسن الطالع كانت قد جمعت هذه الامور الثلاثة فى جزيرة العرب . فان جو اليمن والطائف ومكانتهما كانتا تناسبان كل المناسبة لدباغة الجلود وتجارتها . فبذلك قد ازدهرت هذه الصناعة فى هؤلاء البلاد . و لم تزل الدباغة انتشارا حتى احتوت فيها الامكنة المجاورة لمدن الشهيرة لها .

٣- هرودوتس : تاريخ هرودوتس الشهير (معرب) - ط بيروت ١٨٨٧م - الكتاب الثالث : ص ١٩٧—١٩٨ -

٥- البلاذرى : انساب الاشراف - تحقيق الدكتور حميد الله - ط القاهرة - ص ٢٩ ؛ الربعى : نظام الغريب - ص ٨٥ - فيه بيت لطرفة :

رايت بنى غبراء لاينكروننى ○ و لا اهل هذاك الطراف الممدد

٦- ابن سعد : طبقات - ط ليدن ، ١٣٢٢ هـ - ج ١ والقسم الاول ص ٣٥ .

٧- يقول شماخ فى ثمن الابل :

و بردان من خال و تسعون در هما
على ذاك مقروظ من الجلد ماعز

٨- Hourani : Arab Seafaring. Beirut, 1963. p 3.

٩- محمد عزة دروزه : عصر النبى - ط القاهرة ، ١٩٦٣م - ص ٩٩—١٠٩ .

وعندما توفرت محصولاتـهـا جعل الـعرب يصدرونهـا الى ممالک بعيدة نحو مصر والحبشة والفارس وبماوراء النهر والهند. ١٠

ان الحيوانات كالابل والشاة والبقرة وغيرها، التى كانت أساس الـدباغة، نجدهـا وفيرة فى جزيرة العرب كلها . الشاة والمعز كانت تربى على جبل السراة كما كانت عليه الغزال وبقرات الوحش . ولئن كانت الابل تـوجد فى الجزيرة كلها ولكنها كانت تعني بها خاصة فى اليمن كما توجد فـى الجرش الـسفرة الـشهيرة الـجيلانية و الـخذيرية التى توخذ منهـا الجلد اللين. ١١

وأما الجاموس و الفيل فقد ورد ذكرهما قيلة نحية فى الموارد ونجد بعض الاخبار منهما، قال الشاعر العذرى جميل :

و ما ينبغى منى العداة ، تفاقدوا
و من جلد جاموس سمين مطرف١٢

وامسا الـفيل فكانت الترسة تعمل من جلودها وهى أجود من جلود الجواميس ومن الخبزران ومن الورق والحجف التى تتخذ من جلود الابل . ١٣

و من الغريب أن العرب أخذوا جلودا من بعض حيوانات بحرية كالاطوم والحوت والسمک و منهـا الـنوع المعروف بالقرش (SHARK)١٤

وتـظهر من عناية الاعراب بالحيوانات أنهم كانوا أكثرهم حاجة اليهـا فى حياتهم لان الابل على جانب انتاج الجلد كانت لهم سيارة فى الصحراء وتؤتى باللبن فى أوقات الحاجة كما أن الحيوانات الاخرى كانت لهم دعم معيشتهم ومعونتهم .

و من الضرورى عندما أردنا بالماء و دباغة الجلود أن تلقى ضوءعلى

١٠- ابو عمر يوسف الكندى : كتاب الولاة و كتاب القضاة - بيروت ، ١٩٠٨م ص ٧ -
١١- الهمداني : صفة جزيره العرب - القاهرة ، ١٩٥٣م - ص ١١٧ ، ١١٨، ٢٠١ -
١٢- عمرو بن احمد الجاحظ : كتاب الحيوان - تحقيق عبدالسلام هارون - ج ٧ ص ٢٠٨ -
١٣- نفس المرجع - ص ٨٦ -
١٤- الدكتور جواد على : تاريخ العرب قبل الاسلام - ج ٨ ص ١١١ -

سلخ الجلود من الخيوانات وطرق ذبحها . اختلفت الآراء فى الذبح كما أنها عديدة . وهذه الطرق تحتاج الى التفصيل و لكنى لا أطيل عليكم الكلام فسأقول موجزاً . ١٥ أما طرق الشهيرة لذبح فهى :

القف : فانه قطع عنق الحيوان بعضه من قفاه .
والفرس : أن يقطع العنق كله .
والشرد : أن تغرب العنق بدون النظر الى لحم العنق ومن أى ناحية .

وأما مناهج السلخ فقد اختلفت أيضا على الاعراب فى أقطارهم منسجما لبيئتهم و طقوسهم و تقاليدهم كما كانت لسهولتهم، و هى :

١- الترجيل : هى التى يبدأ الانسان تسليخ الجلد من قدم الحيوان أو يستعمل رجله فى هذا العمل . و قد أشار اليه الشاعر :

أيام أسحب منزرى عفر الملا و أغض كل مرجل ريان

٢- النجل : راجت هذه الطريقة فى أيامنا هذه وهى أن يقطع الجلد من قرب عرقوب الحيوان ويبدأ من هنا تسليخه . يقول المخبل :

وأنكحتم رهواً كان عجانها مشق اهاب أوسع السلخ ناجله

و قيل سلخ الجلد من العرقوب حتى الرأس وتقليبه يقال لها المنجول أو المرجول .

٣- التزفيق : أن تبدأ السلخ من قبل رأس الحيوان .
٤- الشرع : تشقق ما بين رجليه و تسلخه .
٥- الدحس : وهى أن تدخل يدك بين جلد الشاة لتسلخها .
٦- و كانت هناك طريقه غريبة لقيام هذا العمل وهى أنهم كانوا يسبئون الجلد بالنار.

و لتعبير هذا الغرض أى السلخ كانت لديهم كلمات عديدة نحو الكشط والنزلع والسلخ والتجلد والنجو التى تخص ببعض الحيوانات و بعض الامكنة . ١٦

١٥- من يريد تفاصيل هذه الطرق فليرجع الى باب الجلود من كتاب المخصص لابن سيده -
١٦- نفس المكان -

بعد معالجة الحيوانات و سلخ جلودها خطينا خطوات الى المقصد . و سأعرض الآن عليكم المواد التي كان الاعراب يستعملونها لدباغة الجلود و صبغها .

ان المواد للدباغة كانت كثيرة وافرة في الجزيرة كما كانت عندهم طرق عديدة لاستعمالها، لسهولة جوهم ومكانهم ولما كانت عندهم من الاشجار والنبات . هذا لا يمكن لاحد أن يحيط عرضا بهذه النبات كلها فسنكتفي باتيان بعضها خوفا لملالكم .

نلاحظ قبل كل شيء أن العرب كانوا يستعملون النبات كلها بهذا العدد كما كانت يستفاد من لحاء الاشجار وأثمارها . و ها أنا أسوق اليكم بعضها : ١٧

☆القرظ : قال الليث ان ورق السلم يدبغ به ولكنه ليس بصحيح لان أوراق السلم هي الخبط ولا يدبغ بها وقد التبس القرظ على أبي حنيفة ولم يستطع ان يقطع الرأي الحاسم في شانه فقال مرة، هو النبت و مرة أخرى لحاء الشجر و نرى الفيومي على حق بقوله ان القرظ نبت ويجنى و الشجر لا يجنى الا ثمره . فقال ختاما : انه حب معروف يخرج من غلف كالعدس من شجر العضاه .

و كان القرظ ينبت قرب مدينة في وادي العقيق و بمكة أيضا . ١٨ و أما اليمن فكانت بلاده فلذلك قيل لها : "بلاد القرظ ." و كان يوجد في كل مكان الدباغة بمقدار وافر مثل صعدة و جرش و ما يجاورها . ١٩ والمزدوية المرة فكانت فيها الرحي لسحق القرظ كما كانت الجزيرة "قيس" بجنوب اليمن دار القرظ . ٢٠

١٧- لوصف هذه الكلمات انظر المعاجم كالصحاح و مصباح اللغة و القاموس، والتاج و اللسان و مد القاموس للين (Lane) .

١٨- ابن المجاور : تاريخ المستبصر - ص ٣٢ ، الازرقي : اخبار مكة - ط ص ٣٥ .

١٩- الهمداني : صفة جزيرة العرب - ص ٦٨ ، ١٢—١١٣ .

٢٠- ابن المجاور : تاريخ المستبصر - ٩٧—٩٨ ، ٢٩٥ .

☆الغلقة : يقول أبو حنيفة بأنها عشب تدرس وتهيأ للدباغة و لكن صاحب التاج ينكره و يقول بانها شجر مر ويدمع من يقربه و يدبغ من لحائه و ثدره . و أيده أبو حنيفة مرة لهذا القول في اللسان . وقال الشاعر المرار:

جربن فلا يهنان الا بغلقة　　　عطين و أبوال النساء القواعد

تكثر هذه الشجرة في الحجاز والتهامة . وفي الحبش يسمون سيوفهم به عند الصقل . و يعطن بها أهل الطائف. ٢١

☆الغرف : هذا شجر يدبغ بأوراقه يقول الراجز:

كان خضر الغرافيات الوسع　　　نيطت بأحقى مجرلشات همع

قال أبو منصور ان الشجر الذى يدبغ به يكثر في البادية . و الجلود الغرفية التي تدبغ به . و قال أبو حنيفة : الغرف شجر يعمل منه القسى ولا يدبغ به أحده و قال القراز: يجوز أن يدبغ بورقه وان كانت القسي تعميل من عيدانه . و قال الباهلى : الغرف جلود ليست بقرظية يدبغ بهجر ٢٢ و قد اختلف الناس في توصيف الغرف و توجد بسطها في المعاجم و كتب الادب.

☆الارطى : هذا ضرب من شجر ذا ساق واحد وله أوراق تسمى هدب و يدبغ بأوراقه. ٢٣

☆العلقى : ذهب صاحب القاموس الى أنها شجرة تدبغ بها . ولكن ابن سيده وهمها و قال : ضرب من النبات.

☆الصرف : هذا شئ أحمر يدبغ به ويصبغ به أيضا، يقول كلحبة اليربوعي :

كميت غير محلفة و لكن　　　كلون الصرف عل به الاديم٢٤

٢١- لسان العرب : غلق ، ابن سيده : كتاب المخصص ، باب الجذود - ص ١٠٦ -

٢٢- اللسان و التاج : غرف -

٢٣- مدالقاموس : ارطى ، و ابن دريد : كتاب الاشتقاق - ط دارالمعارف بمصر ص ١١٦ -

٢٤- اللسان و القاموس : صرف -

☆الفوه: قيل انها نبت ذات ساق يصبغ به. و يحمى الجلد عن الانشقاق، ينبت فى اليمن على الجبال.٢٥

☆النجب: قال ابن السكيت انها لحاء شجر وهو سوق الطلح. و لكن أبا حنيفة أضاف عليه قائلا بأن لحاء كل شجر نجب ويصلح للدباغة.

☆و القرنوه: هذه ضرب من النبات و لها أوراق كبيرة مسطحة أدكن تصبغ بها.

☆الظيان: ضرب من النبات يدبغ بأوراقه.

☆السلم: هذا شجر يدبغ بأوراقه و يشير اليه الشاعر:

لما رأيت عدى القوم ليسلبهم طاع الشواجن والطرفاء والسلم ٢٦

☆الدهناء: عشب أحمر وله أوراق مسطحة يصبغ بها.

هذه الاشجار و النبات التى أعرضت عليكم ليست كل ما يستعمل للدباغة و الصبغ و لكنها كثيرة لا تحصى و لا تعد كما قلت أنفا.

قبل أن أغلق الفصل لمواد المستعملة فى الدباغة أريد أن ألفت أنظاركم الى ما تتاثر به الجلود من الكواكب. و هذا من الغريب أن كوكب السهيل كان له سهما فى عمل الدباغة. فان الامكنة التى كان يطلع عليها كانت صالحة للدباغة مثل اليمن و الحجاز و العراق و مصر و بلاد المغرب.٢٧ أورد ابن المجاور فى كتابه المستبصر قصة يشرح فيها عن عمل السهيل فى الدباغة. فيقول:

حدثنى محمد بن رزق الله: قال لى: هل ترون فى خرا سان كوكب سهيل؟ قلت: لا و الله. قال: لهذا لم يصح لهم دباغة الادم. قلت: و كيف ذاك؟ قال: كل اقليم يطلع عليها سهيل يصح فيه دباغة الادم لانه يحمره و يصيره الى ما ترى من الليونة و النعومة.٢٨

٢٥- ابن المجاور: تاريخ المستبصر - ص ٢٥ -
٢٦- ابن دريد: كتاب الاشتقاق - ص ٣٠ -
٢٧- ابن الاجدابى: الازمنة و الامكنة: ط وزارة الارشاد القومى بدمشق - ص ٤٣ -
٢٨- ابن المجاور: تاريخ المستبصر - ص ١٤، ٨١ -

وكان السهيل يطلع بالحجاز فى تسعة آب من كل سنة، كما كان برى بالعراق فى تسعة و عشرين آب. ٢٩

وبقى شئ يتعلق بادوات الدباغة وهي الآلات التى كان الدباغون يستعملونها فى القيام بهذا العمل . لم نستطع لعدم المصادر وقلة الايراد لها فى كتب اللغة و الادب، أن نحيط الكل من الآلات المستعملة عند الدباغين، فاوردنا بعضها. ٣٠

اننا نرى المحط الذى كان مستعملا لصيقل الاديم و تنميقه و كان مصنوعا من الخشب عند البعض ٣١ و من الحديد عند الآخرين . ٣٢ و أما المجلاة فكانت لقشر الوسخ الذى يبقى فى جلد الاهاب. ٣٣ و نجد النشفة والازميل و المنحاز عندهم لاغراض شتى . كما كانوا يستعملون الاشفى والمبقر و المسرد و المخصف و المفراض و المجوب فى بعض الامور كانت لدباغة الجلود. ٣٤

(٢)

الآن نسير بكم الى نواحي جزيرة العرب تعني بهذا العمل أكثر من الاخرى . و لئن كانت هذه الصناعة رائجة فى الجزيرة كلها و لكنها كانت فى اليمن والطائف على مستوى عال بالنسبة الى المناطق الاخرى. ٣٥ ان اليمن كانت ذات صيت أبعد فى دباغة الجلود ونسيج الاكسية، فصار مثلا فيهما .

٢٩- ابن الاجدابي : الازمنة و الامكنة - ص ١٢٥ -
٣٠- ابن دريد : كتاب الاشتقاق - ص ٢٣٣ -
٣١- فى اللسان و التاج و تهذيب اللغة : حط ، قال الشاعر :
كأن محطا فى يدى حارثية صناع ، علت منى به الجلد من عل
٣٢- ابن سيده : كتاب المخصص ، باب الجلود -
٣٣- نفس المكان -
٣٤- جواد علي : تاريخ العرب قبل الاسلام - ج ٨ ص ١٥٥ -
٣٥- ابن المجاور : تاريخ المستبصر - ص ١٣ ، ٢٥ ، السيرة الحلبية - ط مصر ١٣٢٠ ه - ج ٣ ص ١١٢ ، ابن سعد : طبقات - ط بيروت ج ٤ ص ٣١٢ ، جواد علي : تاريخ العرب قبل الاسلام - ج ٨ ص ١٣٦ ،
Lammens. H. La Taif; Beirut, 1922. p. 119.

وقيل فى ساكنيها : ما انتم الا سائس قرد أو دابغ جلد أو ناسج برد، ملكتكم امرأة و غرقتكم فارة و دل عليكم الهدهد. ٣٦

وكانت بهذه البلاد بعض القبائل و البطون تعاطى الدباغة معيشة لهم . و منهم الشهير : مذحج و الخزيمة . ٣٧ و قد اشتق اسم مذحج من ذحج الاديم و كانت من بطن كهلان و بنو قحطان أصلا . و كانت القبيلة هذه ساكنة، فى العصور الغابرة، فى قلب اليمن ٣٨ كما نرى بطن أخر من كهلان وهو خولان الذى اختار هذه الصناعة متاثرا من المجاورين وسكن فى أعالى اليمن أى الجرش وصعدة ونجران . لا غبار عليه أن فى البداية كانت بنو قحطان فى جوار مأرب و لكنهم على كر الايام انبسطوا فتوجهوا الى أمكنة أخرى و استوطنوا بها . منهم من استقروا على جبال فى مشرق صنعاء و تسموا بخولان العالية . و بعضهم استعمروا صعده و جبال غور، و قيل لهم خولان مغرب و خولان مشرق . و هولاء كلهم كانوا فى قلب اليمن باسم خولان الشام، كما سماهم المورخون خولان اليمن . ٣٩ و هنالك قبيلتان أخريان : نمير و خزيمة، كان عملهما الدباغة كما يفيدنا عبيد عن أخبارها وذلك بأنه يفتخر عند معاوية بأبناء قحطان و ينشد :

فمنهم رعاء لاموالنا ... عليهم خراج لنا مغتصب
نميرا جعلت لحوك البرود ... وحد النعال و وضع اليلب
خزيمة كان عليها الدباغ ... وقد السيور وفتل السلب ٤٠

٣٦- ابن المجاور : تاريخ المستبصر - ص ٩٧ ، الهمدانى : كتاب البلدان - ط ليدن - ص ١٣ ، الجاحظ ، كتاب الحيوان - ج ٦ ص ١٥٢ -

٣٧- عبيد بن شرية : اخبار عبيد - طبع مع كتاب التيجان بالهند (حيدرآباد) ص ٣٧٦ - فيه قصيدة طويلة منشودة عن عبيد عند معاوية يفتخر ابناء القحطان فيقول :

وجمع العشيرة فى صفنا
و مذحج طرا عليها اليلب

٣٨- عمر رضا كحالة : معجم قبائل العرب- ط دمشق، ١٩٤٩-ج ٣ ص ١٠٦٢، الحميرى : شمس العلوم - ط ليدن - ص ٣٨، ٧٦-

٣٩- الحميرى : شمس العلوم - ص ٧٦ -

٤٠- عبيد بن شرية : اخبار عبيد بن شرية - ص ٧٥ -

الا أنهم كانوا يمارسون العمل وهو صناعة الجلود وتجارتها . ونحن لانغالى حين نقول ان باليمن كانت الدباغة هى العمل الوحيد لاكثر القبائل وعلينا أن نبحث عن الامكنة التي كانت لها الشهرة العظيمة و الصيت الابعد، فيما نحن بصدده .

نستطيع أن نقسم هذه المراكز على ثلاث :

١ ـ الجزائر التى تقع فى البحر الاحمر.

٢ ـ مكة والطائف وجدة و ما يجاورها من الامكنة.

٣ ـ مراكز الدباغة فى اليمن.

ان الجزائر الواقعة في البحر الاحمر فانها ليس لها الصيت أكثر من اليمن في هذا المضمار بيد أنها كانت تنتج الجلود بكمية وافرة، كما كانت مراكز تجار لكل ناحية من نواحى الارض كمصر واليونان والفارس والهند والصين . ٣١ فمنها الشهيرة بنى حدان وسنجلة والمتسحل ودهلك وباضع . و كانت ترد الجلود و الاهب من هذه الجزائر على اليمن و عدن و من ثم يستوردان منها صناع الاديم البقرى و الملمع و الثقيل. ٣٢

الآن نرجع الى مدينة العرب القديمة و هى مكة . كان الناس يمارسون الدباغة فيها على جانب من صناعات أخرى، رجالا و نساء . لا أريد أن أعرض عليكم الحوداث و الواقعات بحزافيرها التى تنم منها أن أهل مكة كانوا صناعين مهرة لدباغة الجلود فانني سأحصر القول بالاشارات الى مكانها فحسب . أنظر أمر الرسول صلى الله عليه وسلم في كتاب البخارى باب تفسير سورة التحريم . و الخبر عن ام سلمة و حضور الرسول عندها فى المسند لاحمد ابن حنبل، و عن اسماء بنت عميس على وفاة زوجة جعفر فى الطبقات لابن سعد . و عن سودة ام المؤمنين فى المسند لابن حنبل . و عن ميمونة فى صحيح مسلم و عن على كرم الله وجهه فى جامع الترمذى باب صفة القيامة . و عن رسول الله صلى الله عليه و سلم حين يطلب هدية الجلود من سفيان فى

٣١- ابن حوقل : صورة الارض ـ ط ليدن ، ١٩٣٨م ص ٣٣ ، ابن خرداذبه: المسالك و الممالك ـ ط ليدن ـ ص ١٥٣ ـ

٣٢- ابن حوقل : صورة الارض ـ ص ٣٢ ، ٥٠ ـ

كتاب الاموال لابى عبيد و المبسوط للسرخسى، و شرح السير الكبير له، و اهداء الادم الى نجاشى الذى كان أحب ما يهدى اليه من أرض العرب. ٣٣

دباغة الجلود كانت سائدة على جميع مكة و ما يجاورها من القرى. ٣٤ مرة غادر مكة عبدالله بن جحش و اصحابه حتى نزلوا بنخلة فمرت به عير قريش تحمل زبيبا و ادما و تجارة من تجارة قريش. ٣٥ و كانت هنالك واد تسمى العقيق، بقرب المدينة ترد منها القرظ الى مكة ٣٦ و لا مجال للشك بانها كانت تستعمل فى الدباغة لاغير.

و قد اشتهرت مدينة الطائف بدباغة الجلود و كثرة أعنابها ونخيلها وعرفت بحسن هوائها وبصناعاتها و كثرة ماشيتها. ٣٧ كانت هذه المدينة واقعة على قرنى جبال وقد انقسمت على محلتين: طائف ثقيف و الوهط. و كانت لهما صيت أبعد لما كانت فيها المدابغ. ٣٨ فكان نتاجها الاديم المليح و الثقيل المعروف بهما وهو الذى يصلح لخوارزم. ٣٩ يشيد هنرى لامنس (Henri Lammens) صاحب كتاب الطائف عمل أهلها و يقول

La grande spécialité industrielle de Taif, c'etait la préparation du cuir.[50]

انه لمن الشاق العسر أن يحصل الانسان على معلومات دقيقة عن جدة وخاصة عن اخبارها نحو الدباغة فى القرون قبل الاسلام ان المصادر قليلة

٣٣- كتاب البخارى - ط القاهرة، ١٣١٢هـ - ج ٦ ص ١٥٨، المسند - ط بولاق - ج ٣ ص ٢٨، الطبقات - ج ٨ ص ٢٠٦، المسند ج ٦ ص ٣٢٩، صحيح مسلم - ج ١ ص ٢٦٦، جامع الترمذى - ط الهند - ص ٣٧، كتاب الاموال - ط القاهرة - ص ٢٥٧، المبسوط - ط القاهرة - ج ١٠ ص ٩٢، شرح السير الكبير - ط القاهرة - ج ١ ص ٩٨، الطبرى ط ليدن: القسم الاول ص ١٦٠٢ -

٣٤- ابن المجاور: تاريخ المستبصر، ص ١٣ -

٣٥- ابن هشام: سيرة - ط اوروبا - ص ٤٢٣ -

٣٦- ابن المجاور: تاريخ المستبصر - ص ٣٢ -

٣٧- السيرة الحلبية: ج ٣ ص ١٥١، ابن سعد: الطبقات (ط بيروت) ج ١ ص ٣١٢ -

٣٨- ياقوت الحموى: معجم البلدان: الطائف -

٣٩- ابن المجاور: تاريخ المستبصر ص ٢٥ -

٥٠- Lammens, H. La Taif. p. 114.

شحية و لكننا استقصينا بعض المعلومات وهى أنها كانت تتمتع بشهرة عظيمة لكونها المرفأ الوحيدة فى هذه الناحية من الجزيرة كما كانت مركزا لتجار الاجانب وذلك قبل الاسلام . و نستشف من قول ابن المجاور بأنه كان فيها باب المدبغة. ٥١ اما كانت هى الناحية لمدابغ أو كانت فيها مساكن لدباغى جدة . كما اننا نجد فيه أحجارا كبيرة لرحى و لعلها كانت تستعمل لسحق القرظ لدباغة الجلود. ٥٢

و فى جنوب مكة كانت مدينة عظيمة تسمى المزدوية المرة فلما خربت بناها الفرس من أهل سيراف فبنوا فيها المدابغ كما عملوا بها طواحين القرظ. و لا شك فى أن أهلها كانوا دباغين . و كانت محصولاتهم تصدر الى العراق وخراسان و ماوراء النهر وخوارزم٥٣ .

هذا، و نرجع الآن لنعالج اليمن بسطة . و كانت هى مركز الدباغة من القرون. و ان لبعض القبائل اليمنية كانت يد طولى فى هذه الصناعة كما أوردناها آنفا . و فى هذه العجالة سنبحث عن الامكنة و المواضع التى نعبت دورا هاما فى تحسين دباغة الجلود و تطورها فى جزيرة العرب عاماً و فى اليمن خاصة.

من حسن الطالع أن الله قد من على أهل اليمن جودة الجو و ملاة الواد بالعشب للحيوانات و القرظ للدباغة . فبذلك كانت الدباغة فى اليمن كلها كما كانت وفرة الحيوانات على سهولها. ٥٤ وانهم كانوا يصدرون الاديم الى الخارج بعد سد حاجاتهم و حاجات الجزيرة كلها . و كانت بعض الامكنة من الشهرة بمنزلة لا سبيل الى تجاوزها، فمنها :

١- الجرش : بناها الملك من تبع و اسمه أسعد بن كليكرب الذى كان قد خرج من قلب اليمن و أحبته خصبة هذا المكان فأمر لبنائها. ٥٥

٥١- ابن المجاور : تاريخ المستبصر - ص ٤٢ -

٥٢- نفس المكان -

٥٣- نفس المرجع - ص ٩٧-٩٨ -

٥٤- جواد على : تاريخ العرب قبل الاسلام ج ٨ ص ١٣٦ ، ١٥٤-١٥٥ ، قدامة بن جعفر : كتاب الخراج - ط ليدن - ص ١٨٩ -

٥٥- ياقوت الحموى : معجم البلدان - الجرش -

وكانت قبيلة خولان من سكانها . وان المطر كان يهطل على الجبال القريبة منها فتنتج العشب لحيواناتها والقرظ لدباغيها . ومن مزاياها الاخرى بأن أهلها كانت نصنعون العرادة والمناجيق والدبابات كما كانوا يعلمون الناس استعمالها في الحروب . ٥٦

٢- صعدة : ان هذه المدينة تقع شمالى صنعاء و جنوب نجران . وكانت مسكنا لقبيلة خولان . و سميت في الجاهلية بجماع . و كانت لهذه المدينة شهرة عظيمة في دباغة الجلود و تجارتها، لان أوديتها كانت مخصبة وصالحة لحيواناتها فمنها الشهيرة : الدماج والخانق ورحبان والحاديات وقضان والغيل وعكوان كما كانت في غربيها ربيع ونسرين وعلاف خيبر، حاشدة كل الخعمروات وكروم الزبيب . ٥٧ يقول ياقوت الرومى فى شأن خصبتها :

قال الحسن بن محمد المهلبى : صعدة مدينة عامرة آهلة يقصدها النجار من كل بلد وبها مدابغ الادم وجلود البقر التى للنعال و هى خصبة كثيرة الخير . ٥٨

وكانت قد بلغت صناعة الجلود فى هذه المدينة فى تلك العصور شاوها فلذلك كانت كعبة للتجار و محطة للناس فيما يعنيهم من مواد التجارة وكانوا يشترون منها فيذهبون بها الى ممالك بعيدة . ٥٩

قريبا من هاتين المدينتين كانت مدينة نجران عامرة بأهلها اليهود وهم كانوا متولين على دباغة الجلود وتجارتها فى بلدهم، وكانوا يصدرون الاديم الى سوق صعدة وغيرها من المدن . و اما الصناعة فى هذه البلدة فكانت أقل منها فى صعدة لان القرظ ، و هو المواد الاهم للدباغة ، كان يستجلب من صعدة .

٥٦- ابن سعد : الطبقات (ليدن) : ج ١ القسم الثانى، ص ٥٢ -
٥٧- الهمدانى : صفة جزيرة العرب - ص ٦٧، ١١٣ -
٥٨- ياقوت الحموى : معجم البلدان : صعدة -
٥٩- ابن خرداذبه : المسالك و المسالك - ص ١٣٥—١٣٦، ١٨٩ -

و قد أفادنا المقدسى بأنها كانت هناك مدينة زبيد مما يدبغ فيها الاديم وكانت لها شهرة بذلك كما كانت يصدر منها نيل الى ممالك أخرى. ٦٠ و كان يتخذ الاديم من صنعاء كما اشار اليه ابن حوقل٦١.

ان هذه الصناعة كانت فى اليمن رائجة فى قراها كما نرى فى الهجر وهى قرية صغيرة بقرب عثر و كان الناس يدبغون بها الجلود. ٦٢ و لئن لم نستطع على حصول أخبار الامكنة الاخرى التى كانت الدباغة هى الوحيدة من صناعاتها و لكننا مؤكدين بأن هناك كانت عدة الاماكن التى ازدهرت فى تلك القرون بصناعتها الدباغة و لكنها الان اما اندرست من وجه الارض أو لم تصل الينا من أخبارها.

و لا نغالى حين نجزم الرأى بأن اليمن كلها كانت مكان الدباغة ومحل الجلود والادم. فلذلك ذهب ابن المجاور وغيره من المؤرخين الى هذا الرأى: يدبغ الاديم فى جميع اليمن و لم يخرج منها الا دابغ جلد.٦٣

(٣)

ان العرب، عموما، قوم اشتهروا بالتجارة وكانوا ينظرون اليها على أنها أشرف الحرف و أعلاها قدرا ومنزلة، و بقيت على هذه المنزلة فى الاسلام كذلك. و قد وردت كلمة تجارة فى مواضع عديدة من القرآن، و أشير الى شرفها و سمو منزلها فى الحديث النبوى مما يدل على ما كان للتجارة من منزلة و اجلال فى نفوس العرب.٦٤

و من المعلوم أن العرب، اذا نظرنا الى مكانتها بين الامم الاخرى، كانت تتمتع بمكانتها العالية فى التجارة بكونها فى وسطهم لان تجار الفرس

٦٠- المقدسى: احسن التقاسيم - ط ليدن - ص ٩٨-
٦١- ابن حوقل: صورة الارض - ص ٣٦ -
٦٢- لسان العرب: غرف، ياقوت الحموى: معجم البلدان - هجر.
٦٣- الجاحظ: كتاب الحيوان - ج ٦ ص ١٥٢، الهمدانى: كتاب البلدان ص ١٣، ابن المجاور: تاريخ المستبصر - ص ٦٣ -
٦٤- القرآن الكريم: البقرة: ٢٨٢ و التوبة: ٢٤ و النور: ٣٧ و الجمعة: ٦٢ والقريش و النساء: ٢٩، محمد عزة دروزة: عصر النبى - النشاط التجارى برا و بحرا - ص ٤٢ - ٩٣ -

والهند والصين كانوا يأتون بأتجارهم الى المغرب ولا بد لهم أن يعبروا العرب برا أو بحرا . كذلك كان يمر بها تجار أروبا وافريقية الى الهند والصين والجزائر البعيدة الى المشرق. فلذلك أصبحت العرب وسيط الناس كما كانت في نفسها تنقل تجارة اليمن الى أسواق الشام و مصر و تجارة هذه البلاد و حوض البحر المتوسط الى الحجاز و نجد و اليمن . كانت فيها حركة تجارية فعالة فبهذا أفاضنا استرابون اليوناني عن أموالهم فقال : العرب تجار و سماسرة .٦٥

لا أريد أن أبسط القول في تجارة العرب، و فعالينها و ماكان شأن الامم القديمة في العرب نحوها و لكنني سأقتصر القول بان قريش في القرن السادس كان لهم نصيب أوفر في التجارة . ونرى أن بعض القبائل كانت لها صيت أبعد في تجارة الاديم و الجلود و منها قريش و بنو ثقيف على رأس الكل . لاننا نرى أصحاب الايلاف وهم من قريش ذاهبين الى الشأم وحبشة ومصر واليمن والعراق، محملين تجارتهم اليها ومنها . وكانت الجلود احد المواد الهامة لتجارتهم.٦٦ و كان بعض الناس متوغلين في تجارة الجلود على جانب أتجارهم الاخرى. هذا من المعلوم أن عمرو بن العاص كان يتجر في الجاهلية بالاديم و العطور فيذهب الى الشأم ومصر وياخذها من اليمن والحبشة.٦٧ و كانت تجارة العرب ضاربة أقدامها في الممالك الرومية حيث جاء بخبرها عثمان بن حويرث، فقال :

يا قوم : ان قيصر من قد علمتم أمانكم ببلاده و ما تصيبون من التجارة في كنفه وقد ملكني عليكم وانما انا ابن عمكم واحدكم

٦٥- سعيد الافغاني : أسواق العرب في الجاهلية و الاسلام - ط دمشق، ١٣٥٦هـ ص ١٧ -

٦٦- جواد علي : تاريخ العرب قبل الاسلام- ج ٨ ص ١٣ ، الطبري (ط بيروت) ج ٢ ص ٢٦٤ ، محمد بن حبيب البغدادي: كتاب المنمق في اخبار قريش- ط الدكن (الهند)، ١٣٨٤هـ - ص ٣١—٣٣ ،
Lammens, H, La Taif. p. 115.

٦٧- ابو عمر محمد بن يوسف الكندي : كتاب الولاة و كتاب القضاة ص ٧-

و انما أخذ الجراب من القرظ و العكة من السمن و الاهاب فاجمع ذلک ثم أبعثه اليه.٦٨

و كان أيوب السختياني قد اشهر لتجارة بسختيان: قسم من الجلود . و كان أبو سفيان بن حرب أحد من تجار أدم في الجاهلية.٦٩

ان الاسواق كانت في جزيرة العرب مكان التجارة و محل المفاخرة فيما بينهم ، فان الناس كانوا يجتمعون فيها في مكان خاص و وقت مقرر . لا أملكم بتفاصيلها المتضاربة في الاقوال لان أخبارها موجودة بدقائقها في كتب التاريخ و الادب. على الاخص في كتاب اسواق العرب في الجاهلية و الاسلام تاليف سعيد الافغاني . و كانت تعرض في هذه الاسواق كلها جميع أقسام السلع للبيع و الشراء. و لكن معظمها كانت التمر والزبيب والادم والبرود والحيوانات٧٠ كانت بعض المدن والقرى محل التجارة في جزيرة العرب دون هذه الاسواق . وتجتمع الادم في محل التجارة من القرى المجاورة فيأتيه تجار الجزيرة و من الاجانب لاخذها عن طرق معبدة. أما تفاصيل هذه الطرق و بسطها فتوجد في الكتب.٧١ فمثلا مدينة صعدة، كما ذكرناها آنفا، كانت فيها قبيلة خولان مشرفة على التجارة و كانوا يجمعون الادم من القرى المجاورة والتجار يحضرون عندهم برا وبحرا و من كل حدب وصوب.٧٢ كما كانوا يذهبون منها الى الجرش لهذا الصدد.٧٣ قد يكون في بعض الاحيان مقصدهم زبيد مكان الدباغة و تجارتها.٧٤ و لو كانت

٦٨- حسن ابراهيم حسن : عمرو بن العاص - ط القاهرة - ص ٣٢٥ -

٦٩- ابن رسته : الاعلاق النفيسه - ط ليدن ص ٢١٥—٢١٦ -

٧٠- سعيد الافغاني : اسواق العرب في الجاهلية و الاسلام - ص ١٦٦ -

٧١- ابن خرداذبه : المسالک و الممالک - ص ١٣٦—١٤٧ ، قدامة بن جعفر: كتاب الخراج - طبع مع المسالک و الممالک لا بن خرداذبه - ص ١٨٩، المقدسي: احسن التقاسيم - ص ٨٧ ، ١٠٦—١١٣ -

٧٢- ياقوت الحموى: معجم البلدان - صعدة -

٧٣- المقدسي : احسن التقاسيم - ص ٨٧ ، ياقوت الحموى : معجم البلدان الجرش -

٧٤- المقدسي : احسن التقاسيم - ص ٨٣ ، ٨٦ ، ٨٧ ، ياقوت الحموى : معجم البلدان -زبيد -

الدباغة في نجران قليلة بالنسبة الى المدن الاخرى و لكن كانت لها نصيب من التجار لادمها و كانت قد أصبحت مركزا و لو لا مثل صعدة ولكن الناس المجاورة كانوا يأمونها للتجارة.٧٥

من المعلوم أن للطائف كانت شهرة عظيمة وصيت أبعد لادمها الثقيل والمليح التي كانت تصلح لاهل خوارزم خاصة و للقبائل القاطنة ما بين مكة والطائف. كان لهم سهما كبيرا في انتشار أدمها و مصنوعاتها الادمية في العرب كلها كما كان ادمها يعرض في الاسواق المجاورة مثل عكاظ، وغيره من الاسواق بل قل الى جميع نواحي الجزيرة . عملت العرب من أدمها النعال و السروج و الخيام و الحياض.٧٦ و أصدرته الى الخارج مثل العراق و عدن و مصر و الهند حتى الصين . و هذا من الشطط ان لم نذكر هنا عناية أهل الحبشة بهذه الجلود . فانها كانت قد اكتسبت عندهم مكانة مرموقة فلذلك أهدى قريش الادم للنجاشي كذلك أهدوها لبطارقة الحبشة و ذلك لمحاولة انزالهم عن الرأى في شأن المسلمين الذين كانوا قد لجأوا عندهم.٧٧

في مشرقي الجزيرة كانت مدينة صحار مقصد التجار للمصنوعات الجلدية في الجاهلية وفي الاسلام أيضا فياتونها من داخلها و خارجها. ٧٨ و قد أفادنا ابن حوقل عن كثرة مالها و تجارتها، فقال :

. . . قصبتها صحار وهي على البحر و بها من التجار و التجارة ما لا يحصى كثرة . وهي أعمر مدينة بعمان و أكثرها مالا.٧٩

و كانت هناك تجار اليهود الراذانية٨٠ الذين كانوا ينطلقون عن مكاناتهم و يذهبون الى أقصى المغرب قرب صقلية ومعهم السلع من منتوجات

٧٥- الاصطخرى : مسالك الممالك - ط ليدن - ص ٢٣ ،
Lammens, H. Yazid I. Beirut, 1921. p. 344.

٧٦- Lammens, H. La Taif. p. 115, 116.

٧٧- ابن هشام : سيرة - ج ١ ص ٢١٨ -

٧٨- ابن المجاور : تاريخ المستبصر - ص ٢٨٣ -

٧٩- ابن حوقل : صورة الارض - ص ٣٨ -

٨٠- "راذان" موضع بالجزيرة او قرب منها ، كما قال ابو غسان - و قال ابو عبيد : قرية من قرى السواد - انظر معجم ما استعجم للبكرى ط القاهرة - ص ٦٢٦ ، ٦٢٦ - و لكنها مدينة بقرب هراة ، انظر مسالك الممالك للاصطخرى - ص ١٠٢ و احسن التقاسيم للمقدسي - ص ٢٠٧ -

نہ انشا پردازی کا وہ انداز انہیں مرغوب ہے جو آرائشی ترکیبوں کی بھول بھلیاں میں غیر ضروری استعاروں کی بیسا کھیوں کے سہارے ڈگمگاتا ہؤا چلتا ہے۔ ''سفر نامہ حکیم ناصر خسرو'' کے سوانحی مقدمے کا آغاز انہوں نے کسی قسم کی تمہید باندھے بغیر کیا ہے اور ہم فوراً سمجھ جاتے ہیں کہ اس حکیم و شاعر کی سوانح عمری کے صحیح ماخذ کیا ہیں۔ ساتھ ہی انہوں نے بڑی خوبی سے وضاحت کر دی ہے کہ مدت مدید تک ارباب علم نے مذہبی تعصب کے باعث ناصر خسرو کی سوانح نگاری کے معاملے میں بے اعتنائی اختیار کی۔ پھر حالی خود ناصر خسرو کی تاریخ پیدائش اور مولد و منشاء کے تعین کے سلسلے میں داد تحقیق دیتے ہیں اور حمد اللہ مستوفی قزوینی سے لے کر رضا قلی خان اور چارلس شیفر تک کے کام کا ذکر کرتے ہیں۔ اس کے بعد ناصر خسرو کی تحصیل علوم کی تفصیلات، پھر سال ہا سال تک اس کے شغل درس و تدریس کی طرف ہلکا سا اشارہ اور بالآخر مرو پہنچنے پر کچھ عرصے کے لیے آل سلجوق کی ملازمت اختیار کرنے کا بیان ہمیں اس منزل پر لے آتا ہے جہاں ہم جان لیتے ہیں کہ ناصر خسرو کی شخصیت کا تعارف ہو چکا ہے۔ اب وہ ہفت سالہ سیر و سیاحت شروع ہوتی ہے جو اس کتاب کا اصل موضوع ہے۔ ناصر خسرو خراسان سے عراق عجم اور آذربائیجان، پھر آرمینہ، شام، فلسطین اور عراق عرب ہوتا ہؤا زیارت حرمین سے مشرف ہوتا ہے۔ عہد فاطمیہ کے مصر کا تمدن اس کی عقل و ضمیر دونوں کو بے حد متأثر کرتا ہے اور وہ یہاں مسلسل تین برس تک قیام کرتا ہے۔ مگر انجام کار ہمارا مسافر مراجعت وطن کا قصد کرتا ہے اور حجاز اور یمن کے علاقوں سے ہو کر فارس کی سیر دیکھتا ہؤا پھر خراسان میں آ نکلتا ہے۔

آج سے تقریباً ہزار برس پہلے کے شاعر و حکیم کا یہ سفر نامہ ساڑھے آٹھ سو برس بعد آنے والے حکیم و شاعر حالی کو کیوں اس قدر دلچسپ معلوم ہؤا کہ اس نے سفر نامہ کے متن کی تصحیح پر توجہ کی اور صاحب سفر نامہ کے حالات ''سخت محنت اور تلاش'' سے مرتب کیے؟۔ اس سوال کا صحیح جواب یہ ہے کہ حالی نے جب بھی سوانح نگاری کا تہیہ کیا، اس میں کسی معاصر یا قدیم شخصیت کے عقلی و اخلاقی کمال کی

تحریک ضرور کارفرما رہی ۔ معاصرین میں ایک طرف سید احمد خان کی فراست علمی و دینی اور جوہر قیادت نے اور دوسری طرف مرزا اسد اللہ خان غالب کی جودت تخیل اور ندرت افکار نے انہیں مسحور کیا ۔ اسی طرح قدما میں سعدی کی سلامت طبع اور نفسیات اخلاق پر گہری نظر اور ناصر خسرو کی راست روی و راست بیانی ان کے لیے باعث کشش ہوئی ۔ ناصر خسرو نے اپنے سفر نامے کی نثر کے لیے جو سیدھا اور سچا اسلوب بیان اختیار کیا تھا، وہ خود بخود حالی کے لیے مرکز توجہ بنا ۔ پھر ناصر خسرو کی شخصیت کا یہ پہلو کہ صدیوں پہلے کے بادشاہی دور میں پیدا ہوئے مگر سرکاری و درباری زندگی کے طلسم سے باہر نکل آئے، حالی کو خاص طور پر پسند آیا ۔ سرسید، غالب، سعدی اور ناصر خسرو، چاروں حالی کے معیار فکر و اخلاق پر اپنے اپنے رنگ میں پورے اترے اور اس لحاظ سے ایک ہی سلسلہ خیال کی مختلف کڑیاں بن گئے ۔

حالات ناصر خسرو کے بیان میں خواجہ حالی نے ضمنی طور پر اپنی ترجیح و پسند کا اظہار جا بجا اسی طرح کر دیا ہے جس طرح ہر ادبی تحریر کا مصنف لامحالہ کرتا ہے ۔ یہاں مذہبی تعصب سے حالی کی بیزاری، جاہ پرستی سے اِبا، سیر و سفر سے رغبت، تحقیق و تفحص سے لگاؤ، سادہ زندگی اور جفا کشی سے تعلق خاطر اور اس قسم کے بیسیوں مسائل پر برسبیل تذکرہ یا بالواسطہ روشنی پڑتی چلی جاتی ہے ۔ گویا قارئین کو اس کتاب میں نہ صرف ناصر خسرو کے حالات دریافت ہوں گے بلکہ خود مولانا حالی کے جواہر حکمت ہر صفحے پر بکھرے ہوئے ملیں گے ۔

اس گراں بہا مقالے کا پورے نوے برس تک دوبارہ نہ چھپنا حیرت انگیز معلوم ہوتا ہے ، لیکن اس عرصے میں فارسی زبان سے ہماری روز افزوں بیگانگی کا خیال کیا جائے تو یہ حیرت خود بخود رفع ہو جاتی ہے ۔ چنانچہ مجلس ترقی ادب کو ضروری معلوم ہوا کہ مولانا حالی کے فارسی متن کے ساتھ اس کا اردو ترجمہ بھی شائع کیا جائے ۔ راقم الحروف کی درخواست پر جناب طاہر شادانی نے اصل عبارت کو سلیس اردو میں منتقل کیا اور یوں اس دروازے کو جو عرصہ دراز سے بند پڑا تھا ہمارے لیے دوبارہ کھول دیا ۔



پروفیسر جے ۔ ام ۔ ایس ۔ بولجان (لائیڈن)

پروفیسر جے - ایم - ایس بولجان ، یونیورسٹی آف لائڈن
تلخیص و ترجمه : سهیل احمد خان

شاه ولی الله دهلوی کا فلسفۂ تاریخ

ماضی میں تاریخ کے بارے میں مسلمانوں کا رویه مغربی علماء کو پہلی نظر میں متضاد دکھائی دیتا ہے - ایک طرف یه سچائی ظاهر هوتی ہے که مسلمان عیسائیوں سے بھی زیاده شدت کے ساتھ تاریخ کو ارادۂ خداوندی کا مظہر اور اس کی کارگاه سمجھتے هیں ، ان کے لیے، (جیسا که ڈبلیو - سی - سمتھ نے اپنی کتاب ''اسلام تاریخ جدید میں'' مطبوعه پرنسٹن ۱۹۵۹ء کے صفحه ۳۰ پر مختصر لیکن جامع انداز میں کہا ہے) - ''تاریخ نے مذهب کی صداقت کو ظاهر کیا ہے'' - دوسری طرف (جیسا که هم ایف - روزن تھال کی تصنیف ''اسلامی فلسفه تاریخ کی تاریخ مطبوعه لائیڈن ۱۹۵۲ء میں پڑھتے هیں) - یه بھی ایک حقیقت ہے که مجموعی طور پر مسلمان علماء نے تاریخی تحقیق کو زیاده اهمیت نہیں دی -

شاه ولی الله کا انداز نظر بھی اسی طرح کا ہے وه ان لوگوں پر شدید اعتراض کرتے هیں جو قرآن و حدیث کی تفسیر کے علاوه کسی دوسری طرح کی تحقیق میں مشغول رهتے هیں اور جو ''علم بالتاریخ'' جیسے علوم میں اپنی صلاحیتیں صرف کرتے هیں اس طرح کے لوگوں کو وه ایسے عالم قرار دیتے هیں جو '' دنیاوی نفع تلاش کر رہے هیں'' چنانچه ''دین حق سے ایسے علم کا کوئی تعلق نہیں'' -

تاهم یه شاه ولی الله دهلوی هی هیں جو تاریخی واقعات سے اخذ کیے جانے والے تمام امکانی مطالب کو ایک شاندار طریقے سے ظاهر کرتے هیں اور جو بڑے مدلل اور قائل کرنے والے طریقے سے ڈبلیو - بی - سمتھ کی مذکوره بالا کتاب کے اس دعوے کو غلط ثابت کرتے هیں که ''صوفیا تاریخی عمل میں بہت کم دلچسپی لیتے هیں'' - اس مضمون کا

مقصد یہی ہے کہ آپ پر یہ ظاہر کیا جائے کہ آپ کے اس مفکر (شاہ ولی اللہ) نے تاریخ کے ارتقاء کے بعض چھپے ہوئے عناصر کو کتنی تخلیقی فکر کے ساتھ بےنقاب کیا ہے۔

اپنے رسالے ''سطعات'' میں شاہ ولی اللہ نے خدا کی طرف سے انسانوں کو عطا ہونے والے سات علوم میں ''ایام اللہ'' کے علم کا بھی تذکرہ کیا ہے (یعنی وہ واقعات جو تاریخ کا سبق فراہم کرتے ہیں۔۱ ان کی مراد واقعات کا وہ سلسلہ ہے جسے خدا نے فرمانبرداروں کو جزا اور گنہگاروں کو سزا دینے کے لیے تخلیق کیا ہے۔ ان واقعات کا ذکر قرآن مجید میں ہے۔ شاہ ولی اللہ کے خیال میں خدا نے ''ایام'' میں سے ان ''ایام'' کو تذکرے کے لیے منتخب کیا ہے جن کا ذکر وہ لوگ پہلے سے سن چکے تھے جنہیں خدا کا یہ پیغام سنایا جا رہا تھا۔ اس لیے ان ''ایام'' یا واقعات کا انتخاب بہترین تھا۔ رسول اکرمؐ کے معاصرین ان کہانیوں سے یہودیوں سے میل جول کے حوالے سے واقف تھے۔ خدا نے ایرانی اور ہندی داستانوں کو استعمال نہیں کیا اس کے پیچھے یہ حکمت ربانی کام کر رہی تھی کہ جب عام لوگوں کو تجسس انگیز کہانیاں سنائی جائیں تو ان کی توجہ ظاہری سطح میں گم ہو جاتی ہے اور کہانیوں کی اصل سطح یا ان کا جوہر غائب ہو جاتا ہے۔

اس تمام صورت حال کا جائزہ لینے سے شاہ ولی اللہ کے علم بالتاریخ کو حقارت سے دیکھنے کے سلسلے میں ایک اشارہ ملتا ہے ان کے خیال میں ''شاہنامہ'' اور دوسری جگہوں پر جیسے تاریخی واقعات کا تذکرہ ملتا ہے اس سے احتمال ہوتا ہے کہ پڑھنے والے کا خیال ''حقیقت اولیٰ'' سے ہٹ جائے۔ بعض مقامات پر انہوں نے تہذیب اور فنون کے رومی اور بازنطینی سلطنتوں پر ہونے والے مضر اثرات کا تذکرہ بھی کیا ہے۔

جہاں تک انسان کے تاریخی نتائج اور اسباق کے مطالعے کی اہلیت کا تعلق ہے، شاہ ولی اللہ نے خود قرآن مجید اور حدیث میں بیان ہونے والی پیغمبروں کی حکایت کے چھپے ہوئے رموز پر ابن العربی کی ''فصوص

۱۔ سطعات ص ۲۶۔

الحکم" کی طرز پر ایک کتاب لکھی ہے - اپنی اس تحریر کو انہوں نے "تاویل احادیث" کا نام دیا ہے -

اس کے بعد ہم شاہ ولی اللہ کی فکر کے اس رخ کا جائزہ لیتے ہیں جسے تاریخ کی تشریح کا عمرانی خطوط پر جائزہ کہا جا سکتا ہے - اس کی بنیاد شاہ ولی اللہ کے چار ارتفاقات کے مشہور نظریے پر ہے - "ارتفاق" کا لغوی مطلب "فائدہ حاصل کرنا ہے" - اس کی جمع کو دلی کے اس مکتب فکر نے ایک علمی اصطلاح کے طور پر استعمال کیا ہے - اس سے مراد وہ ذرائع اور وہ طریقے ہیں جن کو بروئے کار لا کر لوگ تہذیبی اور معاشرتی معیار کو بلند کر سکتے ہے- اس معیار کے حصول کے چار مراحل ہیں جنہیں وہ ارتفاق کہتے ہیں- "بدور بازغہ" میں معاشرتی ارتقاء کا یہ عمل مختلف پیغمبروں کے حوالے سے بیان کیا گیا ہے - پہلے پہلے مرحلے کو پہلے (ابتدائی) پیغمبر حضرت آدم علیہ السلام کے حوالے سے ظاہر کیا گیا ہے- یہ بدویت کا مرحلہ ہے - حضرت محمدؐ جو خاتم النبیین ہیں ارتقاء کے آخری مرحلے کے نمائندہ ہیں جہاں انسانی معاشرے کی بنیاد وطنیت سے ماوراء اور اعلیٰ تر ہے- مدنی زندگی جو دوسرا مرحلہ ہے حضرت نوح علیہ السلام کے ساتھ منسلک ہے - حضرت عیسیٰؑ انسانی معاشرت کے تیسرے مرحلے کو ظاہر کرتے ہیں - اس مرحلے پر ناہیاتی تنظیم پیدا کرنے کے لیے ریاست کی بنیاد پڑی -

تاریخ کے سلسلے میں مزید وضاحت کے لیے شاہ ولی اللہ کے ایک اور رسالے "لمحات" اور کتاب "تفہیمات" کی جلد اول سے رجوع کرنا پڑے گا- وہ خدا کی تجلی سے پیدا ہونے والے اثرات کا بیان کرتے ہیں - ان کی اصطلاح میں، تجلی خدا کے چار بنیادی کلمات میں سے آخری ہے - یہ کلمات حسب ذیل ہیں جو لاتعداد صفات میں ظاہر ہوتے ہیں -

۱- ابداع - عدم محض سے کسی کو وجود میں لانا -
۲- خلق یا تخلیق - ایک موجود چیز سے دوسری چیز پیدا کرنا
۳- تدبیر - کائنات کی چیزوں میں ایک نظام پیدا کرنے کے لیے خداوند کے مصالح -

چونھی اور آخری تجلی جس سے خدا اور انسانوں کے باھمی معاملات کی شکل بنتی ھے اس سے صحیح علم، درست راستہ یا روحانی تکمیل حاصل ہوتے ھیں۔ اس کے کئی ادوار اور کئی اطوار ہیں ۔

تاریخ کے پہلے عہد کا آغاز (Hermes Trismegistos) سے کیا جاتا ھے جو مصری دیوتا (Thot) کا یونانی نام ھے اور علم نجوم، کیمیا گری، طب اور جادو نے فن پر کئی تصنیفات ان کی طرف منسوب کی گئی ھیں ۔ اس عہد میں ستاروں کی گردش اور اس گردش کے عجائب کا راز حضرت ادریس علیه السلام پر منکشف ھؤا ۔ اسی عہد میں مجوس یا آتش پرستوں کی ملت وجود میں آئی اور علم نجوم،طب اور سحر وغیرہ کو فروغ حاصل ھؤا ۔ اسی طرح کچھ عہد گذرا ۔

پھر آھستہ آھستہ فرشتے ظاھر ھوئے ۔ دوسرے عہد کا آغاز کرنے والے حضرت ابراھیم ھیں۔ جنھوں نے لوگوں کی توجہ ستاروں سے ھٹا کر ملاء اعلی کی طرف لگائی ۔ اس عہد میں لوگ فرشتوں کی گرفت میں آئے اور انھوں نے صلوٰۃ کے ذریعے خدا سے لو لگائی ۔ فرشتوں ، پیغمبروں اور آسمانی کتابوں پر اعتقاد حاصل ھؤا . . . اور چاند اور سورج کے قدیم معبد کی جگہ کعبہ نے لے لی اور ملت حنیفه قائم ھوئی ۔

پیغمبروں اور فرشتوں کے اترنے سے آھستہ آھستہ عالم مثال اور ملاء اعلی کا علم بڑھنے لگا اور حضور رسول اکرم کے مبعوث ھونے تک آسمان اور زمین تجلی کی مثالی صورتوں سے مکمل طور پر بھر چکے تھے ۔ چنانچہ اب اگر کوئی علم معرفت حاصل کرنا چاھتا ھے تو یہ مثالی صورت یعنی رسول اکرم کی روحانی صورت ھی اس کا سب سے بڑا مآخذ ھے ۔


یہ تو رسول اکرم کے زمانے تک کا ذکر ھے، سوال یہ ھے کہ شاہ ولی اللہ کے فلسفۂ تاریخ میں بعد کے زمانے کو کیا اھمیت دی گئی ھے۔ تاریخی مذاھب میں مذاھب کے بانی کا زمانہ انسانیت کے لیے سب سے اھم زمانہ سمجھا جاتا ھے ۔ شاہ ولی اللہ نے بھی اس نظریے کو قبول کیا ھے کہ حضور کے زمانے کے بعد کے ادوار مذھبی طور پر کم اھمیت رکھتے ھیں چنانچہ وہ پانچ تغیرات کی بات کرتے ھیں اور ھر تغیر، تنزل کی طرف لے جاتا ھے ۔

پہلا تغیر حضرت ابوبکرؓ کو اقتدار منتقل ہونا ہے ۔ دوسرا تغیر حضرت عمرؓ کی وفات ہے جو فتنے کے دروازے پر کنڈی کی حیثیت رکھتے تھے ۔ تیسرا حضرت عثمانؓ کی شہادت ہے اور یہ سب سے بڑا تغیر تھا کیونکہ یہی پہلے کے اچھے زمانے اور بعد میں آنے والے انتشار اور ملوکیت کے زمانے میں خط فاصل کھینچتا ہے ۔ چوتھا تغیر سلطنت عباسیہ کا آغاز ہے اور پانچواں عرب سلطنت کا خاتمہ اور ترکوں کی حکومت کا آغاز ہے جن کی حکومت مجوسیوں کی طرح ہے ۔ فرق یہ ہے کہ وہ صلواۃ ادا کرتے ہیں اور زبان سے ''شہادت'' کا اقرار کرتے ہیں ۔ شاہ ولی اللہ کہتے ہیں '' کہ اس آخری دور میں پیدا ہونے کی وجہ سے وہ یہ نہیں جا سکتے کہ اب خدا کا ارادہ کیا ہے'' ۔ یہ نظریہ ان کی کتاب ''ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء'' میں ہے جس میں شیعہ عقائد کو رد کیا گیا ہے اور سنی عقائد اور اصولوں کو سامنے لایا گیا ہے لیکن شاہ ولی اللہ کی دوسری کتابیں دیکھنے سے یہ احساس ہوتا ہے کہ ان کا ذاتی نظریہ یہ تھا کہ رسول اکرمؐ کے زمانے کے بعد بھی ملکوتی اسرار و انہام کا سلسلہ جاری رہا اور انہوں نے خود اپنے زمانے میں اس کی بہت ارتقاء یافتہ شکل کو دیکھا ۔ ''تفہیمات'' میں وہ لکھتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ نسل انسانی کا آغاز ہؤا اور اسے قلب، عقل اور نفس کے لطائف ملے ۔ اس کے بعد کے زمانے میں ان لطائف کو خدا کی سچائیوں کے علم کی خواہش دی گئی ۔ بود و ماند کے لیے (جو نفس کی کاروائی ہے) لوگوں کو جانوروں پر سواری کی اجازت دی گئی ۔ ان کا گوشت کھانے، دودھ پینے اور ان کی کھال کو لباس کے طور پر استعمال کرنے کی اجازت دی گئی ۔ حضور اکرم رسول مقبولؐ کے عہد کے قریب یہ زمانہ آتا ہے اور یہیں سے ایک نئے دور کا آغاز بھی ہوتا ہے ۔ اس عہد میں خدا نے ''روح'' اور ''سر'' کی طرف نگاہ کی ۔ چنانچہ اس زمانے میں محبوب وہ تھا جس میں یہ دونوں لطائف ہوں ۔ اس کے بعد ابن العربی کا زمانہ ہے جب خدا کی نگاہ ایک اور لطیفہ کی طرف مائل ہوئی جسے ''خفی'' کہا گیا ہے ۔ اس عہد میں روحانی رہنما ''توحید'' اور دنیا والے ایک حقیقت میں گم ہونے کے نظریے ''وحدت

الوجود" سے سرشار ہوئے ۔ آخر میں ہمارے زمانے میں خدا کی نگاہ جن لطائف کی طرف مائل ہوئی وہ "حجربحت" (عقل خالص) اور انا ہیں ۔

"فیوض الحرمین" کے گیارھویں مکاشفے میں شاہ ولی اللہ بیان کرتے ہیں کہ "الملاء الاعلیٰ" کی تعداد میں اضافہ آخر وقت تک ہوتا رہے گا اور دنیا میں خدا کا علم اور زیادہ پھیلے گا اور تاریخ کے راستے کے نزدیک تر ہوگا ۔ رسول اکرم ؐ کی ایک حدیث میں یہ نکتہ پوشیدہ ہے ۔

"جب قیامت قریب آئے گی تو ایمان والوں کے خوابوں میں غلطی کم ہوگی" ۔



پروفیسر رالف رسل — ڈاکٹر عبادت بریلوی — ڈاکٹر شمس الدین صدیقی

ڈاکٹر محمد شمس الدین صدیقی (پشاور یونیورسٹی)

تصانیف سودا کی تدوین اور اشاعت

ایک تحقیقی جائزہ

سودا نے اپنی زندگی میں بہت کچھ لکھا، بیشتر نظم میں اور کم تر نثر میں۔ بیشتر اردو میں اور کمتر فارسی میں، لیکن سودا کی بعض تحریریں نابید ہیں یا کم از کم محققین ان کا سراغ ابھی تک نہیں لگا سکے ہیں حالانکہ ان کا حوالہ بعض تذکرہ نگاروں نے دیا ہے۔ مثلاً قدرت اللہ قاسم نے خان آرزو۱ اور سعدی۲ کے ترجموں میں سودا کے لکھے ہوئے ایک تذکرے کا ذکر اس طرح کیا ہے جس سے متبادر ہوتا ہے گویا یہ تذکرہ انہوں نے دیکھا ہو۔ محمد حسین آزاد نے بھی سودا کے لکھے ہوئے تذکرے کا ذکر۳ کیا ہے لیکن اسے ناپید تسلیم کیا ہے۔ اگر قاسم اور آزاد کا دعوی درست ہے تو قیاس چاہتا ہے کہ یہ تذکرہ سودا نے فارسی میں لکھا ہوگا۴ (جیسا کہ اس زمانے کا قاعدہ تھا) اور اس میں اردو کے شاعروں کا حال لکھا ہوگا۔ ڈاکٹر خلیق انجم کا خیال ہے کہ سودا نے کوئی تذکرہ نہیں لکھا ہوگا۔ سودا کے کسی ہمعصر یا قریب العصر تذکرہ نگار نے اس کا ذکر نہیں کیا ہے۔ لیکن یہ طرز استدلال درست نہیں کیونکہ قاسم کے تذکرے کا بھی کسی ہمعصر تذکرہ نگار نے ذکر نہیں کیا ہے۔ کیا اس بنا پر ہم قاسم کے تذکرے سے انکار کر سکتے ہیں ؟

سودا کی ایک اور تحریر جو ناپید ہے لیکن جس کا ذکر رام بابو سکسینہ۵ اور ان کے مترجم مرزا عسکری۶ نے کیا ہے، ایک نثری مکتوب ہے جو اردو میں ہے اور میر تقی میر کے نام ہے۔ نہ تو سکسینہ نے اور نہ عسکری نے اس کی سند پیش کی ہے کہ یہ علم انہیں کیونکر ہوا۔ وہ صرف یہ کہنے پر اکتفا کرتے ہیں کہ یہ نثری مکتوب سودا کے مطبوعہ کلیات میں شامل نہیں ہے۔

ایک اور تحریر بھی جو ناپید ہے لیکن جس کا ذکر محمد حسین آزاد نے کیا ہے۷ - اردو نثر میں ہے - آزاد کہتے ہیں کہ سودا نے میر کی مثنوی شعلۂ عشق کو ایسی اردو نثر میں لکھا تھا جو بہت فارسی آمیز تھی لیکن آزاد نے اپنے اس دعوے کی کوئی سند نہیں دی ہے -

ایک اور چیز جو ناپید ہے ایک اردو مخمس ہے جس میں شیخ علی حزیں کی ہجو کی گئی ہے - شفیق نے اپنے تذکرے ۸ میں اس کا ذکر کیا ہے اور بتایا ہے اس مخمس میں ۱۹ بند تھے -

ایک اور شہادت بھی یہ ثابت کرتی ہے کہ سودا کا دیوان اس وقت مرتب و مدون ہو چکا تھا - شفیق اورنگ آبادی نے اپنا تذکرہ چمنستان شعراء ۱۱۷۶ھ میں مکمل کیا - اس میں ذکر ہے کہ سودا کا کلیات مختلف اصناف مثلاً غزل، قصیدہ، مثنوی، مخمس، ترجیع بند، رباعی اور مرثیے پر مشتمل ہے اور اس میں تقریباً دو ہزار شعر ہیں۹ - لیکن شفیق کا اندازہ تعداد اشعار کے بارے میں غلط معلوم ہوتا ہے کیونکہ ۱۱۷۴ھ کے مکتوبہ مخطوطے میں دو ہزار سے کہیں زیادہ شعر ہیں -

میر حسن نے اپنے تذکرہ شعرائے اردو میں معین بدایونی کے ترجمے میں سودا کے دیوان کا ذکر کیا ہے لیکن تعداد اشعار کے بارے میں کوئی اندازہ نہیں دیا - شورش نے ۱۱۹۳ھ میں تخمینہ لگایا ہے کہ سودا کے کلیات میں تقریباً پانچ ہزار شعر ہیں، لیکن یہ تخمینہ بھی غلط معلوم ہوتا ہے کیونکہ ۹۵ - ۱۱۹۴ھ کے مکتوبہ نسخہ جانسن میں جو انڈیا آفس لائبریری میں محفوظ ہے اور جس میں سلام و مراثی بالکل نہیں اور کئی اور منظومات بھی محذوف ہیں، تقریباً ساڑھے نو ہزار اشعار ہیں -

سودا کے مطبوعہ کلیات میں جو دیباچہ "رفیع ترین کلامے - - -" کے الفاظ سے شروع ہوتا ہے اس سے نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ سودا کی زندگی ہی میں اس کا دیوان اس کے ایک شاگرد حکیم اصلح الدین نے ترتیب دے لیا تھا - قدرت اللہ قاسم اس کی توثیق کرتے ہیں کہ سودا کے دیوان کا دیباچہ حکیم اصلح الدین نے لکھا تھا۱۰ - یہ دیباچہ سودا کے مطبوعہ کلیات کے تمام اڈیشنوں میں شامل ہے اور بعض مخطوطات میں بھی ملتا ہے

جب تک یہ سب ناپید تحریریں دستیاب نہ ہو جائیں ان کے بارے میں بقطع و یقین کچھ کہنا ممکن نہیں۔ ہو سکتا ہے کہ سودا نے انہیں لکھا ہی نہ ہو اور حوالہ دینے والوں کو غلط فہمی ہوئی ہو یا انہیں غلط اطلاع ملی ہو۔

اردو کا وہ تحریری سرمایہ جس کے بارے میں پورے وثوق سے دعوی کیا جا سکتا ہے کہ سودا ہی کا لکھا ہوا ہے بہ تفصیل ذیل ہے۔

(۱) غزلیات کا ایک دیوان جس میں بعض ناتمام غزلیں اور مطلعے اور مفردیات شامل ہیں (۲) چوالیس قصیدے جن میں ۳۹ مدحیہ یا بیانیہ ہیں اور پانچ ہجویہ (۳) ۱۴ مثنویات (۴) ۳ مخمسات (۵) ایک ترجیع بند (۶) ایک مسدس (۷) ۴۰ رباعیات اور ایک رباعی مستزاد، (۸) ۳۴ قطعات (۹) ایک ترکیب بندواسوخت (۱۰) چند اردو سلام و مراثی (۱۱) ایک نثر پارہ جو میر محمد تقی کے مرثیے کی تنقید کے پیش لفظ کے طور پر لکھا گیا ہے۔

سودا کی فارسی تحریروں میں ایک دیوان غزلیات ہے، ایک قصیدہ، چند قطعے اور رباعیات ایک مخمس اور ایک نثری رسالہ جس کا نام ہے "عبرت الغافلین" اس میں مرزا فاخر مکین کی شاعری پر تنقید ہے اور مکین نے شعرائے فارسی پر جو تنقیدیں کی ہیں ان کا جواب دیا گیا ہے۔

برج بھاشا میں چند پہیلیاں بھی سودا سے منسوب ہیں۔

سودا کے مطبوعہ کلیات میں مذکور کلام نظم و نثر سے کہیں زیادہ چیزیں ملتی ہیں لیکن وہ الحاقی اور مشکوک ہیں۔

سودا کے اردو غزلیات کے دیوان میں سوائے پ، ٹ، ج، ڈ، اور ژ کے باقی تمام ردیفوں میں غزلیں ملتی ہیں۔ قصائد بھی مختلف ردیفوں میں ہیں اور مختلف طرز کے ہیں مثلاً بیانیہ، وصفیہ، مدحیہ، تنقیدی، ہجویہ ــ مخمسات بیشتر تضمینوں پر مشتمل ہیں یا پھر ہجویہ ہیں۔ رباعیات ہر قسم کی ہیں مدحیہ، ہجویہ، اخلاقی، مذہبی، عشقیہ، موقتی اور آپ بیتی یا تعلی پر مبنی۔ قطعات بیشتر موقتی ہیں جن میں کسی نہ کسی تقریب کا ذکر ہے۔ بعض قطعے اخلاقی ہجویہ اور مدحیہ بھی ہیں۔ ترجیع بند

ھجویہ ھیں اور ترکیب بند واسوخت پر مشتمل ھے ۔ مسدس ھجویہ ھے ۔ مراثی اور سلام رثائی اور دعائیہ ھیں ۔ اردو کا نثری شذرہ اٹھارویں صدی کی نثرنگاری کا نمونہ پیش کرتا ھے ۔

سودا کا فارسی کلام نہ صرف مقدار میں کم ھے بلکہ کیفیت کے لحاظ سے بھی اردو کلام سے کم مرتبہ ھے ۔ لیکن اس کا رسالہ 'عبرت الغافلین' اس کی ادبی تنقید کا عمدہ نمونہ ھے اور اس سے سودا کے نظریہ شاعری پر خوب روشنی پڑتی ھے کہ وہ شاعری میں کن محاسن کا معترف اور کن نقائص کا قائل تھا ۔

پہیلیاں برج بھاشا پر سودا کی دسترس کا ثبوت ھیں اور اس کی ذھانت و طباعی کی دلیل ۔ پہیلیاں مختلف موضوعوں پر ھیں مثلاً چارپائی، قلم، گھڑی، شمع، جھاڑو، تکیہ وغیرہ ۔ لیکن یہ سودا کے معتبر مخطوطات میں نہیں ملتیں ۔

یہ طے کرنا مشکل ھے کہ سودا کی تحریریں کسی سال دیوان یا کلیات کی شکل میں پہلی مرتبہ مرتب و مدون کی گئیں ۔ سودا کے کلام کا قدیم ترین معلومہ نسخہ جو اب مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے کتب خانے میں محفوظ ھے ۱۱۷۴ھ کا مکتوبہ ھے جو ۱۷۶۰ء کے مطابق ھے ۔ یہ مخطوطہ سودا کی وفات سے ۲۱ سال پہلے لکھا گیا تھا اس لیے لازماً اس میں وہ کلام شامل نہیں جو سودا نے ۱۱۷۴ اور ۱۱۹۵ھ کے مابین لکھا ۔ شیخ چاند نے اپنے تحقیقی مقالے "سودا" میں اس مخطوطے کے بارے میں لکھا ھے کہ یہ خوش خط لیکن اغلاط سے بھرپور ھے ۔ املا کی بھی بہت غلطیاں ھیں اور کاتب نے کئی لفظ چھوڑ دیے ھیں جس سے بہت سے مصرعے بےوزن ھوگئے ھیں ۔ کاتب کا نام صادق علی مرزا ھے اور اس نے تسلیم کیا ھے کہ اس نے یہ دیوان احمد شاہ ابدالی اور مرھٹوں کے دھلی پر حملوں کے پرآشوب زمانے میں نقل کیا ھے ۔ چونکہ یہ مخطوطہ ۱۱۷۴ھ کا کتابت شدہ ھے اس لیے صاف نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ھے کہ سودا کا دیوان اس وقت مرتب و مدون ھو گیا تھا ۔

بلوم ھارٹ[۲] اور شیخ چاند[۳] دونوں نے لکھا ھے کہ سودا کا کلیات پہلی بار ۱۸۰۳ء میں کلکتے سے شائع ھوا ۔ شیخ چاند کا یہ بھی خیال ھے کہ

یہ کلیات شیر علی افسوس کا مدونہ و مرتبہ تھا کیوں کہ افسوس نے اپنی تألیف آرائش محفل کے دیباچے میں لکھا ہے کہ اس نے سودا کے کلیات کی تصحیح میں کچھ وقت صرف کیا تھا۔ لیکن یہ ۱۸۰۳ء کا اڈیشن جسے بلوم ہارٹ اور شیخ چاند کلکتے سے طبع شدہ بتاتے ہیں کسی کتب خانے میں ابھی تک دریافت نہیں ہو سکا ہے حتیٰ نہ انڈیا آفس لائبریری اور برٹش میوزیم میں بھی نہیں ہے جہاں سودا کے اور سب اڈیشن موجود ہیں۔ یہ اڈیشن شیخ چاند نے خود نکھوا دیکھا بھی نہیں تھا بلکہ محض بلوم ہارٹ کے بیان پر اعتبار کیا تھا۔ اصل میں واقعہ کچھ یوں ہے کہ فورٹ ولیم کالج کلکتہ سے سودا کے کلیات کا ایک اڈیشن ۱۸۰۳ء میں طبع ہونا طے تو پایا تھا۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ کسی نہ کسی وجہ سے وہ شائع نہیں ہو سکا۔ اگر واقعی شائع ہو جاتا تو اس کا کوئی نسخہ کہیں تو محفوظ رہ جاتا۔ بظاہر بلوم ہارٹ کو فورٹ ولیم کالج کے اشاعتی پروگرام سے دھوکا ہؤا اور اس نے یہ فرض کر لیا کہ وہ اڈیشن جس کی اشاعت ۱۸۰۳ء میں تجویز ہوئی تھی شائع بھی ہو گیا ہوگا۔ درحقیقت ایسا نہیں ہؤا۔ اس کی تصدیق یوں ہوتی ہے کہ کریم الدین نے ۱۸۴۸ء میں اپنے تذکرہ شعرائے اردو میں یہ لکھا ہے کہ اس وقت تک سودا کا صرف کچھ منتخب کلام شائع ہؤا ہے نہ کہ کلیات۔ اگر کلیات ۱۸۰۳ء میں شائع ہو چکا ہوتا تو کریم الدین اس سے لاعلم نہیں رہ سکتے تھے۔ ۱۸۰۳ء میں کلیات سودا کی عدم اشاعت کی مزید تصدیق یوں ہوتی ہے کہ انڈیا آفس لائبریری میں ایک مخطوطہ سودا کے کلیات کا محفوظ ہے جس کی حکومت مدراس کے میر منشی محمد عبدالقادر خان نے ۱۸۴۳ء میں سی پی براؤن فارسی مترجم حکومت مدراس کی فرمائش پر ترتیب و کتابت کی ہے۔ اس مخطوطے میں براؤن نے خود اپنے ہاتھ سے یہ لکھا ہے کہ سودا کے کلام کے صرف چھوٹے موٹے انتخابات اور مجموعے اب تک شائع ہو چکے ہیں۔ میں نے سودا کے کلام کے مختلف مخطوطے فراہم کر کے فاضل مرتب (یعنی عبدالقادر خان) کو یہ کام سونپا کہ وہ انہیں مدون کر دیں، چنانچہ انہوں نے یہ کلیات ترتیب دیا ہے جسے وہ واحد مکمل کلیات قرار دیتے ہیں۔ ان تمام شہادتوں کی موجودگی میں یہی نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ سودا کا کلیات ۱۸۰۳ء میں کلکتے سے شائع نہیں ہؤا۔

البتہ ۱۸۱۰ء میں کلکتے سے ایک انتخاب سودا شائع ہوا جسے محمد اسلام اور کاظم علی جوان نے مل کر مرتب کیا تھا ۔ اس انتخاب کا نام تھا انتخاب دیوان سودا ۔ یہ انتخاب سول ملازمین کے لیے ڈگری کے معیار کی نصابی کتاب کے طور پر تجویز کیا گیا تھا اور عین ممکن ہے کہ خاص اس غرض سے اس کی ترتیب و تدوین کرائی گئی ہو ۔ اس انتخاب دیوان سودا کے مطبوعہ نسخے لندن میں موجود ہیں ۔ اسی انتخاب کا ایک نظرثانی شدہ اڈیشن پھر کلکتے ہی سے ۱۸۴۷ء میں طبع ہوا ۔ نظر ثانی اور چند غزلوں اور قصیدوں کے اضافے مولوی نظام حیدر نے کیے تھے ۔

سودا کی تصنیفات کلیات کی شکل میں پہلی بار ۱۸۵۳ء میں دھلی کے مکتبۂ مصطفائی سے شائع ہوئیں ۔ اس کلیات کے آخر میں جو نوٹ دیا گیا تھا اس کی رو سے یہ اڈیشن غلام احمد نامی کسی غیر معروف شخص کے تالیف کردہ مخطوطے پر مبنی ہے جس کا کہنا ہے کہ اس نے سودا کی تصنیفات کو مختلف مقامات و ذرائع سے حاصل کر کے یکجا کیا اور اس طرح اس کا دعوی ہے کہ یہ اڈیشن کسی اور مخطوطہ سودا کے مقابلے میں جامع تر اور بہتر ہے ۔ لیکن غلام احمد نے اپنے مرتبہ کلیات سودا کو ضخیم‌تر اور جامع‌تر بنانے کی دھن میں بہت سی منظومات کو بغیر جانچ پڑتال کے شامل کر لیا، چنانچہ نتیجہ یہ نکلا کہ اس میں کئی ایسی چیزیں بھی شامل ہوگئی ہیں جو سودا کی لکھی ہوئی نہیں بلکہ اس کے معاصرین اور تلامذہ کی لکھی ہوئی ہیں ۔ کلیات سودا کے جو ایڈیشن بعد میں شائع ہوئے وہ سب اسی پہلے مطبوعہ کلیات پر مبنی ہیں اسی لیے ان میں بھی وہی غلطیاں اور الحاقی چیزیں موجود ہیں جو پہلے ایڈیشن میں راہ پا گئی تھیں ۔

۱۸۵۳ء کے دھلی ایڈیشن کی ہو بہو نقل نول کشور پریس نے کانپور سے ۱۸۷۲ء میں شائع کی ۔ اس کے بعد نول کشور ہی نے ۱۸۸۸ء میں کلیات سودا کا ایک اور ایڈیشن شائع کیا لیکن اس تیسرے ایڈیشن میں یہ کاٹ چھانٹ کی کہ سودا کی تمام فحش نظمیں اور منظومات کے فحش حصے حذف کر دیے ۔ پھر اسی تیسرے اڈیشن کی ہو بہو نقل ۱۹۱۶ء میں نولکشور پریس کانپور ہی سے شائع ہوئی ۔ اس کے بعد ۱۹۳۲ء میں نولکشور پریس لکھنؤ سے کلیات سودا کا چوتھا ایڈیشن نئی ترتیب و تدوین سے دو

جلدوں میں شائع ھوا - اس کے مرتب و مدون عبدالباری آسی تھے - یہی ایڈیشن ھے جو عام طور پر کتب خانوں میں موجود ھے۔ اس اڈیشن میں بھی فحش کلام محذوف ھے اور نئی ترتیب کچھ تو اصناف کے لحاظ سے ھے اور کچھ نفس مضمون کے لحاظ سے مثلاً مدحیہ کلام الگ حصے میں درج ھے ھجویہ کلام الگ حصے میں غزلیات کا حصہ علیحدہ ھے اور رباعیات کا علیحدہ - اس چوتھے ایڈیشن کے بعد کلیات سودا کا اور کوئی ایڈیشن اب تک شائع نہیں ھؤا ھے - یہ آخری ایڈیشن نہ صرف پیشتر کے ایڈیشنوں کی غلطیوں اور الحاقی کلام کو برقرار رکھتا ھے بلکہ کاتبوں کی بے پروائی اور خود مرتب کلام کی غلط قرأتوں کی وجہ سے اغلاط میں اور اضافہ کرتا ھے اور پیشتر کے ایڈیشنوں سے بھی زیادہ غیر معتبر اور غلطیوں سے پر ھے -

یہ تو کلیات کی ترتیب و اشاعت کا ذکر تھا - اب آئیے انتخابات پر بھی ایک نظر ڈال لیں - ۱۸۱۰ء اور ۱۸۴۷ء میں کلکتے سے شائع شدہ انتخابات کا پہلے ھی ذکر ھو چکا ھے ان کے علاوہ تاریخی نقطۂ نظر سے حسب ذیل انتخابات قابل ذکر ھیں -

۱- بقول شیخ چاند کریم الدین نے ۱۸۵۲ء میں ایک انتخاب مرتب کرکے شائع کیا جس کو شیخ چاند نے ایک جگہ انتخاب کلام سودا کا عنوان دیا ھے اور دوسری جگہ ''منتخب دیوان سودا'' - لیکن دونوں ھی عنوانات کی حامل کریم الدین کی مرتبہ کوئی کتاب انڈیا آفس لائبریری یا برٹش میوزیم میں نہیں ھے۔ قیاس کہتا ھے کہ شیخ چاند کا اشارہ اس انتخاب کی طرف ھے جو کریم الدین نے اپنے تذکرے 'گلدستۂ نازنیناں' میں شامل کیا تھا -

۲- ایک انتخاب آگرے سے ۱۸۶۰ء میں شائع ھؤا جس کے مرتب نصیر خاں اور ڈبلیو اینڈ رسن تھے ، اس کا عنوان تھا ''انتخاب کلیات قصائد وغیرہ مرزا رفیع السودا کا'' -

۳- ایک انتخاب قصائد لکھنؤ سے ۱۸۶۸ء میں شائع ھؤا جس کے مرتب کا نام رامچندر سین تھا ، اس کا عنوان تھا ''منتخب قصائد سودا''

۴- ایک انتخاب شملہ سے ۱۸۷۲ء میں شائع ھوا جس کا عنوان تھا

Selection from the Kulliyat or complete works of Mirza Rafi-oos-Souda being the parts appointed for the High Proficiency Examination in Oordoo—Literally translated by Major Henry Court.

۵۔ ایک انتخاب مثنویات کلکتے سے ۱۸۷۵ء میں شائع ہؤا جسے ایچ ایس جیرٹ نے ترتیب دیا تھا ، اس کا عنوان تھا "منتخب مثنویات سودا"۔

۶۔ ایک انتخاب ۱۸۹۷ء میں مدراس سے شائع ہؤا جسے عمادالملک سید حسن بلگرامی نے ترتیب دیا تھا ۔ اس کا عنوان تھا "مختار اشعار دیوان مرزا رفیع سودا"۔

۷۔ ایک انتخاب ۱۹۲۷ء میں دھلی سے شائع ہؤا جسے ثاقب کانپوری نے مرتب کیا تھا اس کا عنوان تھا "انتخاب سودا"۔

۸۔ ایک انتخاب ۱۹۲۷ء میں الہ آباد سے شائع ہوا جسے ایس ایم ایچ عالی نےمرتب کیا تھا۔ اس کا عنوان تھا "انتخاب کلیات سودا"۔

۹۔ ایک انتخاب ۱۹۵۷ء میں لاهور سے شائع ہؤا، جس کو ڈاکٹر وحید قریشی نے بعنوان انتخاب دیوان سودا" مرتب کیا تھا۔

۱۰۔ ایک انتخاب بعنوان "کلام سودا، علی گڑھ سے ۱۹۶۴ء میں شائع ہؤا جس کو ڈاکٹر خورشید الاسلام نے مرتب کیا تھا۔

ان سب انتخابات کے مطبوعہ نسخے لندن کی لائبریری میں موجود ھیں۔ آخر الذکر چار تو پاکستان کے کتب خانوں میں بھی عام طور پر دستیاب ھیں لیکن اول الذکر چھ اور کلکتے سے شائع شدہ ابتدائی دور انتخابات پاکستان کے کتب خانوں میں شاید ھی کہیں ھوں۔ جس طرح سودا کے کلیات کےمختلف ایڈیشن ھر قسم کی تحریف، تصنیف اور اغلاط اور الحاقی کلام سے پر ھیں اس طرح انتخابات بھی ھیں کیوں کہ یہ مطبوعہ کلیات ھی سے کیے گئے ھیں ۔ البتہ ڈاکٹر خورشید الاسلام کا انتخاب بیشتر اس عیب سے پاک ھے کیوں کہ انہوں نے سودا کے دیوان کے اس مخطوطے کو سامنے رکھا ھے جو انڈیا آفس لائبریری میں محفوظ ھے اور جسے سودا نے خود مسٹر رچرڈ جالنسن ایسٹ انڈیا کمپنی کے ھیڈ اسسٹنٹ متعینہ لکھنؤ کے لیے ۱۷۸۱ء میں کتابت کروایا تھا اور تحفے کے طور پر پیش کروایا تھا ۔ لیکن ڈاکٹر خورشید الاسلام کے انتخاب میں بھی بعض غلطیاں اور کچھ مشکوک کلام راہ پا گیا ھے کیوں کہ انہوں نے

سلام و مراثی کا انتخاب مطبوعہ کلیات ہی سے کیا ہے ۔ سودا کے ایسے کلیات اور ایسے انتخاب کی اشاعت ابھی تک عمل میں نہیں آئی ہے، جو مستند و معتبر ہو یعنی تحریفوں، تصحیفوں، غلط قرأتوں اور دوسری اغلاط سے بھی پاک ہو اور الحاقی کلام کا حامل بھی نہ ہو۔

۱- مجموعہ نغز جلد اول صفحہ ۳۰ -
۲- فہرست مخطوطات ہندی (انگریزی میں) صفحہ ۷۷ -
۳- سودا صفحہ ۱۰۲ -
۴- دیکھیے محمد عتیق صدیقی گلکرسٹ اور اس کا عہد صفحہ ۱۹۷ -
۵- صفحہ ۱۱۰ - ۱۰۶ -
۶- دیکھیے ایچ ایس جیرٹ کا پیش لفظ بر "مثنویات آف مرزا رفیع السودا" (انگریزی) -
۷- سودا صفحہ ۱۱۴ - ۳۹۷ -

ڈاکٹر فرمان فتحپوری، کراچی یونیورسٹی

اردو ادب اور علاقائی زبانیں

اردو اپنے نظامِ صوتیات اور ذخیرۂ الفاظ کے لحاظ سے ایک بین الاقوامی مزاج کی زبان ہے۔ اس میں عربی، فارسی، ترکی، انگریزی اور مقامی بولیوں ہی کے الفاظ نہیں دنیا کی بیشتر زبانوں کے الفاظ کم و بیش شامل ہیں۔ لیکن آوازوں کے اختلاط اور الفاظ کے ارتباط کا یہ مفہوم ہرگز نہیں کہ اردو، اپنی ساخت اور مزاج میں کسی خاص زبان کی تابع یا مقلد ہے۔ اس نے خام مواد یعنی گارا چونا اصوات و الفاظ کی شکل میں یقیناً ادھر ادھر سے لیا ہے لیکن اس کی تعمیر مخصوص تاریخی حالات کے تحت اپنے طور پر طبعی انداز میں ہوئی ہے۔ چنانچہ وہ اپنے رنگ روپ، رعنائی و صناعی، روز مرہ، محاورہ، طرز ادا اور الفاظ کے ایجاد و استعمال کے لحاظ سے اپنا منفرد وجود رکھتی ہے۔ حروف تہجی سے لے کر الفاظ کی ساخت، جملوں کی بناوٹ، تذکیر و تانیث کے قاعدے، واحد جمع کے اصول، صحت تلفظ اور الفاظ کی ساخت، جملوں کے استعمال تک سب میں اس کا اپنا مخصوص معیار و انداز ہے۔ اس لیے اردو کو کسی خاص زبان کے آئینے میں دیکھنا مناسب نہ ہوگا بلکہ ہر لفظ کے تلفظ، معنی اور استعمال کی صحت کے سلسلے میں اس کے اصل مآخذ کے بجائے اردو ہی کے لغت اور اردو ہی کے مستند ادیبوں اور شاعروں کی تحریروں، سے رجوع کرنا مفید ہوگا۔

انشا اللہ خان نے ''دریائے لطافت'' میں اب سے تقریباً دو سو سال پہلے اردو کی صحت کا یہی معیار قائم کیا تھا۔ ان کے خیال میں

''جو لفظ اردو میں مشہور و مستعمل ہو گیا خواہ عربی ہو یا فارسی، ترکی ہو یا سریانی، پنجابی ہو یا پوربی، اپنے اصل کی رو سے غلط ہو

یا صحیح، وہ لفظ بہرحال اردو ہے۔ اگر اصل کے موافق مستعمل ہو تو صحیح اور اگر اصل کے خلاف ہو تو بھی صحیح۔ اس کا غلط و صحیح ہونا اردو کے استعمال پر منحصر ہے، اس لیے کہ جو لفظ اردو کے مزاج کے موافق نہیں، غلط ہے، خواہ اصل کے لحاظ سے درست ہی کیوں نہ ہو، اور جو چیز اردو کے مزاج کے موافق ہے وہ صحیح ہے، خواہ اصل کے لحاظ سے غلط کیوں نہ ہو"۔

اس اصول سے صاف ظاہر ہے کہ انشا اللہ خان نے اردو کے مزاج کے تعین کے سلسلے میں جو اہمیت مقامی آب و رنگ، مقامی تمدن، مقامی مؤثرات اور مقامی بولیوں کو دی ہے وہ دوسری زبانوں کو نہیں دی۔ ان کے نزدیک اگرچہ اردو نے باہر کی زبانوں کا گہرا اثر قبول کیا ہے۔ خاص طور پر علمی و ادبی کاموں کے سلسلے میں اس نے الفاظ کا زیادہ ذخیرہ عربی و فارسی ہی سے لیا ہے۔ لیکن بہ حیثیت مجموعی اس کا رنگ روپ اور خمیر و مزاج مقامی ہی رہا ہے اور اس مقامیت نے اسے عربی و فارسی سے الگ اپنی اپنی انفرادیت قائم کرنے میں مدد دی ہے۔ اس انفرادیت میں جتنا ہاتھ مقامی اور علاقائی زبانوں کا ہے اتنا باہر کی زبانوں کا نہیں ہے بظاہر یہ بات عجیب سی معلوم ہوتی ہے لیکن حقیقت یہی ہے۔

عربی و فارسی اور اردو کے علمائے زبان نے ذخیرہ الفاظ کو بلحاظ قواعد تین خاص گروہوں میں تقسیم کیا ہے۔

۱۔ اسم (Noun)

۲۔ فعل (Verb)

۳۔ حرف (Preposition)

ان میں صرف اسم کا ذخیرہ ایسا ہے جس میں مقامی زبانوں کے الفاظ کے ساتھ ساتھ عربی، فارسی، ترکی اور دوسری زبانوں کے الفاظ بھی بکثرت شامل ہیں۔ لیکن "فعل" جسے آریائی زبانوں میں بنیادی حیثیت حاصل ہوتی ہے اور جس کے بغیر بامعنی فقرہ وجود میں نہیں آ سکتا اس کی نوعیت اسم کے ذخیرے سے بہت مختلف ہے۔ اردو کے سارے افعال اور ان کے مصادر مثلاً پڑھنا لکھنا، سونا جاگنا، اٹھنا بیٹھنا اور کھانا پینا وغیرہ یکسر

مقامی ھیں۔ یہی کیفیت "حرف" یا پری پوزیشن (Preposition) کی ھے۔ اردو میں عام طور پر استعمال ھونے والے سارے حروف جار مثلاً، نے، کو، سے، میں، تک، ساتھ وغیرہ بیرونی نہیں مقامی زبانوں سے تعلق رکھتے ھیں ۔ اردو میں فعل اور حروف کی یہ مقامیت ظاھر کرتی ھے کہ اردو کا حقیقی اور اساسی تعلق باھر کی زبانوں سے نہیں علاقائی زبانوں سے ھے۔ یہ تعلق آج کا نہیں صدیوں پرانا ھے۔ اس کی داغ بیل برصغیر میں مسلمانوں کی آمد ھی کے وقت بلکہ بعض کے نزدیک اس سے بھی پہلے پڑ گئی تھی۔

اب یہ خیال فرسودہ ھوچکا ھے کہ اردو کسی خاص جگہ، کسی خاص وقت میں، کسی خاص گروہ کے ھاتھوں پیدا ھوئی۔ زبان کی پیدائش کا مسئلہ افراد کی پیدائش سے بہت مختلف ھوتا ھے۔ زبان، فطرت کے تقاضوں کے مطابق انجانے طور پر بنتی رھتی ھے اور صدیوں کے بعد جب وہ کسی خاص شکل میں نمودار ھونے لگتی ھے اس وقت ھمیں اس کے وجود کا احساس ھوتا ھے ۔ اس لئے کسی زبان یا اردو کے متعلق یہ حکم لگانا کہ وہ فلاں وقت فلاں جگہ یا فلاں شہر میں پیدا ھوئی ، ایک بے معنی سی بات ھے ۔ علمی انداز پر اردو کی پیدائش کے خواہ کتنے ھی نظریے کیوں نہ قائم کر لیے جائیں لیکن اردو کے نامور محقق حافظ محمود شیرانی کے لفظوں میں اتنی بات تو سبھی تسلیم کرتے ھیں کہ

"یہ زبان ھندوستان میں مسلمانوں کے داخلے اور توطن گزینی کا نتیجہ ھے"

اردو اور علاقائی زبانوں کے تعلق کو استوار کرنے کی کئی صورتیں ھوسکتی ھیں۔ ایک صورت یہ ھے کہ اردو کے جو ادیب و شاعر علاقائی زبانیں نہیں جانتے وہ ان کی طرف بطور خاص توجہ کریں ۔ اگر اصل زبانوں سے استفادہ کرنے میں دشواری ھو تو اردو یا انگریزی ترجموں کی معرفت علاقائی زبانوں کے ثقافتی اور ادبی ذخائر سے فائدہ اٹھائیں۔ جو لوگ اردو کے ساتھ ساتھ پنجابی، سندھی، بلوچی یا پشتو وغیرہ سے بھی واقف ھیں وہ اخذ و ترجمہ کے ذریعے اردو کو علاقائی زبانوں سے متعارف کرائیں ۔ اس

سے قومی اور علاقائی دونوں زبانوں کو فائدہ پہنچے گا اور اردو کا دامن وسیع ہوگا۔ اس میں موضوع و مواد کی رنگا رنگی آئے گی، مقامی ثقافت کی نمائیندگی و ترجمانی کی صلاحیت پیدا ہوگی اور قومی زبان کی حیثیت سے وہ علاقائی زبانوں کے درمیان رابطے کا ذریعہ بن جائے گی۔ مختلف علاقوں کے لوگ جب اپنی علاقائی بولیوں کے اثرات و نفوذ قومی زبان میں دیکھیں گے تو وہ فطرتاً اس کی طرف لپکیں گے۔ اس طرز عمل سے علاقائی زبانیں بھی گھاٹے میں نہ رہیں گی۔ پنجابی، سندھی، بلوچی، پشتو اور سرائیکی وغیرہ ابھی تک اپنے اپنے علاقوں تک محدود ہیں۔ نتیجۃً ان زبانوں کے ادیبوں اور شاعروں کا حلقۂ اثر اتنا وسیع نہیں جتنا ہونا چاہیئے۔ لیکن اگر علاقائی ادب کے کار آمد پہلوؤں کو اردو میں اور اردو کے مفید عناصر کو علاقائی زبانوں میں منتقل کرنے کی شعوری کوشش کی جائے تو پنجابی سندھی، بلوچی اور پشتو کے ادیبوں کا حلقۂ اثر خاصا وسیع ہو سکتا ہے۔

اس میں شبہ نہیں کہ اردو میں علاقائی زبانوں کے بکثرت الفاظ شامل ہیں اور علاقائی زبانوں کے برعکس اردو کا حلقۂ اثر بھی ملک گیر ہے لیکن سوال یہ ہے کہ اردو کو قومی زبان کی حیثیت سے مقبول عام اور اس کے ادب کو پاکستانی ثقافت و قومیت کا متحمل بنانے کے لیے اس میں علاقائی زبان و ادب کی اہم روایات و اقدار کو کیوں نہ داخل کیا جائے۔ مختلف علاقوں کے تاریخی مقامات، تہذیبی مراکز، دریا پہاڑ، پھول پھل، باغ و راغ، ندی اور جھیل، قصے کہانیاں، رسم و رواج، پیر فقیر اور صوفی و شاعر، سب کو بطور تلمیح و مثال اردو نثر و نظم میں کیوں جگہ نہ دی جائے۔ جب عربی و فارسی سے گل و بلبل، لیلیٰ مجنوں، یوسف و زلیخا، شیریں فرہاد، رستم و سہراب، وامق و عذرا، محمود و ایاز، سکندر و دارا، دجلہ و فرات، اور اصفہان و شیراز کے طرز کی ہزاروں تلمیحیں، ہزاروں اصطلاحات اور سینکڑوں روایتیں، اردو میں جگہ پا سکتی ہیں اور سنسکرت و ہندی سے چانڈ چکور، راون و سیتا، رام و لچھمن، بھیم اور ارجن، گنگا و جمنا، تریبنی، پاربتی، شکنتلا، کرشن کنھیا کنھیا گوکل، گوپی، کام روپ، گوبر گنیش، رام لیلا اور ہولی دیوالی وغیرہ جیسے الفاظ و تراکیب اپنائی جا سکتی ہیں تو پھر ہیر رانجھا،

سسی پنوں، لیلا چنیسر ، عمر ماروی ، مرزا صاحباں ، شالیمار ، راوی چناب ، ستلج اور سندھ ، شاھی مسجد، شہید مینار، بھولو، اسلم ، سچل سرمست ، شاہ لطیف، بھلے شاہ ، رحمن بابا ، خوش حال خان خٹک ، داتا کی نگری، زیارت اور ھنا ۔ خیبر اور سوات وغیرہ کو اردو میں بطور تلمیح یا اصطلاح رواج کیوں نہ دیا جائے ۔ جب تک ایسا نہ کیا جائے گا اردو نہ تو صحیح معنوں میں پاکستانی تہذیب اور قومیت کی ترجمانی کا حق ادا کر سکے گی اور نہ اس کے ادب کو پاکستانی ادب کی حیثیت سے الگ پہچانا جا سکے گا ۔ گہرا مقامی رنگ ھی اسے دوسرے ملکوں کے ادب کے مضر اثرات سے محفوظ کر سکتا ھے ۔

ایک مفید کام یہ بھی ھو سکتا ھے کہ علاقائی زبانوں کی ساری مقبول عام کہانیاں خواہ نثر میں ھوں یا نظم میں اردو میں منتقل کی جائیں اور ان کہانیوں کے ممتاز کرداروں کو اردو زبان و ادب کے رموز و علائم میں داخل کیا جائے ۔ علاقائی زبانوں میں افسانوی ادب کا بڑا قیمتی ذخیرہ ھے۔ اس ذخیرے کے بعض اجزا ، مصحفی و انشاء کے زمانے ھی میں غیر معمولی شہرت پا چکے تھے، تبھی تو انشا اللہ خان نے ھیر رانجھا کی داد اس طور پر دی ھے ۔

سنایا رات کو قصہ جو ھیر رانجھا کا
تو اھل درد کو پنجابیوں نے لوٹ لیا

علاقائی زبانوں میں اس طرح کے اور نہ جانے کتنے منظوم افسانے ھیں جو قابل توجہ ھیں ۔ سسی پنوں کی داستان نہ صرف پاکستان بلکہ پاکستان کے باھر بھی مقبول ھوئی ھے۔ پاکستان کی ساری علاقائی زبانوں میں اسے ایک بار نہیں کئی بار نظم کیا گیا ۔ سندھی زبان میں شاہ عبدالطیف بھٹائی اور پنجابی میں ھاشم شاہ کی بدولت اسے جو قبول عام حاصل ھؤا ھے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ھے ۔ پشتو میں بھی اسے نظم کیا گیا ھے اور متعدد فارسی شعراء نے بھی اسے اپنی توجہ کا مرکز بنایا ھے۔ ھندوستان کے شمالی اور پوربی علاقے بھی اس داستان سے بے خبر نہ تھے ۔ یہ الگ بات ھے کہ اردو کے شعراء نے عربی ، فارسی اور سنسکرت کی کہانیوں کو جس انہماک کے

ساتھ اردو میں منتقل کیا ہے ، وہ انہماک علاقائی زبانوں کے سلسلے میں نظر نہیں آتا ۔ پھر بھی قدیم شاعروں میں سے بعض نے اس طرف توجہ کی ہے۔ مثلاً قلندر بخش جرأت کے شاگرد نواب محبت خان نے اب سے دو سو سال پہلے ۱۱۹۷ھ/۱۷۸۳ء میں سسی پنوں کو "اسرار محبت" کے نام سے مثنوی کی صورت میں نظم کیا تھا ۔ اس مثنوی کا ایک صاف ستھرا مخطوطہ انجمن ترقی اردو کراچی کے کتب خانے میں موجود ہے۔ مثنوی ہر لحاظ سے معیاری ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اس مثنوی کو مقدمہ اور حواشی کے ساتھ شائع کیا جائے ۔ یہ کام اردو کا ہر ادیب کر سکتا ہے لیکن کیا اچھا ہو کہ وہ لوگ اس طرف رجوع کریں جو علاقائی زبانوں پر بھی پوری دسترس رکھتے ہوں تا کہ وہ یہ بھی بتا سکیں کہ اس اردو مثنوی کا حقیقی مآخذ کیا ہے اور اصل قصے سے اس میں کس حد تک انحراف یا اتباع پایا جاتا ہے ۔

علاقائی زبانوں کے بعض دوسرے پہلوؤں پر بھی اس انداز سے توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔ مثلاً ایک اہم پہلو پاکستانی ثقافت کی تشکیل و فروغ کا ہے ۔ یہ پاکستانی ثقافت سندھ ، سرحد ، بلوچستان ، اور پنجاب کی ثقافتوں کے امتزاج و اشتراک ہی سے وجود میں آ سکتی ہے ۔ چوں کہ پاکستان کی ساری علاقائی ثقافتیں اسلامی تہذیب و تمدن اور مسلمان صوفیائے کرام کی آغوش کی پروردہ ہیں، اس لیے وہ فروعات میں ایک دوسرے سے خواہ کتنی ہی مختلف کیوں نہ نظر آئیں لیکن روح کے اعتبار سے ان میں بڑی مماثلت ہے۔ ان مماثل پہلوؤں کو تلاش کر کے انہیں یکجا کرنے اور ان میں ہم‌آہنگی پیدا کرنے کی ضرورت ہے ۔ اس ہم‌آہنگی کے بغیر پاکستانی ثقافت کا تصور خواب و خیال سے آگے نہ بڑھ سکے گا ۔ اس خواب کو شرمندۂ تعبیر کرنے کے لیے علاقائی ثقافتوں کے سب سے قوی عنصر یعنی علاقائی زبانوں کا سہارا لینا ہوگا ۔ اگر زبانوں میں یک رنگی و ہم‌آہنگی کے آثار پیدا ہوگئے تو یہ آثار علاقائی ثقافتوں کو خود بخود ایک خاص رشتے میں پرو دیں گے ۔ یہ کام ادبی اور تعلیمی دونوں سطح پر ہونا چاہیئے ۔ ہماری جامعات میں ایم ۔ اے اردو کے نصاب میں ایک پرچہ "اردو کے تہذیبی و ثقافتی پس منظر" کے عنوان سے ہوتا ہے، اس میں

هندی و فارسی شاعری کی تاریخ اور بعض ملی تحریکات پڑھائی جاتی ہیں۔ کیا اچھا ہو کہ اس پرچے میں علاقائی زبانوں کے ادب و فنون لطیفہ کی تاریخ اور مختلف صوبوں کے بعض بزرگان دین و صوفیائے کرام کی خدمات کا جائزہ بھی شامل کر لیا جائے۔ اس سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ پاکستان کی نئی نسل اردو کے ساتھ اپنے ملک کے سارے ثقافتی ورثوں سے کم و بیش واقف رہے گی اور پاکستانی ثقافت کا تصور قائم کرنے میں اسے آسانی ہو جائے گی۔

ایک اور پہلو اس سلسلے میں قابل توجہ ہے۔ ہمارے ہاں دخیل الفاظ کے سلسلے میں ابھی تک زیادہ تر صرف عربی و فارسی ہی کو اہمیت دی گئی ہے۔ ہر قسم کی اصطلاحات ہر قسم کے نئے الفاظ اور ہر قسم کے انگریزی الفاظ کے تراجم کے لیے عربی و فارسی ہی کا سہارا لیا جاتا ہے اس رجحان کے نتیجے میں بہت سے ثقیل اور بے ہنگم الفاظ اردو میں داخل ہو رہے ہیں حالانکہ اگر کوشش کی جائے تو ان سے زیادہ سبک و شیریں متبادل الفاظ علاقائی زبانوں میں مل سکتے ہیں۔ مقامی صنعت و حرفت، زراعت و باغبانی، کھیل کود، عدالت و پنچائت، آداب مجلس اور کاروبار وغیرہ کے سلسلے کے ہزاروں الفاظ علاقائی زبانوں میں ہوں گے جنہیں اردو میں اپنا کر انگریزی الفاظ کے تراجم میں مدد لی جا سکتی ہے۔ لیکن اردو والوں نے اس طرف توجہ نہیں کی نتیجہ اردو اور علاقائی زبانوں کا تانا روز بروز مضبوط ہونے کے بجائے کمزور ہوتا چلا گیا۔ اب اس تانے کو استوار کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ اس سے قومی زبان کے جثے میں نیا خون دوڑنے لگے گا اور اردو کو ہر صوبے ہر علاقے اور ہر سطح پر رواج دینے میں آسانی ہو جائے گی۔

مجھے اعتراف ہے کہ اردو کے ادیب اور شاعر علاقائی زبانوں کی طرف سے یکسر غافل نہیں رہے۔ انہوں نے حکومت کی مسلسل بے اعتنائیوں کے باوجود علاقائی زبانوں کے تعلق کی نوعیت و اہمیت کو محسوس کیا ہے اور اس سلسلے میں کچھ کام بھی ہوا ہے۔ پنجابی اور اردو کے تعلق پر سب سے اہم کتاب پروفیسر حافظ محمود شیرانی کی "پنجاب میں اردو ہے" یہ پہلی بار ۱۹۲۸ء میں شائع ہوئی اور اب تک اس کے متعدد

اڈیشن نکل چکے ھیں - ۱۹۶۰ء میں کالاسنگھ بیدی نے اردو اور پنجابی کے لسانی رشتے پر تحقیقی کام کر کے دھلی یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی ھے - کراچی یونیورسٹی میں منیر فاروقی صاحب، ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی کی نگرانی میں اس موضوع پر مزید تحقیقی کام کر رھے ھیں۔ ان کا کام تکمیل کو پہنچنے والا ھے۔ پنجابی ادب کے عنوان سے بھی اردو میں بہت کچھ لکھا گیا ھے اور یہ سب اردو اور اھل اردو کے لیے بہت مفید ھے - پنجاب کے ادیب و شاعر چوں کہ پنجابی اور اردو دونوں سے واقف ھیں اور دونوں میں لکھتے ھیں اس لیے ان کی تحریروں سے لاشعوری طور پر دونوں زبانوں کو فائدہ پہنچ رھا ھے -

سندھی اور اردو کے لسانی تعلق پر علامہ سید سلیمان ندوی کے مقالات خاصی شہرت رکھتے ھیں - اردو سندھی کے لسانی روابط پر ڈاکٹر شرف الدین اصلاحی کی تازہ کتاب قابل مطالعہ ھے۔ یہ مرکزی اردو بورڈ لاھور نے شائع کی ھے اور سندھ یونیورسٹی کے اردو شعبہ نے اس کام پر مصنف کو ڈاکٹریٹ کی ڈگری دی ھے - سندھ کے صوفی شعراء میں، شاہ عبداللطیف بھٹائی اور سچل سرمست نے اردو خوان طبقے کو خاص طور پر متأثر کیا ھے۔ ان کی زندگی اور شاعری کے بارے میں سینکڑوں مضامین لکھے گئے ھیں۔ کتابیں بھی مرتب کی گئی ھیں اور اردو کے بعض شعراء نے ان کے افکار و خیالات اور منظومات کا اردو نثر و نظم میں ترجمہ بھی کیا ھے - سندھی زبان کے کئی ایسے شاعر ھیں جو اردو میں بھی خوب کہتے ھیں ، اور ان کی کوششوں سے اردو سندھی دونوں ایک دوسرے سے قریب آ رھی ھیں -

اردو سے سرحد کی زبان پشتو کا رشتہ بھی بہت قدیم ھے - رام پور ٹونک اور بندیل کھنڈ کے دور دراز علاقوں تک کی اردو پر پشتو کا اثر پایا جاتا ھے۔ پشتو نے اردو سے اور اردو نے پشتو سے بہت کچھ لیا ھے۔ اس لسانی لین دین پر مولانا امتیاز علی خان عرشی کا مقالہ ''پشتو اور اردو'' خاص طور پر پڑھنے کے لائق ھے - سرحد کے ادیب و شاعر بھی عموماً پشتو اور اردو دونوں کے ادب کو اپنائے ھوئے ھیں - ان میں سب سے نمایاں نام

فارغ بخاری ، رضا ہمدانی اور خاطر غزنوی کے ہیں ان کی تحریروں کی بدولت اردو اور پشتو کو ایک دوسرے سے فائدہ اٹھانے کا خوب موقع مل رہا ہے ۔ پشتو ادب کے متعلق اردو میں مضامین کی صورت میں بہت کچھ لکھا گیا ہے ''پشتو افسانے'' ''پشتو لوک گیت'' ''پشتو ادب'' اور ''خوشی حال خان خٹک'' کے نام سے کتابیں بھی منظر عام پر آئی ہیں ۔ ان کتابوں کی معرفت اردو خوان طبقے کو پشتو ادب سے آگاہی اور شناسائی میں خاصی سہولت ہو گئی ہے ۔

بلوچی اور سرائیکی کے رشتے بھی اردو کے ساتھ بہت پرانے ہیں ۔ بلوچی اور اردو میں ہزاروں الفاظ مشترک ہیں اور فارسی کے زیر اثر دونوں میں ایک طرح کی ہم آہنگی نظر آتی ہے ۔ بلوچی کے ادیبوں میں بھی کئی ایسے ہیں جو اردو بلوچی دونوں پر قدرت رکھتے ہیں ، ان کی کوششیں دونوں زبانوں کے حق میں مفید ہیں ۔ اردو بلوچی کے تعلق اور بلوچستان میں اردو کی خدمات کے سلسلے میں ڈاکٹر انعام الحق کوثر کی کتاب خاص طور پر قابل ذکر ہے ۔

اردو کو مختلف علاقائی زبانوں سے بہ یک وقت ہم آہنگ کرنے اور اسے پاکستان کے مختلف صوبوں میں مقبول بنانے کا کام بھی شروع ہوا ہے ۔ اس سلسلے کا سب سے اہم اور قابل ذکر کام ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی کا ہے ۔ ان کی کتاب ''بنیادی اردو'' جسے اردو کے بنیادی الفاظ کا لغت کہنا چاہیئے اردو بورڈ لاہور سے شائع ہو چکی ہے ۔ سندھی، پنجابی اور دوسری علاقائی زبانوں میں بھی اس کے تراجم طبع ہو کر منظر عام پر آ چکے ہیں ۔ لسانی مطالعات پر مبنی ڈاکٹر سہیل بخاری کے بعض مضامین اور ان کی نئی کتاب ''اردو کا روپ'' بھی اس سلسلے میں بہت کار آمد ہیں ۔

غرض کہ اردو اور علاقائی زبانوں کے رشتوں پر کچھ نہ کچھ کام ہوا ہے اور ہو رہا ہے لیکن اب جب کہ پاکستان کے مختلف صوبوں میں اردو کو سرکاری اور دفتری زبان کی حیثیت سے اپنایا جا رہا ہے کام کی رفتار کو تیز تر کرنے کی ضرورت ہے ۔ اب ہر علاقے کے ادیبوں اور شاعروں کو ضمناً نہیں خصوصاً اس طرف متوجہ ہونا چاہیئے ۔ زبان کسی خاص علاقے

یا طبقے کی میراث نہیں ہوتی جو لوگ اور جہاں کے لوگ اسے بولتے اور برتتے ہیں ، وہی اس زبان کے حقیقی وارث و مالک ہؤا کرتے ہیں ۔ اردو کسی وقت لکھنؤ اور دلی کی زبان رہی ہوگی لیکن ہمیں اس حقیقت کو دل سے تسلیم کر لینا چاہیئے کہ وہ اب لکھنؤ یا دلی کی زبان نہیں رہی اب وہ لاہور، کراچی ، کوئٹہ ، حیدرآباد ، پشاور، پنڈی اورسرگودھا وغیرہ کی زبان ہے۔ یہیں کے لوگوں نے اسے اپنایا ہے۔ یہیں کے لوگ اسے بولتے اور برتتے ہیں۔ یہیں کے لوگوں کے ہاتھوں وہ آگے بڑھے گی اور یہیں کے لوگوں کے زیر اثر اس پر ایک نیا رنگ چڑھے گا۔ یہ رنگ علاقائی زبانوں اور علاقائی تہذیبوں کا ہوگا ، یہی رنگ پختہ ہوکر اردوئے معلی بنے گا اور اردو کا مستند اسلوب کہلائے گا۔

(ڈاکٹر) فرمان فتح پوری
استاد شعبۂ اردو،
کراچی یونیورسٹی، کراچی

...ر غزنوی، صدر شعبۂ زبان و ادبیات چین پشاور یونیورسٹی

چینی اور برصغیر پاکستان کی زبانوں میں مماثلت

اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کے افتتاح کے موقعے پر پنجاب کی صوبائی اسمبلی کے وزیر خزانہ جناب حنیف رامے نے چینی زبان کی تدریس کی اہمیت پر زور دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے پنجاب یونیورسٹی کو دنیا کی اس عظیم زبان کی طرف متوجہ کر کے سیاسی ہی نہیں بلکہ علمی نقطۂ نظر سے بھی وقت کی ایک اہم ترین ضرورت کا احساس دلایا ہے۔

چینی زبان کے متعلق عام طور پر لوگوں میں یہ بات مشہور ہے کہ یہ دنیا کی مشکل ترین زبان ہے۔ لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے یہ دنیا کی دلچسپ ترین زبان ہے۔ اهل پاکستان کے لیے اس زبان میں دلچسپی لینا اس لیے بھی لازمی ہو جاتا ہے کہ یہ بہت حد تک پاکستان کی مختلف زبانوں یعنی اردو۔ پنجابی۔ سرائیکی اور پشتو سے قریب تر ہے۔

یہاں یہ بات تو یقیناً نہیں کہی جا سکتی کہ برصغیر کے اس حصے کی زبانیں چین پہنچ کر مختلف پہلوؤں سے چینی زبان پر اثر انداز ہوئیں۔ کیونکہ چینی زبان اور اس کے رسم الخط کی قدامت برصغیر کی زبانوں کے مقابلے میں مسلم اور واضح ہے۔ البتہ ان زبانوں پر ایک دوسرے کے اثرات کا بنیادی سبب خاصا پیچیدہ اور تحقیق طلب ہے۔ اور مؤرخوں اور ماہرین لسانیان کی توجہ کا محتاج ہے۔

آج کی اس محفل میں چینی زبان اور برصغیر کی ان زبانوں کی مماثلت کے بعض پہلوؤں کا ایک سرسری جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔ لیکن اس سرسری جائزے سے پیشتر مناسب ہوگا کہ آپ کو چینی زبان کی بعض بنیادی باتوں سے متعارف کرا دیا جائے۔

چینی زبان کا رسم الخط بلا شبہ ایک مشکل چیز ہے۔ میں آج تک نہیں بھول سکا کہ۔ چین پہنچنے کے بعد جب میں پہلی مرتبہ پیکنگ کے بازاروں میں گھوم رہا تھا تو مختلف اداروں دفتروں اور دکانوں کی پیشانیوں

ہر چینی زبان کے حروف مجھے یوں لگ رہے تھے جیسے پنجرے لٹکے ہوئے ہوں۔ ان پنجروں میں بند پرندوں کی زبان ہم نو واردوں کے لیے حیرت اور گھبراہٹ کا سبب بنی ہوئی تھی۔ میں اور میرے ساتھی سوچ رہے تھے کہ ان پرندوں کی بولی تک رسائی کیونکر ممکن ہوگی۔ لیکن جب ہم چین سے واپس لوٹ رہے تھے تو اداروں، دفتروں اور دکانوں کی پیشانیوں پر چینی حروف کے پنجروں کے پرندے ماؤزے تنگ کے خیالات اور ثقافتی انقلاب کے نغمے الاپ رہے تھے اور ہم ان کی زبان سمجھنے کے قابل ہو چکے تھے۔ میں نے یہاں استعارۃً چینی رسم الخط کو پرندے اور چینی بول چال کو نغمے کہا ہے لیکن سچ پوچھیے تو یہ استعارہ کم اور حقیقت زیادہ ہے۔ چینی رسم الخط کی اساس مصوری پر استوار ہے اور چینی بول چال میں موسیقی کا بڑا حصہ ہے۔ فنون لطیفہ کی ان ہی خصوصیات کے سبب دنیا کی یہ مشکل ترین زبان دلچسپ ترین زبان بن گئی ہے اور اس زبان پر تحقیق کرنے والوں کو اپنے کام میں بے حد لذت محسوس ہوتی ہے۔ فنون لطیفہ کے اس سدا بہار پہلو نے چینی زبان کو اپنی تمام تر روایات کے ساتھ زندہ و ارتقاء پذیر رکھا ہے ورنہ اس کے ساتھ کی دوسری قدیم اور کلاسیکی زبانیں یعنی سنسکرت وغیرہ اپنی موت آپ مر چکی ہیں۔

چینی تحریر میں حروف تہجی نہیں بلکہ ہر لفظ کے لیے کوئی نہ کوئی شکل یا تصویر بنائی جاتی ہے۔ ابتداء میں یہ اشکال ہو بہو تصویریں ہوتی تھیں لیکن وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ ان تصویروں میں اختصار اور آسانی پیدا کی جاتی رہی اور سہولت کی خاطر لکیروں سٹروکس (Strokes) کی تعداد میں کمی کی جاتی رہی پہلے چینی الفاظ اوپر سے نیچے لکھے جاتے تھے اور ان الفاظ پر مبنی کھڑی سطریں اردو، پشتو، پنجابی اور سندھی کی طرح دائیں سے بائیں چلتی تھیں۔ لیکن موجودہ دور میں رومن رسم الخط کی ہر دلعزیزی نے چینی تحریر کو بھی بائیں سے دائیں سیدھی سطروں میں تبدیل کر دیا ہے۔ الفاظ کی ارتقائی منازل کے چند نمونے ملاحظہ ہوں۔

یوں علامتوں کے ساتھ دوسری علامتوں کے امتزاج سے مزید مطالب پیدا کئے گئے۔ مثلاً سورج اور چاند کی علامتوں کو یکجا لکھنے سے منگ

یعنی چمکدار یا روشن کے معنی لئے گئے آدمی اور درخت کے امتزاج سے شیو یعنی آدمی کو درخت کے سائے میں دکھا کر آرام کا مفہوم پیدا کیا گیا۔ دو درختوں سے مراد جنگل اور تین آدمیوں کے اشارے سے ھجوم کے معنی لئے گئے۔ درخت کے پیچھے سورج سے مشرق، گھونسلے میں غروب آفتاب کے وقت پرندے سے مغرب کا مفہوم پیدا کیا گیا، یوں تحریر میں وسعت پیدا کی گئی۔

چینی زبان بہت قدیم زبان ہے۔ چینی حروف کی تاریخ تین ہزار دو سو سال پرانی ہے۔ اور تحقیقات کے مطابق سلطنت شانگ کے دور (۱۱۲۲ تا ۱۴۰۱ ق م) میں تحریر ھڈیوں پر کندہ ہونے لگی۔ چو چھاؤ دور یعنی گیارھویں صدی سے ۲۲ ق م کے کانسی کے برتنوں پر بھی تحریریں دستیاب ہوئی ھیں۔ چینی رسم الخط کی تین قسمیں ھیں۔ پہلی قسم مفرد الفاظ پر مشتمل ہے جنہیں بنیادی الفاظ کہا جا سکتا ہے۔ دوسری قسم وہ ہے جس میں دو تصویروں کو ملا کر ایک خیال کا اظہار کیا جاتا ہے۔ جیسے روشنی کے لئے چاند اور سورج کا یکجا کر دینا۔ تیسری قسم وہ ہے جس میں دو علامتیں ہوتی ھیں ان میں سے ایک علامت سے لفظ کے تلفظ کا پتہ چلتا ہے اسے بنیادی نشان کہا جاتا ہے اور دوسری علامت معنی کی مظہر ہوتی ہے۔

مثلاً یانگ کا مطلب سمندر ہے اس کا تلفظ یانگ دوسری علامت سے ظاھر ہوتا ہے جس کے معنی بھیڑ یا بکری کے ھیں۔ ابتدا میں یہ لفظ یوں لکھا جاتا تھا جو بکری کے سر کے مشابہ ہے۔ بائیں جانب کا بنیادی نشان یا Radical کا مطلب پانی ہے جو شروع میں یوں لکھا جاتا تھا۔ آواز اور معنی کی ان علامتوں کے امتزاج نے سمندر کے معنی پیدا کئے۔ پانی کے بنیادی نشان سے اور کئی ایسے الفاظ بنتے ھیں جن میں پانی کا کسی نہ کسی طرح دخل ہے۔ مثلاً

خو یعنی جھیل۔ خہ یعنی دریا۔ شی دھونا۔ چیانگ یعنی ندی۔ لے یعنی آنسو۔

جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے چینی زبان میں حروف تہجی نہیں بلکہ تصویری اشارے یا علامتیں ہیں ۔ کھن شتی لغت کے مطابق مترادفات کو چھوڑ کر ان علامتوں کی تعداد ۴۷۰۲۱ ہے ۔ بعض محققین نے حروف کی تعداد ستر ہزار بتائی ہے اور بعض نے ۵۰ ہزار۔ موجودہ دور میں پانچ ہزار حروف عام استعمال میں آتے ہیں ۔ لیکن حالیہ اعداد و شمار کے مطابق اب جو شخص صرف ۱۵۰۶ الفاظ جانتا ہے وہ دوسرے معنوں میں ۹۰ فیصد روزمرہ کے استعمال کے الفاظ پر قدرت رکھتا ہے ۔

چین نے ۱۹۴۹ء میں آزاد ہونے کے بعد عوام کو زیادہ سے زیادہ تعلیم یافتہ بنانے کی جو مہم شروع کی اس میں چینی رسم الخط کی طرف توجہ ایک خصوصی کام تھا ۔ جنوری ۱۹۵۶ء میں عوامی جمہوریہ چین کی اسٹیٹ کونسل نے چینی رسم الخط کو آسان بنانے کا ایک خاکہ مرتب کیا جس کے تحت حروف میں خطوط کی تعداد کم کر دی گئی ۔ اس سے پہلے ایک چینی حرف لکھنے کے لئے ایک سے پینتیس تک لکیریں کھینچی جاتی تھیں ۔ نیز بعض حروف کی دو یا اس سے زیادہ شکلیں بھی ہوتی تھیں ۔ ان میں سے ایک کو منتخب کیا گیا ۔ چینی عوام نے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا اور اسے ناخواندگی کے خلاف بہت بڑا جہاد تسلیم کیا گیا ۔ ۱۱ فروری ۱۹۵۸ء میں پہلی عوامی کانگریس کی پانچویں نشست میں چینی حروف کی آوازوں کو حروف تہجی کے تحت لانے کی سکیم منظور ہو گئی ۔ اس کے لئے لاطینی حروف تہجی کو منتخب کیا گیا ۔ لاطینی حروف تہجی کے متعارف کرانے سے چینی زبان کی تعلیم کے حصول میں عمومی طور پر چینیوں اور خصوصی طور پر غیر ملکیوں کو بڑی مدد ملی ۔ پھر بھی بعض الفاظ کا تلفظ یکساں ہونے کے سبب ان کی پہچان کا واحد طریقہ چینی حروف ہی ہیں ۔ اس کا اندازہ ایک لفظ ”شہ“ سے لگایا جا سکتا ہے ۔ جو تلفظ کی یکسانیت کے باوجود مختلف معنوں کا حامل ہے اور اس کے لیے مختلف شکلیں بنائی گئی ہیں ۔ اس ایک لفظ کے مختلف معنی یہ ہیں ۔

دنیا [illegible] [illegible] شہر 市 کوشش [illegible] کام [illegible] ہے ۔ ہونا ۔ ہاں ۔ 是 وغیرہ ۔

چینی زبان کی آوازوں کی ادائیگی مشکل نہیں یہ ایک رکنی یا mono-syllabic زبان ہے اور اس لئے الفاظ کے ارکان کی ترکیب بڑی باقاعدہ ہے ۔ اکثر ارکان کی ترکیب ایک ابتدائی حرف صحیح اور ایک ثانوی حرف صحیح سے ہوتی ہے ۔ ثانوی حرف صحیح اکثر حرف علت ہوتا ہے ۔ بعض ثانوی حروف صحیح بذات خود یک رکنی تلفظ رکھتے ہیں ۔ ابتدائی حروف صحیح کی تعداد ۲۳ ہے اور ثانوی حروف یا حروف علت پینتیس ہیں ۔ کل تقریباً چار سو ارکان یا تلفظ بنتے ہیں ۔ ان میں اکثر ارکان کی چار آوازیں ہیں ۔

اور یہی آوازیں ہیں جن کی بنا پر میں نے ابتدا میں چینی زبان کو غنائی زبان کہا ہے ۔ یہ آوازیں ہمارے موسیقی کے پانچ ابتدائی سروں یعنی کھرج سے پنچم تک کے تحت آتی ہیں ۔

پہلی آواز سیدھی پنچم ہے ۔ دوسری گندھار سے پنچم تک اٹھتی ہوئی ۔ تیسری رکھب سے کھرج کو چھوتی ہوئی مدھم تک جھولا بنا کر چڑھتی ہوئی اور چوتھی آواز پنچم سے کھرج سر تک تیزی سے گرتی ہوئی ۔ یہ ایک دلچسپ بات ہے کہ چینی زبان کی انہی آوازوں یا Tones سے ایک ہی تلفظ والے الفاظ کے معنی بدل جاتے ہیں ۔ حالانکہ دوسری زبانوں میں Tone کے بدلنے سے موڈ کا اظہار ہوتا ہے ۔

چینی زبان کے اس تعارف کے پیش نظر اردو ، پنجابی ، سرائیکی اور پشتو کی مماثلت دیکھی جائے تو پہلی اور بنیادی چیز فقروں کا دروبست ہے اور صرفی نحوی قاعدے ہیں ۔ اس ضمن میں زیادہ تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں ۔ بس اس قدر کہنا کافی ہے کہ انگریزی یا دوسری یورپی زبانوں کے برعکس چینی اور برصغیر کی زبانوں کے صرفی و نحوی قاعدوں میں حد درجہ یکسانیت ہے ۔

لیکن جو بات حیرت انگیز طور پر چینی اور پنجابی زبان میں یکساں ہے اور جس کی طرف اہل پنجاب کو خصوصی توجہ دینی چاہیئے اور پنجاب کی صوتیات کو چینی زبان کی طرح سائینٹیفک طریقے سے برتنا چاہئے وہ دونوں زبانوں کی صوتی ہم آہنگی ہے ۔

تقریباً ہر پنجابی بڑے فخر سے یہ کہتا ہے کہ پنجابی زبان کے لفظ ''ڈھڈ'' کو صحیح طور پر ادا کرنا کسی غیر پنجابی کے بس کی بات نہیں ۔ یہ بت چین کے ضمن میں باطل ٹھہرتی ہے ۔ چینی صوتیات کی تیسری آواز یا ٹون کے تحت ایک چینی لفظ ''ڈھڈ'' کو بڑی آسانی سے ادا کر سکتا ہے ۔ اس کا سبب یہ ہے کہ چینی زبان کی طرح پنجابی زبان میں بھی موسیقیت کا عنصر بہت زیادہ ہے اور ابھی ابھی اس کا تذکرہ علامہ اقبال کے حوالے سے جناب پروفیسر حمید احمد خاں نے کیا ۔ میں ان صوتیات کو بعض پنجابی الفاظ کے حوالے سے واضح کرتا ہوں ۔

چینی زبان کی چار آوازیں یہ ہے ۔

۱۔ — پہلی ٹون چینی ای بمعنی ایک پنجابی جی ایک دعائیہ جوابی لفظ ہے

۲۔ ´ دوسری ٹون چینی بھائی بمعنی سفید پنجابی بھائی یعنی بھائی

۳۔ ˇ تیسری ٹون چینی ما بمعنی گھوڑا پنجابی ڈھڈ ۔ دب ۔ نٹھ او —بمعنی پانچ

۴۔ ˋ چوتھی ٹون چینی شہ بمعنی شہر ۔ اپنا ۔ کوشش وغیرہ پنجابی کھڑ اٹھ

چینی میں ان چار اصوات سے دو مزید اصوات بھی پیدا کی گئی ہیں ۔ جب تیسری ٹون کسی لفظ سے پہلے آ جائے تو بول چال کی آسانی کے لئے اسے نصف کر دیتے ہیں ۔ یعنی یہ ٹون جو رکھب سے کھرج کو چھوتی ہوئی مدھم تک جھولا بنا کر چڑھتی ہے اسے کھرج پر ختم کر کے اگلا لفظ ادا کر دیا جاتا ہے ۔ مثلاً او پانچ لیکن او گہ 五个 (یعنی پانچ عدد) میں ''آو'' پر نصف تیسری صوت استعمال ہوتی ہے پنجابی کے ۔ بھا (یعنی بھائی) پر تیسری ٹون ہے ۔ لیکن اگر یہ بھا جی یعنی جی کے امتزاج سے بولا جائے تو بھا کی تیسری ٹون نصف رہ جاتی ہے یعنی بھا نہیں بلکہ بھا جی رہ جاتا ہے ۔ ایک ٹون ان کے علاوہ ہے جو بعض الفاظ کو بڑا نرم لہجہ عطا کرتی ہے ۔ مثلاً ما ۔ بمعنی کیا — اور پنجابی میں ان ہی معنوں میں لفظ کی بھی اسی انداز سے بولا جاتا ہے ۔

چینی اور پنجابی زبان میں ایک لفظ تلفظ اور معنی کے لحاظ سے حیرت انگیز طور پر مماثلت رکھتا ہے۔ اور وہ ہے "دا" بمعنی کا۔ مثلاً اوریئنٹل کالج دا میلہ۔ چینی میں دا اسی مفہوم میں استعمال ہوتا ہے۔ اب چینی اور پنجابی میں دا کا استعمال ملاحظہ ہو۔ اس دا گھر (پنجابی) تھا دا چیا (چینی)۔ خان دا گھوڑا (پنجابی) خانہ دا ما (چینی)

چینی اور پنجابی دونوں زبانوں کے بعض ہم آواز اور ہم معنی الفاظ ملاحظہ ہوں۔

کٹو سو۔ کھو، کاکا۔ بڑا بھائی، ما / ماما۔ ماں

ان کے علاوہ ماں کو مُو بھی کہتے ہیں یہ ہزارے اور پوٹھوہار کے علاقے میں ماں کے لئے لفظ "مئو" سے مشابہہ ہے۔

پاپا۔ باپ، چھا۔ چا (چائے)

چائے کے معاملے میں تو یہ بات واضح ہے کہ یہ جنس اپنے نام کے ساتھ چین سے یہاں پہنچی۔ لیکن ہم نے انگریزی کی طرح اس کا نام بدل کر ٹی نہیں کیا "چا" ہی رہنے دیا۔

تائی۔ بمعنی چچی

چینی تھین۔ پنجابی دن

چینی زن بمعنی آدمی لہندا بولی کے "جنڑا" سے مشابہہ ہے۔

چینی شی۔ پنجابی شیں یا شیر

چینی تی آڑ۔ پنجابی تھوڑا

اسی طرح سرائیکی لفظ "بیا" یا "بئے دا" یعنی دوسرا یا دوسرے کا۔ چینی مین بعینہ اسی طرح انھی معنوں میں بولا جاتا ہے۔

پنجابی زبان میں ھلہ اچھا کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے چینی میں ھاؤلہ اسی مفہوم میں ادا کیا جاتا ہے۔

پنجابی اور چین کی معیاری زبان میں ایک اور مشترک خصوصیت یہ ہے کہ وھاں بھی ن کی شکل نڑ کی بن جاتی ہے۔ بالکل ایسے ھی جس طرح پنجابی میں پانی پانڑی ھو جاتا ہے۔

پنجابی اور چینی کے بعض قدیم محاورے بھی ملتے جلتے ھیں ۔ اس وقت میں ایک محاورے پر اکتفا کروں گا ۔ پنجابی میں جلدی کے مفہوم میں کہا جاتا ھے ''ھوا دے گھوڑے تے سوار ھونڑاں'' ۔ چینی میں ''ماشنگ یعنی ''گھوڑے پر سوار ھونا'' عجلت کے معنی دیتا ھے ۔

پنجابی اور اردو زبانوں میں بعض الفاظ تکرار کے ساتھ استعمال ھوتے ھیں ۔ مثلاً آھستہ آھستہ ۔ روز روز ۔ کل کل وغیرہ ۔

چینی زبان میں بھی تکرار الفاظ اسی انداز سے بکثرت ھوتی ھے ۔ مثلاً مان مان یعنی آھستہ آھستہ ۔ تھین تھین یعنی روز روز وغیرہ ۔ ایسی مثالیں سینکڑوں بلکہ ھزاروں ھیں ۔

اسی طرح پشتو اور چینی زبانوں کی مماثلت کے باب میں بعض حروف کے مخرج کا معاملہ یکساں ھے ۔ پٹھان لفظ ''ح'' کو ح سے زیادہ ''خ'' بولتے ھیں ۔ مثلاً محمد خان کو وہ مخمد خان ھی کہتے ھیں ۔ چینی میں بھی ح خ زیادہ اور ح کم ھے ۔ ھمارے ھاں ریڈیو ٹیلیویژن سے چینی مندوبین کے ناموں کو اکثر ھُوا یا ھُو نشر کیا جاتا ھے جو چینی صوتیات کے لحاظ سے غلط ھے اس کا صحیح مخرج خوا یا خو ھے ۔

چینی اور پشتو زبانوں کی ایک مشترک خصوصیت چین اور سرحد کے مختلف علاقوں کی زبانوں کے لہجے کا اختلاف ھے ۔ چین میں ھان Han اکثریت کی زبان ھے ۔ جبکہ اس کے علاوہ شمالی ، جنوبی، مشرقی اور مغربی علاقوں کی چینی کا لہجہ اور تلفظ ایک دوسرے سے یکسر مختلف ھے ۔ مثال کے طور پر آداب کے لیے ھان لہجے میں لفظ نی خاؤ [illegible] استعمال ھوتا ھے ۔ لیکن شنگھائی میں اسی کیریکٹر کا تلفظ ننگ خو بن جاتا ھے ۔ لیکن جہاں تک تحریر کا تعلق ھے اس میں کوئی تبدیلی نہیں ھوتی ۔ گویا ایک ھی تحریر کو مختلف علاقوں میں مختلف لہجوں اور تلفظ میں پڑھا جاتا ھے ۔

بعینہ اسی طرح پشتو میں بھی ایک ھی رسم الخط ھے ، لیکن خٹک اور یوسف زئی قبیلے اس تحریر کو اپنے اپنے انداز میں پڑھتے ھیں ۔ اس کی مثال ذیل میں دی جاتی ھے ۔

پشتو رسم الخط	یوسف زئی تلفظ	خٹک تلفظ
څادر	سادر	چادر
بنار	خار	شار
مونز	مُونگ	مُوژ

لفظ ژ کا استعمال بھی چینی ، پشتو اور پنجابی میں کثرت سے ہوتا ہے ۔ پشتو اور چینی ہم آواز اور ہم معنی الفاظ بے شمار ہیں اور ان کی ایک طویل فہرست تیار ہو سکتی ہے ۔

پشتو اور چینی میں اظہار کا ایک خاص انداز ''به'' کے استعمال سے ہوتا ہے ۔ مثلاً زو به—چلو چلیں—اس میں کسی قدر فرمائش، خواهش ، ارادے اور اجازت کا عنصر شامل ہے ۔ زو به دونوں زبانوں میں مشترک لفظ اور اس اظہار کا ایک واضح ثبوت ہے ۔

پاکستانی زبانوں اور چینی زبان کی ایک سب سے اہم قدر مشترک ان کا مشرقی مزاج ہے ۔ اس مشرقی مزاج کا تعلق آداب اور حفظ مراتب سے ہے ۔ مغربی زبانوں میں یہ بات نہیں پائی جاتی ۔ اردو ، پنجابی سرائیکی ، سندھی اور پشتو میں واحد حاضر کو عزت سے مخاطب کرنے کے لئے الفاظ آپ ، تسی ، تسائیں اور تاسو استعمال ہوتے ہیں ۔ چینی میں ''تو'' یا ''تم'' کے لئے لفظ نی 你 بولا اور لکھا جاتا ہے ۔ لیکن آپ کے لئے لفظ نن 您 استعمال ہوتا ہے ۔ چینی زبان کی تصویری خصوصیت اس لفظ کا یہ دلچسپ پس منظر پیش کرتی ہے ۔ کہ تو یا تم کے لفظ کے نیچے ''دل'' کی تصویر بنا دی جاتی ہے گویا ''آپ'' کو دل کے اوپر مقام دینے کا مقصد دلی عزت بخشنا ہے ۔ ہمارے ہاں بھی کسی کو میل جول یا آداب کے موقعے پر عزت بخشنے کے لئے سینے یا دل پر ہاتھ رکھتے ہیں ۔

اس ساری بحث کا مقصد یہ نہیں کہ ہم چینی زبان کو بر صغیر کی زبانوں کا ماخذ یا چینی کو بر صغیر کی زبانوں کا خوشہ چین سمجھتے ہیں ۔ اصل مقصد یہ ہے کہ اس قدیم ترین زبان نے سائینٹیفک خطوط پر

صوتیات میں جو ترقی کی ہے وہ خصوصی طور پر پنجابی زبان کے لئے مشعل راہ ہے اور اہل پنجاب کے لئے یہ دعوت فکر ہے ۔ کوئی صاحب علم اس میدان میں آئے اور پنجابی زبان کی صوتیات کو سائینٹیفک خطوط پر عام فہم بنانے میں اہم ترین کام کرے ۔

جشنِ صد سالہ

پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور

(ایک رپورتاژ)

ڈاکٹر عبادت بریلوی، ایم اے، پی ایچ ڈی

پروفیسر ادبیاتِ اردو، پنجاب یونیورسٹی

پرنسپل

یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور

فہرست

پیش لفظ

اورینٹل کالج ایک ادارہ ہی نہیں، ایک تحریک بھی تھا۔ اس تحریک کا آغاز ۱۸۶۵ء میں انجمن پنجاب کے قیام کے ساتھ ہی ہو گیا تھا۔ ڈاکٹر لائٹنر انجمن پنجاب کے بانی تھے۔ انہوں نے اس انجمن کے زیر اہتمام ایک تدریسی ادارے کی داغ بیل ڈالی تھی، جس کا نام پہلے ۱۸۶۹ء میں یونیورسٹی کالج رکھا گیا۔ پھر ۱۸۷۲ء میں اس نے اورینٹل اسکول، اور آگے چل کر اورینٹل کالج کی صورت اختیار کر لی۔

اس طرح دیکھا جائے تو موجودہ اورینٹل کالج نے ایک ادارے اور ایک تحریک کی حیثیت سے ۱۹۷۲ء میں اپنی زندگی کے سو سال پورے کر لئے۔ چنانچہ اسی وجہ سے اورینٹل کالج سے دلچسپی لینے والوں کے دلوں میں یہ خیال پیدا ہوا کہ ۱۹۷۰ء یا ۱۹۷۲ء میں اس کالج کا جشن صد سالہ منایا جائے۔

پنجاب یونیورسٹی کی انتظامیہ نے بھی اس پر غور کیا اور متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا کہ اورینٹل کالج کا جشن صد سالہ منایا جائے اور یہ خواہش ظاہر کی کہ اس جشن کو اس کی عظیم روایت کے شایان شان

ہونا چاہیے۔ اس کا ایک منصوبہ بنانے اور اس کو عملی شکل دینے کے لیے پرنسپل، اورینٹل کالج کو پورا اختیار دیا گیا۔

یہ فیصلہ ۶۶-۱۹۶۵ء میں کیا گیا تھا۔ اس وقت ڈاکٹر محمد باقر فارسی کے پروفیسر اور کالج کے پرنسپل تھے۔ انہوں نے جشن صد سالہ منانے کا ایک منصوبہ بنایا، اور سب سے پہلے اشاعتی پروگرام کی طرف توجہ کی، کیونکہ اورینٹل کالج کی روایت میں اس کو نمایاں حیثیت حاصل تھی۔ ۱۹۷۰ء تک انہوں نے اورینٹل کالج میگزین میں شائع ہونے والے عربی، فارسی اور اردو سے متعلق مضامین کی تین جلدیں اور اورینٹل کالج کے اساتذہ کے تحقیقی کام کی دو جلدیں شائع کر دیں۔ ان کے ساتھ پروفیسر سید وزیر الحسن عابدی کی مرتب کی ہوئی غالب کی نادر و نایاب تصنیف "باغ دو در" کو بھی شائع کردیا۔ ۱۹۷۰ء میں انہوں نے جشن صد سالہ کے سلسلے میں ایک جلسے کا پروگرام بھی بنایا تھا، لیکن اسی سال وہ یونیورسٹی کی ملازمت سے سبکدوش ہو گئے۔ اس لیے اس جلسے کے منصوبے کو عملی جامہ نہ پہنا سکے۔

ڈاکٹر محمد باقر کے ریٹائر ہونے کے بعد سب سے زیادہ سینیر یونیورسٹی پروفیسر ہونے کی حیثیت سے اورینٹل کالج کا پرنسپل اس خاکسار کو مقرر کیا گیا۔ اس طرح جشن صد سالہ منانے اور اس سلسلے میں جو کام باقی رہ گیا تھا، اس کو مکمل کرنے کی ذمہ داری بھی مجھ پر آ پڑی۔

میں نے پرنسپل کا عہدہ سنبھالنے کے بعد اپنے احباب سے مشورہ کیا، اور اس موقع پر اشاعتی پروگرام کے ساتھ ساتھ ماہرین علوم مشرقی کی ایک بین الاقوامی کانگریس منعقد کرنے کا منصوبہ بھی بنا لیا۔ چنانچہ اس سلسلے میں دنیا کے مختلف ملکوں کی یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں سے رابطہ قائم کیا گیا۔ جواب میں بیشتر یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں نے اورینٹل کالج کی سو سالہ علمی اور تحقیقی خدمات کو سراہا، اپنے گراں قدر پیغامات ارسال کیے، اور یہ وعدہ بھی کیا کہ ان کے پروفیسر اس موقع پر ان کی نمائندگی کریں گے۔ اس طرح امریکہ، کینیڈا، انگلستان، آئرلینڈ، جرمنی، فرانس، بلجیم، ھالینڈ، اٹلی، سوئٹزرلینڈ، چیکوسلوویکیہ،

ڈنمارک، سوویٹ یونین، عوامی جمہوریۂ چین، سعودی عرب، ترکی، ایران، افغانستان، عراق، اردن، شام، مصر، جاپان ور آسٹریلیا کسی نہ کسی حیثیت میں اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کی تقریبات میں شریک ہونے کے لیے آمادہ ہو گئے۔

یہ بہت بڑی کامیابی تھی، اور مجھے اورینٹل کالج کے ایک ادنی خادم کی حیثیت سے اس کامیابی پر بڑی مسرت ہوئی۔ چنانچہ میں نے دسمبر ۱۹۷۲ء کے دوسرے ہفتے میں ماہرین علوم مشرقی کی اس بین الاقوامی کانگرس کو منعقد کرنے کا پروگرام بنا لیا۔ لیکن اسی زمانے میں شہر لاہور میں کچھ ہنگامے ہو گئے۔ اس لیے اس وقت کانگریس کو ملتوی کر کے مارچ ۱۹۷۳ء میں اس کانگریس کے لیے پورے ایک ہفتے کا پروگرام بنایا۔ چنانچہ یہ جلسے ۱۲ مارچ ۱۹۷۳ء سے ۱۷ مارچ ۱۹۷۳ء تک ہوتے رہے۔ ان جلسوں میں دنیا کے مختلف ملکوں کے نمائندوں نے شرکت کی، اور اپنے گراں قدر مقالے پڑھے۔ یہ کانگریس توقع سے زیادہ کامیاب رہی اور ساری دنیا کے علمی حلقوں میں اس کو تحسین کی نظروں سے دیکھا گیا۔

اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کے اس موقع پر منعقد ہونے والی اس بین الاقوامی کانگریس کی تفصیلات اس رپورتاژ کی صورت میں قلم بند کی جاتی ہیں تاکہ اس کی ایک واضح تصویر سامنے آ سکے، اور ہمیشہ کے لیے ایک مستقل ریکارڈ رہے۔

مجھے یقین ہے کہ اورینٹل کالج سے تعلق رکھنے والوں، علوم مشرقی کے ماہروں، استادوں، محققوں، نقادوں، ادیبوں اور شاعروں، سب کے لیے یہ رپورتاژ دلچسپی کا باعث ہو گا۔

ڈاکٹر عبادت بریلوی

یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور

۲۵ جنوری ۱۹۷۴ء

خشت اول

اورینٹل کالج یوں تو ۱۸۷۰ء میں قائم ہوا، لیکن اس کی خشت اول تو اسی دن رکھ دی گئی تھی جس دن ۱۸۶۵ء میں انجمن پنجاب کا قیام عمل میں آیا تھا۔ کیونکہ انجمن پنجاب کے بانی ڈاکٹر لائٹنر کے پیش نظر انجمن پنجاب کے زیر اہتمام ایک ایسے تدریسی ادارے کا قیام بھی تھا جہاں مشرقی علوم کی تعلیم کا سلسلہ شروع ہو سکے۔

اس طرح دیکھا جائے تو اورینٹل کالج کی تحریک کا آغاز ۱۸۶۵ء ہی میں ہو چکا تھا۔ شاید اسی وجہ سے اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ منانے کی تیاریاں ۱۹۶۵ء ہی سے شروع ہو چکی تھیں۔ پروگرام کوئی خاص نہیں بنا تھا۔ لیکن چند نادر و نایاب تحقیقی کتابیں شائع کرنے کا کام شروع کر دیا گیا تھا۔

اس کا علم مجھے لندن میں ہوا۔

وہ اس طرح کہ ۱۹۶۵ء میں ڈاکٹر محمد باقر اورینٹل کالج کے پرنسپل مقرر ہوئے۔ پرنسپل ہونے کے بعد انہوں نے ۱۹۶۵ء میں برٹش

کونسل کے کسی پروگرام کے تحت اپنی بیگم صاحبہ کے ساتھ لندن کا سفر کیا۔ میں چونکہ کئی سال سے لندن اسکول آف اورینٹل اینڈ افریکن اسٹڈیز میں پڑھا رہا تھا، اور میرے پاس معقول جگہ بھی تھی، اس لیے میرے اصرار پر انہوں نے لندن میں میرے ساتھ قیام کیا۔

اس قیام کے دوران انہوں نے اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ منانے کی خبر سنائی اور اس موقع پر تحقیقی کتابیں شائع کرنے کے منصوبے کی تفصیلات کو واضح کیا۔

مجھے اس خبر کو سن کر اور اشاعتی منصوبے کی تفصیل کو معلوم کر کے بےحد مسرت ہوئی۔

ڈاکٹر باقر نے مجھے بتایا کہ یہ کتابیں جب شائع ہو جائیں گی تو جشن صد سالہ منانے کے لئے ایک جلسہ ترتیب دیا جائے گا اور یہ بھی فرمایا کہ میں (یعنی یہ خاکسار) کئی سال لندن میں رہ چکا ہوں ، اس لئے اب میری لاہور واپسی مناسب ہوگی تا کہ جشن صد سالہ کے کام میں ان کا ہاتھ بٹایا جا سکے۔

اگرچہ مجھے لندن میں رہنے اور اسکول آف اورینٹل اسٹڈیز میں کام کرنے کے لئے پنجاب یونیورسٹی کی طرف سے ایک سال کی مزید چھٹی مل گئی تھی، لیکن ڈاکٹر باقر کی خواہش اور یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر حمید احمد خان صاحب کے اصرار پر میں جون ۱۹۶۶ء میں لندن سے لاہور واپس آ گیا اور اورینٹل کالج میں اردو کے صدر شعبہ اور پھر اردو کے پروفیسر کی حیثیت سے کام شروع کر دیا۔

ڈاکٹر محمد باقر اور پروفیسر حمید احمد خان صاحب نے اس زمانے میں جشن صد سالہ کے منصوبے میں گہری دلچسپی لی اور مجھے بھی اس میں شریک کر لیا۔ طباعت کا کام تیزی سے ہونے لگا۔ کیونکہ یونیورسٹی کی انتظامیہ (سنڈیکیٹ) کے فیصلے کے مطابق اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کو اس کی روایت کے شایان شان منانے کی ذمہ داری پرنسپل اور وائس چانسلر پر تھی، اس کے لئے پچیس ہزار روپے کی رقم بھی منظور کی

گئی تھی، اور کالج کمیٹی کی طرف سے وائس چانسلر پروفیسر حمید احمد خان، پرنسپل ڈاکٹر محمد باقر، پروفیسر خواجہ صلاح الدین اور پروفیسر خواجہ محمد اسلم پر مشتمل ایک کمیٹی بھی قائم کر دی گئی تھی۔

چنانچہ جشن صد سالہ منانے کا کام تیزی سے شروع کر دیا گیا، لیکن ۱۹۶۷ء میں ڈاکٹر باقر ایک سال کے لیے وزیٹنگ پروفیسر کی حیثیت سے بفیلو یونیورسٹی، امریکہ چلے گئے اور ان کی واپسی کے بعد میں ۱۹۶۸ء میں چند ماہ کے لئے پھر انگلستان چلا گیا۔ میری واپسی ۱۹۶۹ء میں ہوئی۔

واپس آ کر یہ معلوم ہوا کہ ڈاکٹر محمد باقر اسی سال پرنسپل اور پروفیسر، شعبہ فارسی کی حیثیت سے ریٹائر ہونے والے ہیں۔ ایک سال کی توسیع انہیں مل گئی اور اس کی ایک وجہ جشن صد سالہ کا اہتمام اور انصرام بھی تھا۔ چنانچہ توسیع کے زمانے میں وہ مستعدی سے جشن صد سالہ کے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے کام کرتے رہے۔

باقر صاحب کی ملازمت میں توسیع کی مدت ستمبر ۱۹۷۰ء میں ختم ہونے والی تھی۔ انہوں نے ستمبر میں جشن صد سالہ کے جلسے کو ترتیب دینے کا پروگرام بنایا۔ لیکن وقت کم تھا، اس لئے وہ اپنے اس منصوبے کو عملی جامہ نہ پہنا سکے۔

یکم اکتوبر ۱۹۷۰ء کو ڈاکٹر باقر نے اوریئنٹل کالج کی پرنسپلی کا چارج مجھے دیا، اور کالج کی انتظامی ذمہ داریوں کے ساتھ کالج کے جشن صد سالہ منانے کی ذمہ داری بھی میرے کمزور شانوں پر آ پڑی۔

میرے لئے یہ بڑی آزمائش کا وقت تھا!

قرعۂ فال بہ نام من دیوانہ زدند

پرنسپل ہونے کے بعد میرے پاس یونیورسٹی کی طرف سے اس مضمون کا خط آیا کہ سنڈیکیٹ کے فیصلے کے مطابق اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ منانے کا کام جاری رہنا چاہیے، اور یہ جشن کالج کی روایت کے شایان شان ہونا چاہیے۔ ڈاکٹر باقر کی پرنسپلی کے زمانے میں اگرچہ اس جشن کو منانے کے لیے کام کا آغاز ہوچکا تھا، لیکن باقاعدہ طور پر اس جشن صد سالہ کا انتظام نہ ہو سکا۔ اس لئے اب جلد اس کام کو مکمل ہونا چاہیے۔

پروفیسر حمید احمد خاں صاحب اس وقت تک وائس چانسلری کے عہدے سے سبکدوش ہو چکے تھے اور علامہ علاء الدین صدیقی صاحب وائس چانسلر مقرر کئے گئے تھے۔ انہوں نے اورینٹل کالج اور اس کے جشن صد سالہ سے اپنی غیر معمولی دلچسپی کا اظہار کیا۔

ایک دن ان سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے فرمایا ”مجھے اورینٹل کالج سے صرف اس وجہ سے دلچسپی نہیں ہے کہ یہ کالج یونیورسٹی سے بھی زیادہ پرانا ہے اور اس نے تمام دنیا میں یونیورسٹی کا نام روشن کیا ہے، بلکہ اس وجہ سے بھی کہ میں اورینٹل کالج کا پرانا طالب علم ہوں،

اور میں نے اس کالج کے مخصوص تدریسی اور تحقیقی ماحول سے بہت کچھ حاصل کیا ہے"۔

علامہ صاحب کی یہ باتیں سن کر مجھے بہت اطمینان ہوا اور میں نے جشن صد سالہ کی تقریبات کو ترتیب دینے کا کام شروع کر دیا۔

سب سے پہلے تو میں نے یہ معلوم کیا کہ اس کام کے لئے یونیورسٹی سے کتنی رقم مل سکتی ہے۔ دریافت کرنے سے یہ معلوم ہوا کہ یونیورسٹی نے صرف پچیس ہزار روپے منظور کئے ہیں۔ اس رقم سے کتابوں کی طباعت بھی ہوگی اور جلسوں کا اہتمام بھی کیا جائے گا۔

مجھے یہ رقم کم معلوم ہوئی، کیونکہ جس پیمانے پر میں کتابوں کی طباعت اور جلسوں کا اہتمام کرنا چاہتا تھا، اس کے لیے اس سے کہیں زیادہ رقم درکار تھی۔ چنانچہ میں نے اس مسئلے کو کالج کمیٹی میں رکھا۔ کالج کمیٹی کا جلسہ ہوا، لیکن اس میں اس سے زیادہ رقم منظور نہ ہو سکی۔ البتہ کالج کمیٹی نے چند ممبروں پر مشتمل ایک ذیلی کمیٹی کی تشکیل کردی، جس کے ذمے مختلف ذرائع سے رقم فراہم کرنے کا کام کیا گیا۔ پروفیسر خواجہ صلاح الدین مرحوم اور پروفیسر خواجہ اسلم دونوں نے اس معاملے میں اپنی گہری دلچسپی کا اظہار کیا، اور ان کی اس دلچسپی کی وجہ سے کچھ امید بھی بندھی، لیکن اس کا کوئی خاص نتیجہ نہیں نکلا۔ اس کام میں مدد کرنے کے لئے بہت کم لوگ تیار ہوئے۔

میں اس صورت حال کی وجہ سے کچھ پریشان سا ہوا، کیونکہ کتابوں کی طباعت اور جلسوں کے اہتمام کا جو منصوبہ میرے ذہن میں تھا، اس کے لئے اس سے کہیں زیادہ رقم کی ضرورت تھی جو یونیورسٹی نے منظور کی تھی۔

اس موقع پر میں تو 'جشن نامہ' کے نام سے تحقیقی مقالات کا ایک نہایت ہی ضخیم اور دیدہ زیب مجموعہ شائع کرنا چاہتا تھا، اور ایک عام اور معمولی جلسے کے بجائے میرے ذہن میں یہ بات آئی تھی کہ

ایک دن کے بجائے ایک ہفتے تک اس کے جلسے ہونے چاہئیں ۔ یہ اسی صورت میں ممکن تھا جب اس موقع پر ماہرین علوم مشرقی کی ایک بین الاقوامی کانفرنس کا ڈول ڈالا جاتا ۔ لیکن اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے رقم کی ضرورت تھی ، اور یہ رقم ہمارے پاس نہیں تھی ۔ پچیس ہزار جو یونیورسٹی نے منظور کئے تھے، ان میں سے بھی اس وقت تک خاصی رقم خرچ ہو چکی تھی ۔ اور یوں سمجھئے کہ ہمارے پاس کچھ بھی نہیں تھا ۔

میری جرأت رندانہ نے اس موقع پر میرا ساتھ دیا ، اور میں نے یہ فیصلہ کر لیا کہ میں جشن صد سالہ کے منصوبے کو ضرور عملی جامہ پہناؤں گا اور انشاء اللہ یہ جشن بہت بڑے پیمانے پر نہایت شان سے منایا جائے گا ۔

مشکل یہ تھی کہ جب اس کام کو میں نے باقاعدگی سے اپنے ھاتھ میں لیا، اس وقت ہماری قومی زندگی ایک عجیب سے بحران کا شکار ہوچکی تھی ۔ مشرقی پاکستان ہم سے الگ ہو چکا تھا ۔ ایک عجیب انتشار اور افراتفری کا عالم تھا ۔ لیکن اس انتشار میں امید کی ایک کرن اس وجہ سے نظر آ رہی تھی کہ بھٹو صاحب کی قیادت میں ہم نے جگر لخت لخت کو جمع کر کے تالیف نسخہ ھائے وفا کا عمل شروع کر دیا تھا ۔ چنانچہ اس عمل کے خوشگوار نتائج برآمد ہونے لگے تھے ۔ ہر روز یہ محسوس ہوتا تھا کہ ہمارے اندر ایک نئی زندگی کی لہر سی دوڑ رہی ہے ۔ بھٹو صاحب وطن عزیز کو اس نئی زندگی سے ھمکنار کرنے کے لئے ان تھک کام کر رہے تھے ۔ انہوں نے اس قوم کی ڈوبتی ہوئی کشتی کو بچا لیا تھا ۔

میں نے یہ سوچا کہ اوریئنٹل کالج اور اس کے جشن صد سالہ کے سلسلے میں بھٹو صاحب کو لکھنا چاہیے ۔ چنانچہ میں نے ان کی خدمت میں ایک ذاتی عریضہ لکھا جس میں اوریئنٹل کالج کی اھمیت واضح کی ، اس کی سو سالہ علمی اور ادبی خدمات کا ذکر کیا، اور جشن صد سالہ کو منانے کے لئے اجازت طلب کی ۔

میری جرأت رندانہ نے یہ عریضہ بھٹو صاحب کی خدمت میں ارسال تو کر دیا، لیکن اس کو بھیجنے کے بعد یہ خلش ضرور رہی کہ میں ایسی شخصیت کو زحمت دے رہا ہوں اور پریشان کر رہا ہوں جو قوم کی تعمیر نو کے اہم کام میں مصروف ہے، اور جس نے اپنی زندگی پوری طرح اس کام کے لئے وقف کر دی ہے، اور جو دن دن بھر اور رات رات بھر اس کے لئے کام کر رہا ہے۔

پھر یہ بھی خیال آیا کہ میرا یہ عریضہ غالباً ان کی خدمت میں پہنچ ھی نہیں سکے گا۔ لیکن میری حیرت کی انتہا نہیں تھی، اور مسرت کا کوئی ٹھکانا نہیں تھا جب اس عریضے کو پیش کرنے کے چوتھے پانچویں روز میرے پاس اسلام آباد سے گھر پر یہ فون آیا کہ صدر پاکستان جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب کو آپ کا خط مل گیا ہے۔ انہوں نے اوریئنٹل کالج اور اس کے جشن صد سالہ کی تقریبات کے منصوبے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ اس موقع کے لئے ایک پیغام بھی انہوں نے لکھوایا ہے اور دس ہزار روپے کی رقم بھی آپ کے لئے منظور فرمائی ہے۔ ٹیلی فون کرنے والے نے یہ بھی کہا کہ آپ بہت ھی خوش قسمت آدمی ہیں۔ بھٹو صاحب نے یہ بھی فرمایا ہے کہ پیغام آپ کو پڑھ کر سنا دیا جائے۔ اگر اس میں اوریئنٹل کالج سے متعلق کوئی بات رہ گئی ہو تو اس کا اضافہ کر دیا جائے۔

یہ سب کچھ سن کر میرے پیروں تلے سے تو زمین نکل گئی۔ میرا دل زور زور سے دھڑکنے لگا، اور حیرت اور مسرت نے مجھے تھوڑی دیر کے لئے اپنے آپ سے بے خبر کر دیا۔

اس عالم میں پیغام کے الفاظ میں نے سن لئے اور ان کو سن کر میری زبان سے صرف یہ نکلا۔ ”یہ سب کچھ تو میری توقع سے بہت زیادہ ہے۔ بھٹو صاحب کا بڑا احسان اور کرم ہے کہ انہوں نے میرے کالج کے بارے میں یہ الفاظ فرمائے اور اپنی بے اندازہ مصروفیات کے باوجود اس کی طرف توجہ فرمائی، وقت دیا، اور اس طرح فون کرنے کے لئے ہدایات جاری کیں۔ میں ان کا شکریہ کس طرح ادا کروں، میرے پاس تو الفاظ نہیں ہیں“۔

یہ کہہ کر میں نے فون بند کر دیا۔ اور میں یہ سوچتا رہا کہ بھٹو صاحب کتنے عظیم آدمی ہیں اور انہیں مشرقی علوم اور اورینٹل کالج سے کتنی دلچسپی ہے اور وہ ہمارے جیسے عام لوگوں کے معاملات و مسائل کو بھی کتنی اہمیت دیتے ہیں۔

بہر حال بھٹو صاحب کی اس شفقت اور محبت نے میرے اندر ایک نئی زندگی پیدا کی اور اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کو خاطر خواہ اور اورینٹل کالج کی عظیم روایت کے شایان شان منانے کا خواب مجھے شرمندہ تعبیر ہوتا ہوا نظر آنے لگا۔

اور میں نے ایک نئے ولولے اور حوصلے سے سرشار ہو کر جشن صد سالہ منانے کا کام شروع کر دیا۔

رہ وادی خیال

(مشورے اور منصوبے)

صدر پاکستان کی اس شفقت اور محبت کا مجھ پر اتنا اثر ہوا کہ میں نے اس جشن صد سالہ کی تقریبات کو تشکیل دینے کے سلسلے میں بقول غالب رہ وادی خیال کو مستانہ طے کرنا شروع کر دیا ۔ جو کچھ مجھے کرنا تھا، اس کی ایک مکمل تصویر میری آنکھوں کے سامنے آ گئی ۔

اور میں اس تصویر کے دیدار سے لطف اندوز ہونے لگا ۔

اس تصویر میں سب سے زیادہ نمایاں ماہرین علوم مشرقی کی ایک بین الاقوامی کانگریس تھی، جس میں دنیا کی تمام اہم یونیورسٹیوں اور اداروں کے مندوبین شرکت کے لیے آئے ہوئے ہیں ۔ سینٹ ہال حاضرین سے کھچا کھچ بھرا ہوا ہے ۔ خطبات دیے جا رہے ہیں ۔ پیغامات پڑھ کر سنائے جا رہے ہیں ۔ عالمانہ مقالات پڑھے جا رہے ہیں ۔ مندوبین کے اعزاز میں دعوتیں ہو رہی ہیں ۔ استقبالیے دیئے جا رہے ہیں ۔ غرض لاہور اور اورینٹل کالج میں اس کانگریس کی وجہ سے خاصی گہما گہمی ہے ۔

اس کے ساتھ ہی میں نے اس تصویر میں یہ بھی دیکھا کہ اورینٹل کالج کی طرف سے اورینٹل کالج میگزین کا ایک خصوصی جشن صد سالہ نمبر شائع کیا گیا ہے اور جشن نامہ کی صورت میں بھی ایک نہایت خوبصورت سی جلد تیار کی گئی ہے ۔ یہ جلدیں عالمانہ مقالات پر مشتمل ہیں ۔

اور ان جلدوں کو حضرت داتا گنج بخش کی خدمت میں عقیدت کے پیش‌نظر نذر کے طور پر پیش کیا گیا ہے ۔

پھر اس تصویر میں میں نے یہ بھی دیکھا کہ جشن صد سالہ کے موقع پر ہونے والی ماہرین علوم مشرقی کی بین الاقوامی کانگریس کی مکمل روداد بھی ایک ضخیم جلد میں شائع کی گئی ہے ۔ اس میں خطبات، مقالات اور مختلف اجلاسوں کی تفصیلات شامل ہیں، اور کانگریس کے موقع پر کھینچی جانے والی تصویروں کا ایک البم بھی اس جلد کی زینت ہے۔

جشن صد سالہ کی اس خیالی تصویر کے مختلف زاویوں کو سامنے رکھ کر میں نے کام کا آغاز اس طرح کیا کہ سب سے پہلے اس سب کمیٹی کی میٹنگ طلب کی جس کو کالج کمیٹی نے نامزد کیا تھا، جس کا مقصد جشن صد سالہ کے سلسلے میں مشورے دینا، کارکنوں کی مدد کرنا اور ان کے لیے سرمایے کو فراہم کرنا تھا ۔ اس کمیٹی کے ممبر پرنسپل کے علاوہ پروفیسر خواجہ صلاح الدین اور پروفیسر خواجہ محمد اسلم تھے ۔

یہ بزرگ ایک دن مل کر بیٹھے تو میں نے ان کے سامنے جشن صد سالہ کی وہ تصویر پیش کی جس کو میرے تخیل نے بڑی رنگینی اور پرکاری کے ساتھ تیار کیا تھا ۔ اس تصویر کو دیکھ کر یہ بزرگ بہت خوش ہوئے ۔ اس کو پسند کیا اور اس کو عملی صورت دینے کے لیے سرمایہ فراہم کرنے کے منصوبے بنائے ۔

اور اس طرح منصوبے کی ایک منزل طے ہوگئی ۔

اب میں نے یہ سوچا کہ یہ تصویر ذرا کالج کے احباب اور اپنے رفقاء کو بھی دکھاؤں ۔ چنانچہ میں نے اساتذہ کی ایک میٹنگ طلب کی اور یہ پورا نقشہ ان کے سامنے پیش کیا ۔

اس کو دیکھ کر وہ سب کے سب خوش تو ہوئے لیکن ان میں سے بعض کو اتنے بڑے منصوبے نے ذہنی طور پر خاصا پریشان بھی کیا۔

ایک صاحب نے کہا ”کانگریس کے لئے اتنا سرمایہ کہاں سے آئے گا۔“

میں نے کہا ”اللہ تعالیٰ ہماری مدد کرے گا۔ ہم حکومت سے رابطہ قائم کریں گے، انتظامیہ نے ہمیں اس کی اجازت دے دی ہے۔ اور اس کے لئے ایک کمیٹی بھی بنا دی ہے۔“

ایک اور صاحب نے کہا ”باہر سے جو مندوبین آئیں گے، ان کے اخراجات کون دے گا؟ میں نے کہا ”وہ اپنے خرچ پر آئیں گے۔ ان کے ادارے یہ اخراجات برداشت کریں گے۔ یہاں وہ ہمارے مہمان ہوں گے۔“

لیکن میری یہ بات ان کی سمجھ میں نہیں آئی۔

فارسی کے ایک پروفیسر صاحب نے فرمایا ”ایران کے بارے میں تو میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ جب تک حکومت پاکستان یا پنجاب یونیورسٹی ان کے اخراجات سفر برداشت نہیں کرے گی وہ نہیں آئیں گے۔“

میں نے کہا ”مجھے کوشش کر کے دیکھ لینے دیجیے۔“

قصہ مختصر یہ کہ خاصی طویل گفتگو کے بعد متفقہ طور پر یہ فیصلہ ہوا کہ پرنسپل حکومت پنجاب سے رابطہ قائم کرے گا، وزیر تعلیم اور وزیر خزانہ سے ملے گا اور بیرونی ممالک کی یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں کو خط لکھے گا۔

میں نے یہ دونوں کام بہ‌خوشی اپنے ذمے لیے اور یہ وعدہ کیا کہ جو نتائج نکلیں گے، ان سے احباب اور رفقاء کو مطلع کروں گا۔

اب میں نے یہ سوچا کہ بیرونی ممالک کے لوگوں کو خطوط تو بعد میں لکھوں گا، پہلے حکومت پنجاب کے وزیر تعلیم اور وزیر خزانہ سے

ملاقات کرنی چاہیے۔ چنانچہ میں نے ڈاکٹر عبدالخالق صاحب (وزیر تعلیم، پنجاب) اور حنیف رامے صاحب (وزیر خزانہ، پنجاب) سے وقت لیا، اور ان کے پاس جا کر جشن صد سالہ کا پورا منصوبہ پیش کیا۔

وہ دونوں اس کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ میری ہمت افزائی کی۔ مجھے مفید مشورے دیے اور یہ وعدہ بھی کیا کہ اس کام کے لیے یونیورسٹی کی مالی امداد بھی کریں گے۔

میں ان سے باتیں کر کے واپس آ گیا، اور احباب کو خوش خبری سنا دی۔

یہ بہت بڑی کامیابی تھی۔ اس یقین دھانی کی وجہ سے یوں محسوس ہوا جیسے ہم وادی، خیال کی مختلف منزلوں کو طے کر کے حقیقت کی سر زمینوں میں داخل ہو رہے ہیں۔

نامہ ہائے شوق

اور اب نامہ ہائے شوق لکھنے کی منزل آئی !

میں نے سب سے پہلے تو پیکجز لمیٹیڈ کے ڈائرکٹر سید بابر علی صاحب کو ایک خط لکھا جس میں اوریئنٹل کالج کے جشن صد سالہ اور اس موقع پر ہونے والی بین الاقوامی کانگریس کا ذکر تھا، اور ساتھ ہی یہ خواہش بھی ظاہر کی گئی تھی کہ بیرونی ممالک سے آنے والے کچھ مندوبین کے لیے ان کے مہمان خانے میں قیام کا بندوبست کر دیا جائے۔ ملاقات کی خواہش بھی اس خط میں ظاہر کی گئی تھی۔

یہ خط اس خیال سے لکھا گیا تھا کہ سید بابر علی صاحب اس طرح کے علمی کاموں میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہیں اور حتی الامکان مدد کرنے کے لئے بھی تیار ہو جاتے ہیں۔

دو دن کے اندر اس خط کا جواب آ گیا۔ سید بابر علی صاحب نے لکھا کہ باہر سے آنے والے مندوبین کے قیام کا انتظام ہو جائے گا۔ ملاقات کے لئے وقت بھی دے دیا، اور اپنے ادارے کے ایک صاحب کو خاص

طور پر میرے پاس بھیجا۔ انہوں نے تفصیلات معلوم کیں اور وہ سید بابر علی صاحب کے پاس مجھے لے گئے۔

سید صاحب سے مل کر مجھے بےحد مسرت ہوئی۔ میں نے انہیں تہذیب اور شائستگی، خلوص اور محبت کا مجسمہ پایا۔

کہنے لگے "میں نے ھدایات دے دی ھیں۔ مہمان خانے میں بیرونی ممالک کے کچھ مندوبین کے قیام کا انتظام ھو جائے گا۔"

اور ساتھ ھی یہ بھی پوچھا "کسی اور خدمت کی ضرورت ھو تو بتائیے۔"

میں نے شکریہ ادا کیا اور کہا "ھمیں کچھ کاغذ کی ضرورت ھوگی۔ کیونکہ ھم جشن صد سالہ کے موقع پر جشن نامہ کے نام سے تحقیقی اور تنقیدی مقالات پر مشتمل ایک ضخیم جلد بھی شائع کر رہے ھیں۔ پھر اس کے علاوہ بین الاقوامی کانگریس کی روداد بھی ایک ضخیم جلد میں شائع کی جائے گی۔"

سید بابر علی صاحب نے فرمایا "آپ کو جتنے کاغذ کی ضرورت ھوگی وہ مل جائے گا، تفصیل بتا دیجیے گا، کاغذ اوریئنٹل کالج پہنچ جائے گا۔"

میں شکریہ ادا کرکے واپس آ گیا۔

دوسرے دن میں نے کاغذ کی تفصیل لکھ بھیجی۔ تیسرے دن سید بابر علی صاحب کی گاڑی نے مطلوبہ کاغذ اوریئنٹل کالج پہنچا دیا۔

ان دنوں کاغذ نایاب تھا۔ اس لئے کاغذ حاصل کرکے میری پریشانی بڑی حد تک دور ھوئی۔ سید بابر علی صاحب نے واقعی ایسا کر کے اوریئنٹل کالج پر احسان کیا۔

یہ ایک اور بڑی کامیابی تھی، اور اس کامیابی سے میرے اندر ایک ولولہ اور حوصلہ پیدا ھوا۔ چنانچہ میں نے ایک خط گشتی مراسلے

کے طور پر دنیا کے مختلف ممالک کی یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں کے نام جاری کیا۔

اس مراسلے کا مضمون یہ تھا کہ اوریئنٹل کالج ایک ایسا ادارہ ہے جس نے گذشتہ سو سال میں علوم مشرقی کی تدریس و تحقیق میں قابل قدر خدمات انجام دی ہیں۔ اس ادارے کے ساتھ پروفیسروں اور پرنسپلوں کی حیثیت سے ڈاکٹر لائٹنر، پروفیسر اسٹرائٹن، سر ٹامس آرنلڈ، سر آرل اسٹائن، پروفیسر وولنر، ڈاکٹر اقبال، پروفیسر مولوی محمد شفیع، پروفیسر شیرانی کے ایسے ماہرین علوم مشرقی کے نام وابستہ رہے ہیں۔ اب چونکہ اس ادارے نے اپنی عمر کے سو سال پورے کر لیے ہیں، اس لئے اس کا جشن صد سالہ منانے کا پروگرام بنایا گیا ہے۔ اس موقع پر ماہرین علوم مشرقی کی ایک بین الاقوامی کانگریس بھی ترتیب دی جا رہی ہے۔ اس میں شرکت کے لئے اپنے نمائندے بھیجیے۔

میں نے یہ مراسلہ دنیا کی تقریباً تمام اہم یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں کو بھیج دیا۔

دو ہفتے بھی نہیں گذرے تھے کہ اس مراسلے کے جواب موصول ہونے لگے۔ ان میں اوریئنٹل کالج کی علمی اور تحقیقی خدمات کو سراہا گیا تھا، جشن صد سالہ اور ماہرین علوم مشرقی کی بین الاقوامی کانگریس کا خیر مقدم کیا گیا تھا۔ اس موقع پر اپنے نمائندے بھیجنے کے وعدے کئے گئے تھے یا مجبوریوں کے باعث افسوس کے ساتھ معذرت کی گئی تھی۔ پیغامات بیشتر نے بھیجے تھے۔

مجھے اپنے مراسلے کے ان جوابات اور خصوصاً موصول ہونے والے پیغامات سے بے حد مسرت ہوئی، اور یہ سوچ کر اطمینان ہوا کہ اوریئنٹل کالج کا نام ہر یونیورسٹی اور ہر تحقیقی ادارے میں عزت اور احترام کے ساتھ لیا جاتا ہے۔ اسی لیے یہ ادارے اوریئنٹل کالج کے جشن صد سالہ میں کسی نہ کسی حیثیت سے شریک ہونے کے لیے تیار ہو رہے ہیں۔ کوئی نمائندے بھیج رہا ہے، کوئی پیغام پر اکتفا کر رہا ہے اور

معذرت خواہ ہے ۔ لیکن بہر حال وہ اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ سے اپنے آپ کو کسی نہ کسی طرح وابستہ کر رہا ہے ۔

جن یونیورسٹیوں سے جواب یا پیغامات وصول ہوئے، ان میں کیلی فورنیا، مشیگن، وسکانسن، پرنسٹن، فلیڈلفیا، مینی سوٹا، اری زونا، کولمبیا، واشنگٹن، ییل، هارورڈ، میک گل، ٹورنٹو، اوٹوا، آکسفورڈ، کیمبرج، لندن، مانچسٹر، اڈنبرا، گلاسگو، ڈرهم، برمنگم، بلفاسٹ، ڈبلن، بون، برلن، فرنیکفرٹ، میونخ ، پیرس، روم، جدہ، مدینہ، عمان، دمشق، بغداد، استنبول، انقرہ، تہران، مشہد، کابل، پشاور، کراچی، حیدرآباد (سندھ)، کوئٹہ (بلوچستان) وغیرہ کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں ۔

یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں کے ساتھ ساتھ میں نے بعض ایسے اہم پروفیسروں کو ذاتی طور پر بھی خط لکھے تھے، جنھوں نے علوم مشرقی میں اپنی تحقیقی کاوشوں سے اضافے کئے ہیں ۔

ان ذاتی خطوط کے جواب میں جن کے گراں قدر پیغامات وصول ہوئے، ان میں لندن اسکول آف اورینٹل اینڈ افریکن اسٹڈیز، لندن یونیورسٹی کے ڈائرکٹر پروفیسر سر سیرل فلپس، شعبہ اردو کے استاد رالف رسل اور قانون کے پروفیسر اینڈرسن، کیمبرج یونیورسٹی مڈل ایسٹرن سنٹر کے ڈائرکٹر اور عربی کے پروفیسر ڈاکٹر سارجنٹ، مانچسٹر یونیورسٹی کے فارسی کے پروفیسر بوائل، ڈرہم یونیورسٹی کے اورینٹل اسٹڈیز کے ڈائرکٹر جان ہے وڈ، هارورڈ یونیورسٹی کے پروفیسر ولیم کینٹول اسمتھ اور پروفیسر اینی میری شمل، میکگل یونیورسٹی مانٹریال کے پروفیسر چارلس ایڈمنر، آکسفورڈ یونیورسٹی کے پروفیسر بیسٹن، مینی سوٹا یونیورسٹی کے ڈاکٹر بارکر، جرمنی کے پروفیسر وائشر، روم یونیورسٹی کے پروفیسر بوسانی، پیرس یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر حمید اللہ اور آندرے گوئیمبرتیر، ماسکو کی پروفیسر مارا استپانیس، استنبول یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر قرہ حان، تہران یونیورسٹی کے پروفیسر مجتبی مینوی، پروفیسر سید حسین نصر، پروفیسر مہدی محقق، پروفیسر ناصر الدین شاہ حسینی، پروفیسر مظاہر مصفا، پروفیسر

ضیاء الدین سجادی، مشہد یونیورسٹی کے پروفیسر جلال متینی اور پروفیسر مشکاۃ الدینی، کابل یونیورسٹی کے پروفیسر وصی اللہ سمیعی اور پروفیسر سعید افغانی، قاہرہ کے پروفیسر شیخ الفحام، سعودی عرب کے ڈاکٹر زینی اور ناصر العبودی، کراچی یونیورسٹی کے پروفیسر محمود حسین خان اور ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی، کوئٹہ کے پروفیسر کرار حسین، حیدر آباد سندھ کے پروفیسر نبی بخش بلوچ، پشاور یونیورسٹی کے پروفیسر عبدالہاشم خاں اور پروفیسر دانی اور اسلام آباد یونیورسٹی کی پروفیسر کنیز فاطمہ یوسف کے نام خاص طور پر اہمیت رکھتے ہیں۔

ان نامور دوستوں نے نہ صرف خط کے جواب میں جشن صد سالہ کے موقع کے لیے پیغامات بھیجے، بلکہ مجھے ذاتی خط بھی لکھے جن میں اوریئنٹل کالج کی علمی اور تعلیمی خدمات کو سراہا اور موجودہ زمانے میں اوریئنٹل کالج جس طرح ترقی کر رہا ہے، اس کی تعریف کی۔ ان میں کچھ احباب جشن صد سالہ کی تقریبات میں شرکت کے لیے تشریف بھی لائے۔

یہ بہت بڑی کامیابی تھی اور یہ سب کچھ نتیجہ تھا ان لا تعداد خطوط کا جو میں نے اوریئنٹل کالج کے پرنسپل اور مشرقی علوم کے ایک ادنی خادم کی حیثیت سے یونیورسٹیوں، تحقیقی اداروں اور علومِ مشرقی کے ماہروں کو لکھے تھے۔

آج میں سوچتا ہوں تو مجھے یہ سب کچھ ایک خواب سا نظر آتا ہے۔ مجھے یقین نہیں تھا کہ میں اس حد تک ان سب کا تعاون حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاؤں گا۔

یہ سب کچھ ان نغمہ ہائے شوق کا کرشمہ تھا جن کو میں نہایت خلوص سے لکھتا رہا تھا۔

تالیف نسخہ ہائے وفا

(آغازِ کار)

دنیا کے اتنے اہم اداروں اور ایسے بڑے بڑے پروفیسروں اور محققوں کا تعاون حاصل کرنا آسان کام نہ تھا ، لیکن بہر حال یہ تعاون کسی طرح غیبی مدد سے حاصل ہو گیا ۔

میں نے احباب کو اس سے مطلع کیا ۔ رفقائے کار کو یہ خوش خبری سنائی ۔ بعضوں کو حیرت ہوئی اور بعضے اس خوش خبری کو سن کر مسرت سے ہمکنار ہوئے ۔ کیونکہ اب جشن صد سالہ کی بنیاد پڑ چکی تھی اور علوم مشرقی کی بین الاقوامی کانگریس کا ہیولا تیار ہو گیا تھا ۔ جب اتنے اداروں کے پیغامات موصول ہو جائیں اور ایسے بڑے بڑے پروفیسر اس اقدام کو سراہیں ، اور ان میں سے بعض شرکت کی خواہش ظاہر کریں، بلکہ وعدہ کر لیں تو ظاہر ہے کہ جشن صد سالہ کی تقریبات کی کامیابی میں کس کو شبہہ ہو سکتا ہے ۔

کانگریس کا پروگرام میرے ذہن میں پہلے تشکیل پا چکا تھا ۔ یہی خیال تھا کہ پہلے دن کا اجلاس افتتاحی ہو گا جس میں پیغامات

پڑھ کر سنائے جائیں گے، مندوبین کا استقبال کیا جائے گا اور خطبات دیے جائیں گے۔ دوسرے دن اورینٹل کالج کی ادبی خدمات کے موضوع پر دو اجلاس ہوں گے۔ ایک میں تحقیقی مقالے پڑھے جائیں گے، دوسرے میں اورینٹل کالج کے بارے میں سمپوزیم ہو گا جس میں تقریریں ہوں گی، تیسرے دن کے دونوں اجلاس اسلامیات اور عربی زبان اور ادب پر ہوں گے۔ چوتھے دن کے دونوں اجلاسوں میں ایرانی تہذیب و ثقافت اور فارسی زبان و ادب کا تذکرہ ہوگا۔ پانچویں دن کے دونوں اجلاس برعظیم پاکستان و ہند کی تاریخ و ثقافت اور اردو زبان و ادب کے لیے وقف ہوں گے۔ چھٹے دن پنجابی زبان و ادب کا ایک اجلاس ہو گا اور دوسرے اجلاس میں مشرقی علوم کے مسائل پر تقریریں ہوں گی اور قرار دادیں بھی پیش کی جائیں گی۔ کانگریس کا اختتام اسی شب الوداعی عشائیہ پر ہو گا جو پنجاب یونیورسٹی کی طرف سے مندوبین کے اعزاز میں دیا جائے گا۔

یہ خاصا بھاری بھرکم قسم کا پروگرام تھا۔ میں نے احباب اور رفقائے کار کے سامنے جب اس کو پیش کیا تو سب نے اس سے اتفاق کیا۔

چنانچہ یہ پروگرام باقاعدگی کے ساتھ مرتب کر لیا گیا۔

فیصلہ یہ ہوا کہ ۱۷ دسمبر ۱۹۷۲ء سے پروگرام کا آغاز ہو اور ۲۴ دسمبر تک یہ پروگرام جاری رہے۔ چنانچہ اخبارات میں یہ خبر چھپوا دی گئی۔ اجلاسوں کی تفصیل بھی پریس میں آ گئی۔ دعوت نامے اور پروگرام بھی چھپنے کے لئے پریس کو دے دیے گئے۔ یونیورسٹیوں اور پروفیسروں کو بھی اس پروگرام سے مطلع کر دیا گیا۔

پروگرام کو عملی صورت دینے اور زیادہ سے زیادہ کامیاب بنانے کی کوششیں اپنے شباب پر تھیں کہ دسمبر کے شروع میں اچانک طالب علموں اور پولیس والوں کے درمیان کسی معمولی سی بات پر تصادم ہو گیا۔ خیال تھا دو ایک روز میں حالات معمول پر آ جائیں گے۔ لیکن اس تصادم میں روز بروز شدت ھی پیدا ہوتی گئی اور چھ سات تاریخ تک یہ عالم ہو گیا کہ طالب علموں اور پولیس کے درمیان صبح کو

باقاعدہ لڑائی شروع ہوتی اور دوپہر کے بعد تک جاری رہتی تھی - پولیس آنسو گیس چھوڑتی تھی اور طالب علم اینٹیں چلاتے تھے - اچھی خاصی لڑائی کا منظر تھا۔

یہ صورت حال بعض لوگوں کی نادانی اور حماقت کی وجہ سے پیدا ہوئی -

۱۲ دسمبر تک ہم نے انتظار کیا۔ اس امید پر کہ حالات بہتر ہو جائیں گے اور جشن صد سالہ کی تقریبات پروگرام کے مطابق منعقد ہو سکیں گی - لیکن حالات روز بروز بد سے بد تر ہوتے گئے - چنانچہ ۷ دسمبر کی شام کو ہم لوگوں نے یہ فیصلہ کیا کہ ان تقریبات کو ملتوی کر دیا جائے، کیونکہ ان حالات میں کانگریس کے اجلاس نہیں ہو سکیں گے، اور اگر کسی طرح اجلاسوں کا انتظام کر بھی لیا گیا تو باہر سے آئے ہوئے مندوبین بہر صورت یہ تماشا دیکھیں گے اور اس طرح سبکی ہو گی اور ہمارے قومی وقار کو ٹھیس لگے گی -

چنانچہ ۷ دسمبر کی شام کو باہر سے آنے والے تمام مندوبین کو کیبل کے ذریعے یہ اطلاع دی گئی کہ بعض ناساز گار حالات کی وجہ سے کانگریس کو ملتوی کرنا پڑا ہے، اور اب اس کے اجلاس مارچ میں ہوں گے -

یہ کیبل بعضوں تک پہنچے، بعضوں تک نہیں پہنچ سکے، کیونکہ وہ کیبل پہنچنے سے قبل ہی لاہور کے لیے روانہ ہو چکے تھے، اس خیال سے کہ انہیں کانگریس شروع ہونے سے دو ایک روز قبل لاہور پہنچنا چاہیے -

مجھے اس کا اندیشہ تھا کہ بعض لوگوں کو تار نہیں مل سکیں گے اور وہ ضرور ۱۷ دسمبر سے قبل لاہور پہنچ جائیں گے - اس لیے میں نے یہ سوچ رکھا تھا کہ جو مندوبین پہنچ جائیں گے ان کے لیے معمولی سا جلسہ کر لیں گے اور معذرت کے ساتھ ان کے مقالے پڑھوا دیں گے -

اس کے سوا اور چارۂ کار ھی کیا تھا۔

کیبل کے ذریعے کانگریس کے ملتوی ھونے کی اطلاع دے کر ھم لوگ ذرا اطمینان سے بیٹھے، لیکن یہ اطمینان بالکل وقتی تھا۔

۱۲ دسمبر کو یہ اطلاع ملی کہ سعودی عرب سے جدہ یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر محمود زینی ۱۵ دسمبر کو لاھور پہنچ رھے ھیں۔ ان کے ساتھ مدینہ یونیورسٹی کے شیخ ناصر العبودی بھی ھوں گے۔

مجھے جب یہ تار ملا تو میں نے ھوائی اڈے پر ان کے استقبال کا کام ڈاکٹر رانا احسان الٰہی کے سپرد کیا۔ ڈاکٹر رانا سعودی عرب کے دوران قیام میں ان سے مل چکے تھے، اور انہیں بخوبی جانتے تھے۔

فلیٹیز ھوٹل میں قیام کا انتظام ھم لوگوں نے پہلے ھی کر لیا تھا۔ اس لیے جہاں تک قیام و طعام کا تعلق تھا ، اس سلسلے میں کوئی دشواری نہیں تھی۔

ڈاکٹر رانا نے ۱۵ دسمبر کو لاھور کے ھوائی اڈے پر سعودی عرب کے ان مہمانوں کا استقبال کیا، اور انہیں فلیٹیز ھوٹل میں پہنچا دیا اور یہ بھی اطلاع دے دی کہ وہ ۱۷ دسمبر کو ایک جلسے میں اپنے مقالے پڑھیں گے۔

۱۵ دسمبر کو میں چپ چاپ گھر پر بیٹھا ھوا تھا کہ فون کی گھنٹی بجی۔ ایک خاتون اردو میں بول رھی تھیں۔

''میرا نام مارا استپانیس ھے۔ میں روس سے آئی ھوں۔ ڈاکٹر بریلوی سے بات کر سکتی ھوں؟''

میں نے کہا ''میں بول رھا ھوں، آپ کب پہنچیں؟''

کہنے لگیں ''میں آج ھی کراچی پہنچی ھوں۔ پرسوں سہ پہر کو چار بجے کی فلائٹ سے لاھور پہنچوں گی۔ میں نے سوچا، فون پر آپ کو اطلاع کر دوں۔''

میں نے کہا ''آپ کے آنے کا بہت بہت شکریہ ۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے ۔ میں پرسوں سہ پہر کو ہوائی اڈے پر آپ کا استقبال کروں گا اور خوش آمدید کہوں گا۔ امید ہے آپ کا سفر آرام سے گذرے گا ۔''

پروفیسر مارا استیانیس کے آنے سے مجھے بے حد خوشی ہوئی ۔ ان سے میری پرانی ملاقات تھی ۔ ۱۹۶۰ء میں وہ فلسفہ کی کانفرنس میں شرکت کے لیے لاہور آئی تھیں تو ان سے ملنے کا موقع ملا تھا ۔ فصیح اردو بولتی تھیں ۔ اس وقت ان کی عمر ۲۵ سال سے زیادہ نہیں تھی ۔ خوبصورتی کا یہ عالم تھا کہ لاہور میں لوگ یہ کہتے تھے کہ کوہ قاف سے ایک پری آ گئی ہے ۔ علم کا یہ حال تھا کہ علامہ اقبالؒ کے فلسفے پر خوب بحث کر سکتی تھیں ۔

لاہور کے دوران قیام میں ان سے کئی ملاقاتیں ہوئی تھیں ، اور انہوں نے مجھے اپنی شرافت، شائستگی اور علمیت سے بہت متاثر کیا تھا ۔

اوریئنٹل کالج، اسلام، پاکستان اور علامہ اقبالؒ سے انہوں نے گہری دلچسپی ظاہر کی تھی ۔ اس لیے جشن صد سالہ کے موقع کے لیے میں نے انہیں خاص طور پر دعوت دی اور انہوں نے میرے ایک خط پر لاہور آنے کا پروگرام بنا لیا ۔

اس لیے مجھے ان کے آنے کی بے حد خوشی ہوئی ۔

۷ دسمبر کو چار بجے ہوائی اڈے پر پہنچا ۔ سوا چار بجے کراچی سے فلائٹ آئی ۔ مارا استیانیس جہاز سے باہر آئیں ۔ میں نے انہیں دور سے دیکھ کر پہچان لیا ۔ اگرچہ دس پندرہ سال میں ان کے اندر خاصی تبدیلی ہو گئی تھی ۔ چہرے پر عمر کے نشانات نظر آنے لگے تھے، اور وہ شادابی بھی نہیں تھی جو دس سال پہلے ان کے ایک ایک انداز سے ٹپکتی تھی ۔

وہ ہوائی اڈے سے باہر آئیں تو میں نے ان کا استقبال کیا ۔

فصیح اردو میں کہنے لگیں ، ''بڑی مشکل سے لاہور پہنچی ہوں ۔ بہر حال پہنچ گئی ۔''

سب نے کہا ”آپ کا شکریہ کس طرح ادا کیا جائے ۔ آپ نے ہم سب پر بڑا احسان کیا ہے ۔“

کہنے لگیں ”اس میں شکریہ کی کیا بات ہے ۔ میرا تو خود لاہور آنے اور خاص طور پر اورینٹل کالج میں وقت گزارنے کو جی چاہتا ہے ۔ یہ شہر اور یہاں کا علمی ادبی ماحول مجھے بہت پسند ہے ۔“

میں نے کہا ”جب ہی تو ہم لوگ آپ کو کسی نہ کسی طرح کھینچ بلاتے ہیں ۔“

ہم گاڑی میں بیٹھ گئے اور چند منٹ میں میں نے انہیں فلیٹیز ہوٹل پہنچا دیا جہاں ان کے لیے ایک کمرہ پہلے سے مخصوص کرا لیا گیا تھا ۔

ہوٹل میں ہم نے چائے منگوائی ۔

چائے کی پیالی پی کر ان کی تکان کچھ دور ہوئی ۔ باتیں ہوتی رہیں ، کہنے لگیں ”اس وقت میرا لاہور پہنچ جانا معجزے سے کم نہیں ۔ میں لکچر دینے کے لئے فن لینڈ ، ناروے اور ڈنمارک کے دورے پر گئی ہوئی تھی ۔ آپ کا خط میری عدم موجودگی میں ماسکو پہنچا ۔ واپس آئی تو آپ کا خط ملا ۔ چھٹی کا ملنا مشکل تھا ۔ ٹریول گرانٹ بھی ختم ہو چکی تھی، لیکن لاہور پہنچنے اور اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ میں شرکت کرنے کو جی چاہتا تھا ۔ میں نے اپنے شوہر سے مشورہ کیا ۔ چانسلر سے ان کے گہرے تعلقات ہیں ۔ انہوں نے چانسلر سے آپ کے دعوت نامے کا ذکر کیا ۔ اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کے بارے میں انہوں نے مجھے نہ صرف چھٹی دی، بلکہ اخراجات سفر بھی منظور کر دیے ۔ اور اب میں ہوٹل کا خرچ تک ساتھ لے کر آئی ہوں ۔“

اس پر میں نے کہا ”اب آپ ہماری مہمان ہیں ۔ ہم کسی طرح بھی یہ گوارا نہیں کرسکتے کہ ہوٹل کے اخراجات تک آپ کا ادارہ دے ۔ ہم پاکستانی اپنی مہمان نوازی کی روایت پر فخر کرتے ہیں ۔ ہم آپ کے شوہر اور یونیورسٹی کے چانسلر دونوں کے شکر گزار ہیں ؟“

کہنے لگیں "پھر یہ ہوٹل کے اخراجات مجھے ادارے کو واپس کرنے ہوں گے۔"

میں نے کہا "واپس کر دیجیے گا: کوئی بات نہیں۔"

یہ باتیں کر کے میں ہوٹل والوں کو خاص ہدایات دے کر واپس آ گیا تاکہ مارا آرام کر سکیں ۔ وہ بہت تھکی ہوئی تھیں ۔

دوسرے دن صبح دس بجے میں نے اوریئنٹل کالج میں جلسے کا انتظام کیا تھا ۔ اس جلسے میں سعودی عرب کے ڈاکٹر محمود زینی، شیخ ناصر العبودی اور سوویٹ یونین کی مارا استپانیس کو مقالے پڑھنے تھے ۔

صبح نو بجے میں فلیٹیز پہنچا ۔ مارا ناشتہ کر چکی تھیں ۔ انہیں ساتھ لیا اور کالج آ گیا ۔ ڈاکٹر رانا ڈاکٹر محمود زینی اور شیخ ناصر العبودی کو ساتھ لے کر آئے ۔

ٹھیک دس بجے جلسہ شروع ہوا ۔

تلاوت کلام پاک کے بعد سب سے پہلے ڈاکٹر محمود زینی نے اپنا تعارف کرایا، اور یہ بتایا کہ انہوں نے برطانیہ کی سینٹ اینڈ ریوز یونیورسٹی سے اسلامی فلسفے پر پی ایچ ۔ ڈی کیا ہے، اور اب وہ جدہ یونیورسٹی میں پروفیسر ہیں ۔ انہوں نے تقریر بھی کی اور فکر اسلامی پر مقالہ بھی پڑھا ۔ ان کے بعد شیخ ناصر العبودی نے نہایت فصیح عربی میں پاکستان، سعودی عرب، مشرقی علوم کی اہمیت اور اسلامی فلسفے پر نہایت خوبصورت تقریر کی ۔ ان کی تقریر نے عرب فن خطابت کی روایت کو تازہ کر دیا

سعودی عرب کے ان مہمانوں کی تقریروں کے بعد مارا اسپانیس نے "اسلام دور جدید میں" کے موضوع پر اپنا عالمانہ اور فکر انگیز مقالہ پڑھا جس کو بہت پسند کیا گیا ۔

ایک بجے کے قریب یہ جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا ۔

میں نے خدا کا شکر ادا کیا کہ جشن صد سالہ کی تقریبات کا آغاز ہو گیا، اور سعودی عرب اور سوویٹ یونین کے مہمانوں سے آغاز ہوا، جس پر اورینٹل کالج جتنا فخر کرے کم ہے۔

دوسرے دن دس بجے میں نے ایک اور جلسہ ترتیب دیا جس میں پروفیسر مارا استپانیس نے علامہ اقبال کے فلسفۂ اخلاق پر ایک گھنٹے کا مقالہ پڑھا۔ اس کی صدارت جشن صد سالہ کمیٹی کے صدر ڈاکٹر جسٹس ایس۔ اے۔ رحمان نے فرمائی۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر اجمل سعودی عرب کے مہمان ڈاکٹر زینی اور شیخ ناصر العبودی کے علاوہ سعودی عرب کے کونسلر اور سوویٹ یونین کے کلچرل اتیشی، اورینٹل کالج کے اساتذہ اور یونیورسٹی کے پروفیسر بھی اس جلسے میں موجود تھے۔

مارا استپانیس کا مقالہ نہایت خیال انگیز تھا۔ فلسفہ اقبال ان کے مطالعے کا خاص موضوع ہے۔ اس لیے اس مقالے میں انہوں نے بعض نئی باتیں پیش کیں اور فکرِ اقبال کے کچھ نئے گوشے تلاش کیے۔

ایک بجے کے قریب یہ جلسہ بخیر و خوبی ختم ہوا۔

سعودی عرب کے مہمان ڈاکٹر زینی اور شیخ ناصر العبودی تو دوسرے دن ہی لاہور سے رخصت ہو گئے۔ ہم نے ان کا شکریہ ادا کیا، اور میں نے عربی کے اساتذہ کے ساتھ انہیں لاہور کے ہوائی اڈے پر الوداع کہا۔ مارا استپانیس نے دو روز مزید قیام کیا۔

مارا نے ان دو دنوں میں لاہور کے تاریخی مقامات کی سیر کی، تحقیقی اداروں کو دیکھا اور کچھ خریداری کی۔

میں یہ دیکھ کر حیران ہوا جب انہوں نے یہ خواہش ظاہر کی کہ وہ جوہریوں کی دکانیں دیکھنا چاہتی ہیں اور پاکستان کی بنی ہوئی ایک انگوٹھی اور گلے کا سٹ خریدنے کی خواہش مند ہیں۔

میری بیوی اور میں انہیں بعض جیولرز کی دوکانوں میں لے گئے۔

میں نے از راہ تفنن مارا سے پوچھا ”آپ تو عالم اور محقق ہیں۔ آپ کو زیورات سے کیوں دلچسپی پیدا ہوئی؟“

مارا نے فوراً جواب دیا ''میں بہر حال بنیادی طور پر ایک عورت ہوں۔''

اس فقرے نے مجھے بہت لطف دیا اور میں ان کی بڑائی کا کچھ اور بھی قائل ہو گیا۔

مارا ۲۰ دسمبر کو ماسکو جانے کے لیے کراچی روانہ ہو گئیں، ہم نے انہیں بڑی گرم جوشی سے لاهور کے هوائی اڈے پر الوداع کہا۔

ابھی ان مہمانوں کو رخصت ہی کیا تھا کہ اسلام آباد سے یہ خبر ملی کہ الازہر کے ریکٹر شیخ الفحام اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ میں شرکت کے لیے تشریف لا رہے ہیں اور وہ اسلام آباد سے ۲۱ دسمبر کو لاهور پہنچیں گے اور اورینٹل کالج میں جلسے سے خطاب فرمائیں گے۔

شیخ الفحام کو دعوت تو ہم نے اورینٹل کالج کی طرف سے دی تھی، لیکن ان کی شخصیت کی اہمیت کے پیش نظر حکومت پاکستان نے انہیں اپنا مہمان بنا لیا۔

سرکاری مہمان کی حیثیت سے شیخ الفحام لاہور تشریف لائے۔ ہم نے ان کا استقبال کیا اور ان کے اعزاز میں ایک جلسہ ترتیب دیا۔

اس جلسے میں شیخ الفحام نے اورینٹل کالج کی خدمات کو سراہا۔ جشن صد سالہ کے پروگرام کی تعریف کی، پاکستان کی اسلامی خدمات کا اعتراف کیا اور اسلام اور اسلامی نظام پر روشنی ڈالی۔ ان کی تقریر نہایت ہی دلکش تھی۔ خرابی صحت کے باوجود انہوں نے نہایت جوش اور جذبے کے ساتھ اس جلسے سے خطاب کیا۔

آخر میں محفل قرأت منعقد ہوئی جس میں ان قاریوں نے حصہ لیا جو شیخ الفحام کے ساتھ مصر سے تشریف لائے تھے۔

تیسرے روز شیخ الفحام قاہرہ جانے کے لیے کراچی روانہ ہو گئے۔ حکومت پاکستان کے نمائندوں اور میرے ساتھ اورینٹل کالج کے اساتذہ نے انہیں رخصت کیا۔

اس طرح اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کے جلسوں کا آغاز ہوگیا۔ یہ ایک نیک شگون تھا کہ سعودی عرب، سوویٹ یونین اور مصر کی چند اہم شخصیتیں شرکت کے لیے لاہور آ گئی تھیں، اور ہم نے ان کے لیے مقالوں اور تقریروں کے لیے خاص جلسے ترتیب دے لیے تھے۔

ماہرین علوم مشرقی کی کانگریس تو بہر حال مجبوراً ملتوی کر دی گئی تھی اور اس کی تاریخیں ہم نے ۱۲ مارچ سے ۱۷ مارچ تک مقرر کی تھیں اور اب ہم لوگ مارچ کے مہینے کا انتظار کر رہے تھے۔

طلوع سحر

(تقریبات جشن صد سالہ کا آغاز ، کانگریس کا افتتاحی اجلاس)

دسمبر کا مہینہ ختم ہوا - ۱۹۷۳ء کا نیا سال آ گیا - جنوری، فروری کے مہینے آندھی کے جھونکوں کی طرح آئے اور نکل گئے - اور بالآخر مارچ کا مہینہ آن پہنچا - کانگریس کی تاریخیں ۱۲ مارچ سے ۱۷ مارچ تک مقرر ہوئی تھیں - ایک ہفتے کا پروگرام بنایا گیا - اس ایک ہفتے میں افتتاحی اجلاس کے علاوہ، اوریئنٹل کالج کی ادبی خدمات، عربی اور اسلامی علوم، ایرانی تہذیب اور فارسی زبان و ادب، برعظیم پاکستان و ہند کے مسلمانوں کی تہذیب اور اردو زبان و ادب، پنجاب اور پنجابی زبان و ادب اور مشرقی علوم کے مسائل سے متعلق دو دو اجلاس ترتیب دیے گئے تھے - ان اجلاسوں کی تفصیل پروگرام کی صورت میں چھاپ دی گئی - یہ پروگرام انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں چھپ کر آ گئے اور ان کو تقسیم کر دیا گیا - اخبارات میں بھی یہ تفصیلات آ گئیں -

مارچ کے دوسرے ہفتے سے بیرونی ممالک کے مہمانوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا - پی - آئی - اے کو ہم لوگوں نے پہلے ہی

اطلاع دے رکھی تھی۔ ان لوگوں نے ہمارے ساتھ تعاون کیا اور مہمانوں کے آنے کی ہمیں اطلاع دی۔ حکیم محمد سعید صاحب اور ہمدرد فاؤنڈیشن نے بھی کراچی کے ہوائی اڈے پر اوریئنٹل کالج کے مہمانوں کے استقبال کا انتظام کیا تاکہ انہیں کوئی دشواری نہ ہو۔ پی۔ آئی۔ اے اور ہمدرد کے تعاون سے ہمیں ہر مہمان کے آنے کی اطلاع مل جاتی تھی اور مجلس استقبالیہ کے ممبر اور کانگریس کے کارکن لاہور کے ہوائی اڈے پر ان کا استقبال کرتے تھے۔ مجلس استقبالیہ کے ممبروں نے اپنا دفتر بھی لاہور کے ہوائی اڈے پر قائم کر دیا تھا، اور جشن صد سالہ کے سلسلے میں ہونے والی علوم مشرقی کی کانگریس کے بڑے بڑے بینر بھی لگا دیے تھے، تاکہ مہمانوں کو اس کا علم ہو جائے اور انہیں کوئی دقت نہ ہو۔ کراچی سے آنے والی ہر فلائٹ پر یہ لوگ موجود رہتے تھے۔

۹ اور ۱۰ مارچ کو مختلف پروازوں سے لندن کے رالف رسل، لائیڈن، نیدر لینڈ کے پروفیسر بولجان، استنبول، ترکی کے پروفیسر عبدالقادر قرہحان، تہران، ایران کے ناصر الدین شاہ حسینی، ڈاکٹر مظاہر مصفا اور خانم مصفا، مشہد ایران کے پروفیسر جلال متینی اور پروفیسر مشکاۃ الدینی لاہور پہنچ گئے۔ ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔ کابل کے مہمان پروفیسر وصی اللہ سمیعی، اور پروفیسر سعید الافغانی کابل سے پشاور آئے اور پشاور سے بذریعہ ریل لاہور پہنچے۔ ریلوے اسٹیشن پر بھی مجلس استقبالیہ کا دفتر قائم کر دیا گیا تھا، اور ہر وقت استاد اور طلباء مہمانوں کے استقبال کے لیے وہاں موجود رہتے تھے۔ ان کے ساتھ کراچی، پشاور اور حیدر آباد کے مہمان بھی آ گئے۔ بیشتر مہمانوں کے قیام کا انتظام انٹرنیشنل ہوٹل میں کیا گیا۔ رالف رسل میرے ساتھ ٹھہرے۔ کراچی کے مہمانوں نے بھی میرے ساتھ قیام کیا۔ کچھ مہمان نیو کیمپس میں بیچلرز ہوسٹل میں ٹھہرے۔ غرض ۱۱ مارچ کی صبح تک تقریباً تمام مہمان آ گئے اور ان کے قیام و طعام کا معقول انتظام کر دیا گیا۔

بالآخر ۱۲ مارچ کا تاریخی دن آ گیا۔ پروگرام کے مطابق ۴ بجے سہ پہر کو جشن صد سالہ کی تقریبات کا آغاز ماہرین علوم مشرقی کی

بین الاقوامی کانگریس کے افتتاحی اجلاس سے ہوا ۔

سینیٹ ہال چار بجے سے پہلے ہی پوری طرح بھر گیا تھا ۔ دنیا کی مختلف یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں کے مندوبین کے علاوہ ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کے جج، مشہور ماہرین تعلیم، پروفیسر، ادیب، شاعر، صحافی، اور سرکاری افسر بھی اس افتتاحی اجلاس میں شرکت کے لیے ہال میں موجود تھے ۔ سب سے پہلے بیرونی ممالک سے آئے ہوئے مندوبین ہال میں آئے اور اگلی صفوں میں آ کر بیٹھ گئے ۔ ان میں امریکہ کے ڈڈلے وڈبری، انگلستان کے رالف رسل اور جان ہے ووڈ، ترکی کے عبدالقادر قرہ خان، سعودی عرب کے ناصر العبودی اور شیخ علی مشرف، مصر کے عبدالمقصود شلقامی، ایران کے پروفیسر جلال متینی، مشکاۃ الدینی، ناصر الدین شاہ حسینی، مظاہر مصفا اور خانم مصفا، افغانستان کے پروفیسر وصی اللہ سمیعی اور سعید افغانی، اور پاکستان کے مندوبین میں کراچی کے ڈاکٹر ریاض الاسلام، ڈاکٹر محمد یوسف، ڈاکٹر عابد علی خان، ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی، ڈاکٹر فرمان فتح پوری، پروفیسر ممتاز حسین، حیدر آباد (سندھ) کے ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان اور پشاور کے ڈاکٹر میر ولی خان، ڈاکٹر شمس الدین صدیقی، ڈاکٹر سید مرتضی جعفری، پروفیسر خیال بخاری، (ڈائرکٹر، پشتو اکیڈمی) جناب خاطر غزنوی اور اسلام آباد کی ڈاکٹر کنیز فاطمہ یوسف قابل ذکر ہیں ۔ ان کے علاوہ پنجاب یونیورسٹی کے مختلف کالجوں کے سابق وائس چانسلر پروفیسر حمید احمد خان بھی تشریف فرما تھے اور ڈاکٹر سید عبداللہ اور ڈاکٹر محمد باقر، علامہ علاؤالدین صدیقی اور پروفیسر سید وقار عظیم بھی ان کے ساتھ ہال میں موجود تھے ۔ اگلی صفوں میں ڈاکٹر جسٹس ایس ۔ اے ۔ رحمان اور ڈاکٹر اجمل بھی مندوبین کے استقبال کے لیے موجود تھے ۔ غرض بڑی بڑی شخصیتوں نے اس اجلاس کو رونق بخشی تھی ۔

ان اہم شخصیتوں کی موجودگی میں سوا چار بجے کے قریب کالج کے پرنسپل، اوریئنٹل اینڈ اسلامک فیکلٹی کے ڈین اور بین الاقوامی ماہرین علوم مشرقی کی کانفرنس کے جنرل سکریٹری نے اجلاس کے شروع ہونے کا اعلان کیا ۔

چنانچہ تلاوت کلام پاک سے اس کا آغاز ہوا۔ قاری محمد ظریف صاحب نے کلام پاک کی تلاوت کی ۔ سب سے پہلے کالج کے پرنسپل نے اپنا خطبۂ استقبالیہ پڑھا جس میں اورینٹل کالج کی اہمیت پر روشنی ڈالی، اس کے جشن صد سالہ اور اس موقع پر ہونے والی علوم مشرقی کی بین الاقوامی کانگریس کا ذکر کیا۔ جن یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں نے اس میں شرکت کے لیے اپنے اپنے نمائندے بھیجے یا پیغامات دیے ان کا شکریہ ادا کیا، مندوبین اور حاضرین کا استقبال کیا اور ان کو خوش آمدید کہا، اور شکریہ ادا کیا ۔ اس کے بعد سب سے پہلے سکریٹری جنرل نے صدر پاکستان، قائد عوام جناب ذوالفقار بھٹو کا پیغام پڑھ کر سنایا جو انہوں نے اس موقع کے لیے ارسال کیا تھا ۔ صدر پاکستان کے بعد دنیا کی مختلف یونیورسٹیوں کے پیغامات پڑھ کر سنائے۔

کیمبرج یونیورسٹی کا پیغام ڈاکٹر چوھدری رفیع محمد اور آکسفورڈ یونیورسٹی کا پیغام پروفیسر سراج الدین نے پڑھا ۔ مندوبین نے بھی اپنی اپنی یونیورسٹیوں کی طرف سے پیغامات پڑھ کر سنائے، جن میں اورینٹل کالج کی خدمات کا اعتراف اور اس کے جشن صد سالہ کی تقریبات کے موقع پر مسرت کا اظہار تھا ۔

آخر میں، پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور مجلس استقبالیہ کے صدر، اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کی کمیٹی کے صدر ڈاکٹر جسٹس ایس ۔ اے ۔ رحمان نے اپنے اپنے خطبات پڑھے۔ ان خطبات میں اورینٹل کالج کی تاریخ اور اس کی عظیم روایت کو واضح کر کے اس کے جشن صد سالہ کی اہمیت کو واضح کیا، اور اورینٹل کالج کو زیادہ سے زیادہ ترقی دے کر ایک سنٹر آف اکسیلنس بنانے کی طرف توجہ دلائی ۔

اس اجلاس کا افتتاح رسمی طور پر پنجاب کے وزیر اعلےٰ ملک معراج خالد کرنے والے تھے، لیکن وہ ناسازی طبع کے باعث تشریف نہ لا سکے ۔ اس لیے میں نے پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر اجمل سے درخواست کی کہ وہ رسمی طور پر اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کے موقع پر

ہونے والی اس بین الاقوامی کانگریس کا افتتاح کریں ، چنانچہ انہوں نے افتتاح کیا -

رسم افتتاح کے بعد پرنسپل کے اظہار شکر کے ساتھ یہ افتتاحی اجلاس بخیر و خوبی ختم ہوا -

اس اجلاس کے فوراً بعد پنجاب یونیورسٹی کی طرف سے مندوبین کے اعزاز میں ایک استقبالیہ دیا گیا - سینیٹ ہال سے اٹھ کر تمام مہمان یونیورسٹی ہال کے سامنے سبزہ زار میں جمع ہوئے اور یونیورسٹی کی طرف سے دیے جانے والے استقبالیہ میں شرکت کی ، اور دیر تک ایک دوسرے سے ملتے اور باتیں کرتے رہے - یہ نہایت ہی پر کیف اور دل آویز منظر تھا -

چھ بجے تک اس تقریب کا سلسلہ جاری رہا -

شب کو آٹھ بجے اورینٹل کالج کے صحن میں پرنسپل کی طرف سے معزز مہمانوں کے اعزاز میں عشائیہ دیا گیا - اس میں کانگریس میں شریک ہونے والے مندوبین کے علاوہ پروفیسروں، ادیبوں، شاعروں اور فن کاروں نے بھی شرکت کی -

رات کو دس بجے کے قریب یہ محفل اختتام پذیر ہوئی - مندوبین اپنے اپنے ہوٹلوں کی طرف اور دوسرے مہمان اپنے گھروں کو رخصت ہوئے -

اور ہم سب نے خدا کا شکر ادا کیا کہ آج کے دن جشن صد سالہ کی تقریبات کا آغاز ہو گیا - افتتاحی اجلاس بخیر و خوبی انجام پایا - ہر شخص کو اس سے مسرت ہوئی، اور اس نے اورینٹل کالج کے مہذب ماحول اور اساتذہ اور طلباء کے حسن انتظام کو سراہا - اس طرح مہینوں سے جو کوششیں ہم کر رہے تھے وہ بار آور ہوئیں -

میرے لیے اس سے زیادہ مسرت کی بات اور کیا ہو سکتی تھی؟

میخانۂ مشرق

(اوریئنٹل کالج کی ادبی خدمات)

جشن صد سالہ کی تقریبات کے سلسلے میں ہونے والی کانگریس کا دوسرا اجلاس منگل ۱۳ مارچ ۱۹۷۳ء کو ۹ بجے سینیٹ ہال میں شروع ہوا۔

اس اجلاس کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ پہلے سیشن میں اوریئنٹل کالج کے اساتذہ کے تحقیقی کام کی نمائش کا اہتمام تھا۔ دوسرے میں اوریئنٹل کالج کی علمی خدمات پر تحقیقی مقالے پڑھنے کا انتظام اور تیسرے میں اوریئنٹل کالج سے متعلق ایک سمپوزیم تھا، جس میں چند تقریروں کا اہتمام کیا گیا تھا۔

نمائش کا افتتاح ۹ بجے صبح وزیر خزانہ (پنجاب) حنیف رامے صاحب نے اپنی تقریر سے کیا۔ یہ جلسہ کالج کے چمن میں ہوا۔ اس موقع پر خاصی تعداد میں مندوبین اور اوریئنٹل کالج سے دلچسپی رکھنے والے موجود تھے۔

حنیف رامے صاحب نے اپنی تقریر میں اوریئنٹل کالج کی تاریخ بیان کی، اس کی علمی اور ادبی خدمات کا ایک جائزہ پیش کیا۔ بڑے بڑے

پروفیسروں اور پرنسپلوں کے علمی اور تحقیقی کام پر روشنی ڈالی، اور آج بھی اورینٹل کالج جس طرح اس روایت کو برقرار رکھے ہوئے ہے اور علمی کام کر رہا ہے، اس کو سراہا - آخر میں یہ وعدہ بھی کیا کہ اورینٹل کالج کے مختلف شعبوں میں پی ایچ-ڈی اور ایم-اے کے جو بے شمار مقالے لکھے گئے ہیں، ان کی اشاعت کے لیے حکومت پنجاب امداد دینے پر ہمدردی سے غور کرے گی -

حکومت پنجاب کی طرف سے جشن صد سالہ کے موقع پر انھوں نے یونیورسٹی کے لیے خصوصی گرانٹ کا اعلان بھی کیا -

اس کے بعد انھوں نے کالج کی عمارت میں رسمی طور پر نمائش کا افتتاح کیا -

یہ نمائش بڑے سلیقے سے ترتیب دی گئی تھی - کالج کے پہلے پرنسپل ڈاکٹر لائٹنر سے لے کر موجودہ دور تک کے تمام اساتذہ کی مطبوعات کو پورے کالج میں سلیقے سے پھیلا دیا گیا تھا - اس کے لیے شیشے کے بڑے بڑے کیس استعمال کئے گئے تھے - کالج کی مطبوعات اور اورینٹل کالج میگزین کی تمام جلدیں بھی ایک کمرے میں جمع کی گئی تھیں - اساتذہ کی تصویروں کو بھی نہایت اہتمام سے دیواروں پر آویزاں کیا گیا تھا -

اس نمائش کو دیکھ کر پہلی نظر ہی میں یہ نقش دل پر بیٹھ جاتا تھا کہ اورینٹل کالج نے جتنا علمی کام کیا ہے، پاکستان و ہند کے کسی تدریسی ادارے نے اتنا کام نہیں کیا -

حاضرین اس نمائش کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے - یہ نمائش ایک ہفتے تک جاری رہی - اس کام میں ڈاکٹر وحید قریشی، ڈاکٹر سید ناظر حسن زیدی، ڈاکٹر عبیداللہ خان اور ڈاکٹر آفتاب اصغر نے گہری دلچسپی لی اور بڑی محنت سے یہ کام انجام دیا -

دس بجے کے بعد نمائش دیکھنے والے سینیٹ ہال کی طرف گئے - پنجاب کے وزیر خزانہ حنیف رامے اور سابق وائس چانسلر پروفیسر

حمید احمد خان، مندوبین، اساتذہ اور طلبا و طالبات سب چند منٹ میں سینیٹ ہال پہنچ گئے، کیونکہ اس وقت وہاں اورینٹل کالج کی ادبی خدمات کے موضوع پر کانگریس کا خصوصی اجلاس ہونے والا تھا۔

وزیر تعلیم ڈاکٹر عبدالخالق کی عدم موجودگی میں وزیر خزانہ حنیف رامے نے اس اجلاس کا افتتاح کیا اور پنجاب یونیورسٹی کے نامور وائس چانسلر پروفیسر حمید احمد خان نے اس کی صدارت کی۔

ساڑھے دس بجے کے قریب سینیٹ ہال مہمانوں سے پوری طرح بھر گیا، اور تلاوت کلام پاک سے جلسے کا آغاز ہوا۔

پہلے پروفیسر حمید احمد خان صاحب نے اپنی صدارتی تقریر کی۔ اپنی تقریر میں انہوں نے کہا کہ میں کئی سال کے بعد یونیورسٹی کی کسی تقریب میں شرکت کر رہا ہوں۔ اس کے بہت سے اسباب تھے جن کی وضاحت میں اس وقت نہیں کرنا چاہتا۔ اس جلسے میں میرے شامل ہونے کی وجہ اورینٹل کالج سے میری گہری دلچسپی ہے۔ میں اورینٹل کالج، اس کے اساتذہ اور علمی خدمات کو بڑے ہی احترام کی نظر سے دیکھتا ہوں۔ ہماری قومی اور ملی زندگی میں اورینٹل کالج نے نمایاں کام کیا ہے۔ اس کی ان کاوشوں کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ پنجاب یونیورسٹی کا نام بھی اورینٹل کالج نے روشن کیا ہے، کیونکہ اورینٹل کالج اور اس کے اساتذہ کی مطبوعات اس کے نام کو دور دور لے گئی ہیں، اور دنیا میں علوم مشرقی کے ماہروں نے نہ صرف ان کی اہمیت کا اعتراف کیا ہے، بلکہ ان سے استفادہ بھی کیا ہے۔ یہ سعادت شاید ہی برعظیم کے کسی دوسرے تدریسی ادارے کو نصیب ہوئی ہو۔

اس قسم کے خیالات کو ظاہر کرنے کے بعد انہوں نے حنیف رامے صاحب سے کہا کہ وہ اس اجلاس کا افتتاح کریں۔

حنیف رامے صاحب نے اپنی مختصر تقریر سے اس اجلاس کا افتتاح کیا۔ اس تقریر میں انہوں نے اورینٹل کالج کی خدمات کے بارے میں کم و بیش انہی خیالات کا اظہار کیا جو وہ علمی کام کی نمائش کے موقع پر ظاہر کر چکے تھے۔

وزیر خزانہ کی تقریر کے بعد مندوبین میں سے بعض نے پیغامات پڑھے اور مختصر تقریریں کیں۔ ان میں مشہد یونیورسٹی کے پروفیسر جلال متینی، تہران یونیورسٹی کے پروفیسر ناصر الدین شاہ حسینی، استنبول یونیورسٹی کے پروفیسر عبدالقادر قرہ خان، کابل یونیورسٹی کے پروفیسر وسی اللہ سمیعی، ڈرہم یونیورسٹی کے پروفیسر جان ہے ووڈ اور اسکول آف اورینٹل اینڈ افریکن اسٹڈیز کے پروفیسر رالف رسل کی مختصر تقریریں خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ان سب نے اورینٹل کالج کی علمی خدمات کو سراہا اور جشن صد سالہ کے موقع پر اپنے اپنے اداروں کی طرف سے اس ادارے کو خیر سگالی اور محبت کا پیغام دیا۔

ان پیغامات اور تقریروں کے بعد پرنسپل اورینٹل کالج نے پیرس کے پروفیسر محمد حمید اللہ، بون اور ہارورڈ کی مشہور و معروف محقق پروفیسر ڈاکٹر اینی میری شمل اور روم یونیورسٹی کے نامور پروفیسر الیسندرو بوسانی کے مقالے پڑھ کر سنائے۔ ان مقالوں میں اورینٹل کالج کے ماضی اور حال کا جائزہ لے کر اس کی علمی اور تحقیقی خدمات کو سراہا گیا تھا۔

اس اجلاس میں ڈاکٹر عبدالحمید، پروفیسر سید وقار عظیم، ڈاکٹر محمد باقر اور احمد ندیم قاسمی صاحب نے اورینٹل کالج کے مختلف پہلوؤں پر عالمانہ مقالے پڑھے۔

ڈاکٹر حمید نے اورینٹل کالج کی تاریخ کو ایک مختصر مقالے میں قلم بند کر کے تاریخ کے پروفیسر ہونے کا حق ادا کر دیا۔ اورینٹل کالج کے سابق پرنسپل ڈاکٹر محمد باقر نے اپنے زمانے کے اورینٹل کالج کی نہایت ہی خوبصورت تصویر کھینچی اور اس زمانے کے اساتذہ کا ذکر بڑے دلچسپ انداز میں کیا۔ پروفیسر سید وقار عظیم صاحب نے اپنے گراں قدر مقالے میں اورینٹل کالج کے طلبہ اور طالبات کے تحقیقی کام کی تفصیل پیش کی اور ایم۔ اے اور پی ایچ۔ ڈی کی ڈگریوں کے لیے جو کام ہوا ہے، اس کا مکمل جائزہ لیا۔ احمد ندیم قاسمی صاحب نے اپنے دلچسپ مقالے میں اورینٹل کالج کی خدمات کو سراہا۔ اس کے مخصوص ماحول

کی وضاحت کی اور اس نے علم و ادب کی دنیا میں جو کارنامے انجام دیے ہیں، ان کے بارے میں اپنے تاثرات پیش کیے۔

یہ اجلاس ایک بجے تک جاری رہا۔

اوریئنٹل کالج کی خدمات سے متعلق دوسرا اجلاس کھانے کے بعد دو بجے شروع ہوا۔ اس اجلاس کی صدارت کے لیے فیض صاحب اپنی گونا گون مصروفیتوں کے باوجود میری درخواست پر صرف چند گھنٹوں کے لیے اسلام آباد سے لاہور آئے۔

اجلاس شروع ہونے سے قبل ہی وہ سینیٹ ہال میں پہنچ گئے تھے۔ میں ہال میں پہنچا تو انہوں نے معانقہ کیا۔ میں نے ان سے معذرت کی اور کہا کہ مجھے افسوس ہے کہ جب آپ آئے تو میں استقبال کے لیے موجود نہیں تھا۔

کہنے لگے ''میں ابھی تھوڑی دیر ہوئی ہوائی جہاز سے لاہور پہنچا، سیدھا ادھر آ گیا۔ اس لیے چند منٹ پہلے پہنچ گیا''۔

میں نے شکریہ ادا کیا۔

کہنے لگے ''آج ہی مجھے واپس اسلام آباد جانا ہے۔ ضروری کام ہیں۔ میں اوریئنٹل کالج کا پرانا طالب علم ہوں۔ اس وجہ سے میرا اس اجلاس میں شریک ہونا ضروری تھا۔ پھر آپ کا اصرار تھا۔ یہ دونوں باتیں مجھے یہاں کھینچ لائی ہیں''۔

میں نے ایک دفعہ پھر شکریہ ادا کیا، اور درخواست کی کہ اسٹیج پر تشریف لے چلیے تاکہ اجلاس کی کارروائی شروع کی جائے۔

فیض صاحب نے صدارت کی کرسی سنبھالی، اور جلسے کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔

پہلے فیض صاحب نے اپنی صدارتی تقریر کی۔ انہوں نے اس تقریر میں یہ بتایا کہ گورنمنٹ کالج سے انگریزی میں ایم۔ اے کرنے کے بعد

وہ عربی میں ایم ۔ اے کرنے کی غرض سے اورینٹل کالج میں داخل ہوئے ۔ اس وقت مولوی محمد شفیع صاحب عربی کے پروفیسر اور کالج کے پرنسپل تھے ۔ انہوں نے ہمیں داخل کر لیا اور ہم نے اورینٹل کالج میں دو سال گزار کر عربی میں ایم ۔ اے کر لیا ۔ اس زمانے میں بھی اورینٹل کالج بہت مشہور تھا ۔ بڑے بڑے اساتذہ یہاں موجود تھے ، اور تدریس اور تحقیق دونوں کی ایک عظیم روایت اس کالج میں موجود تھی ۔ اورینٹل کالج کی اس روایت کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا ۔ ان کے نقوش ہماری زندگی پر بڑے گہرے ہیں ۔

فیض صاحب کی اس صدارتی تقریر کے بعد اورینٹل کالج کی خدمات کے بارے میں سمپوزیم شروع ہوا ۔ اس اجلاس میں پروفیسر صوفی غلام مصطفے تبسم، ڈاکٹر عبداللہ چغتائی، ڈاکٹر میر ولی خان، حکیم نیر واسطی، مولانا عبدالقدوس اور ڈاکٹر صابر علی خان نے اپنے زمانے کے اورینٹل کالج کے متعلق تاثراتی تقریریں کیں جن سے گذشتہ ساٹھ ستر سال کے اورینٹل کالج کی مختلف تصویریں سامنے آگئیں ۔ حاضرین جلسہ نے ان تقریروں میں گہری دلچسپی لی اور ان سے بہت لطف اندوز ہوئے ۔

دو عالمانہ مقالے بھی اس اجلاس میں پڑھے گئے ۔ ایک تو کراچی یونیورسٹی کے پروفیسر اردو اور ڈین فیکلٹی آف آرٹس ڈاکٹر ابواللیث صدیقی کا مقالہ جو انہوں نے اورینٹل کالج کے بانی اور پہلے پرنسپل ڈاکٹر لائٹنر کے بارے میں پڑھا ۔ دوسرا کالج کے پرانے طالب علم اور لاہور کے جج چوھدری غلام رسول اظہر نے اورینٹل کالج کے عربی کے سابق پروفیسر اور پرنسپل ڈاکٹر برکت علی قریشی کی شخصیت پر نہایت ھی مفصل، جامع اور مفید مقالہ پڑھا ۔

لیث صاحب نے نہایت عالمانہ انداز میں ڈاکٹر لائٹنر کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں کی وضاحت کی، ان کے علمی اور تعلیمی کام پر روشنی ڈالی اور اورینٹل کالج، مشرقی علوم اور نظام تعلیم کے سلسلے میں ان کی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا ۔ چوھدری صاحب نے ڈاکٹر برکت علی قریشی

مرحوم کی شخصیت کا ایسا خاکہ پیش کیا کہ حاضرین نے انہیں چلتے پھرتے، ھنستے بولتے اور عالمانہ باتیں کرتے ہوئے دیکھ لیا، اور ان کی شخصیت کی مکمل تصویر آنکھوں کے سامنے آ گئی۔

پانچ بجے کے قریب اورینٹل کالج کے بارے میں یہ صحبت اختتام کو پہنچی۔ پرنسپل نے فیض صاحب اور مہمانوں کا شکریہ ادا کیا ، اور چائے کی ایک پیالی پی کر سب مہمان رخصت ہوئے۔

شب کو یونائیٹڈ بنک کی طرف سے مہمانوں کے اعزاز میں فلیٹیز ہوٹل میں پرتکلف عشائیہ دیا گیا۔

اس عشائیے میں مہمانوں کا استقبال یونائیٹڈ بنک کے مہتمم جناب سلطان محمد خان نے کیا۔ پنجاب کے وزیر اعلی جناب ملک معراج خالد بھی اس میں شریک ہوئے اور مہمانوں کے سامنے اردو میں تقریر کی، جس کا ترجمہ انگریزی میں سلطان محمد خان صاحب نے کیا۔

تقریباً گیارہ بجے رات تک یہ پر لطف محفل جاری رہی۔

حدیث حجاز

(مجلس اسلامیات اور عربی زبان و ادب)

پروگرام کے مطابق اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کے سلسلے میں ہونے والی ماہرین علوم مشرقی کی بین الاقوامی کانگریس کا دوسرا اجلاس تیسرے دن بدھ (۲۱ مارچ ۱۹۷۳ء) کو صبح نو بجے سینیٹ ہال میں شروع ہوا ۔ تلاوت کلام پاک سے اس کا آغاز ہوا ۔

یہ اجلاس اسلامیات اور عربی زبان و ادب کے بارے میں تھا ۔ اس کے افتتاح کے لیے پاکستان میں مراکش کے سفیر ہز اکسیلنسی ڈاکٹر السادانی سے درخواست کی گئی تھی ۔ لیکن وہ بعض مجبوریوں کی وجہ سے تشریف نہ لا سکے ۔ پروگرام کے مطابق اس اجلاس کے صدر لائیڈن یونیورسٹی کے اسلامیات کے پروفیسر جے ۔ ایم ۔ ایس بولجان تھے ۔ انہوں نے اس اجلاس کی صدارت بھی کی اور اس کا افتتاح بھی کیا ۔

پروفیسر بولجان نے شروع میں صدارتی تقریر کی جس میں اسلام، اسلامی علوم، اسلامی نظام فکر کا ذکر کیا اور انسانی تاریخ میں اس کی

اہمیت پر روشنی ڈالی ۔ پھر کچھ تذکرہ اورینٹل کالج کا کیا ۔ پھر لائیڈن یونیورسٹی اور اورینٹل کالج کے باہمی رابطے کی وضاحت کی، اور اورینٹل کالج میں جو کام ہوا ہے اس کو سراہا۔ جشن صد سالہ اور بین الاقوامی کانگریس کی اہمیت واضح کی ۔ کانگریس کے منتظمین اور مندوبین کا شکریہ ادا کیا ۔ اور مقالہ پڑھنے والوں سے یہ درخواست کی کہ مقالوں کی تعداد، چونکہ زیادہ ہے ، اور وقت کم ہے ، اس لیے بیس منٹ سے زیادہ وقت نہ لیں ۔

اس پر عمل کیا گیا ۔

سب سے پہلے هارورڈ یونیورسٹی سے آئے ہوئے اسکالر ڈاکٹر ڈڈلے وڈبری نے ''محمد عبدہ'' پر اپنا مقالہ پڑھا ۔ اس کے بعد ڈرھم یونیورسٹی کے پروفیسر اور اسکول آف اورینٹل اسٹڈیز کے ڈائرکٹر جان ہے ووڈ نے اپنا مقالہ پڑھا ۔ پھر مدینہ یونیورسٹی کے شیخ ناصر العبودی اور شیخ علی مشرف نے مقالے پڑھے۔ قاہرہ یونیورسٹی کی پروفیسر ڈاکٹر فاطمہ موسیٰ محمود نے شرکت کا وعدہ کیا تھا اور مقالہ بھی پہلے بھجوا دیا تھا ، لیکن وہ کسی وجہ سے لاہور نہ پہنچ سکیں ۔ اس لیے ڈاکٹر رانا احسان الٰہی نے ان کا مقالہ ''جدید عربی کا افسانوی ادب'' پڑھ کر سنایا ۔ آخر میں ڈاکٹر پیر محمد حسن اور مولانا عبدالقدوس (پشاور یونیورسٹی) نے اپنے مقالے پڑھے ۔

دو بجے کے بعد اس اجلاس کا دوسرا سیشن شروع ہوا ۔ پروگرام کے مطابق اس سیشن کی صدارت الازہر یونیورسٹی کے شیخ الفحام کرنے والے تھے ۔ لیکن وہ دسمبر میں لاہور تشریف لائے تھے اور اورینٹل کالج کے جلسے میں شرکت کر کے واپس چلے گئے تھے ۔ مارچ میں پھر آنے کا وعدہ کیا تھا، لیکن خرابی صحت کے باعث تشریف نہ لا سکے ۔ اس لیے اس اجلاس کی صدارت اورینٹل کالج کے نامور فرزند، لکھنؤ یونیورسٹی کے عربی اور اسلامیات کے سابق پروفیسر اور صدر شعبہ اور فیکلٹی آف آرٹس کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر محمد وحید مرزا نے کی ۔ سکرٹری کے فرائض عربی کے پروفیسر ڈاکٹر رانا احسان الٰہی نے انجام دیے ۔

ڈاکٹر وحید مرزا نے اورینٹل کالج کے پرانے طالب علم کی حیثیت سے کچھ اپنے زمانے کے کالج اور اساتذہ کی باتیں کیں ۔ ان کی تدریسی اور تحقیقی کاوشوں کا ذکر کیا، اور اسلامی علوم اور عربی زبان و ادب میں جو کارنامے انہوں نے انجام دیے ہیں، ان کی وضاحت کی ۔ پھر جشن صد سالہ منانے پر اطمینان کا اظہار کیا اور علوم مشرقی کی بین الاقوامی کانگریس کو سراہا ۔

ڈاکٹر صاحب کی صدارتی تقریر کے بعد مقالے پڑھے گئے ۔ سب سے پہلے لائیڈن یونیورسٹی (نیدر لینڈ) کے پروفیسر اسلامیات پروفیسر بوآجان نے شاہ ولی اللہ پر اپنا مقالہ پڑھا ۔ اس کے بعد کراچی یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر محمد یوسف نے اپنا مقالہ پڑھا ۔ پروفیسر قدرت اللہ فاطمی نے حجاج کی جہاز رانی پر اپنا تحقیقی مقالہ پیش کیا ۔ قاہرہ کے پروفیسر عبدالمقصود شلقامی نے بھی اس اجلاس میں اپنا مقالہ پڑھا ۔ آخر میں ملتان کی اسماء رشید صاحبہ نے فلسطین کی شاعری پر اپنا نہایت دلچسپ مقالہ پیش کیا ۔ مقالے تعداد میں زیادہ تھے، اس لیے بعض مقالے پڑھے نہ جا سکے ۔

یہ اجلاس پانچ بجے تک جاری رہا ۔

میں اس اجلاس میں صرف تھوڑی دیر کے لیے شریک ہو سکا کیونکہ ڈھائی بجے کے قریب مجھے ہوائی اڈے جانا پڑا ۔

رات کو اورینٹل کالج میں فارسی کے وزیٹنگ پروفیسر ڈاکٹر پناہی نے یہ اطلاع دی تھی کہ سفیر کبیر شاہنشاہ ایران جناب آقای منوچہر ظلی ۳ بجے کی پرواز سے لاہور پہنچیں گے ۔

میں نے انہیں خاص طور پر فارسی کے اجلاس کے افتتاح کے لیے دعوت دی تھی، اور انہوں نے از راہ نوازش اس کو قبول فرمایا تھا ۔ اس لیے ظاہر ہے کہ میرے لیے ہوائی اڈے پر ان کا استقبال کرنا ضروری تھا ۔

چنانچہ میں اس اجلاس کے صدر سے اجازت لے کر اپنے بعض رفقاء کے ساتھ ہوائی اڈے پر پہنچا ۔

سوا تین بجے کے قریب اسلام آباد سے جہاز آیا ۔ آقای منوچہر ظلی اس جہاز سے تشریف لائے ۔ ہم نے جہاز کے قریب جا کر ان کا استقبال کیا ۔ خوش آمدید کہا، گلے میں ہار ڈالے، انہیں وی، آئی، پی روم میں لائے ۔ تھوڑی دیر باتیں ہوئیں ۔

پھر پناہی صاحب انہیں اپنی جائے قیام پر لے گئے اور ہم واپس سینیٹ ہال آ گئے ۔

اس وقت ساڑھے چار بج چکے تھے، اور عربی کا دوسرا اجلاس ختم ہونے کے قریب تھا ۔ میں مشکل سے بیس منٹ ہال میں بیٹھا ہوں گا کہ پانچ بجے کے قریب یہ اعلان ہوا کہ اجلاس ختم ہوتا ہے ۔

اجلاس کے ختم ہونے کے بعد ہم لوگ مہمانوں کے ساتھ اٹھ کر سنڈیکیٹ روم میں گئے جہاں چائے کا انتظام تھا ۔ مہمانوں کے ساتھ چائے پی اور باتیں کیں ۔

چند منٹ میں چائے پی کر سب لوگ رخصت ہوئے ۔

شب کو آج عشائیہ خانہ فرہنگ ایران کی طرف سے ترتیب دیا گیا تھا ۔

ہم لوگ آٹھ بجے کے قریب خانہ فرہنگ، گل برگ پہنچے تو دیکھا آقای فرزانہ‌پور مہمانوں کا استقبال کر رہے ہیں ۔ خانہ فرہنگ کی عمارت بڑی خوبصورتی سے سجائی گئی ہے ۔ روشنی کا بھی نہایت عمدہ انتظام ہے ۔ ہر طرف رنگ و نور کی بارش ہے ۔

اس دلکش اور دلاویز ماحول میں مہمانوں نے کھانا کھایا، اور دس بجے کے قریب رخصت ہوئے ۔

خیابان ایران

جمعرات ۱۵ مارچ ۱۹۷۳ء

آج ۹ بجے صبح ایران کی تاریخ و ثقافت اور فارسی زبان و ادب کا اجلاس شروع ہونے والا تھا۔ میں ۸ بجے صبح کالج پہنچ گیا اور آج کے اجلاس کے لیے کچھ ضروری کام کر رہا تھا کہ فون کی گھنٹی بجی۔

میں نے فون اٹھایا۔

لاہور کے ہوائی اڈے سے پی آئی اے کے عملے کے کوئی صاحب بول رہے تھے۔

کہنے لگے ''آپ کے جشن صد سالہ میں شرکت کے لیے ایک مہمان ان سے تشریف لائے ہیں۔ مجتبی مینوی اپنا نام بتاتے ہیں۔''

میں پروفیسر آقای مجتبی مینوی کا نام سن کر کچھ حیران و پریشان ہوا۔ میں نے انہیں چند روز ہوئے تار دیا تھا اور فارسی کے اجلاس میں شرکت کی درخواست کی تھی۔ انہوں نے کرم فرمایا اور لاہور تشریف لے آئے۔

حیرت اور مسرت کے عالم میں میں نے پی۔آئی۔اے والوں سے کہا "پروفیسر صاحب ہمارے بڑے ہی محترم مہمان ہیں۔ آپ ان کا استقبال کیجئے۔ خوش آمدید کہیے اور فی الحال فون انہیں دے دیجیے، میں بات کروں گا۔"

"اقبال لاہوری" کے مصنف پروفیسر آقای مجتبی مینوی انگریزی میں بول رہے تھے۔ "میں لاہور آ گیا ہوں اور آج فارسی کے اجلاس میں شرکت کروں گا۔"

میں نے کہا "آپ نے بڑا کرم فرمایا۔ ہم سب آپ کے ممنون احسان ہیں۔ آپ نے جو لطف فرمایا ہے اور جو نوازش کی ہے اس کو ہم کبھی بھی فراموش نہیں کر سکتے۔ آپ کی پرواز کا صحیح علم نہیں تھا، ورنہ میں آپ کے استقبال کے لیے ضرور ہوائی اڈے پر موجود ہوتا۔ اب صرف چند منٹ میں فارسی کے پروفیسر آپ کے پاس پہنچ رہے ہیں۔"

میں نے ٹیلی فون بند کیا۔ شکور صاحب، آفتاب اصغر اور ڈاکٹر میاں بشیر حسین کو بلایا، ان کو یہ خوش خبری سنائی اور کہا "گاڑی حاضر ہے۔ زحمت کیجیے اور ہوائی اڈے تشریف لے جائیے۔"

شکور صاحب آفتاب اصغر اور میاں بشیر حسین خوش ہوئے اور پروفیسر مجتبی مینوی کو لینے کے لیے ہوائی اڈے پہنچ گئے، اور تھوڑی دیر میں انٹرنیشنل ہوٹل پہنچ کر مجھے فون کیا کہ پروفیسر صاحب کو ہوٹل پہنچا دیا گیا ہے۔ تیار ہونے میں انہیں کوئی آدھ گھنٹہ لگے گا۔"

میں نے کہا "آپ اطمینان سے آئیے۔ ہم اجلاس کی کارروائی ذرا تاخیر سے شروع کریں گے۔ پروفیسر صاحب کی موجودگی سے اجلاس کی رونق دوبالا ہو جائے گی۔"

ساڑھے نو بجے کے قریب پروفیسر مجتبی مینوی ڈاکٹر جسٹس ایس۔اے رحمن اور اساتذۂ فارسی کے ساتھ سینیٹ ہال میں پہنچے۔ اس وقت تک سینیٹ ہال پوری طرح بھر چکا تھا۔ سب نے کھڑے ہو کر پروفیسر

صاحب کا استقبال کیا ۔ مندوبین میں ڈاکٹر ناصر الدین شاہ حسینی، ڈاکٹر مظاہر مصفا، ڈاکٹر سجادی، اور ڈاکٹر جلال متینی نے ان سے معانقہ کیا ۔

یہ منظر دیکھنے سے تعلق رکھتا تھا ۔

ابھی پروفیسر مجتبی مینوی کا استقبال ہو ہی رہا تھا کہ سفیر کبیر ایران هز اکسیلنسی آقای منوچہر ظلی کے آنے کی خبر ملی ۔ ہم لوگ ان کے استقبال کے لیے ہال سے باہر گئے، اور انہیں ہال میں لا کر مہمان خصوصی کی نشست پر بٹھا دیا ۔

اب اجلاس شروع ہوا ۔ سکرٹری کے فرائض شکور احسن صاحب نے انجام دیے ۔

اس اجلاس کے صدر پروگرام کے مطابق تہران یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر سید ناصر الدین شاہ حسینی تھے ۔ جب ان سے کرسی صدارت پر تشریف لانے کی درخواست کی گئی تو انہوں نے اپنی نشست پر جا کر یہ فرمایا کہ ''میں صدارت کے اعزاز کے لیے تہ دل سے شکر گزار ہوں ، لیکن اس جلسے میں استاذ الاساتذہ پروفیسر آقای مینوی تشریف فرما ہیں ۔ میں ان کی موجودگی میں صدارت کس طرح کر سکتا ہوں ۔''

یہ کہہ کر انہوں نے پروفیسر مینوی سے درخواست کی کہ وہ تشریف لائیں ۔ چنانچہ وہ کرسی صدارت پر تشریف لائے ۔ دونوں نے معانقہ کیا ۔

اور اس طرح دونوں کی صدارت میں اس اجلاس کا آغاز ہوا ۔

پہلے قاری ظریف صاحب نے کلام پاک کی تلاوت کی ۔ اس کے بعد پروفیسر مجتبی مینوی نے اپنی صدارتی تقریر شروع کی ۔ انہوں نے پاکستان اور ایران، ان دونوں برادر ملکوں کے تعلقات، علامہ اقبالؒ، اورینٹل کالج اور اس کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور پھر علامہ اقبالؒ کی زبور عجم سے ایک غزل اور ایک نظم کے کچھ اشعار اپنے مخصوص والہانہ انداز میں پڑھے ۔ ان کے پہلے مصرعے یہ ہیں :

چون چراغ لالہ سوزم در خیابان شما

اے غنچۂ خوابیدہ چو نرگس نگران خیز

اور پھر اس اجلاس کے مہمان خصوصی سفیر کبیر شاھنشاہ آریا مہر آقای منوچہر ظلی سے درخواست کی کہ وہ ایرانی تاریخ، ثقافت اور فارسی زبان و ادب کے اجلاس کا افتتاح فرمائیں ۔

چنانچہ ہز اکسیلنسی نے اس اجلاس کا افتتاح فرمایا ۔

اپنے افتتاحیہ خطبے میں انہوں نے ایران اور پاکستان کے برادرانہ تعلقات کا ذکر کیا ۔ دونوں برادر ملکوں کے ثقافتی رشتوں پر روشنی ڈالی ۔ اورینٹل کالج کی تدریسی اور تحقیقی روایت کو سراھا اور اس کے جشن صد سالہ کے موقع پر ہونے والی بین الاقوامی کانگریس کا خیر مقدم کیا ۔

اس تقریر کے بعد تہران یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر مظاہر مصفا نے لاھور کی تعریف میں اپنا قصیدہ پڑھا، جس کو سن کر حاضرین جھوم جھوم اٹھے اور ان پر ایک سرخوشی کا عالم طاری ھو گیا ۔ یہ شاہکار قصیدہ اس جشن نامے میں اپنے مقام پر درج ہے ۔

اب مقالات شروع ھوئے ۔

اس اجلاس میں مشہد یونیورسٹی (ایران) کے پروفیسر ڈاکٹر جلال متینی اور ڈاکٹر عبدالمحسن مشکاۃ الدینی، کابل یونیورسٹی، افغانستان کے پروفیسر وصی اللہ سمیعی، تہران یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر ضیاء الدین سجادی، ڈرھم یونیورسٹی، انگلستان کے پروفیسر جان ہے ووڈ، استنبول یونیورسٹی (ترکی) کے پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر قرہ خان نے اور اورینٹل کالج میں فارسی کے وزیٹنگ پروفیسر ڈاکٹر احمد علی پناھی نے اپنے اپنے مقالے پڑھے ۔

ایک بجے یہ اجلاس ختم ھوا ۔

ایران اور فارسی زبان کا دوسرا اجلاس ظہرانے کے بعد ڈھائی بجے کے قریب شروع ھوا ۔ اس کی صدارت کابل یونیورسٹی کے پروفیسر وصی اللہ سمیعی نے کی ۔

سمیعی صاحب نے پہلے سیشن میں اپنا مقالہ فصیح عربی زبان میں پڑھا تھا۔ اب صدارتی تقریر نہایت فصیح اور رواں فارسی زبان میں کی اور کلام پاک کی آیتوں کے حوالے سے عالم اسلام کی یک جہتی اور اتحاد کی اہمیت کو واضح کیا۔ فارسی زبان و ادب پر بھی روشنی ڈالی اور اورینٹل کالج کی خدمات کو بھی سراہا۔

ان کی تقریر فن خطابت کا نہایت عمدہ نمونہ تھی۔ ان کی ہر بات دل سے نکلی ہوئی آواز معلوم ہوتی تھی اور ان کا ہر خیال خلوص اور صداقت میں ڈوبا ہوا محسوس ہوتا تھا۔

اس اجلاس میں تہران یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر ناصر الدین شاہ حسینی، کابل یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر سعید افغانی، کراچی یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر عابد علی خان اور پشاور یونیورسٹی کے ڈاکٹر کے۔ بی نسیم نے مقالے پڑھے۔

پانچ بجے تک یہ اجلاس جاری رہا۔ چائے کے بعد مندوبین اور دوسرے مہمان رخصت ہوئے۔

آج کے عشائیے کا انتظام پیکیجز لمیٹڈ نے اپنے کارخانے میں فیروز پور روڈ پر کیا تھا۔ اور قوالی کی محفل بھی ترتیب دی تھی۔ آٹھ بجے کے قریب مہمان پیکیجز لمیٹڈ میں پہنچ گئے، عشائیے میں شرکت کی اور قوالی کی محفل سے محظوظ ہوئے۔

یہ پر کیف محفل رات کے بارہ بجے تک جاری رہی اور ہر گوشۂ بساط کو دامان باغبان و کف گل‌فروش بناتی رہی۔

محفل آردو و ثقافت اسلامیان پاکستان و ہند

ماہرین علوم مشرقی کی بین الاقوامی کانگریس کا پروگرام بنانے وقت یہ طے کیا گیا تھا کہ اردو کے اجلاس کو صرف اردو زبان اور ادب کے مختلف پہلوؤں ہی تک محدود نہ رکھا جائے، بلکہ اسلامیان پاکستان و ہند کی تاریخ، ثقافت اور ادب کو بھی اس میں شامل کر لیا جائے تا کہ اس اجلاس کا دائرہ ذرا وسیع ہو جائے۔

یہ اجلاس جمعہ کے دن ۱۶ مارچ ۱۹۷۳ء کو ۹ بجے صبح سینیٹ ہال میں شروع ہوا۔

اس اجلاس کے افتتاح کے لیے میں نے مولانا کوثر نیازی صاحب کو زحمت دی تھی۔ انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ وہ انشاء اللہ ضرور ۱۶ مارچ کو اس اجلاس کا افتتاح کریں گے، اور اس موضوع کے لیے خاص طور پر ایک خطبہ بھی تیار کریں گے۔ لیکن وہ نیشنل اسمبلی میں اپنی بعض مصروفیات کی وجہ سے صبح لاہور نہ پہنچ سکے۔ فون پر انہوں نے یہ اطلاع دی کہ وہ دوپہر کی پرواز سے لاہور پہنچیں گے۔ اس لیے ان کا پروگرام دوسرے اجلاس میں رکھا گیا۔

صبح کے اجلاس کی صدارت اسکول آف اورینٹل اینڈ افریکن اسٹڈیز لندن کے استاد اردو پروفیسر رالف رسل نے کی۔ افتتاح بھی انہیں کے ھاتھوں ھوا۔

رسل نے مختصر تقریر میں اسلامیان پاکستان و ھند کی ثقافت پر روشنی ڈالی اور اردو زبان اور ادب کی اھمیت کو واضح کیا۔ فصیح اردو میں انہوں نے یہ بھی بتایا کہ انہیں اردو زبان اور ادب سے کب کیوں اور کیسے دلچسپی پیدا ھوئی اور یہ کہ انہوں نے اب تک کیا کام کیا ھے۔ انہوں نے اورینٹل کالج کو جشن صد سالہ منانے پر مبارک باد دی اور اس اھم ادارے کی علمی ادبی خدمات کو سراھا۔

اس صدارتی تقریر کے بعد مقالات پڑھے گئے۔ سب سے پہلے پنجاب یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر اور اردو زبان کے نامور ادیب اور ماھر تعلیم پروفیسر حمید احمد خان نے مولانا حالی کی نادر و نایاب تالیف ''سفر نامہ حکیم ناصر خسرو'' پر مختصر لیکن دلچسپ مقالہ پڑھا۔ ان کے بعد لائیڈن یونیورسٹی کے پروفیسر بولجان نے شاہ ولی اللہ دھلوی کے فلسفۂ حیات پر نہایت خیال انگیز مقالہ پڑھا۔ ان کے بعد پشاور یونیورسٹی کے ڈاکٹر محمد شمس الدین صدیقی نے کلام سودا کے اھم قلمی نسخوں پر، کراچی یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر ریاض الاسلام نے وسط ایشیا اور برعظیم پاکستان و ھند کے روابط پر اور ڈاکٹر منظور احمد نے علامہ اقبالؒ پر، پشاور یونیورسٹی میں چینی زبان کے استاد خاطر غزنوی نے اردو، پنجابی اور چینی زبان کے تعلق پر، اور کراچی یونیورسٹی کے ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے اردو اور علاقائی زبانوں کے موضوع پر اپنے اپنے مقالے پیش کئے، جو بہت پسند کئے گیے۔ سوویت یونین کی پروفیسر ڈاکٹر مارا استپانیس دسمبر میں لاھور آ کر اپنا مقالہ علامہ اقبالؒ کے فلسفہ اخلاق پر پڑھ چکی تھیں۔ اس اجلاس میں اس مقالے کا خلاصہ پڑھ کر سنا دیا گیا۔ مشیگن یونیورسٹی امریکہ کے ڈاکٹر کارلو کپولا، جو اپنے رسالے ''محفل'' کی وجہ سے اردو دنیا میں مشہور ھیں، بعض مجبوریوں کے باعث لاھور نہ پہنچ سکے، لیکن انہوں نے اپنا گراں قدر مقالہ اردو کی ترقی پسند تحریک اور یورپ کے موضوع پر ھوائی ڈاک سے مجھے بھیج دیا۔ ایک دن پہلے

ان کا پارسل مل گیا ۔ اس لیے ان کا یہ مقالہ بھی اس اجلاس میں پڑھ کر سنا دیا گیا ۔

یہ اجلاس ڈیڑھ بجے کے قریب ختم ھوا ۔

ظہرانے کے بعد اس سلسلے کا دوسرا اجلاس ڈھائی بجے شروع ھوا ۔ اس کی صدارت سندھ یونیورسٹی کے پروفیسر اور صدر شعبہ اردو ڈاکٹر غلام مصطفے خان صاحب نے کی ۔

اجلاس کو شروع ھوئے ابھی آدھ گھنٹے سے زیادہ نہیں ھوا تھا کہ مولانا کوثر نیازی ھوائی اڈے سے سیدھے سینیٹ ھال پہنچ گئے اور اپنی نشست سنبھال لی ۔ انہوں نے حاضرین سے معذرت کی اور کہا کہ نیشنل اسمبلی میں ان کی موجودگی ضروری تھی ، اس لیے وہ صبح لاھور نہ پہنچ سکے ۔ افتتاحی اجلاس میں شریک نہ ھونے پر انہوں نے اظہار افسوس کیا ۔

اس مختصر سی تقریر کے بعد مولانا نے اپنا خطبہ پڑھا، جس میں اردو زبان کی وسعت، ھندی مسلمانوں کی جدو جہد آزادی میں اس کی اھمیت اور قیام پاکستان کی تحریک میں اس کے کارھائے نمایاں پر روشنی ڈالی ۔ موجودہ دور میں اس زبان اور اس کے ادب کے لیے جو کچھ کیا جا رھا ھے، خاص طور پر عوامی حکومت نے اس کو جو اھمیت دی ھے اور قومی تعمیر میں اس کی ضرورت کو جس طرح محسوس کیا ھے، اس پر تفصیل سے اظہار خیال کیا ۔ اردو کی خدمت کے لیے انہوں نے اورینٹل کالج کی کوششوں کو بھی سراھا ۔

مولانا کے خطبے کے بعد مقالات کا دور شروع ھوا۔ سب سے پہلے لندن یونیورسٹی کے استاد پروفیسر رالف رسل نے انگلستان میں اردو کی تعلیم کے موضوع پر پر از معلومات مقالہ پڑھا ۔ اس کے بعد کراچی یونیورسٹی کے پروفیسر فلسفہ ڈاکٹر منظور احمد نے علامہ اقبالؒ کے فلسفیانہ خیالات کے موضوع پر، ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی نے ڈاکٹر لائٹنر اور اورینٹل کالج کے

موضوع پر، اور ڈاکٹر افتخار احمد غوری نے دکنی اردو کے موضوع پر اپنے اپنے مقالے پڑھے۔

پانچ بجے یہ اجلاس ختم ہوا تو مولانا کوثر نیازی اور تمام مندوبین سنڈیکیٹ روم میں گئے جہاں چائے کا انتظام تھا۔ اس موقع پر مندوبین نے مولانا کوثر نیازی سے بھی باتیں کیں، اور مختلف موضوعات پر آپس میں تبادلۂ خیال کیا۔

چھ بجے کے قریب سب مہمان رخصت ہوئے۔

میں نے مولانا کوثر نیازی کا ذاتی طور پر شکریہ ادا کیا اور انہیں اسلام آباد رخصت کیا، کیونکہ نیشنل اسمبلی کے اجلاس کی وجہ سے ان کی واپسی اسی شب ضروری تھی۔

آٹھ بجے شب کو حبیب بینک کی طرف سے فلیٹیز میں عشائیہ کا انتظام تھا۔ مندوبین اور دوسرے مہمان آٹھ بجے کے قریب فلیٹیز پہنچ گئے۔ عشائیے میں شرکت کی اور دس بجے تک باتیں کرتے رہے۔

آج عشائیے کے بعد تقریریں نہیں ہوئیں۔ غیر رسمی سا ماحول رہا، اور مہمانوں نے اس غیر رسمی ماحول کو بہت پسند کیا۔

شاید اس وجہ سے کہ لوگ تھک کر چور ہو چکے تھے۔

بہار آخر شد

ہفتہ ۱۷ مارچ ۱۹۷۳ء

آج کانگریس کا آخری دن تھا۔

کل رات ہی سے مجھے جشن صد سالہ کے ختم ہونے کا احساس ہونے لگا تھا۔ کئی سال سے ہم جس کی منصوبہ بندی کر رہے تھے، اور کئی مہینے جس کو کامیاب بنانے کے لیے ہم سب شب و روز محنت کر رہے تھے، وہ پروگرام آج ختم ہونے والا تھا۔

اس احساس سے میرے اندر مسرت اور اداسی کے ملے جلے جذبات پیدا ہو رہے تھے۔ مسرت اس بات کی تھی کہ ہماری محنت بار آور ہوئی اور جو کچھ ہوا خوش‌اسلوبی سے ہوا اور احساس غم اس بات کا کہ ایک ہفتے تک جو رونق اس شہر اور اس کالج میں رہی وہ آج ہماری آنکھوں سے اوجھل ہو جائے گی۔ دور دور سے آئے ہوئے مہمان رخت سفر باندھیں گے، اور اپنے اپنے ملکوں اور شہروں کو واپس چلے جائیں گے۔

اور پھر یہ احساس بھی تھا کہ جو آئندہ سو سال تک زندہ رہے گا وہی آئندہ اوریئنٹل کالج کا دوسرا جشن صد سالہ دیکھ سکے گا۔ ایک صدی

تک اب اس کالج کا جشن صد سالہ نہیں منایا جا سکتا ۔ لیکن ایک صدی کی مہلت بھلا کس کو نصیب ہوتی ہے؟ ۔

ان احساسات اور خیالات کے سائے میں آج کے اجلاس کا آغاز ہوا ۔

حسب معمول ۹ بجے مندوبین اور مہمان سینیٹ ہال میں جمع ہوئے ۔ پروگرام کے مطابق آج پنجابی زبان اور ادب کے دو اجلاس ہونے والے تھے ۔

پہلا اجلاس ۹ بجے کے بعد شروع ہوا ۔ اس کی صدارت علامہ علاؤالدین صدیقی صاحب نے کی اور اس میں پنجابی زبان و ادب کے مختلف پہلوؤں پر ڈاکٹر لئیق بابری، مرزا مقبول بیگ بدخشانی، جناب اسلم قریشی اور بیگم رضیہ مدد علی نے مقالے پڑھے ۔

علامہ صاحب نے اپنی صدارتی تقریر میں پنجابی زبان اور ادب کی اہمیت کو واضح کیا اور اس اجلاس کی ترتیب پر اچھے خیالات ظاہر کیے ۔

پنجابی کا دوسرا اجلاس، کافی کے بعد، ۱۱ بجے شروع ہوا ۔ اس کی صدارت پنجابی اور اردو کے مشہور شاعر جناب صوفی تبسم صاحب نے کی اور جناب جیلانی کامران، عین الحق فرید کوٹی، قیوم نظر اور اسمعیل بھٹی صاحب نے پنجابی زبان اور ادب پر اپنے مقالے پیش کیے ۔

ایک بجے کے قریب یہ اجلاس ختم ہوا ۔

ظہرانے کے بعد دو بجے پھر مندوبین اور دوسرے مہمان سینیٹ ہال میں جمع ہوئے اور کانگریس کا آخری اجلاس شروع ہوا ۔

استنبول یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر قرہ خان نے اس اجلاس کی صدارت کی ۔ انہوں نے اپنی صدارتی تقریر میں اس اجلاس کی اہمیت واضح کی اور کہا کہ آج مختلف ملکوں سے آئے ہوئے مندوبین اپنے اپنے ملکوں میں علوم مشرقی کے مختلف شعبوں کی ترقی کے موضوع پر اجلاس میں تقریریں کریں گے اور آخر میں علوم مشرقی کی ترقی کے متعلق چند قرار دادیں پیش کی جائیں گی ۔

چنانچه رالف رسل اور جان ے ووڈ نے انگلستان میں مشرقی علوم کی ترقی کی وضاحت کی ۔ لائیڈن (ہالینڈ) میں جو کام ہو رہا ہے اس پر پروفیسر بولجان نے روشنی ڈالی، ایران میں جو کام ہو رہا ہے اس کی تفصیل ناصر الدین شاہ حسینی نے پیش کی ۔ افغانستان میں جو کام ہو رہا ہے اس کے بارے میں کابل یونیورسٹی کے پروفیسر وصی اللہ سمیعی نے معلومات بہم پہنچائی ۔ امریکہ میں بر عظیم پاکستان و ہند اور جنوبی ایشیا سے متعلق جو کام ہو رہا ہے اس کے بارے میں ڈاکٹر کارلو کپولا کا مقالہ پڑھ کر سنایا گیا جو انہوں نے خاص طور پر مشیگن سے اس اجلاس کے لیے تیار کر کے بھیجا تھا۔ جرمنی میں جو کام ہوا ہے اور اب ہو رہا ہے اس کی تفصیل پروفیسر اینی میری شمل کے مقالے سے معلوم ہوئی جو انہوں نے خاص طور پر اجلاس کے لیے لکھ کر بھیجا تھا ۔ اس کے کچھ حصے بھی اس اجلاس میں پڑھ کر سنائے گئے ۔ آخر میں اس اجلاس کے صدر پروفیسر قرہ خان نے ترکی میں جو کام ہو رہا ہے اس پر تقریر کی ۔

غرض یہ مذاکرہ بہت ہی معلومات افزا اور دلچسپ رہا ۔

آخر میں مشرقی علوم کی ترقی، ان کے مسائل کو حل کرنے، پروفیسروں اور محققوں کے آپس میں تعاون بڑھانے، اورینٹل کالج کی خدمات کو سراہنے اور اس کو سنٹر آف اکسیلنس بنانے کے لئے بیرونی ممالک سے آئے ہوئے مندوبین نے قراردادیں پیش کیں، جن کو متفقہ طور پر منظور کیا گیا ۔

اس کے بعد سیکرٹری جنرل نے مجلس استقبالیہ کی طرف سے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور کانگریس کے ختم ہونے کا اعلان کیا ۔

پانچ بجے یہ اجلاس ختم ہوا ۔

شب کو آٹھ بجے پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی طرف سے اورینٹل کالج کے مینارڈ ہال میں الوداعی عشائیہ دیا گیا جس میں ملکی اور غیر ملکی مندوبین کے علاوہ یونیورسٹی کے پروفیسروں اور شہر کے ادیبوں اور شاعروں نے بھی شرکت کی ۔

اس موقع پر مینارڈ ہال کو بڑی خوبی سے سجایا گیا تھا۔ میزیں اور کرسیاں بڑے سلیقے سے لگائی گئی تھیں، اور برتن بڑے سلیقے سے چنے گئے تھے۔ آٹھ بجے سے مہمان آنے لگے۔ ساڑھے آٹھ بجے سب اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھ گئے اور کھانا شروع ہوا۔ اس عشائیے میں کھانے کے بعد کئی الوداعی تقریریں بھی ہوئیں۔

سب سے پہلے کالج کے پرنسپل اور کانگریس کے سیکرٹری جنرل نے اپنی تقریر میں اورینٹل کالج کے جشن صد سالہ کی تقریبات کو کامیاب بنانے پر مہمانوں، استادوں اور طالب علموں کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد وائس چانسلر ڈاکٹر اجمل اور جشن صد سالہ کے صدر ڈاکٹر جسٹس ایس۔ اے۔ رحمن نے بھی تقریریں کیں۔ ان تقریروں میں جشن صد سالہ کی تقریبات کی تعریف کی گئی، کارکنوں کو مبارکباد دی گئی اور مہمانوں کا شکریہ ادا کیا گیا۔

مندوبین اور مہمانوں کی طرف سے ترکی کے پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر قرہ خان نے، ڈرہم یونیورسٹی انگلستان کے پروفیسر جان ھے ووڈ نے اور تہران یونیورسٹی کے استاد بزرگ پروفیسر مجتبی مینوی نے تقریریں کیں۔ پروفیسر قرہ خان کی تقریر ترکی میں تھی جس کا ترجمہ اردو میں کیا گیا۔ انہوں نے اپنی تقریر میں ترکی اور پاکستان کے برادرانہ تعلقات کا ذکر کیا۔ لاہور اور استنبول میں رشتے کو تلاش کیا، اورینٹل کالج کی روایات کی تعریف کی۔ جشن صد سالہ کی تقریبات کے انتظام کو سراہا، اور کہا کہ ایسے جلسے انہوں نے آج تک نہیں دیکھے۔ پروفیسر جان ھے ووڈ نے اپنی تقریر میں اورینٹل کالج کی اہمیت کو واضح کیا، اس کے علمی کام کی بہت تعریف کی اور جشن صد سالہ کی تقریبات کے متعلق کہا کہ ایسے شاندار جلسوں کو دیکھنے کا اتفاق انہیں کبھی نہیں ہوا۔ یہاں ہر چیز اپنی جگہ مکمل تھی۔ اس سے بہتر انتظام کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے جلسوں کے منتظمین کو مبارکباد دی اور شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر مجتبی مینوی کی پرخلوص تقریر بڑی فصیح انگریزی میں تھی۔ انہوں نے اپنی تقریر میں لاہور اور پاکستان اور علامہ اقبالؒ کے ساتھ اپنے جذباتی تعلق کا ذکر کیا۔ ایران اور پاکستان کے تہذیبی رشتوں پر روشنی

ڈالی، اوریئنٹل کالج کے ممتاز دانشوروں کی خدمات کو سراہا اور جشن صد سالہ اور کانگریس کی کامیابی پر منتظمین کو مبارکباد دی۔

آخر میں اوریئنٹل کالج کے پرنسپل اور کانگریس کے سیکرٹری جنرل نے تمام مہمانوں، اور جشن صد سالہ کی تقریبات کے کارکنوں، کالج کے استادوں اور طالب علموں، پنجاب یونیورسٹی کے عہدیداروں اور وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے سربراہوں اور متعلقہ وزیروں کا شکریہ ادا کیا جن کے تعاون سے جشن صد سالہ کے جلسے کامیاب ہوئے۔

شب کو گیارہ بجے کے قریب یہ محفل ختم ہوئی۔

اور اس کے ساتھ ہی اوریئنٹل کالج کا جشن صد سالہ اور اس سلسلے میں ہونے والی تمام تقریبات بخیر و خوبی ختم ہو گئیں۔ خصوصیت کے ساتھ اس موقع پر ہونے والی ماہرین علوم مشرقی کی بین الاقوامی کانگریس نے تو وہ رنگ اختیار کیا کہ وہ واقعی صحیح معنوں میں بین الاقوامی کانگریس بن گئی۔ بلکہ شاید یہ کہنا زیادہ صحیح ہے کہ اس کانگریس نے جو ماحول پیدا کیا وہ کہیں اور مشکل ہی سے پیدا ہوا ہوگا۔

اور میں اس رات یہ سوچتا رہا اور اب بھی سوچتا ہوں کہ یہ سب کچھ اتنے بڑے پیمانے پر اتنی خوش اسلوبی سے کیسے ہوا؟ خصوصاً ان حالات میں کہ اس وقت ہمارے آس پاس اور گرد و پیش ایک انتشار کی کیفیت تھی اور جب ہم جگر لخت لخت کو ایک بار پھر جمع کرنے کی کوشش کر رہے تھے اور ابھی یہ عمل پوری طرح مکمل بھی نہیں ہوا تھا۔

ان حالات میں دور دراز ملکوں سے اتنے بڑے بڑے پروفیسروں اور محققوں کا ایک درس گاہ کے جشن صد سالہ کی تقریبات میں، اپنے اپنے اداروں کے خرچ پر ہمارے وطن عزیز میں آنا، پورے ایک ہفتے تک، دن دن بھر جلسوں کا جاری رہنا، ہال کا کھچا کھچ بھرا رہنا، خاموشی کے ساتھ لوگوں کا علمی مقالات کو سننا، اور مقرروں کے علاوہ کسی کی آواز کا سنائی نہ دینا، مجھے ایک معجزے سے کم نہیں معلوم ہوتا۔

یقیناً اس میں غیبی مدد شامل تھی ۔ اللہ تعالٰی کے فضل و کرم اور بزرگانِ دین کی مدد کے بغیر ایسے کام اس طرح انجام نہیں پاتے ۔

تدریسی اداروں کی تاریخ میں شاید ہی کبھی ایسا ہوا ہو کہ اس کے سربراہ کے صرف خط لکھنے پر اتنے بڑے بڑے لوگ، ہزار ہا میل کا دور دراز سفر طے کر کے ایک جگہ جمع ہو جائیں اور صبح سے لے کر شام تک علمی اور تحقیقی کاموں کی باتیں کریں ۔ عوام اس کو پسند کریں اور حکومت اس سے متاثر ہو ۔

یہ اورینٹل کالج کے نام اور اس کے کام کی برکت تھی، ورنہ اس قسم کے جلسوں کو ترتیب دینے کا تو کوئی خواب بھی نہیں دیکھ سکتا ۔

جشن صد سالہ کے مناظر

یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور




آقائی منوچہر ظلی، استاد مجتبوا مینوی، پروفیسر شاہ حسینی اور ایس۔ اے رحمٰن




جشن صد سالہ کا ایک منظر



مولانا کوثر نیازی مرکزی وزیر حج و اوقاف
پروفیسر شاہ حسینی (تہران) اور ڈاکٹر عبادت سے مصافحہ کر رہے ہیں



سنڈیکیٹ روم میں چائے
(بیٹھے ہوئے) الشیخ ناصرالعبودی، پروفیسر عبدالمقصود شلقامی، مولانا کوثر نیازی،
ڈاکٹر ناصرالدین شاہ حسینی، ڈاکٹر عبادت بریلوی




ڈاکٹر عبادت بریلوی
غیر ملکی مندوبین کے ساتھ



ڈاکٹر جلال متینی (مشہد یونیورسٹی) ۔ ڈاکٹر عبادت بریلوی



پروفیسر مجتبیٰ مینوی، پروفیسر ناصرالدین شاہ حسینی، آقائی منوچہر ظلی،
سفیر کبیر شہنشاہ آریا مہر



پروفیسر ڈاکٹر جلال متینی (مشہد) ایک اجلاس میں تقریر کر رہے ہیں
اس اجلاس کی صدارت پروفیسر مجتبوا مینوی نے کی ۔





(دائیں طرف سے)
ڈاکٹر عبادت بریلوی، آقائے پروفیسر مجتبیٰ مینوی، پروفیسر جلال متینی، ڈاکٹر ناصرالدین شاہ حسینی، سفیر کبیر ایران آقائے منوچہر ظلی





جسٹس ایس اے رحمان، ڈاکٹر عبادت بریلوی، غیر ملکی مہمانوں کے ساتھ ایک عصرانے میں





ڈاکٹر مظاہر مصفا، ڈاکٹر عبادت بریلوی، پروفیسر مجتبیٰ مینوی، پروفیسر صوفی تبسم



(دائیں طرف سے) استاد مجتبی مینوی' پروفیسر جلال متینی' ڈاکٹر مظاہر مصفا اور خانم مصفا



پروفیسر ممتاز حسین، ڈاکٹر فرمان فتح پوری، رالف رسل، پروفیسر حمید احمد خاں



فیسر رالف رسل　　　ڈاکٹر عبادت بریلوی　　　ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں

مندوبين


DELEGATES



کانفرنس کا ایک منظر
ڈاکٹر مجتبیٰ مینوی، ڈاکٹر ناصرالدین شاہ حسینی، ڈاکٹر رانا احسان الہی



پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر قرہ خان (استنبول ترکی)



کٹر عبادت بریلوی'

پروفیسر ولی اللہ سمیعی
(کابل افغانستان)

ڈاکٹر عبدالشکور احسن



الوداعی عشائیہ منجانب پنجاب یونیورسٹی

جسٹس ایس۔اے رحمان، ڈاکٹر محمد اجمل، استاد مجتبوی مینوی اور دوسرے حضرات عشائیہ میں

SCENES
FROM
THE CENTENARY CELEBRATIONS

geçici ve görünüşte yenilgi havasini veren olaylar, geçirilmesi hattâ bir bakima rarli bir imtihan niteliğindedir. Pakistan ve onun kardeş halki, bu imtihadan-yarinlari için- daha tecrübeli ve daha dinamik olarak çikmistir. Uyanan upgenç, bu gelecegi ümit verici, bu bilgiye, kültüre susamiş ve yeniliğe âşik ülke büyuk Asya Kit'asinda lâyik olduğı mutlu istikbale kavuşacaktir, inanendayim. Onun bir dostu ve Türkiye-Pakistan Kültür Derneğinin uzun yillardir Baskani olan bir ilim adami sifatiyle, buradaki Pakistanlilarin şahsiyetinde, yarinlarin şafağinda, bütün dost ve kardeşlerimizi selamlarim . . . .

PROF DR ABDÜLKADIR KARAHĀN

DOST VE KARDEŞ PAKISTAN'IN SAYIN BILGINLERI, MILLETLERARASI MÜSTESRIKLER KONGRESININ DEGERLI ÜYELERI.

Günlerdenberi devam eden kongrede Pakistan'ın ünlü ve önemli Pençap Universitesi idareci ve öğretim üyeleriyle aydinlarindan göregeldiğimiz dostluk ve konukseverlik, gerçekten, her türlü takdirin fevkindedir Bu son gecenin samimî toplantisinda, arkadaşlarimiz, değişik dillerde konuştular, duygularini dile getirdiler. Ben de, hoş görürseniz, Türk dili ile konusacağim. Cünkü Pakistan topraklari, kültürü, tarihi Türkler: yabanci değildir. Yüzyillar boyunca Türklerle Pakistanlilar birbirini tanımış, sevmiş, karşilikli kültürel bağlantilar kurmuştur. Gazneli Mahmud devrindenebri sürüp gelen bu münasebetlerin, özellikle Babur ve oğullari zamanlarinda ne kadar canli siki ve sürekli olduğu meçhul değildir.

Himayala eteklerinin bu Müslüman ülkesinde Pakistan Devleti kurulur kurulmaz da Türkiye Cumhuriyeti ve onun halki, kendini candan seven bu dost millete ve onun davalarina sicak ve samimî bir ilgi göstermiştir ve göstermektedir. Bir çok memleket görmuş ve bir çok millet tanimis bir insan olarak diyebilirim ki Türkiye ile Pakistan halklari arasındaki yakinlik, dostluk, sevgi ve bağlilik yeryüzünde kolayca tesadüf edilir olmaktan uzaktir. Halklarinin inançlarinda, yaşamlarinda müslümanliktan gücünü alan, kahramanliği ve fedâkarligi amaç bilen öyle bir üstün yeyenilmez yaratiliş vardir ki, bu onlari bir çok bakiman birbirine yaklaştiran kaynaklardandir. Vefaya, fazilete man viyata, ideala, insan sevgisine ve milli izzet-i nefse gönülden bağlanan bu kardeş milletlerin, bilginleri, sanatkârlari, sairleri, öğrencilleri ve işçileri yakin bir gelecekte daha da kopmaz bağlarla âdetâ bir bütün olarak kültür ve medeniyet alanlarinda birbirini daha da çok taniyacak, sevecek ve güzel ve mutlu günlere doğru ilerleyecektir.

Muhterem arakadaslar, Allah'a inanan ve idealini kaybetmeyen milletlerin gelecekleri daima parlak, zaferlerle taçlanmiş olarak tarihe geçer. Ümidini kaybetmeyen halkin, kisa süreli ve geçici talisizliklerden gelecek üzgünlukleri yendiğini de bilmemek mümkün değildir. Ben kongrede, çarşşda, pazarda, asil hakk yiğinlarinin bulunduğu yerlerde Pakistanlilarda gördüğüm ve gözlerinden okuduğum, sözlerinden dinlediğim izlenimlerimi bir sözle belirtmek istesem diyeceğim su olur : Aziz Pakistan. kolayca mağlûp edilemez. Gelip

No. 6

TURCO-PAKISTAN BROTHERHOOD AND THE SUCCESS OF THE CONGRESS OF ORIENTALISTS (FAREWELL SPEECH BY PROFESSOR DR. ABDULKĀDIR KARAHĀN)

The International Congress of Orientalists that took place in friendly and brother Pakistan, at the historical city of Lahore, has come to an end. The Congress took place in an atmosphere of learning and we were received with the greatest hospitality.

Members of the Congress expressed their feelings in various languages; with your permission I will speak in Turkish, because the land of Pakistan and its dear Moslem population are very close to the Turkish people. The course of history and the cultural ties existing between the two countries have shown that Turkey and Pakistan have loved one another all along centuries and that they carry the same ideal in their heart.

These days I am most excited when I see lights of hope shining in the eyes of the people of Pakistan. Indeed, I do believe that people who share the ideal of Islam and love of humanity can never be defeated. People who do not attach too much importance to the vanity of this world and work for a happier future in the world of learning or fight at the front for the same purpose are candidates to eternal life. I visited Pakistan six times as the President of the Turco-Pakistani Cultural Association and I was happy to meet such worthy idealists. Friendly and brotherly ties axisting between the people of Turkey and Pakistan will become stronger through similar meetings. May God give to the people of Pakistan and Turkey and to humanity at large the possibility to achieve victories.

No. 5

This Congress resolves to request the Punjab University authorities to allot those buildings to the Oriental College which will fall vacant when other colleges and departments will be shifted to the New Campus.

Moved by : PROFESSOR SUFI TABASSUM
(Lahore)

Seconded by : PROFESSOR RALPH RUSSELL
(S.O.A.S.,
University of London)
DR. A. S. AHSAN
(Oriental College, Lahore)

No. 4

This Congress resolves to draw the attention of the Government of Pakistan and the Government of the Punjab to the necessity of granting special funds to the Oriental College for publication of all those research monographs and theses that are still unpublished, so that all interested persons become able to benefit from them.

Moved by : PROFESSOR A. S. AHSAN
(Oriental College, Lahore)

Seconded by : SYED KHAYĀL BUKHĀRI
(Pashto Academy,
Peshawar University)

PROFESSOR ABDULKĀDIR KARAHĀN
(Istambul, Turkey)

No. 3

Recognizing the fact that the Oriental College is an important centre of Oriental learning and research in the sub-continent, this Congress resolves to suggest that the scope of the College should be expanded further to cover more Pakistani and South Asian Languages and Cultures so that it becomes a unique institution of West Asian and South Asian studies in the whole of Asia.

Moved by : PROFESSOR NĀSIRUDDIN SHAH HUSAINI
(Tehran, Iran)

Seconded by : PROFESSOR WAFIULLAH SAMIYEE
(Kabul, Afghanistan)

PROFESSOR DR. ABDULKĀDIR KARAHĀN
(Istambul, Turkey)

No. 2

This Congress resolves to propose that the International Congress of Orientalists which was arranged in connection with the centenary celebrations of the Oriental College should be made a permanent feature to be repeated every five years so that the Orientalists of the world give the benefit of their knowledge and research to the Pakistani scholars and students directly and personally, and in the meantime Conferences of Pakistani Scholars of Oriental learning should be held annually so that research work could be coordinated and consolidated on the national level.

Moved by : PROFESSOR MUJTABA MEENAVI
(Tehran, Iran)

Seconded by : PROFESSOR JOHN HAYWOOD
(Durham, England)

PROFESSOR ZIA-UD-DIN SAJJĀDI
(Tehran, Iran)

PROFESSOR ABDULKĀDIR KARAHĀN
(Istambul, Turkey)

No. 1

This International Congress of Orientalists resolves to place on record its sincere appreciation of the valuable services rendered by the Punjab University Oriental College, Lahore, to the cause of Oriental learning and literature, especially in the spheres of teaching, research, editing, compilation, translation and criticism. The Congress is also impressed by the use of modern methods and techniques employed by this College in linguistic, literary and historical research, and by the individual and collective efforts of its scholars in establishing a tradition of intellectual and academic excellence which is responsible for the assignment of a place of dignity and reverence to the Oriental languages and literatures in the country. The Congress considered the *Oriental College Magazine* as a precious link between the College and the Orientalists of the world.

Moved by : PROFESSOR RALPH RUSSELL
(School of Oriental & African Studies,
University of London)

Seconded by : PROFESSOR DR. JALĀL-E-MATĪNI
(Meshad, Iran)

PROFESSOR NĀSIRUDDIN SHAH HUSAINI
(Tehran, Iran)

PROFESSOR ABDULKĀDIR KARAHĀN
(Istambul, Turkey)

RESOLUTIONS

so abruptly abandoned by the United States government. In so doing, these universities have opted to serve as a vital link between a generally Asia-ignorant American public and the great civilizations and traditions of South Asia, a link whose importance, gravity and seriousness in light of the present world condition cannot be underestimated.

the authors have sensed this situation and have been fully sympathetic and cooperative with us in this ma ter.

And finally, the editors are always aware that they are unable to pay either the writers or the translators for their work. Hence, the magazine has had to subsist for nine and a half years on large doses of good will from authors, translators and scholars. Sometimes the good will runs very high and all goes well; at other times it is sluggish and problems arise: a translation crucial to a given issue is delayed or lies incompleted because of new commitments the translator has taken on; book reviews are slow in coming; other scholars, displeased with what they consider is a narrow circulation, prefer to publish their articles in more widely circulating or prestigious journals, etc., etc. Such are the ways of writers and editors; they seem to exist everywhere, not just with *Mahfil*, and are not likely to change. However, in spite of these problems and shortcomings, the journal will continue to publish. All indications point to a healthy and active second decade of existence.

The editors have sent with this paper a number of back issues of *Mahfil* for the perusal of the esteemed participants in these centenary celebrations. The copies have been entrusted to the care of Dr. Ibadat Brelvi; he will be glad to show them to anyone who is interested. The editors would like to receive your comments about the journal.

D. Conclusion.

From the foregoing it is quite clear that South Asian Studies in the United States has gone through three distinct stages. The first stage, prior to 1957 when the field was considered recondite and obscure, was one of quiet and unobtrusive scholarship in those large universities which could afford the luxury of such a program, no matter how limited it might have been. The second phase was essentially artificially stimulated by, first, Sputnik, and second, by the money of the United States government. This period, 1958 to 1968, was one of laying down some effective and solid bases upon which to build a visible tradition of South Asian Studies in the United States. The third stage, dating from 1968 to the present, is one in which a number of American universities, both large and small, have chosen to pick up the banner of South Asian Studies

various vernacular literatures in South Asia. To this end, the editors investigated the possibilities of publishing an Indian edition of the journal. Because of various complicated, but understandable, restrictions which are operative in that country, it would be impossible to have it published in India. At the moment, the editors are contemplating publishing a tenth anniversary edition of *Mahfil* in the form of a book for distribution in South Asia. This anniversary issue would contain what the editors consider the best pieces from *Mahfil's* first decade of existence. Any profits accruing from the sale of this book would be evenly distributed among the authors whose works appear in the anniversary edition.

A third problem is built into the very nature of the magazine. Since the magazine deals for the most part in translations, the question of accuracy looms large and foreboding over every line of poetry, every sentence of prose. Every issue has its own difficulties in this respect, and in the succeeding issue we invariably publish a short erratum stating that verb x in such-and-such a translation on such-and-such a page should be past perfect rather than simple past tense. Authors have been tolerant of us in this regard and, given the wide range of possible translation mistakes, the actual number is relatively small.

Another problem lies in the fact that *Mahfil* deals with *all*, or nearly all, the literary languages of South Asia. Hence, it is very difficult for the editors to give an accurate picture of the most recent avant-garde developments in each of them. Because of the distance it is nearly impossible to print the latest examples of, say, Urdu poetry or the Telugu short story. By the time a piece is translated and printed there may be a lapse of a year or two, The issue devoted to the writings of Umashankar Joshi, the noted Gujarati poet, was started in 1964 and will finally see print in 1973; similarly, the G. Sankara Kurup number (Vol. VIII, No. 1) was begun in 1965 and finally published in 1972. As a corollary to this point, the interviews with various authors, for example, might seem rather elementary, particularly to someone who is *au courant* in a given literature. However, because the magazine deals with so many literatures (note the plural), and because the editors are often working from a position of ignorance, such questions are in fact asked from a naive point of view and *are* elementary. On the whole,

the following special issues are in various stages of completion:

1. English poetry from South Asia, to be published in December 1972.
2. Umashankar Joshi number, selected for publicatton in March 1973.
3. Folk literature from South Asia.
4. Mohan Rakesh number.
5. Yashpal number.
6. Contemporary Bengali poetry number.
7. Qurratulain Hyder number.
8. Iqbal centennial number.
9. Marathi number.
10. Women in South Asian literature.
11. University of Chicago Poets Meet (a collection of talks by five South Asian poets on the subject of the poetry of their language since 1968; also a sampling of the poetry of each of these poets will be presented: languages represented will include English, Gujarati, Malayalam, Marathi and Urdu).
12. Annada Sankar Roy number.
13. Contemporary Urdu poetry anthology.
14. The literature of Ceylon.

These issues are, for the most part, under the guest editorship of individual scholars. As a general policy, the editors attempt to print two miscellanies and two special issues each year.

In spite of its various successes, the editors are crucially aware of the journal's many shortcomings. First, the format is something we wish very much to change; in this context we also recognize the problem of typos and misprints which, in spite of what seem like endless proofreadings, still continue to find their way into the texts. Second, there is a problem of distributing the magazine. Clearly, *Mahfil* has a limited appeal; however, the magazine has not had its full distribution potential exploited. Because of currency regulations it is very difficult for libraries or individuals in South Asia to subscribe; yet the editors realize the service which an English-language literary magazine such as *Mahfil* can perform among the

	Nos. 2-3 (Summer-Fall 1970)	Miscellany (154 pp.)*
	No. 4 (Winter 1970)	Miscellany (106 pp.)*
Volume VII,	Nos. 1-2 (Spring-Summer 1971)	Pakistan number (170 pp.)*
	Nos. 3-4 (Fall-Winter 1971)	Sanskrit number; guest-edited by Barbara Stoler Miller (257 pp.)*
Volume VIII,	No. 1 (Spring 1972)	G. Sankara Kurup number (124 pp.)*
	No. 2 (Summer-Fall 1972)	Miscellany (264 pp.)*

*Printed by the photo-offset process.

To date, over 1,000 short stories, poems, essays and reviews have been published in the pages of *Mahfil*. Other interesting features include a number of interviews with various writers, as well as bibliographies of English sources for the study of a particular literature, literary movement or author. Every two years the contents of *Mahfil* are indexed in the journal, and its contents are annually listed in the bibliographies of the *Journal of Asian Studies* (*JAS*) and the International Bibliography of the *Publication of the Modern Language Association (PMLA)*, two major scholarly journals in America, the former concerned with Asian studies in general, the latter with literature.[1]

At present most of the subscribers to *Mahfil* are concentrated in the United States and Canada and number about 500. With the current issues, the editors have had an additional 500 copies printed for distribution to major libraries in South Asia, Europe and Australia. If additional subscriptions are forthcoming, the editors hope to see their way clear to have the magazine printed as a regular journal rather than in its present photo-offset format.

